آپسمیں ماہوار چندہ ہوا اور ایک صاحب کو جو ثقہ اور باسلیقہ ہیں ملفوظات کے لئے مقرر کر دیا گیا جنھوں نے محض از راہِ خلوص اپنی شان کے خلاف فی الحال بہت قلیل معاوضہ پر قناعت فرما کر اس خدمت کو رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ سے اپنے ذمہ لے لیا۔ فجزاہم اللہ خیر الجزاء ؎

از عنایات قاضی حاجات | باز شد انتظام ملفوظات
کر د حق بحر فیض باز رواں | اے خوشا عودِ عید در رمضان

چونکہ مخلص افراد کے ماہوار چندہ سے ان افاضات یومیہ کے ضبط کا انتظام ہوا ہے۔ اس رعایت سے اس مجموعہ کا نام "الافاضات الیومیہ من الافادات القومیہ" تجویز کیا گیا۔ جسکے اجزاء انشاء اللہ تعالیٰ مثل دیگر مسودات ضبط شدہ بعد نظر اصلاحی حضرت اقدس وقتاً فوقتاً حسب موقع شائع ہوتے رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ کا مزید احسان یہ ہے کہ ساتھ کے ساتھ ان افاضات روزانہ کی اشاعت ماہانہ کا بھی انتظام رسالہ النور میں شروع ہو گیا ہے جسکے ذریعہ سے تازہ بتازہ ملفوضات ہدیۂ مشتاقین ہوتے رہیں گے جن سے انشاء اللہ تعالیٰ غائبین کو حضوری کا حاضرین مجلس کو جو بالمشافہ بھی سُن چکے ہیں۔ قندِ مکرر کا لطف حاصل ہوگا۔ اگر خصوصیت کسی مضمون کی مقتضی ہوئی تو کچھ ملفوظات صاحب موصوف کے پاس سابق کے لکھے ہوئے بھی موجود ہیں وہ بھی اسی سلسلہ میں شائع کر دئے جائیں گے اور بغرض امتیاز ان کے آخر میں لفظ قدیم بین القوسین بڑھا دیا جائے گا۔ اب آخر میں دُعا ہے کہ حق تعالیٰ جل شانہ وعم نوالہ اس سلسلہ خیر کو مدت مدید تک جاری اور اسکے منافع و برکات کو قلوب طالبین میں ساری رکھے آمین ؂

المفتقر الی رحمۃ اللہ الصمد الاحقر (حافظ) جلیل احمد (رئیس علیگڈھ) خازن چندہ ملفوضات مقیم خانقاہ امدادیہ تھانہ بھون ضلع مظفر نگر۔ نصف شوال ۱۳۵۰ھ

نوٹ ۱ پہلے افاضات یومیہ کے سات حصے چھپے جو کسی مصلحت کی بنا پر نہ ہوئے تھے بلکہ بعض مجبوریوں کی وجہ سے ہو گئے تھے ان کی ضخامت میں بہت فرق تھا چونکہ یہ حصوں کی تقسیم حضرت کی تجویز کردہ نہ تھی میری ہی کی ہوئی تھی اسلئے اب میں نے اس کل مجموعہ کے دس حصے کر کے سب کی یکساں ضخامت کر دی ہے تاکہ ناظرین کو مطالعہ میں سہولت ہو۔ [illegible] شبیر علی

نوٹ ۲ اس مرتبہ [illegible] کا جو ترجمہ کیا گیا [illegible] نہیں ہے بلکہ حاصل ترجمہ ہے اور آیات قرآنی کا ترجمہ لفظی [illegible]

آپس میں ماہوار چندہ ہوا اور ایک صاحب کو جو ثقہ اور باسلیقہ ہیں ملفوظات کے لئے مقرر کردیا گیا جنھوں نے محض از راہِ خلوص اپنی شان کے خلاف فی الحال بہت قلیل معاوضہ پر قناعت فرما کر اس خدمت کو رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ سے اپنے ذمہ لے لیا۔ فجزاہم اللہ خیر الجزاء ہ

از عنایات قاضی حاجات ۔۔۔ باز شد انتظامِ ملفوظات

کرد حق بحر فیض باز رواں، ۔۔۔ اے خوشا عودِ عید در رمضان

چونکہ مخلص افراد کے ماہوار چندہ سے ان افاضات یومیہ کے ضبط کا انتظام ہوا ہے۔ اس رعایت سے اس مجموعہ کا نام۔ الافاضات الیومیہ من الافادات القومیہ تجویز کیا گیا۔ جسکے اجزاء انشاء اللہ تعالیٰ مثل دیگر مسودات ضبط شدہ بعد نظر اصلاحی حضرت اقدس وقتاً فوقتاً حسب موقع شائع ہوتے رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ کا مزید احسان یہ ہے کہ ساتھ کے ساتھ ان افاضاتِ روزانہ کی اشاعت ماہانہ کا بھی انتظام رسالہ النور میں شروع ہوگیا ہے جسکے ذریعہ سے تازہ بتازہ ملفوضات ہدیۂ مشتاقین ہوتے رہیں گے جن سے انشاء اللہ تعالیٰ غائبین کو حضوری کا حاضرین مجلس کو جو بالمشافہ بھی سُن چکے ہیں۔ قندِ مکرر کا لطف حاصل ہوگا۔ اگر خصوصیت کسی مضمون کی مقتضی ہوئی تو کچھ ملفوظات صاحب موصوف کے پاس سابق کے لکھے ہوئے بھی موجود ہیں وہ بھی اسی سلسلہ میں شائع کردئے جائیں گے اور بغرض امتیاز ان کے آخر میں لفظ قدیم بین القوسین بڑھا دیا جائے گا۔ اب آخر میں دُعا ہے کہ حق تعالیٰ جل شانہ وعم نوالہٗ اس سلسلہ خیر کو مدت مدید تک جاری اور اسکے منافع و برکات کو قلوب طالبین میں ساری رکھے آمین ؁

المفتقر الی رحمۃ اللہ الصمد الاحقر (حافظ) جلیل احمد (رئیس علیگڈھ) خازن چندہ ملفوضات مقیم خانقاہ امدادیہ تھانہ بھون ضلع مظفر نگر۔ نصف شوال ۱۳۵۰ھ

نوٹ ۱: پہلے افاضات یومیہ کے سات حصے چھپے تھے جو کسی مصلحت کی بنا پر نہ ہوئے تھے بلکہ بعض مجبوریوں کی وجہ سے ہو گئے تھے لیکن ان کی ضخامت میں بہت فرق تھا چونکہ یہ حصوں کی تقسیم حضرت کی تجویز کردہ نہ تھی بلکہ میری ہی کی ہوئی تھی اسلئے اب میں نے اس کل مجموعہ کے دس حصے کرکے سب کی یکساں ضخامت [illegible] ہے تاکہ ناظرین کو مطالعہ میں سہولت ہو [illegible] شبیر علی

نوٹ ۲: اس مرتبہ فارسی [illegible] کا جو ترجمہ کیا گیا [illegible] نہیں ہے بلکہ حاصل ترجمہ ہے اور آیات قرآنی کا ترجمہ تفسیر [illegible]

Marfat.com

۲۷ شعبان المعظم ۱۳۵۰ھ ہجری

# مجلس خاص بوقت صبح یوم پنجشنبہ

## بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۱) فرمایا کہ صبح کو مجلس عام کی وجہ سے بے حد تعب ہوتا ہے جسکی برداشت نہیں (اسکے قبل صبح کو بھی مجلس عام ہوتی تھی) اسلئے آج یہ سوچا ہے کہ بجائے مجلس عام کے صبح کو مجلس خاص کردی جائے اور صورت اسکی یہ ذہن میں آئی ہے کہ جو لوگ خاص خاص ہیں جن میں اکثر اہل علم ہیں وہ اگر آبیٹھا کریں تو اس سے مجھ پر کوئی تعب نہ ہوگا اسکی دو وجہ ہیں ایک تو یہ کہ مجمع کم ہوگا جب جی چاہیگا مجلس کو ختم کردیا جائیگا۔ مجمع زائد نہ ہونیکی وجہ سے ختم کردینے میں کوئی گرانی بھی نہ ہوگی۔ دوسرے یہ کہ جب مجلس عام نہ ہوگی تو جس روز طبیعت صاف نہ ہوگی یا جی نہ چاہیگا بالکل ہی موقوف رکھی جائیگی اور اس کی اطلاع اس روز کردیجایا کریگی۔ اور کبھی کبھی عام بھی کردیجایا کریگی جبکہ طبیعت اچھی ہو آجکل طبیعت بھی صاف نہیں کھانسی کی وجہ سے تکلیف ہے اب ضرورت اسکی ہے کہ اسکا کوئی معیار یا اصطلاح ہونی چاہیے جس سے یہ معلوم ہو کہ اسوقت مجلس عام ہے یا مجلس خاص اسکی صورت یہ سمجھ میں آئی ہے (اور احقر صغیر احمد کی طرف حضرت والا نے مخاطب ہو کر فرمایا) کہ اُن حضرات کے نام کی ایک فہرست بنالی جائے جو مجلس خاص میں شرکت کیا کرینگے اُن کے نام میں بتادونگا جب میں کہوں اُنکو اطلاع کردیجاوے اور مجلس عام کی اطلاع حافظ اعجاز کے ذریعہ سے ہوا کریگی جسکی صورت یہ ہوگی کہ وہ لوگ حافظ اعجاز سے معلوم کرلیا کریں کہ تمکو اطلاع دی گئی ہے یا نہیں اگر وہ کہیں کہ دی گئی ہے تب تو آجائیں اگر وہ کہیں نہیں دی گئی نہ آئیں یہ انتظام اسوجہ سے ہے کہ کبھی بعض حضرات قیاس مع الفارق پر عمل فرمائیں دوسروں کو بیٹھے دیکھکر آکر بیٹھنا شروع کردیں۔ میں سچ عرض کرتا

عہ ضبط کا التزام تو رمضان [illegible] ریخوں میں اتفا [illegible]

ہوں مجھکو اس کا بھی خیال ہے کہ لوگ محبت کیوجہ سے آتے ہیں سبکی ساتھ برتاؤ میں مساوات رہے مگر جو بات قوت سے باہر ہے اُسکا کسطرح تحمل کروں۔ اگر کوئی اس عدم مساوات پر بُرا ماننے مانا کرے۔ مجھکو اسکی پرواہ نہیں۔ مولوی محمد حسن صاحب امرتسری نے عرض کیا کہ ہملوگوں کو تو بہت وقت مجالست کیلئے دیا جاتا ہے جو حضرت والا کی شفقت اور محبت پر مبنی ہے اگر یہ حکم دیا جائے کہ سال بھر تک دروازہ پر کھڑے رہو ایک سال کے بعد ملاقات کی اجازت ہوگی اسپر بھی ہملوگوں کی خوش قسمتی ہے اور حضرت والا کا احسان ہے۔ فرمایا یہ آپکی محبت کی بات ہے میں تو خود ہی اس قسم کی رعایت اور اُسکے دقائق پیش نظر رکھتا ہوں ہاں اسکو ضرور جی چاہتا ہے کہ خدمت بھی ہوتی رہے اور کچھ وقت آرام کا بھی ملے اور مجلس عام کی صورت میں آرام نہیں ملسکتا وجہ یہ ہے کہ اگر کسی وقت اُٹھ جانے کو جی چاہے مجمع کی رعایت سے نہیں اُٹھ سکتا نیز بعض مرتبہ مجمع کثیر ہونیکی وجہ سے تقریر میں آواز بلند ہو جاتی ہے اور یہ امر طبعی ہے جی چاہتا ہے کہ سب سُنیں جسکا اثر دیر تک دماغ پر رہتا ہے یہ بھی ایک تکلیف ہے باقی محکوم بنکر رہنے کو تو جی گوارا نہیں کرتا ظہر کے بعد کا وقت عصر تک بھی مجلس کے لئے کچھ کم نہیں کافی وقت ہے۔ فرمایا کہ مولوی ...... صاحب یہاں پر شروع میں جس وقت آئے تھے اُس وقت سے یہ صبح کی مجلس کی رسم قائم ہو گئی اُنکی رعایت دو وجہ سے تھی ایک تو یہ کہ اُن کا تعلق مولوی ...... صاحب سے ہے یہ خیال ہوا کہ مولوی صاحب کہیں یہ خیال نہ کریں کہ ہمارے آدمی کے ساتھ بے التفاتی کا برتاؤ کیا دوسرے انکو خود بھی مجھسے محبت اور تعلق ہے اور مجھے تو بحمد اللہ سب ہی کا خیال ہے مگر اپنے ضعف کی سبب تحمل نہیں اسکا میرے پاس کیا علاج ہے۔ فرمایا پیشتر رمضان المبارک میں یہ معمول تھا کہ حالات کا پرچہ بکس میں جو کہ مدرسہ میں لگا ہے ڈالنے کی عام اجازت تھی مگر اب تجربہ سے معلوم ہوا کہ جنکو قلت مناسبت ہوتی ہے انکے پرچوں سے بھی اذیت پہونچتی ہے اس لئے اس مرتبہ یہ سمجھ میں آیا جسپر کچھ روز سے عملدرآمد بھی ہے کہ ایسے لوگ پرچہ بھی نہ ڈالا کریں. مخاطبت مکاتبت دونوں بند رہیں بلکہ چند روز خاموش مجلس میں بیٹھے رہیں اور جسوقت مناسبت پیدا ہو [illegible] اس قسم کا سل[illegible] تدبیر اختیار کریں تو مضائقہ

نہیں مگر پیشتر مناسبت پیدا کرلیں جس پر نفع کا انحصار ہے اس صورت میں کام بھی ہو جائیگا۔ اور کلفت بھی طرفین میں سے کسی کو نہ ہوگی۔ ایک حکمت یہ بھی ہے کہ کام بھی کم ہو جائے گا۔ اب زیادہ کام کی برداشت بھی نہیں ضرورت کے لحاظ سے اور بہت سے تجربوں کے بعد یہاں پر قواعد مرتب ہوتے ہیں ان قواعد سے طرفین کی راحت رسانی مقصود ہوتی ہے۔ خدانخواستہ حکومت تھوڑا ہی مقصود ہے۔ اور جیسا مجھے دوسروں کی اصلاح کا اہتمام ہے اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے اپنی اصلاح کا بھی خاص اہتمام ہے۔ اور صاحب کون بے فکر ہو سکتا ہے کسکو خبر ہے کہ آخرت میں میرے ساتھ کیا معاملہ ہوگا۔

(۲) احقر جامع سے حضرت والا نے فرمایا ان حضرات کے نام جو مجلس خاص میں شریک کئے جائیں گے درج فہرست کرلئے جائیں پھر ان حضرات کے نام فرمائے جو حضرات اسوقت خانقاہ میں موجود تھے ان کے نام لکھوا دینے کے بعد فرمایا کہ بعض حضرات فلاں فلاں آنے والے ہیں اُن کے آجانے پر ان کے نام بھی درج فہرست کرلئے جائیں اور روزانہ نو ساڑھے نو بجے صبح کو جب میں کہوں ان حضرات کو اطلاع کردی جایا کرے اسمیں یہ سہولت ہوگی کہ بیکے روزانہ نام الگ الگ لیکر نہ کہنا پڑے گا ورنہ یہ خود ایک مستقل کام ہو جائیگا۔

(۳) صبح کی دس بجے والی گاڑی سے چند حضرات تشریف لائے منجملہ اور حضرات کے حافظ عبداللطیف صاحب ناظم مظاہر علوم بھی تھے۔ حافظ صاحب سے بابو ولی محمد صاحب کا ذکر آیا۔ حضرت والا نے دریافت فرمایا کہ بابو صاحب کہاں ہیں عرض کیا کہ رنگون گئے ہوئے ہیں فرمایا کہ اس سے بڑا جی خوش ہوا کہ اُنکا تعلق مدرسہ ہی سے رہا۔ یہی بھی کام کے آدمی اس عمر میں علم دین کا حاصل کرنا ہمت کی بات ہے میں چاہتا ہوں کہ اب انکو بابو نہ کہوں مولوی کہوں مگر اور پتہ صحیح سمجھ میں نہ آنے کے خیال سے کہنا ہی پڑتا ہے بطور مزاح فرمایا کہ علم دین حاصل کرکے بھی بابو ہی رہے مدرسہ سے اُنکا تعلق رہنا یہ بھی خدا کی بڑی رحمت ہے۔ اس لئے کہ جماعت سے جُدا ہو کر وہ حالت ہی نہیں رہتی یہ سب ملے جُلے رہنے کی برکت ہوتی ہے کہ آدمی اپنے کام میں لگا رہتا ہے اور اسی میں عافیت ہے بڑوں کیلئے بھی اور چھوٹوں کے لئے بھی یعنی جیسے چھوٹوں کو ضرورت [illegible] صحبت ہو اسی [illegible] ضرورت ہے کہ چھوٹوں کی

Marfat.com

صحبت ہو۔ اسپر (کہ اپنی جماعت سے جُدا ہوکر وہ حالت نہیں رہتی) یاد آیا کہ ہمارے حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ بھائی ہماری مثال روڑکی گودام کے کاریگروں جیسی ہے جب تک گودام کے اندر ہیں سب کچھ ہیں اور جہاں گودام سے باہر ہوئے نہ مستری مستری ہیں اور نہ کاریگر کاریگر ہیں اسلئے کہ وہاں کام تو مشینیں کرتی ہیں۔ اور وہ محض چلانے والے ہیں اسلئے جب اس احاطہ سے باہر ہوئے کچھ بھی نہ رہے سب کاریگری ختم اسیطرح جب تک ہم اپنی جگہ پر ہیں سب کچھ ہیں کام بھی سب ہو رہے ہیں درس و تدریس بھی ہے تہجد بھی ہے ذکر و شغل بھی ہے غرضکہ سب ہی کچھ ہے باہر نکل کر کچھ بھی نہیں رہتا یہ منتہا ہے ہمارے کمالات کا واقعی حضرت مولانا بہت ہی وسیع النظر تھے بڑے ہی محقق تھے کیسی کام کی بات فرمائی ہیں تو اسکو بہت ہی بڑا فضل خداوندی سمجھتا ہوں کہ جسکو اپنوں کی معیت نصیب ہو جائے ورنہ یہ زمانہ بہت ہی پُرفتن ہے دوسری جگہ جاکر وہ حالت رہتی ہی نہیں اکثر تجربہ ہو رہا ہے۔

(۴) ایک صاحب نے کوئی مسئلہ پیش کر کے عرض کیا کہ فلاں صاحب نے یہ دریافت کیا ہے انکی حالت کے مناسب فرمایا کہ خود آپکو جو ضرورت ہو اسکو معلوم کیجئے دوسرونکے معاملات میں نہیں پڑنا چاہئے بڑی ضرورت اسکی ہے کہ ہر شخص اپنی فکر میں لگے اور اپنے اعمال کی اصلاح کرے آجکل یہ مرض عام ہو گیا ہے عوام میں بھی اور خواص میں بھی کہ دوسرونکی تو اصلاح کی فکر ہے اپنی خبر نہیں۔ میرے ماموں صاحب فرمایا کرتے تھے کہ بیٹا دوسرونکی جوتیونکی حفاظت کی بدولت کہیں اپنی گٹھڑی نہ اُٹھوا دینا۔ واقعی بڑے کام کی بات فرمائی۔

(۵) فرمایا کہ اب تو یہ حالت ہے اور اسی کی فکر ہے کہ میدان میں آنا چاہئے میدان میں آنیکا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ حجرہ بھی ہاتھ سے جاتا رہتا ہے۔ اور میدان بھی ہاتھ نہیں آتا۔ پھر ان لوگوں کے نزدیک میدان میں آنیکے نہ کچھ شرائط ہیں نہ حدود ہیں دیوانوں کی سی ایک بڑ ہے کہ میدان میں نکلنا چاہئے آنا چاہئے۔ یہانتک نوبت آگئی کہ زبانوں پر یہ آتا ہے کہ مسائل کا وقت نہیں کام کا وقت ہے کام کرنا چاہئے جو لوگ ایسے ہیں وہ خود تو کسی کام کے رہے ہی نہیں اُسپر غضب یہ ہے کہ خود تو مبتلا ہوئے ہی تھے [illegible] علمونکو جو پڑھنے [illegible] مشغول تھے اُنکو بھی اس بلا میں مبتلا

Marfat.com

کر دیا اور میدان میں لا کھڑا کیا یہ ایسا چٹیل میدان ہے کہ دانہ ہے نہ پانی نہ دنیا ہے نہ دین اس بدنظمی اور بے ڈھنگے پن کی کوئی حد ہے. میری یہ رائے ہے کہ کسی تحریک میں بھی طالب علموں کو شرکت کی اجازت نہ ہونی چاہئے اسمیں سخت مضرت ہے آئندہ کیلئے. جو کہ اسوقت محسوس نہیں ہوتی. آخر میں پوچھتا ہوں کہ پڑھنے پڑھانے میں جب کوئی مشغول نہ رہیگا تو پھر یہ جماعت علماء کی آئندہ کام کرنے والی کہاں سے پیدا ہوگی. تم تو سب کچھ ہو علماء ہو مقتدا ہو پیشوا ہو تم ہی کرو جو کرنا ہے مگر طلباء کو تو اپنے کام میں لگا رہنے دو تاکہ آئندہ دین کے احکام بتلانے والی جماعت کا سلسلہ جاری رہے. کیا یہ خیال ہے کہ آئندہ دین کی ضرورت ہی نہیں رہے گی. جیسا کہ کہتے ہیں کہ اب مسائل کا وقت نہیں کام کا وقت ہے کوئی ان حضرات سے پوچھے کہ آپ جو مقتداء اور پیشوا کہلائے یا بنے وہ لکھنے پڑھنے ہی کی بدولت تو بنے اور اب اسی کی جڑ کاٹ رہے ہو. خود تو مزے میں رہے سب کچھ بن گئے دوسروں کی جڑ کاٹی جا رہی ہے.

میں نے انبالہ کے ایک وعظ میں کہا تھا کہ سب کو ملکر کام کرنے کے یہ معنی نہیں کہ سب ایک ہی کام میں لگ جائیں یا ایک کا کام دوسرا کرنے لگے اسپر ایک مثال بیان کی تھی کہ جیسے ایک مکان تیار کیا جا رہا ہے اسکی تیاری کیلئے معمار کی بھی ضرورت بڑھئی کی بھی ضرورت مزدور کی بھی ضرورت اب یہ بتلاؤ کہ سب ملکر جو تعمیر کا کام کر رہے ہیں اسکا کیا طریقہ ہے یہ ہی کہو گے کہ معمار اینٹ لگائے. بڑھئی آرہ چلائے مزدور گارا پہونچائے اینٹ پہونچائے جب یہ سمجھ میں آگیا اب میں پوچھتا ہوں کہ اگر یہ سب ملکر اینٹ ہی لگانے لگیں یا سب کے سب آرہ ہی چلانے لگیں یا سب کے سب گارا اینٹ ہی پکڑانے لگیں کیا مکان تیار ہو سکتا ہے. ظاہر ہے نہیں. تو اسی طرح یہاں خیال کرلو کہ سب کو ملکر کام کرنیکے معنی صرف یہ ہیں کہ تجربہ کا کام تو لیڈر کریں اور اس طرح کریں کہ وہ کسی کام کرنیسے قبل علماء سے جائز ناجائز معلوم کر لیا کریں اور احکام بتلانے کا کام علماء کریں. بس اس طرح ہر ہر شخص اپنے فرض منصبی کو انجام دے اس صورت میں امید کامیابی کی نکل سکتی ہے کہ ہم اپنا کام کریں وہ اپنا کام کریں سب کے ملکر کام کرنیکے یہ معنی نہیں کہ سب ایک ہی کام میں لگ جاؤ یہ علاوہ دین کے عقل کے بھی تو خلاف ہے. خدا معلوم یہاں ان [illegible] کیوں کام نہیں [illegible] نت ہے جو

Marfat.com

ہیں کہہ رہا ہوں ایک اور مثال سے سمجھ لیجئے کہ اگر مرد کمایا بھی کرے اور پکایا بھی کرے۔ جھاڑو بھی دیا کرے بچونکا ہاتھ منہ بھی دُھلایا کرے یعنی یہ سب اسی کے ذمہ ہو یا اسیطرح عورت امور خانہ داری کی بھی ذمہ دار ہو اور باہر سے کماکر بھی لایا کرے اس گڑبڑ میں کچھ بھی نہ ہوگا نہ کمائی ہوگی نہ امور خانہ داری کا انتظام ہوگا سب نظام گڑبڑ ہوجاویگا یہ کیسے ہوسکتا ہے ہر شخص کو اپنا اپنا کام انجام دینا چاہئے یہ ہی کامیابی کا راستہ ہے ورنہ گڑبڑ کرنے سے کچھ بھی نہیں ہوسکتا۔ علماء کا کام مسائل بتانا ہے جواز عدم جواز ہمسے پوچھ لو۔

احقر جامع نے عرض کیا کہ حضرت انکو پوچھنے کی ضرورت ہی کیا ہے جسطرح جہلا صوفیا نے شریعت اور طریقت کو دو چیز بتلا کر احکام سے جان بچالی اور ایک مستقل فرقہ بن گیا اب وہ شریعت کی ضرورت نہیں سمجھتے اسی طرح اس گروہ نے شریعت اور سیاست کو جُدا جُدا بتلا کر احکام سے جان بچالی یہ بھی ایک مستقل فرقہ بنگیا۔ فرمایا بالکل صحیح ہے ان لوگوں کو شبہ یہ ہوگیا ہے کہ مولوی تو ہر چیز کو حرام ہی کہیں گے اس بدگمانی کا کیا علاج ہے اسلئے اُن سے پوچھنا ہی بیکار ہے۔ ان لوگوں کی تو یہ حالت ہوگئی ہے کہ یہاں پر پچھلے دنوں کچھ لوگ نماز کی تبلیغ کے لئے باہر سے آئے تھے مجھسے بھی آکر ملے تھے۔ تحقیق سے معلوم ہوا کہ خود نماز بھی نہ پڑھتے تھے ہاں نظمیں خوب پڑھتے تھے ان کے مضمون خلاف شرع بھی تھے مجھ سے بڑی کوشش کی کہ وہ نظمیں خانقاہ میں سُنائیں۔ میں نے دلشکنی نہیں کی نہایت لطیف عذر کے ساتھ ٹالدیا دین شکنی بھی نہیں کی یعنی خانقاہ میں پڑھنے کی اجازت نہیں دی۔ عین نماز کے وقت ایک مسجد کے قریب نظمیں پڑھ رہے تھے مگر وہاں جب نماز نہیں پڑھی تو خیال ہوا کہ شاید دوسری مسجد میں پڑھی ہوگی معلوم ہوا کہ یہاں بھی نہیں پڑھی تو خیال ہوا کہ شاید تیسری مسجد میں پڑھی ہو معلوم ہوا کہ کہیں بھی نہیں پڑھی خود تو نماز سے بھاگیں اور دوسروں کو تبلیغ کریں یہ حالت ہے ان تحریکات میں شرکت کرنے والوں کی کہ خود اپنی حالت پر نظر نہیں دوسروں پر نکتہ چینی کی جاتی ہے بعض علماء کی بھی یہی حالت ہے مگر اُن کے پھسلنے کا بیحد قلق ہے۔

Marfat.com

# ۲۷ شعبان المعظم ۱۳۵۰ھ

## مجلس بعد نماز ظہر یوم پنجشنبہ

(۶) ایک گفتگو کے سلسلہ میں فرمایا کہ کالے دہولے پر ایک حکایت یاد آئی۔ ایک گاؤں کا آدمی یہاں پر آیا اور مجھ سے دریافت کیا کہ مولوی اشرف کونسا ہے میں نے کہا کہ بھائی میں ہی ہوں کہا تو نہیں میں نے دریافت کیا اسکی کوئی خاص پہچان ہے کہا کہ ہاں ہے میں نے دریافت کیا کہ کیا پہچان ہے کہا وہ دہولا دہولا (گورا گورا) ہے میں نے پوچھا کب دیکھا تھا معلوم ہوا بہت عرصہ ہوا جب دیکھا تھا میں نے کہا کہ بھائی وہ جوانی کا زمانہ تھا جب تم نے دیکھا تھا جوانی کا رنگ و روغن اور ہوتا ہے اب بڈھے ہو گئے۔ کہا کہ کیوں جھوٹ بولے مولوی حبیب احمد صاحب سامنے بیٹھے تھے میں نے کہا کہ دیکھ یہ ہونگے یہ ہیں دہولے کہا کہ یہ بھی نہیں یہ ڈھیر دہولا ہے تب میں نے اس سے کہا کہ دیکھ وہ معمار مزدور کام کر رہے ہیں اُن سے پوچھلے دوڑا ہوا گیا اُن سے جا کر پوچھا پھر آیا کہنے لگا ہاں تو ہی ہے میری کھطا (خطا) معاف کر دے۔ فرمایا کہ الفاظ تو اسکے پاس نہ تھے مگر خلوص تھا جی چاہتا تھا کہ اسی بے تہذیبی کے ساتھ سلسلہ گفتگو جاری رہے بیحد لطف آرہا تھا۔ ایک ایسی ہی حکایت قاری عبد الرحمن صاحب رحمۃ اللہ علیہ پانی پتی کی مولوی حبیب احمد صاحب نے روایت کی کہ قاری صاحب ریل میں سفر کر رہے تھے ایک گنوار کو معلوم ہوا کہ یہ قاری ہیں اور وہ اتنا جانتا تھا کہ قاری خوش آواز اور لہجے سے قرآن شریف پڑھنے والیکو کہتے ہیں اس پر اسکو خیال ہوا کہ قاری صاحب سے قرآن شریف سُننا چاہیئے غرضکہ قاری صاحب سے درخواست کی قاری صاحب نے درخواست منظور فرما کر سُنانا شروع فرما دیا یہ گنوار سنکر کچھ خوش نہ ہوا اسلیئے کہ وہاں اُتار چڑھاؤ اور رنگینی نہ تھی۔ قاری صاحب سے کہا کہ اب میرا بھی سُن لے مطلب یہ تھا کہ میں بھی اچھا پڑھنے والا ہوں قاری صاحب نے اجازت فرما دی اس نے بھی پڑھکر سُنایا اس طرف سے بھی کوئی داد نہ ملی تو کیا کہتا ہے قاری صاحب



Marfat.com

سے کہ جیسا تو پڑھے ویسا ہی میں پڑھوں فرک (فرق) یہ ہے کہ تو جنانی (زنانی) بولی میں پڑھے اور میں مردانی بولی میں۔ مطلب یہ تھا کہ تیری باریک بولی ہے اور میری موٹی زنانی سے مراد باریک اور مردانی سے مراد موٹی۔

(۷) ایک صاحب[عہ] نے دریافت کیا کہ حضرت کشمیر کے مسلمانوں پر جو واقعات پیش ہیں اور انپر سختی ہو رہی ہے ایسے وقت میں اگر قنوت نازلہ پڑھی جائے کیا حکم ہے۔ فرمایا کہ مولوی ظفر احمد صاحب نے اسکے احکام اور مواقع و طریق و شرائط کے متعلق لکھا ہے میں نے بھی اُنسے کہدیا تھا کہ اس بحث کو اچھی طرح لکھدینا غالباً یہ بحث[عہ] اعلاء السنن میں ہے اس میں دیکھ لیا جائے یہ صحیح یاد نہیں کہ چھپے ہوئے نسخہ میں ہے یا مسودہ میں یہ مولوی شبیر علی سے معلوم ہو جائے گا۔

(۸) ایک صاحب نے سوال کیا کہ حضرت کشمیر کے متعلق اکثر لوگوں کو مالی و جانی امداد کرنے میں اشکال ہیں اسکے متعلق شرعی حکم کیا ہے چونکہ اس سائل کا قصد خود عمل کا نہ تھا۔ ویسے ہی مشغلہ کے طور پر پوچھتا تھا اسلئے فرمایا کہ جس شخص کا ارادہ امداد کرنے کا ہو اس کو خود سوال کرنا چاہیئے اس کو جواب دیا جاویگا اگر آپکا ہی ارادہ ہے تو آپ ظاہر کریں کہ کونسی امداد کرنا چاہتے ہیں تاکہ اسکا حکم ظاہر کروں۔ عرض کیا کہ بعض لوگ دریافت کرنے لگتے ہیں فرمایا جو میں کہہ رہا ہوں آپ سمجھے نہیں پھر سُن لیجئے کہ جس شخص کا ارادہ ان دونوں صورتوں میں سے امداد کا ہو وہ خود آکر سوال کرے اسکو جواب دیا جاویگا اگر آپکا ہی ارادہ ہے تو آپ ہی فرمائیں کہ کونسی امداد کرنا چاہتے ہیں سیدھی بات کو اُلجھاتے کیوں ہو۔ سوال اس ہی شخص کو کرنا چاہیئے جسکا کچھ کرنیکا ارادہ ہو باقی دوسروں کو جواب دینے کی آپکو کیا فکر۔ کوئی پوچھے کہدیجئے ہمکو معلوم نہیں۔ دوسرے جواب تو جب ہی ہو سکتا ہے جبکہ سوال کی صورت متعین ہو وہاں کے واقعات کی تنقیح جب تک نہ کیجائے جواب کس بات کا ہو۔ فرمایا کہ اسکے متعلق یہاں پر بہت سوال آتے ہیں میں جواب میں لکھدیتا ہوں کہ زبانی

---

عہ یہ سوالات وجوا[illegible] اسوقت کے ہیں جب انگریزی عہد میں کشمیر میں مسلمانوں کی راجہ سے جنگ جاری تھی ۱۲

عہ قنوت نازلہ [illegible] اعلاء السنن حصہ [illegible] شبیر علی

سمجھنے کی بات ہے زبانی آکر سمجھ لو۔ یہ اسی واسطے کہ سائل سے واقعات کی تنقیح تو کر لی جاوے۔ فرمایا کہ کشمیر پر جو جتھے جا رہے ہیں انکے متعلق ایک صاحب مجھ سے فرمانے لگے کہ ان جتھوں کے جانے کا جائز ناجائز ہونا تو الگ بات ہے مگر نافع بہت ہے میں نے کہا جی ہاں خمر بھی نافع ہے میسر بھی نافع ہے بلکہ انکا نافع ہونا نص سے ثابت ہے آپ تو اپنی ہی رائے کا اظہار فرما رہے ہیں اگر نافع ہونے پر مدار ہے تو ان چیزوں میں بھی کوئی جرم نہ ہونا چاہیئے۔

(۹) ایک سوال کے سلسلہ میں فرمایا کہ قنوت نازلہ کے احکام اصل مذہب میں منقح نہیں اسلئے میں نماز پنجگانہ کے بعد دعا کرنیکو بہتر سمجھتا ہوں اور میں نے تو اس موقع خاص کے لئے بعض دعائیں قرآن وحدیث سے منتخب کر لی ہیں ہر نماز کے بعد یا جسوقت جی چاہا پڑھ لیتا ہوں۔ ایک بات یہ بھی قابل نظر ہے کہ قنوت نازلہ کا اختیار کرنا دوسروں کو یاد دلانا ہے۔ کہ ہمیں فکر ہے اندیشہ ہے۔ میرے نزدیک بجائے قنوت نازلہ کے یہ ہی بہتر ہے کہ ہر نماز پنجگانہ کے بعد دعا کیا کریں یہ عجیب وغریب طریق ہے میں نے بھی پہلے قنوت نازلہ پڑھی ہے مگر زیادہ تر رجحان اسی طرف تھا کہ جبکہ ایک طریق اسلم واسہل ہے اور اسمیں اخفاء بھی ہے۔ اسکو ہی کیوں نہ اختیار کیا جاوے دوسرے طریق میں اظہار ہے اور اخفاء کی صورت بہتر ہے اظہار سے اور حضرت جو اصلی تدبیر ہے اسکی طرف اسوقت تک بھی کسی کو خیال نہیں وہ یہ ہے کہ اپنے اعمال کی اصلاح میں لگ جائیں اگر ایسا کریں تو چند روز میں انشاء اللہ تعالیٰ اسکی برکت سے دشمن خائف ہو جائیں۔ اور مخترع طریقوں کے متعلق فرمایا کہ ایسے وقت میں شریعت میں دو ہی صورتیں ہیں قوت کے وقت مقابلہ۔ اور عجز کے وقت صبر۔ خدا معلوم یہ تیسری صورت بخوشی گرفتار ہو جانے کی کہاں سے نکالی ہے۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت یہ گاندھی کی تعلیم ہے فرمایا گاندھی کہاں سے لایا اس نے بھی یورپ ہی سے سبق حاصل کیا ہے مگر گاندھی کے کہنے سے اسکو قرآن وحدیث پر منطبق کیا جاتا ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

ع یہ تدبیر آج بھی اصل تدبیر ہے۔ مگر افس[illegible] بالکل غافل ہیں [illegible] میسر جوا۔ ۱۲

(۱۰) فرمایا کہ اکبر الہ آبادی مرحوم فرمایا کرتے تھے کہ لیڈروں کے یہاں قرآن وحدیث میں تو فال دیکھی جاتی ہے باقی عمل رزولیوشن پر ہوتا ہے واقعی سچی بات ہے۔ فرمایا اس کی بالکل ایسی مثال ہے جیسے بعض لوگ طبیعت خوش کرنے کی غرض سے مثنوی شریف یا دیوانِ حافظ سے فال لیا کرتے ہیں ارادہ تو اس کام کا پہلے سے ہوتا ہے محض تائید کا نام کرنے کو ان میں بھی دیکھ لیا کہ وہ بھی یہی فرما رہے ہیں یہ ہی معاملہ قرآن وحدیث کے ساتھ کیا جا رہا ہے کہ رزولیوشن پاس کر لیا اور پھر اسکو قرآن وحدیث پر منطبق کر دیا اور وہ منطبق کرنا ایسا ہوتا ہے جیسا کہ ایک صاحب نے آیۃ لا تسبوا الذین یدعون من دون اللہ الخ سے گاؤکشی کی حرمت پر استدلال کیا تھا کہ گائے اُن کا معبود ہے اور ذبح کرنیمیں اُنکے معبود کی اہانت اور بے ادبی ہے اور اسکو اس آیت میں منع فرمایا گیا ہے یہ استدلالات ہیں زمانۂ شورش کے لاحول ولا قوۃ الا باللہ اسیطرح صلح حدیبیہ کے واقعہ سے استدلال کیا گیا تھا کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھوانا چاہا تو مشرکین نے اسکے لکھے جانیسے انکار کیا آپنے اُنکی اس درخواست کو منظور فرما کر بسمک اللّٰھم لکھوایا پھر حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے محمد رسول اللہ لکھوانا چاہا تو اُنھوں نے محمد رسول اللہ کے لکھے جانے سے بھی انکار کیا تو آپنے محمد بن عبد اللہ اسکی جگہ لکھوایا معلوم ہوا کہ صلح کیلئے شعائر اسلام کو بھی چھوڑنا جائز ہے۔ میں اس کے متعلق ایک موٹی سی بات عرض کرنا چاہتا ہوں اسلئے کہ باریک بات تو علماء جانتے ہیں وہ یہ ہے کہ دنیا ہر جانتی ہے اور ہر شخص کو یہ بات معلوم ہے کہ جب دو قوموں میں صلح ہوتی ہے اور صلحنامہ لکھا جاتا ہے تو وہ صلحنامہ فریقین کی طرف منسوب ہوتا ہے اور اس صلحنامہ میں وہی مضمون لکھا جاتا ہے جو دونوں فریق کے مسلمات سے ہو۔ اسمیں کوئی ایسی بات نہیں لکھی جاتی جو فریقین کو تسلیم نہ ہو جب یہ حقیقت ہے تو اب سنئے کہ جس صلحنامہ پر حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور محمد رسول اللہ لکھوانا چاہا تھا اسکے ساتھ صرف مسلمانوں ہی کا تعلق نہ تھا بلکہ مشرکین مکہ بھی اس سے تعلق رکھتے تھے یعنی وہ دونوں کی طرف منسوب تھا اور دونوں ہی کے اُسپر دستخط ہوتے ہیں اور جیسا کہ اسمیں یہ بات قابل لحاظ تھی کہ اسمیں کوئی بات

عہ دوسروں [illegible] ۱۲

مسلمانوں کے خیالات کے خلاف نہ ہو اسی طرح یہ بات بھی قابل رعایت تھی کہ اس صلحنامہ کا ہر مضمون خصم[ع] کو بھی تسلیم ہو اسی وجہ سے جب حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور محمد رسول اللہ لکھوانا چاہا تو مشرکین اور کفار مکہ نے صلحنامہ میں اسکا لکھا جانا منظور نہ کیا اور اُنکا اس انکار سے مطلب یہ تھا کہ صلحنامہ جسطرح مسلمانوں کی طرف منسوب ہوگا. اسی طرح ہماری طرف منسوب کیا جاویگا اور جسطرح مسلمانوں کے دستخط اسپر ہونگے اسی طرح ہمکو بھی دستخط کرنے ہونگے اسلئے صلحنامہ میں ایسے الفاظ نہ ہونے چاہئیں جسکے قبول کرنے سے ہمکو انکار ہے کیونکہ ایسے الفاظ ہوتے ہوئے ہمارے اسپر دستخط کیسے ہونگے. کفار مکہ کو فریق ہونیکی حیثیت سے صلحنامہ کے مضمون میں دخل دینے کا حق حاصل تھا اور بسمک اللّٰھم اور محمد بن عبد اللہ کا لکھا جانا مسلمانوں کے کسی خیال کے خلاف نہ تھا اسوجہ سے حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے انکی اس درخواست کو منظور فرما لیا اور وہی الفاظ اور مضمون صلحنامہ میں درج کرائے جو ہر دو فریق کے متفق علیہ تھے اور جن الفاظ پر فریقین کو دستخط کر دینے آسان تھے اب اسکی حقیقت سمجھ لینے کے بعد بتلائیے کہ کیا اس سے یہ استدلال صحیح ہو سکتا ہے کہ صلح کیلئے اصول مذہب کے ترک کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کیطرف منسوب کیا گیا ہے. نعوذ باللہ. استغفر اللہ. لاحول ولا قوۃ الا باللہ. اسی کے سلسلہ میں فرمایا کہ مولوی حبیب احمد صاحب نے ایک خوش مزاج عالم سے نقل کیا کہ تبحر کی دو قسمیں ہیں ایک کدو متبحر اور ایک مچھلی متبحر کدو متبحر وہ کہ کدو کی طرح تمام دریا پر تیرتا پھرتا ہے مگر اوپر ہی اوپر اور اندر رسائی نہیں اور ایک مچھلی متبحر کہ عمق[عہ] میں پہونچتی ہے واقعی مثال بے نظیر ہے ہمارے بزرگوں کے مضامین میں طول و عرض تو ہوتا نہیں مگر مثل مچھلی کے عمق اور گہرائی پر پہونچتے ہیں اور حقیقت کا انکشاف فرما دیتے ہیں بخلاف سطحی نظر والوں کے کہ کدو متبحر ہیں اوپر اوپر پھرتے ہیں حقیقت سے بالکل بے خبر اور نا آشنا ہوتے ہیں.

(۱۱) ایک خط کے سلسلہ میں فرمایا کہ میں نے ایک خط کے جواب میں لکھا ہے جسمیں مطلوب مبہم تھا کہ پہلے مطلوب کا متعین ہو جانا ضروری ہے مطلوب سمجھ لینے کے بعد اس طریق میں بڑی سہولت اور آسانی ہو جاتی ہے. لوگ اسکو ٹالنا سمجھتے ہیں یہ انکے قلت فہم کی دلیل ہے اور سخت غلطی

ع مخالف ۱۲ عہ دریا کی تہ ۱۲

Marfat.com

ہے یہ ضرور ہے کہ دو چار مرتبہ خط و کتابت میں وقت اور دام دونوں خرچ ہوتے ہیں مگر ہمیشہ کے لئے راحت میسر ہو جاتی ہے اور آدمی راہ پر پڑ جاتا ہے۔ میں نے ایکمرتبہ خواجہ صاحب سے کہا تھا کہ میں ایک ہی جلسہ میں طالب کو خدا تک پہونچا دیتا ہوں اسکی مثال سمجھ لیجئے کہ یہاں سے چار میل کے فاصلہ پر ایک گاؤں ہے۔ شب کا وقت ہے اس گاؤں میں چراغ جل رہا ہے جو دور سے نظر آتا ہے اور ایک شخص اس گاؤں میں جانا چاہتا ہے اور وہ اس گاؤں اور اسکے راستہ دونوں سے بے خبر ہے ایک شخص اسکو بتاتا ہے کہ تیرا مقصود اور مطلوب جہاں تو جانا چاہتا ہے وہ ہے جہاں چراغ جل رہا ہے گو یہ بتلانے والا اس شخص کیساتھ نہیں گیا اور نہ یہ ابھی تک اس گاؤں میں جو اسکا مقصود اور مطلوب ہے پہونچا مگر ایک معنی کر کہا جا سکتا ہے کہ بتلانے والے نے گاؤں تک پہونچا دیا اسلئے کہ بڑی چیز تو راہ ہی ہے جو اسپر مطلع ہو گیا آگے بجز چلنے کے اور رہ ہی کیا گیا ہے جو سالک کا فعل ہے باقی رہبر نے تو اپنا کام پورا کر دیا اور ایک معنی کر پہونچا ہی دیا اور میں عرض کرتا ہوں سنئے ایک شخص دہلی جانا چاہتا ہے نہ اس شخص کو راستہ معلوم نہ کبھی دہلی دیکھی نہ اسکا نقشہ معلوم اول تو اسکا پہونچنا ہی مشکل بفرض محال پہونچ بھی گیا مگر نقشہ نہ معلوم ہونیکی وجہ سے پہچانیگا نہیں اسلئے غالب یہ ہے کہ آگے بڑھ جائیگا غرضکہ مطلوب ہاتھ نہ آئیگا اِدھر رہیگا یا اُدھر بڑھیگا کسی صورت سے اطمینان میسر نہ ہو گا۔ اس بے راہی کی حقیقت سے وہی خوب واقف ہو سکتا ہے جو کبھی راستہ نہ معلوم ہونے پر سفر کر چکا ہو۔ کہ اسوقت کیا حالت ہوتی ہے جسکا مشاہدہ مجھکو ایک سفر میں ہوا میں اسٹیشن سہارنپور سے لکھنؤ جانیکے لئے سوار ہوا دیکھا کہ میرے ہموطن ایک جنٹلمین صاحب بھی اس ہی ڈبہ میں بیٹھے ہوئے ہیں میں ان سے پہلے سے واقف تھا یہ جنٹلمین صاحب میرٹھ جانیوالے تھے سردی کا زمانہ لحاف بچھونا ساتھ نہ تھا یہ بھی جنٹلمین کے خواص میں سے ہے کہ ایسی چیزیں ساتھ نہ ہوں کورے چلتے ہیں بیک بینی و دو گوش کے مصداق سردی سے بغلوں میں ہاتھ۔ جب گاڑی چھوٹ گئی تو آپس میں باتیں ہونے لگیں میں نے دریافت کیا کہ کیا آپ بھی لکھنؤ تشریف لیجا رہے ہیں کہنے لگے کہ نہیں میں تو میرٹھ جا رہا ہوں معلوم ہوا کہ غلطی سے بجائے میرٹھ کی گاڑی [illegible] ٹھ گئے ہیں [illegible] کے محاورہ میں کہا کہ ممکن ہے کہ آپ

Marfat.com

میرٹھ جا رہے ہوں مگر افسوس ہے کہ گاڑی لکھنؤ جا رہی ہے یہ سنکر جو انکو پریشانی ہوئی ہے وہ احاطۂ بیان سے باہر ہے اسکی دو وجہ تھیں ایک تو یہ کہ اسباب پاس نہ تھا اور سردی کا زمانہ دوسرے منزل مقصود کی وہ راہ نہ تھی جسکو وہ طے کر رہے تھے میں نے تسلی کی کہ جناب گھبرائیں نہیں پریشان نہ ہوں اب تو جو ہونا تھا ہو چکا خواہ پریشان ہو جئے خواہ افسوس کیجئے مگر ظاہر اً یہ گاڑی روڑکی سے اسطرف تو ٹھہر نہیں سکتی مگر انکو کسی طرح اطمینان نہ ہوتا تھا۔ کبھی لاحول پڑھتے ہیں اور کبھی اناللہ کبھی کھڑے ہوتے تھے اور کبھی بیٹھتے تھے میں نے کہا پریشانی بیفائدہ ہے اطمنان سے باتیں کیجئے میں انکو باتوں میں لگانا چاہتا تھا لیکن وہ اس سے جھنجھلاتے تھے کہ واہ صاحب تمکو ہنسی کی سوجھی ہے اور مجھکو الجھن لگی ہوئی ہے اس حکایت سے میرا مقصود یہ ہے کہ میں نے اسوقت اپنی اور انکی حالت کا موازنہ کیا تھا میں اپنے آپ کو ایسا مطمئن پاتا تھا گویا کہ بادشاہ ہوں اسلئے کہ مجھکو اس خیال سے راحت تھی کہ میں راہ پر ہوں اور وہ ایسے پریشان تھے کہ جیسے کوئی مجرم قید کر دیا جائے انکو اس خیال سے پریشانی تھی کہ میں بے راہی پر ہوں اگر وہ روڑکی ہی پہونچ گئے تو یہ ظاہر ہے میرٹھ پھر بھی اتنی دور نہ تھا کہ جسپر انکو اسقدر پریشانی لاحق تھی صاحبو مقصود انکا قریب تھا۔ میرٹھ اور میرا بعید لکھنؤ مگر بے راہی کی وجہ سے وہ پریشان تھے اور میں مطمئن سبب اس کا یہ تھا کہ وہ گمراہی پر تھے اور میں راہ پر تھا۔ حق سبحانہٗ تعالیٰ اسی کو کلام پاک میں فرماتے ہیں۔ اولٰئک[عہ] علی ھدًی من ربھم واولٰئک ھم المفلحون[عے] ہدی کو فلاح سے بھی پہلے فرمایا۔ اصل چیز تو راہ ہی ہے جسکو صراط مستقیم[عے] کہتے ہیں دنیا میں مسلمان کیلئے جس اصلی جزاء کا وعدہ ہے وہ یہی ہے کہ وہ ہدایت پر ہے اور سیدھے راستہ پر چل رہا ہے اور جو اس راہ پر چلنا شروع کر دیتا ہے اسکے لئے مفلحون[عے] فرمایا گیا ہے اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ ایسے بزرگوں کی جوتیوں میں پہونچا دیا کہ انھوں نے سیدھے راستہ پر ڈالدیا۔ خلاصہ یہ ہے کہ بڑی چیز راہ پر آگاہ کر دینا اور پتہ و نشان تبلادینا ہے یہی تو ہے جسکو میں نے کہا تھا کہ ایک ہی جلسہ

---

عہ بس یہ لوگ ہیں ٹھیک راہ پر جو ان کے پروردگار کی طرف سے ملی ہے اور یہ لوگ ہیں پورے کامیاب ۱۲

عے سیدھا راستہ ۱۲ عے پورے کامیاب

Marfat.com

میں میں طالب کو خدا تک پہونچا دیتا ہوں حضرت طریق نہ معلوم ہونا بڑا ہی بھاری خسارہ ہے پھر طریق معلوم ہونیکے دو درجے ہیں ایک تقلید ایک تحقیق مبتدی کو تقلید ہی کی ضرورت ہے اگر کسیکو خود رستہ نظر نہ آوے مگر محقق کہتا ہے کہ یہ رستہ ہے تو اپنی نظر پر اعتماد نکرے اُسکی خبر پر اعتماد کر کے چلنا شروع کر دے جوں جوں بڑھتا جائیگا ساتھ ساتھ راستہ نظر آتا رہیگا۔ گرچہ رخنہ نیست عالم را پدید۔ اسکی ایک مثال عرض کرتا ہوں پشاور سے کلکتہ تک سڑک گئی ہے ایک شخص پشاور سے کلکتہ پہونچنا چاہتا ہے۔ مگر وہ جب نظر کرتا ہے تو دیکھتا ہے کہ سڑک درختوں اور آسمانوں سے بند ہے یہ دیکھکر مایوس ہو جاتا ہے کہ راستہ بند ہے میں منزل کو طے نہیں کر سکتا مگر جاننے والا کہتا ہے کہ چل تو سہی اپنے موٹر کو گرم کر ہمت سے کام لے چلنا شروع کر جس وقت موٹر چلنا شروع ہو جائیگا راستہ خود بخود کھلتا جائیگا۔ جسقدر آگے بڑھتا جائیگا راستہ اسیقدر کھلا ہوا نظر آئے گا۔ مولانا اسی کو فرماتے ہیں

گرچہ[عہ] رخنہ نیست عالم را پدید     خیرہ یوسف وار می باید دوید

اسلئے ضرورت ہے ایسے رہبر کی جسکے محقق اور شفیق ہونے پر اعتماد ہو۔ آجکل میں کھانسی کی دوا کھا رہا ہوں یہ اجزا کتابوں میں ہیں مگر بغیر اہل فن کے بتلائے ہوئے اور تجویز کئے ہوئے اطمینان نہیں ہو سکتا۔ اب جو اہل فن سے تجویز کرا کر استعمال کر رہا ہوں اطمینان ہے اسلئے کہ اُسکے نقصان اور مضرت کا وہ ذمہ دار ہے اور محقق ہونے کی علامات میں سے یہ بھی ہے کہ اُسکی بات سے اطمینان اور قلب کو قرار ہو جاوے اور جو شخص غیر محقق اور غیر مبصر ہوتا ہے اسکی بات سے اطمینان نہیں ہوتا اگرچہ بڑی بڑی باتیں ہی کیوں نہ کرتا ہو اسی کو فرماتے ہیں۔

عہ وعدہ ہا باشد حقیقی دلپذیر     وعدہ ہا باشد مجازی تاسگیر

پھر فرمایا کہ شیخ کا کام صرف یہ ہے کہ وہ راستہ بتلا دے راہ پر ڈالدے۔ پس شیخ کا ولی ہونا ضروری نہیں مقبول ہونا ضروری نہیں ہاں فن کا جاننا اور اُسمیں مہارت ہونا ضروری ہے اگر فن سے واقف ہے اور جانتا ہے بس کافی ہے جیسے طبیب کہ اسکا پرہیزگار ہونا ضروری

---

عہ اگرچہ دنیا میں طریق حق کے راستے بند معلوم ہوتے ہیں لیکن طالب کو یوسف علیہ السلام کی طرح بغیر اسباب ظاہری پر نظر کئے دوڑنا چاہئے ۱۲

عہ حقیقت پر مبنی [illegible] اور بناوٹی باتوں سے جی اکتاتا ہے ۱۲

نہیں فن سے ماہر ہونا اور اسکا جاننا ضروری ہے اسی طرح شیخ کی مثال سمجھ لیجئے۔ مزاح کے طور پر فرمایا کہ چاہے شیخ خود خراب ہو مگر شیخ کا دماغ خراب نہ ہو جب شیخ اور ولی میں فرق معلوم ہو گیا تو سمجھ لیجئے کہ کسی کو شیخ کہنا تو جائز ہے لیکن ولی کہنا جائز نہیں اور یہ بات کہ کسی کو جزم[عہ] کے ساتھ ولی کہنا جائز نہیں مسئلہ ہے جو حدیث لا یزکی علی اللہ سے ثابت ہے اور اگر اعمال صالحہ ہوں تقویٰ ہو ولایت حاصل ہو جائیگی خواہ شیخ نہ ہو۔

(۱۲) فرمایا کہ ایک صاحب کا خط آیا ہے رنگون سے لکھا ہے کہ کچھ چیزیں لانا چاہتا ہوں اگر اجازت ہو اور جس چیز کو فرمائیں۔ میں نے جواب لکھا ہے کہ کس لاگت کی چیز لانا چاہتے ہو اور وہاں پر کیا کیا چیزیں ملتی ہیں معلوم ہونے پر تعین کرونگا۔ فرمایا کہ اس صورت میں ایک تو انتخاب کا بار اپنے اوپر نہیں پڑ رہا۔ انتخاب ان کا رہیگا پھر انکے انتخاب شدہ میں سے تجویز میں کرونگا دوسرے یہ مصلحت ہے کہ نہ معلوم کیا چیز لے آتے جو میرے کار آمد ہی نہ ہوتی اور یہ جو پوچھا ہے کہ کتنے کی چیز لاؤ گے اسمیں یہ حکمت ہے کہ مناسب حیثیت کی چیزوں کو لکھونگا بہرحال اسمیں راحت ہے انکو بھی مجھکو بھی۔

(۱۳) ایک خط کے جواب میں تحریر فرمایا کہ میرے تکدر کی عمر بہت کم ہوتی ہے کچھ وقت گذر جانے پر ضعیف ہو جاتا ہے اور تھوڑی سی معذرت کے بعد بالکل ہی فنا ہو جاتا ہے۔ فرمایا کہ اسی خط میں لکھا ہے کہ مجھکو بڑا رنج ہے بڑا حزن ہے۔ میں نے جواب میں لکھا ہے۔ کہ حزن ہی تو کام بناتا ہے حزن سے جسقدر جلد سلوک کے مراتب طے ہوتے ہیں مجاہدہ سے اسقدر جلد طے نہیں ہوتے یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے۔

(۱۴) فرمایا کہ ایک خط آیا ہے لکھا ہے کہ بے ٹکٹ ریل کے سفر کرنے میں ابتلاء عام ہے اسمیں کوئی گنجائش نکالنی چاہیئے (جواب) کیا ایسے ابتلاء عام سے کوئی چیز جائز ہو جاتی ہے۔ فرمایا کہ عوام کے نزدیک علماء صرف اس کام کیلئے رہگئے ہیں کہ جس معصیت میں انکو ابتلاء ہو جایا کرے اس کو معصیت کی فہرست سے نکالدیا کریں اناللہ وانا الیہ راجعون

(۱۵) ایک مولوی...... صاحب نے عرض کیا کہ فلاں صاحب مرید ہونیکو کہتے ہیں اور

عہ یقین ۱۲

یہ کہتے تھے کہ ارادہ تو بہت دنوں سے ہے مگر حضرت مولانا کے جلال کی وجہ سے پورا نہیں ہوا تھا اب یہ ارادہ کرلیا ہے کہ چاہے ماریں یا پیٹیں اب تو ضرور ہی ہونگا۔ فرمایا کہ خدا معلوم لوگ کیا سمجھتے ہیں میں بلاوجہ تھوڑا ہی کچھ کہتا ہوں تبسم فرما کر بطور مزاح فرمایا کہ لوگ تو مجھکو حلال (ذبح) کرتے ہیں میں جلال بھی نہ کروں میرے جلال کو دیکھتے ہیں اپنے جمال کو نہیں دیکھتے معلوم نہیں یہاں کونسا سامان جلال وہیبت کا ہے بعض لوگ قلیل الکلام ہوتے ہیں اس سے بھی رعب ہوتا ہے اور میں اسقدر بکّی ہوں کہ ہر وقت بولتا ہی رہتا ہوں مگر پھر بھی نہ معلوم لوگ کیوں اسقدر مجھکو ہوّا بنائے ہوئے ہیں۔

## ۲۸ شعبان ۱۳۵۰ھ بروز جمعہ
## مجلس خاص بوقت صبح

(۱۶) ایک خط کے سلسلہ میں فرمایا کہ بعض آدمیوں میں فہم کا قحط ہوتا ہے اُن کی تقریر اور تحریر سے دوسرونکو کلفت ہوتی ہے اگرچہ وہ اپنے نزدیک ادب ہی کا قصد کرتے ہیں۔ بات یہ ہے کہ آجکل ادب نام رکھیا ہے تعظیم کا حالانکہ اصل ادب ہے راحت کا اہتمام اور جس چیز سے دوسرے کو تکلیف پہونچے اسکا نام ادب نہیں یہ سب رسمونکی خرابیاں ہیں ہمارے حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمتہ اللہ علیہ سختی کے ساتھ منع فرمایا کرتے تھے کہ اپنی جگہ سے بیٹھے ہوئے میری تعظیم کیلئے مت اٹھا کرو۔ اس حالت میں یہ ہی ادب تھا کہ نہ اٹھا جائے پھر اسی سلسلہ میں مہمانی کے آداب کا تذکرہ ہونے لگا اُسکے ذیل میں فرمایا کہ ایکمرتبہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے عام دسترخوان پر ایک بدوی بھی بیٹھا ہوا کھانا کھا رہا تھا دیہاتیوں کی طرح بڑے بڑے لقمے بنا کر کھا رہا تھا حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے بوجہ خیرخواہی کے فرمایا کہ اے شخص اپنی جان پر رحم کر اور چھوٹا لقمہ بنا کر کھا کہیں گلے میں نہ اٹک جائے یہ کہنا تھا کہ فوراً دسترخوان سے وہ بدوی اُٹھ گیا اور چلدیا حضرت معاویہ نے اُسکو روکا اُس نے کہا کہ زیبا نہیں کہ کوئی شریف آدمی آپکے دسترخوان پر کھانا کھائے آپ مہمانوں کے لقمے تکتے ہیں کہ [illegible] اور کون چھوٹا آپکو اس سے کیا تعلق کہ کوئی کس طرح

Marfat.com

کھانا ہے آپ کو دسترخوان پر مہمانوں کو بٹھلا کر اس طرف نگاہ اٹھا کر بھی نہ دیکھنا چاہئے۔ البتہ کھانے کی کفایت کی نگرانی ضروری ہے یہ کہکر چلتا ہوا حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے بیحد اسکی کوشش کی کہ کھانا کھا کر جائے مگر وہ نہیں مانا۔ فرمایا کہ آداب میزبانی کے خلاف ہے مہمان کو کھاتے ہوئے تکنا اس سے اسپر شرم دامنگیر ہوتی ہے اور پیٹ بھر کر کھانا کھا نہیں سکتا۔ کیا ٹھکانہ ہے اُسوقت کے بدوی ایسے ہوتے تھے آجکل یہ باتیں مدعیان تمدن میں بھی نہیں۔ معمولی لوگ بیچارے تو کس شمار میں ہیں۔

(۱۷) فرمایا کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے واقعہ پر یاد آیا ایک شخص نے ایک کم علم مگر ذہین مولوی صاحب سے دریافت کیا کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ میں جو جنگ ہوئی اسمیں حضرت معاویہؓ کا یہ فعل کس درجہ کا ہے۔ مولوی صاحب نے فرمایا کہ بھائی حضرت معاویہؓ کی اجتہادی خطاء ہے اور اسلئے وہ امر خفیف ہے۔ حضرت والا نے فرمایا کہ یہی ہمارے بزرگوں کا عقیدہ ہے۔ یہ سُنکر وہ شخص کہتا ہے کہ جسقدر درجہ کا شخص ہوتا ہے اُسی درجہ کی اُسکی خطاء ہوگی اسلئے اس خطاء پر بھی شدید سزا ہونی چاہئے مولوی صاحب نے فرمایا کہ ارے یہ کیا تھوڑی سزا ہے کہ ایک صحابی پر ہم نالائق یہ حکم کریں کہ انھوں نے خطاء کی ورنہ ہمارا کیا منہ تھا ہم گندے ناپاک اور وہ صحابی فرمایا واقعی عجیب و غریب جواب ہے۔ ان ہی مولوی صاحب کا دوسرا واقعہ جس سے انکی حالت حُبِ رسول کا پتہ چلتا ہے جیسا پہلا واقعہ حُبِ صحابہ پر دال ہے یہ ہے کہ اول انھوں نے یہ قصہ لکھا ہے کہ باوجود حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی کوشش کے ابوطالب ایمان نہیں لائے اسکے بعد لکھا ہے کہ اگر بجائے ابوطالب کے مجھکو حق تعالیٰ دوزخ میں بھیجدیں اور ابوطالب کو جنت میں تو میں راضی ہوں کیونکہ میرے نبی کی تو آنکھیں ٹھنڈی ہو جاویں یہ ان کی حالت ہے جنکا شمار بڑے لوگوں میں نہیں مگر محبت کا اثر ہے بزرگونکی۔ یہ لوگ خشک ہیں۔ انہیں کو وہابی کہتے ہیں۔

(۱۸) ایک مولوی ...... صاحب نے عرض کیا کہ حضرت آج سہارنپور سے سوار ہونے کے وقت اسٹیشن پر ساتھیوں کی وجہ سے اسباب زائد ہونے [illegible] انکا بھی اسباب

تھا اسپر میں نے بابو سے وزن کرنیکو کہا بابو انکار کرتا تھا اور میں اصرار کرتا تھا اس واقعہ کو ایک اور ہندو دیکھ رہا تھا جب گاڑی چھوٹ گئی تو اس نے ریل میں مجھ سے سوال کیا کہ آپ جو اسباب کے بارہ میں اسقدر احتیاط اور بابو سے اصرار کر رہے تھے آپکا تعلق مولانا اشرف علی صاحب سے معلوم ہوتا ہے۔ حضرت والا نے سنکر فرمایا کہ بعض بات میں آدمی بدنام ہوجاتا ہے۔ اسپر ایک دوسرے مولوی...... صاحب نے عرض کیا کہ حضرت تقوی کا حاصل تو یہ ہی ہے تبسم آمیز لہجہ میں فرمایا اسکا دوسرا لقب آپ نے سنا ہوگا توہم۔ فرمایا کہ میرے ایک دوست ہیں مدارس کے انسپکٹر ایکمرتبہ دورہ میں ایک مدرسہ میں ٹھہرنے کا اتفاق ہوا اہل مدرسہ نے مغرب کے بعد اس کمرہ میں روشنی کا انتظام کیا جسمیں انکا قیام تھا انھوں نے کہا کہ اگر یہ روشنی مدرسہ کی ہے تو مجکو ضرورت نہیں اتفاق سے وہانپر امیر شاہ خانصاحب ٹھیرے ہوئے تھے انھوں نے جب یہ بات سُنی سُنتے ہی فرمایا کہ یہ فلاں شخص سے (مراد میں تھا) تعلق رکھنے والے معلوم ہوتے ہیں اور پھر بہت محبت سے ملے۔ فرمایا کہ ایک اور واقعہ سُنئے ایک بزرگ اپنی ہی جماعت کے ہیں ان کا قیام مدرسہ جونپور میں تھا وہانپر مسجد میں ایک طالب علم مسجد کی روشنی میں کتاب دیکھ رہے تھے اور خاص وقت ہوجانیسے فوراً وہ چراغ گل کردیا اور اپنا روشن کرلیا وہ طالب علم کچھ دنوں یہانپر رہ گئے تھے وہ بزرگ بیساختہ فرماتے ہیں یہ طالب علم وہاں سے تعلق رکھنے والا معلوم ہوتا ہے میرا نام لیا۔ یہ بدنام ہی ہونیکی بات ہے ایک واقعہ عجیب فرمایا کہ ایکمرتبہ میں بارہ اکبر پور ضلع کانپور گیا تھا وہانپر وعظ بھی ہوا تھا وعظ کے بعد واپسی کے لئے تیاری ہوئی اسٹیشن وہاں سے تقریباً چھ سات کوس کے فاصلہ پر تھا اور کچھ ایسا زمانہ تھا کہ کبھی کبھی بارش بھی ہوجاتی تھی اسی لئے میں احتیاطاً ظہر کے وقت روانہ ہوگیا گو ریل رات کو نو بجے جاتی تھی اتفاق سے اُس وقت بھی تھوڑی بارش ہورہی تھی۔ وہاں کے لوگوں نے تانگہ پر اچھی طرح سائبان کا انتظام کردیا تھا میں مع ہمراہیوں کے سوار ہوکر چلدیا اکبر پور میں ایک صاحب منصف تھے وہ میرے شناسا تھے انکو معلوم ہوگیا کہ وہ اسوقت اسٹیشن پر آرہا ہے انھوں نے اسٹیشن [illegible] کو ایک رقعہ لکھا کہ فلاں شخص اسٹیشن آرہا ہے تسکی گاڑی سے

Marfat.com

سوار ہو گا اسکو کسی قسم کی تکلیف نہ ہو کوئی خاص کمرہ آرام کے لئے تجویز کر دیا جاوے وجہ اسکی یہ تھی کہ وہ اسٹیشن جنگل میں تھا اور بہت مختصر جیسا یہ تھانہ بھون کا اسٹیشن ہے کوئی جگہ اسپر ایسی نہ تھی کہ مسافر آرام کر سکے یہاں پر تو بحمد اللہ مسافر خانہ بھی تیار ہو گیا ہے اور منصف صاحب نے مجھکو اسکی اطلاع نہیں کی کہ میں اسٹیشن ماسٹر کو لکھ چکا ہوں اب جسوقت اسٹیشن پر پہونچے ادہر تو بارش ہو رہی ادہر کوئی جگہ ایسی نہ تھی کہ کپڑے ہی بچا سکیں ادہر نماز کا وقت قریب تھا عجب کشمکش تھی کہ وہ بابو آیا اس نے مجھسے میرا نام دریافت کیا نام سُنکر اس نے ایک کمرہ میں ہمکو ٹھہرا دیا اور کہا کہ اسمیں آرام فرمایئے۔ منصف صاحب کا میرے نام پرچہ آیا ہے کہ فلاں شخص اسٹیشن پر آرہا ہے اس کو کوئی تکلیف نہ ہو وہ کمرہ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اسباب وغیرہ کے رکھنے کا تھا وہاں پر آرام سے نمازیں ادا کیں جب مغرب کے وقت اندہیرا ہو گیا تو اُس بابو نے ریلوے ملازم کو حکم دیا کہ دیکھو اس کمرہ میں روشنی کا انتظام کر دو یہ سُنکر مجھکو بڑی فکر ہوئی اور زیادہ اسوجہ سے کہ بابو ہندو تھا وہ فکر یہ ہوئی کہ یہ مسافر خانہ تو ہے نہیں اگر مسافر خانہ ہوتا تو یہ خیال ہوتا کہ اسمیں ریلوے قانون سے روشنی جائز تھی یہ تو اسباب کا کمرہ ہے صرف ہماری رعایت سے روشنی کیجاتی ہے تو اس صورت میں ریلوے کے تیل سے انتفاع جائز نہیں ہو سکتا اسلئے بڑی کشمکش ہوئی۔ اگر بابو سے منع کیا جاتا ہے تو یہ ہندو ہے بیوقوف بنا دیگا اور ہنسے گا بات کو سمجھے گا نہیں..... اب کیا کیا جاوے اسوقت یہ ہی سوجھی کہ دعاء کرنا چاہئے لہذا میں نے دعاء کی کہ اے اللہ بچنے کی صورت گو اختیاری ہے مگر یہ ضعف ہے کہ اظہار پر شرم دامنگیر ہے اسلئے آپ ہی حفاظت فرمانے والے ہیں آپ ہی حفاظت فرمائیں یہ خیال دل میں آنا تھا کہ فوراً اسٹیشن ماسٹر نے اُس نوکر کو آواز دیکر کہا کہ دیکھو ریلوے کی لالٹین وہاں پر روشن نہ کرنا بلکہ ہمارے گھر کی لالٹین روشن کر دینا یہ سُنکر حق تعالیٰ کے انعام کا مشاہدہ ہو کر اسقدر جوش ہوا کہ میں بیان نہیں کر سکتا اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کیا اب اس سے یعنی ہندو بابو سے کوئی پوچھتا کہ اسکو یہ خیال کیوں پیدا ہوا خبر نہیں کیا جواب دیتا۔ یہ حق سبحانہ تعالیٰ کی رحمت ہے کہ [illegible] نکی حفاظت فرماتے

Marfat.com

ہیں ومن عہ یتق اللہ یجعل لہ مخرجا۔

(ملفوظ ۱۹) فرمایا کہ آج کل کا طرز معاشرت دیکھکر معلوم ہوتا ہے کہ لوگ اکتا گئے ہیں بزرگوں کے طریق سے مگر یہ جدت بھی ایک آفت ہے۔

(ملفوظ ۲۰) ایک صاحب نے عرض کیا کہ ایک ہندو میرے پاس آتا ہے اسکو تصوف کی باتوں سے بیحد دلچسپی ہے اس سے اس قسم کی باتیں ہوتی ہیں تو وہ سُنکر بیحد خوش ہوتا ہے اب یہانتک نوبت آگئی ہے کہ اس نے مجھسے کہا کہ کچھ پڑھنے کو بتلاؤ میں نے اس خیال سے کہ اچھا ہے اسکو اسلام سے اور قرب ومحبت ہوگی ذکر کی تعلیم کی اب وہ بیحد معتقد ہوگیا ہے اور کہتا ہے کہ مجھکو جو تمنے پڑھنے کو بتلایا اس سے بڑا ہی جی خوش ہوتا ہے آجتک کسی اپنی مذہبی چیز کے پڑھنے سے یہ بات نہیں پیدا ہوئی تھی اب اسلام کی بہت تعریف کرتا ہے حضرت والا نے انکی یہ تمام گفتگو سُنکر فرمایا یہ طریق مضر ہے۔ صوفی ہونے کی اول اور اعظم شرط اسلام ہے جب تک یہ نہ ہو سب بیکار ہے اور اس طریق سے اُسکو اسلام کے ساتھ قرب نہ ہوگا بلکہ بُعد ہوگا اور یہ باریک بات ہے جسکے سمجھ لینے کی ضرورت ہے لو سنو ایک شخص ہندو جو ایک بزرگ سے بیعت تھا انکی وفات کے بعد وہ حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حضرت مولانا کے ایک معتقد مولوی صاحب کا سفارشی پرچہ لیکر بغرض تجدید بیعت حاضر ہوا اور حضرت مولانا سے درخواست کی کہ مجھکو بیعت فرمالیں مولانا نے جواب میں صاف فرمادیا کہ پہلے اسلام لے آؤ۔ وہ مسلمان نہیں ہوا اور واپس چلا گیا۔ اسپر بعض حاضرین نے حضرت مولانا سے عرض کیا کہ اگر حضرت بیعت فرمالیتے تو اسلام سے اس شخص کو کچھ قرب ہی ہو جاتا۔ حضرت مولانا نے فرمایا کہ نہیں تم اسکو نہیں سمجھ سکتے اس کو اسلام سے زیادہ بُعد ہو جاتا وجہ یہ کہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ ذکر وشغل میں جو یکسوئی ہوتی ہے اُس سے بعض اوقات کشف وغیرہ ہونے لگتا ہے جو کہ کوئی کمال مقصود نہیں مگر اس سے وہ ذاکر غلطی سے یہ سمجھنے لگتا ہے کہ وصول الی اللہ کے لئے اسلام بھی شرط نہیں حالانکہ وصول سے ان چیزوں کو کوئی تعلق نہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس سے دوسرے لوگوں کے عقائد

عہ جو شخص تقوی اختیار کرتا ہے اللہ تعالی اوسکے لئے بچنے کی راہ نکال دیتے ہیں ۱۲

Marfat.com

خراب ہونیکا اندیشہ ہے بعض لوگ یہ خیال کرتے کہ تصوف میں اسلام بھی شرط نہیں۔ اب رہا یہ سوال کہ ان بزرگ نے اس ہندو کو کیوں مرید کرلیا تھا بات یہ ہے جن بزرگ سے وہ مرید ہوا تھا وہ مجذوب تھے ان لوگوں کی حالت ایسی ہی ہوتی ہے اگر نظر ہوگئی تو چھوٹی چھوٹی اور معمولی معمولی بات پر ہوجاتی ہے۔ اور نہ ہو تو بڑی سے بڑی بات پر نہیں ہوتی۔ اسلئے کہ جذب کی وجہ سے استغراقی کیفیت ان حضرات پر غالب رہتی ہے اسلئے انکا فعل حجت نہیں۔ فرمایا کہ کیسی عجیب و غریب حضرت مولانا نے تحقیق بیان فرمائی واقعی یہ حضرات حکیم ہوتے ہیں یہ ہے محققانہ شان انکی نظر حقیقت پر پہونچتی ہے۔

(ملفوظ ۲۱) فرمایا کہ ایک خط آیا ہے پوچھتے ہیں کہ تصویر کا رکھنا گناہ کبیرہ ہے یا صغیرہ۔ جواب۔ میں نے لکھا ہے کہ کپڑوں کے بکس میں کبھی آگ رکھتے ہوئے بھی یہ تحقیق کی ہے کہ یہ چھوٹی چنگاری ہے یا بڑا انگارہ۔

(ملفوظ ۲۲) ایک صاحب نے سوال کیا کہ نماز فجر کے بعد بروز جمعہ اگر کسی شخص کا انتقال ہو جائے تو قبل از نماز جمعہ اسکو دفن کیا جاوے یا بعداز نماز جمعہ فرمایا کہ جلد سے جلد دفن کردینا چاہئے جمعہ کے بعد کا انتظار نہ کیا جاوے۔ عرض کیا اسوجہ سے دیر کرتے ہیں کہ نماز جمعہ کے بعد نمازی زیادہ ہونگے فرمایا مسئلہ نہ معلوم ہونیکی وجہ سے ایسا کرتے ہیں بیچارونکو خبر نہیں دیر کرنے پر سخت وعید آئی ہے۔ عرض کیا کہ یہ بھی سُنا ہے کہ جمعہ کے روز جو مرجاتا ہے اسکا حساب قیامت تک فرشتے نہیں لیتے فرمایا اُس حدیث کا صحیح محل یہی ہے مگر یہ بھی یاد رکھنے کی بات ہے کہ یہ یوم جمعہ کی فضیلت ہے نماز جمعہ سے قبل یا بعد کو کوئی دخل نہیں۔

(ملفوظ ۲۳) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ایک مقام پر مسجد کے متعلق ہندو مسلمانوں میں جھگڑا ہو رہا ہے ایک مسلمان جسکا نام جمال الدین ہے وہ ہندؤں کی طرف سے مسجد کے معاملہ میں رخنہ اندازی کرتا ہے اور کہتا ہے کہ میں گھر میں نماز پڑھ لیا کرونگا اور ہندؤں سے کہتا ہے کہ مسجد مت بننے دو میری بات تو جبھی رہے گی فرمایا جمال الدین نہیں وہ تو زوال الدین ہے عرض کیا کہ ایک بہت بڑے بزرگ سے مرید ہے فرمایا کہ اس رسمی پیری مریدی کا کیا اثر ہوسکتا ہے لوگ بزرگونکو بھی بدنام کرتے ہیں اور مسلمانوں کو جیسے [illegible] ہوتا ہے مسلمانوں

Marfat.com

ہی کی بدولت ہوتا ہے۔ فرمایا کہ کسقدر دلیری اور گستاخی کی بات ہے کہ مسجد کے معاملہ میں مسلمان ہو کر مخالفت۔ ایسی بات سُنکر بھی دل ڈرتا ہے حق سبحانہٗ تعالےٰ کے قہر سے ڈرنا چاہیئے۔ جمال الدین پر یاد آیا ریاست بھوپال میں منشی جمال الدین صاحب وزیر ریاست تھے اسوقت تو وزارت کا منصب برائے نام ہی رہگیا ہے اُس زمانہ میں وزیر ہی سلطنت کا مالک ہوتا تھا اور ان سے رئیسہ نے نکاح بھی کر لیا تھا اسکی وجہ سے اعزاز اور بھی بڑھ گیا تھا۔ منشی جمال الدین کے نام سے مشہور تھے مگر عالم تھے اور یہ منشی کا لقب بھی اُسوقت معمولی نہ تھا غرضکہ انکا بہت بڑا اثر اور اعزاز تھا۔ ایکمرتبہ ایسا اتفاق ہوا کہ مسجد میں لوگوں نے انکو نماز پڑھانے کیلئے مصلے پر کھڑا کر دیا باوجود دنیا کی حیثیت سے بڑا ہونے کے ان میں حق پرستی بہت ہی بڑھی ہوئی تھی اور جن رئیسہ سے نکاح ہوا تھا وہ بوجہ اپنی ریاست کے انتظام کے پردہ نہ کرتی تھیں یہ جسوقت مصلے پر پہونچ چکے اتفاق سے ایک مسافر ولایتی مولوی صاحب بھی وہاں پر موجود تھے انھوں نے ان کا ہاتھ پکڑ کر مصلے پر سے کھینچ لیا کہ تمہاری بی بی پردہ میں نہیں رہتی تمکو حق نماز پڑھانے کا نہیں کوئی اور نماز پڑھائیگا اب وزیر صاحب کی وجہ سے مصلے پر جائے کون کسکی ہمت تھی بالخصوص ایسے گڑبڑ کے وقت جبکہ وزیر صاحب کی ناگواری کا اندیشہ تھا جب کوئی آگے نہ بڑھا تو وہ مولوی صاحب ولائتی خود مصلے پر پہونچے اور اللہ اکبر کہکر نماز کی نیت باندھ لی۔ وزیر صاحب بیچارے کچھ نہیں بولے اور باجماعت نماز پڑھ اور سیدھے مسجد سے اس رئیسہ کے پاس پہونچے اسوقت وہ رئیسہ اجلاس میں تھی برسر اجلاس سب کے سامنے اس رئیسہ کو مخاطب کر کے وزیر صاحب نے کہا کہ بی تمہارے پردہ نہ کرنیکی وجہ سے یہ واقعہ ہوا یا تو تم اسوقت وعدہ کرو کہ میں پردہ میں بیٹھونگی اگر وعدہ نہیں کرتی ہو تو تین طلاق۔ حق پرستی کا کیا ٹھکانہ تھا اللہ اکبر کہ برسر اجلاس صاف کہدیا اور ذرا جھجک نہ ہوئی بات یہ ہے کہ گو رئیسہ تھی مگر تھی قدردان اور پھر آخر بیوی ہی تھی۔ انہیں کا ایک دوسرا واقعہ ہے تعظیم دین کا ایکمرتبہ انکے یہاں کوئی تقریب تھی اسمیں بڑے بڑے لوگ مدعو تھے اہل محفل کو کھانا رکھا جا رہا تھا۔ کہ ایک بھنگی آیا آکر عرض کیا کہ میاں سلام میاں میں مسلمان ہونا چاہتا ہوں۔ وزیر صاحب نے سب کام چھوڑ چھاڑ اسے

Marfat.com

مسلمان کیا۔ اور خدمتگار کو حکم دیا کہ اسکو حمام میں لیجا کر غسل کراؤ اور ہمارے جوڑوں میں سے ایک جوڑہ پہنا کر لاؤ تمام حاضرین کو حیرت خدمتگار نے غسل دلا کر جوڑہ پہنا کر حاضر کر دیا۔ حکم دیا کہ دسترخوان پر بٹھلاؤ۔ دسترخوان پر بڑے بڑے لوگ تھے یہ دیکھکر لوگوں کے تیور بدل گئے منشی صاحب نے فرمایا کہ آپ صاحب پریشان نہ ہوں آپکے ساتھ اسکو نہ کھلاؤنگا اسکے ساتھ میں کھاؤنگا یہ اسقدر پاک صاف ہے کہ اسوقت تمام مجلس میں بھی کوئی ایسا پاک صاف نہیں یہ ابھی مسلمان ہوا ہے اسکے تمام گناہ معاف ہو چکے ہیں۔ اسکے ساتھ کھانیکی دولت میں نے اپنے لئے تجویز کی ہے آپ حضرات کی قسمت ایسی کہاں کہ ایسے شخص کے ساتھ کھا کر برکت اور شرف حاصل کرو تم گھبراؤ مت میں اسکے ساتھ کھاؤنگا غرضکہ اس نومسلم کے ساتھ اسی وقت بیٹھکر کھانا کھالیا۔ کسقدر بے نفسی اور حق پرستی کی بات ہے۔ فرمایا کہ الحمد للہ ساری عمر میں مجھکو ایک ایسا ہی واقعہ پیش آیا میں کالپی گیا تھا ایک شخص نہایت صاف ستھرا لباس پہنے ہوئے جامع مسجد میں نماز پڑھنے آیا بعض لوگوں نے مجھسے کہا کہ یہ نومسلم ہے پہلے بھنگی تھا اب مسلمان ہو گیا ہے یہاں کے چودھری ساتھ کھلانا تو بڑی بات ہے اسکی چھوئی ہوئی ہاتھ کی چیز کو بھی قبول نہیں کرتے میرا وہاں جانا ایک جلسہ کی وجہ سے ہوا تھا اس جلسہ میں بڑے بڑے لوگ جمع تھے اور وہ نومسلم بھی تھا بعض لوگوں نے مجھسے کہا کہ اس موقع پر ان لوگوں کو سمجھا دو کہ ایسا بچاؤ اور پرہیز مسلمان ہو جانیکے بعد نہیں کرنا چاہئے اسمیں اسکی دلشکنی ہے میں نے دل میں خیال کیا کہ دلشکنی بھی نہیں اسمیں تو دین شکنی کا بھی اندیشہ ہے مگر نرے سمجھانے اور زبان سے کہدینے سے کیا کام چلیگا یہ لوگ پورانی وضع کے ہیں کیا اثر قبول کریں گے میں نے کہا کہ بہت اچھا میں سمجھاتا ہوں ایک لوٹے میں پانی منگاؤ غرضکہ پانی آیا میں نے اس نومسلم سے کہا کہ اسکی ٹونٹی سے منہ لگا کر پانی پیؤ۔ اس نے پیا۔ اسکے ہاتھ سے لوٹا لیکر اور اسی طرح منہ لگا کر اسکا بچا ہوا پانی جھوٹا میں نے پیا۔ پھر میں نے اس مجمع کی طرف مخاطب ہو کر کہا کہ تم بھی پیو۔ اسوقت سوائے مان لینے اور پی لینے کے کسی کو کوئی عذر نہ ملا سب نے طوعاً و کرہاً پیا۔ اسکے بعد میں نے ان لوگوں سے کہا کہ دیکھو اب اس نومسلم سے پرہیز نہ کرنا کہنے لگے کہ جی اب پرہیز کرنیکا ہمارا

منہ ہی کیا رہا تمنے تدبیر ہی ایسی اختیار کی کہ ہمارا سارا دھرم ہی لیلیا اب اطمینان رکھو اسکو تو ہم ساتھ کھلا پلا بھی لیا کریں گے فرمایا کہ مجھے یاد ہے کہ میں پی تو گیا مگر اندر سے جی رکتا تھا اللہ معاف کرے اور کچھ یہ بات اسی کے ساتھ خاص نہیں بلکہ کسی کا جھوٹا پانی یا کھانا مجھسے نہیں کھایا جاتا۔ کچھ اندر سے رکاوٹ ہوتی ہے اگر سبب اسکا کبر ہے تو حق تعالیٰ معاف فرمائیں اور اگر سبب اسکا ضعف طبیعت ہے تو معذوری ہے یا اگر زیادہ تاویل کوئی معتقد کرے تو یہ کہ لطافت ہے۔ نفس بھی عجیب چیز ہے خود ہی ایک خوبصورت عنوان تراش کر تبلا دیا میں نے تو کبھی بزرگوں کا جھوٹا پانی یا کھانا بھی نہیں کھایا پیا الا نادراً مگر پھر بھی اللہ کا فضل واحسان ہے کہ اُنکی کسی برکت سے محروم نہیں رکھا۔ اپنے بزرگوں کے یہاں اصلی ہی چیزیں اسقدر تھیں کہ انکی ہی برکت کافی ہوگئی۔ ان زائد چیزوں کی حاجت ہی نہیں ہوئی۔ اور یہ نکتہ شاعرانہ تھا۔ دل خوش کرنیکو بیان کردیا ورنہ کوئی چیز بھی اُن حضرات کے یہاں زائد نہ تھی سب اصلی ہی تھیں لیکن ایک اصلی دوسری اصلی کا بدل تھا۔ غرض یہ حکایت ہے جو مجھکو تمام عمر میں ایک مرتبہ پیش آئی اُسپر میں حق سبحانہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ گو طبعاً کراہت ہوئی مگر الحمد للہ عقلاً اسکو نہایت خوشی کے ساتھ دل نے قبول کرلیا۔ خلاصہ یہ ہے کہ اُسی حق تعالیٰ سے ڈرنا چاہیئے اسکی وہ قدرت ہے کہ کافر کو چاہیں مؤمن کردیں اور مومن کو چاہیں تو نعوذ باللہ کافر کردیں۔ خوب کسی نے کہا ہے ؎

کعبہ میں پیدا کرے زندیق کو　　لاوے بتخانہ سے وہ صدیق کو

یہ گلزار ابراہیم کا شعر ہے یہاں صدیق سے مراد حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں جیسا کلام اللہ میں حق تعالیٰ فرماتے ہیں انہ کان صدیقا نبیا۔ وہ بتخانہ سے کعبہ میں آئے اور زندیق سے مراد ابوجہل ہے۔ حضرت خدا سے ڈرنا چاہیئے اپنے ایمان پر کبھی انسان نازاں نہ ہو اور کسیکو حقیر نہ سمجھنا چاہیئے۔ حتی کہ کسی کافر کو بھی حقیر و ذلیل نہ سمجھنا چاہیئے کہ شاید مسلمان ہو جائے نہ کہ مسلمان ہونیکے بعد بھی ذلیل سمجھا جائے یہ تو نعوذ باللہ خدا کا مقابلہ ہے۔ خدا جانے آئندہ کیا ہونے والا اور ہمارے ساتھ کیا معاملہ پیش آئے۔

(**ملفوظ** ۲۷) فرمایا کہ ایک مرتبہ میں ریل میں سفر کر رہا تھا میرے ایک دوست ڈپٹی صاحب میرے

Marfat.com

ہمراہ تھے وہ محاسن الاسلام وعظ دیکھ رہے تھے ایک ہندو آریہ اسی ڈبہ میں ہمارے قریب بیٹھا ایک دوسرے شخص سے گفتگو کر رہا تھا انداز سے معلوم ہوتا تھا کہ اپنے مذہب کا جاننے والا ہے اور بولنے والا ہے وہ شخص جس سے وہ ہم کلام تھا ایک اسٹیشن پر اتر گیا اب اس طرف متوجہ ہوا اور ڈپٹی صاحب سے کہا کہ یہ کیا کتاب ہے یہ کہکر اس نے وہ وعظ بغرض دیکھنے کے ہاتھ سے لیلیا اور دیکھنا شروع کیا کچھ دیر دیکھنے کے بعد دفعۃً اسکی زبان سے بیساختہ سبحان اللہ نکلا نہ معلوم کون مضمون پر اسکی یہ حالت ہوئی اسلئے کہ وعظ تو اسکے ہی ہاتھ میں تھا فرمایا سیدھی اور سچی بات کا قلب پر اثر ہوتا ہی ہے اگرچہ کافر ہی ہو یہ وعظ محاسن الاسلام زمانہ فتنہ ارتداد میں ایک موضع ہے ایچوپی ضلع میرٹھ میں وہاں پر ہوا تھا بیحد مفید ثابت ہوا اس قرب وجوار کے بعض دیہاتی ارتداد کی طرف مائل ہو گئے تھے اسی ضرورت سے یہ وعظ ہوا تھا بفضلہ تعالےٰ اس وعظ کو سن لینے کے بعد ان میں سے ایک شخص بھی ارتداد کی طرف مائل نہیں رہا معترضین کے تمام اعتراضوں کے جوابات اسمیں دیئے گئے ہیں واعظین اور مبلغین کیلئے بیحد مفید چیز ہے۔

## ۲۸ شعبان المعظم ۱۳۵۰ھ

### مجلس بعد نماز جمعہ

۲۵

(**ملفوظ**) فرمایا کہ ایک صاحب سے خط وکتابت ہو رہی ہے کچھ ذکر و شغل کرنا چاہتے ہیں میں نے لکھا تھا کہ قصد السبیل دیکھا کرو۔ لکھا کہ دیکھی تھی سمجھ میں نہیں آئی میں نے لکھا کہ کسی سمجھدار سے سمجھ لو۔ آج لکھتے ہیں کہ میں اپنے ہادی اور آقا کے سوا کسی کو سمجھدار ہی نہیں سمجھتا فرمایا ان لوگوں کی اصلاح کس طرح کروں اس بدفہمی اور کوڑ مغزی کا میرے پاس کیا علاج ہے

۲۶

(**ملفوظ**) فرمایا کہ ایک بی بی کا خط آیا ہے اسمیں لکھا ہے کہ میں بیعت ہونا چاہتی ہوں اور اپنے خاوند کا پرچہ دستخطی ہمراہ ہے فرمایا کیسے سلیقے کی بات ہے اب کیا عذر کر سکتا ہوں سیدھی سیدھی بات لکھی ہے اسلئے مرید کرنا ہی پڑ گیا۔ جواب میں حضرت والا نے لکھا کہ بہشتی زیور کے مسائل پر اور قصد السبیل کے وظائف وہدایات پر اور میرے مواعظ کے نصائح پر عمل کرو تو اس شرط پر بیعت کرتا ہوں۔

Marfat.com

(ملفوظ ۲۷) فرمایا جیسے حکومت کرنا مشکل ہے ایسے ہی پیری کرنا بھی مشکل ہے کوئی راضی ہے کوئی شاکی ہے کوئی حاکی ہے کہانتک ہر شخص کو خوش رکھا جا سکتا ہے۔

(ملفوظ ۲۸) فرمایا کہ ایک پیر کے نام کا مریدین وظیفہ پڑھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ خدا کا نام ہے یا وارث میں نے کہا کہ ہاں ایک ہی تو نام ہے خدا کا یا وارث اور تم اس ہی نیت سے تو پڑھتے ہو۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ حیدر آباد سے ایک پیر آئے تھے فلاں مقام پر جب حلقہ کرتے تھے تو اسمیں یا بھیک یا بھیک کے نعرے لگانے تھے تبسم فرما کر بطور مزاح حضرت والا نے فرمایا کہ لا بھیک لا بھیک ہی کے نعرہ کیوں نہ لگائے مقصود بھی حاصل ہوتا اور جائز بھی ہو جاتا یعنی کچھ مل بھی جاتا فرمایا ان ہی شرکیات میں مبتلا ہیں اسکا سبب جہل ہے۔

(ملفوظ ۲۹) فرمایا کہ یہ یاد رکھنے کی بات ہے کہ شجاع آدمی ہمیشہ رحم دل ہوتا ہے اور بزدل ہمیشہ بے رحم ہوتا ہے تجربہ ہے ہندوستان ہی میں دیکھ لیجئے ماشاء اللہ مسلمان شجاع ہیں انکا اگر کبھی قابو پڑ جاتا ہے تو بیحد رحم دلی کا برتاؤ کرتے ہیں اور دوسری قوم اسکے برعکس صدہا نظائر اسکے موجود ہیں دیکھئے ترک سب سے زیادہ شجاع قوم ہے بیحد رحم دل ہے اسی سلسلہ میں فرمایا کہ خودکشی کرنا بھی بزدلی پر دال ہے خودکشی وہی کرتا ہے جو بودا ہوتا ہے مصیبت کا تحمل نہیں کر سکتا۔ چنانچہ عورتیں زیادہ خودکشی کرتی ہیں کیا انکو کوئی شجاع کہتا ہے۔ اسپر فرمایا کہ یہاں پر ایک شخص آئے تھے انھوں نے خودکشی کی عجیب بات یہ ہے کہ نہ تڑپے نہ آواز نکلی بڑے ہی استقلال سے اس شخص نے جان دی مگر سبب اسکا وہی بزدلی کہ حادثات کا مقابلہ نہ کر سکے یہ کونسی بہادری کی بات ہے اور عجیب بات ہے کہ ضرب کے بعد آدمی اضطراراً تڑپتا تو ہے مگر کچھ نہیں کوئی نشان تڑپنے کا تھا ہی نہیں حیرت ہوگئی مجھکو تو بڑا رنج بڑا صدمہ بڑا قلق ہوا کہ جانبندہ خدا دل کی کچھ کہہ تو لیتا انشاء اللہ تعالیٰ کیسی ہی بات ہوتی تسلی تشفی کر دیتا مجھے اس واقعہ میں صرف اسی بات کا رنج ہے کہ اسنے اپنے دل کی کہی ہی نہیں۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ خودکشی کی عند اللہ مواخذہ اپنے ذمہ لیا فرمایا جی ہاں شاید عند اللہ معذور ہو کسی کو کیا خبر اس شخص پر کیا گذر رہی تھی جسکو وہ برداشت نہ کر سکا اللہ ہی علیم ہے۔

(ملفوظ ۳۰) فرمایا کہ زمانہ تحریک خلافت میں ہر قسم کے الزامات اور بہتان میرے سر تھوپے

Marfat.com

گئے میں نے کہا کہ کہہ لو بھائی جو تمہارا جی چاہے اللہ سے معاملہ ہے وہ تو دیکھ رہے ہیں۔ تمہارے برا بھلا کہنے سے ہوتا کیا ہے اور میرا ضرر ہی کیا ہے بلکہ اس صورت میں نفع کی تو توقع ہے کہ کچھ نیکیاں ملجائیں الحمد للہ مجھے ان قصوں میں کسی سے بغض نہیں ہوا البتہ شکایت ضرور ہوئی وہ بھی دوستوں سے غیروں سے وہ بھی نہیں۔ میں نے سبکو دل سے سب معاف کردیا تھا جو کچھ کہہ چکے وہ بھی اور جو آئندہ کہو وہ بھی میری وجہ سے اگر کسی مسلمان کو عذاب ہوا تو میرا کیا بھلا ہوگا اور معافی میں تو مجھے امید ہے کہ حق تعالیٰ میرے اوپر رحم فرماویں۔ یہانتک نوبت آگئی تھی کہ چاروں طرف سے دھمکی کے خطوط آتے تھے ایک مقام سے خط آیا کہ آپکی خاموشی عنقریب آپ کے چراغ زندگی کو خاموش کردے گی۔ میں نے ردی میں ڈالدیا اور ہود علیہ السلام کا یہ قول یاد آیا فکیدونی جمیعًا ثم لا تنظرون انی توکلت علی اللہ ربی وربکم الخ[ع] مجھے بحمد اللہ ان واقعات سے بہت نفع ہوا ایک حالت تو یہ ہوئی کہ پہلے دنیا سے طبعی نفرت نہ تھی ان واقعات سے طبعی نفرت ہوگئی مخلوق سے نظر بالکل اٹھ گئی اور ایک حق تعالیٰ کی یہ نعمت ہے کہ اب میں یہ سمجھتا ہوں کہ حق تعالیٰ کے دو ملک ہیں ایک دنیا ایک آخرت مالک کو اختیار ہے کہ اپنی رعیت کو جہاں چاہے بسادے چنانچہ ایک وقت تک دنیا میں بسلتے ہیں دوسرے وقت آخرت میں بسادیں گے۔

(ملفوظ ۳۱) فرمایا کہ میں نے اس زمانہ تحریک ہی میں کہا تھا کہ اگر بجائے مبہم عنوانات کے عنوان کی تعیین کرکے سوالات کریں تو میں جوابدوں چاہے کسی کے بھی خلاف ہو ایک صاحب کا اسی زمانہ میں ایک سوال کا خط آیا میں نے لکھا کہ ترک موالات کا عنوان حذف کرکے متعین واقعہ پوچھو۔ میں جوابدونگا۔ یہیں پر اس زمانہ میں ایک علیگڈھ کا طالب علم آیا جو عصر کے وقت آیا مگر نماز نہیں پڑھی اس نے مجھ سے ترک موالات ہی کے متعلق کچھ پوچھنا چاہا تھا میں نے کہا کہ پہلے اپنی تو خبر لو انگریزوں سے تو ترک موالات اسلئے کیا تھا کہ ترکوں سے لڑے مگر نماز جو نہیں پڑھی تو خدا سے ترک موالات کیوں کیا شاید اسلئے کہ اس نے انگریزونکو

---

[ع] سو تم سب مل کر میرے ساتھ داؤگھات کرلو۔ پھر مجھکو ذرا مہلت نہ دو۔ میں نے اللہ پر توکل کرلیا ہے جو میرا بھی مالک ہے اور تمہارا بھی مالک ہے ۱۲

Marfat.com

غلبہ کیوں دیا۔

(ملفوظ ۳۲) فرمایا کہ ہمارے بھائیوں میں اتباع کا مادہ نہیں اگر دین بھی کامل نہ ہو تو یہ مادہ تو ہو کہ کسی کا اتباع کریں یہی وجہ ہے کہ یہ برباد ہیں اور ایک سبب یہ ہے کہ ان میں نظم اور اصول کی پابندی نہیں ہے اگر یہ کام کریں اور انتظامی مادہ بھی ان میں ہو تو ادہر تو انتظام ادہر دین پھر تو کھلی نصرت ہے صحابہ کے زمانہ میں قیصر اور کسریٰ کے مقابلہ میں مسلمانوں کی کیا جمعیت تھی مگر اہل دین تھے اور منظم تھے اگر دین کی ساتھ انتظام صحیح ہو تو پھر دیکھو کیا ہوتا ہے۔ باقی غیر منظم صورت میں اپنے کو پھنسانا ہلاکت میں ڈالنا ہے۔ جان خدا کی امانت ہے اگر ہماری ہوتی تو عـه تقتلوا انفسکم کا حکم نہوتا مال جو کہ مکتسب ہے وہ بھی ہمارا نہیں جان ہماری کیوں ہوتی۔ خدا کیلئے جان کیا چیز ہے مگر یہ تو اطمینان ہو کہ یہ یقیناً خدا کے واسطے صرف ہوئی تذبذب کی حالت میں جان دینا تو کیونکر جائز ہوگا ہمکو تو حکم ہے کہ تذبذب کی حالت میں جبکہ اُن کی اباحت دم میں تردد ہو کفار کی جان بھی نہ لیں۔ ہمکو تو فخر ہے جو قوم اسلام کی دشمن ہے اُسکے بھی حقوق بتلائے ہیں **آیت** عـه ولا یجرمنکم شنان قوم علی ان لا تعدلوا۔ **حدیث** عـه قال صلے اللہ علیہ وسلم احبب حبیبك هونا ما عسے ان یکون بغیضك یوما ما وابغض بغیضك هونا ما عسے ان یکون حبیبك یوما ما کفار بغیض ہیں مگر اُن سے بغض رکھنے میں بھی اعتدال مطلوب ہے اسی طرح بغض و محبت میں اعتدال لازم ہے بے موقع ذکر اللہ تک کو فقہا نے منع کیا ہے بلکہ بعض مقامات پر کفر کہا ہے جیسے حرام طعام پر بسم اللہ کہنا غرض ہر چیز کے حقوق اور حدود ہیں۔

(ملفوظ ۳۳) فرمایا کہ بزرگوں نے لکھا ہے کہ کفر سے سلطنت کو زوال نہیں ہوتا ظلم سے زوال ہوتا ہے۔

(ملفوظ ۳۴) فرمایا کہ شورش کے زمانہ میں یہانتک نوبت آگئی تھی کہ ایک بہت بڑے علامہ نے

عـه اپنے نفسوں کو قتل مت کرو ۱۲ عـه اور ایسا نہ ہو کہ تم کو کسی قوم سے جو اس سبب سے بغض ہو کہ اونہوں نے تم کو مسجد حرام سے روک دیا تھا۔ وہ تمہارے لئے اسکا باعث ہو جائے کہ تم حد سے نکل جاؤ ۱۲ عـه فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ دوست سے دوستی اعتدال کی ساتھ کرو ممکن ہے کہ وہ کسی وقت تمہارا دشمن ہو جائے اور دشمن سے دشمنی اعتدال سے کرو ممکن ہے کہ وہ کسی وقت تمہارا

Marfat.com

اُسی زمانہ میں مجھ سے بیان کیا تھا فرماتے تھے کہ ہمارے یہاں ایک فتویٰ آیا کہ ولایتی کپڑا پہننا جائز ہے یا نہیں اب اگر یہ لکھا جاتا ہے کہ جائز ہے تب تو اپنے مقاصد میں خلل آتا ہے اور ناجائز کیسے کہیں کیونکہ واقع میں تو جائز ہی ہے اسلئے اُسکے خلاف بھی نہیں کرسکتے تو اب کیا کریں فرماتے تھے کہ یہ جواب دیا گیا کہ ولایتی کپڑا پہننا قابل مواخذہ ہے اور کہنے لگے کہ اس لکھنے میں حکمت یہ تھی کہ وہ تو یہ سمجھیں کہ خدا کے یہاں کا مواخذہ ہوگا اور ہم یہ سمجھیں کہ اپنے دوستوں کا مواخذہ ہوگا۔ میں نے کہا کہ مولانا توبہ کیجئے یہ تو شریعت مقدسہ میں تحریف ہے اور مسلمانوں کو دھوکا دینا ہے فرمایا کہ ایسی ایسی باتیں سُنکر دل کانپ جاتا تھا کہ لے اللہ دین کا ان لوگوں کے دلوں سے احترام ہی جاتا رہا حضرت عوام کی کیا شکایت کیجائے وہ تو بوجہ جہل کے ایک درجہ میں معذور بھی سمجھے جاسکتے ہیں مگر ان لکھے پڑھے جنوں کو کوئی کیا سمجھاوے۔ اللھم احفظنا۔

(**ملفوظ ۳۵**) فرمایا کہ آجکل جمہوریت کو شخصیت پر ترجیح دی جارہی ہے اور کہتے ہیں کہ جسطرف کثرت ہو وہ سواد اعظم ہے اُسی زمانہ میں میرے ایک دوست نے اسکے متعلق عجیب اور لطیف بات بیان کی تھی کہ اگر سواد اعظم کے معنی یہ بھی مان لئے جاویں کہ جسطرف زیادہ ہوں تو ہر زمانہ کا سواد اعظم مراد نہیں بلکہ خیر القرون کا زمانہ مراد ہے جو غلبۂ خیر کا وقت تھا اُن لوگوں میں سے جسطرف مجمع کثیر ہو وہ مراد ہے نہ کہ ثم یفشوا الکذب[عہ] کا زمانہ کہ یہ جملہ ہی بتا رہا ہے کہ بعد خیر القرون کے کثرت شر میں ہوگی مجھے تو یہ بات بہت ہی پسند آئی واقعی کام کی بات ہے اگر یہ اشکال ہو کہ امام ابوحنیفہ نے بعض مسائل میں سواد اعظم کا اختلاف خیر القرون میں کیا ہے جواب یہ ہے کہ اسوقت خیر القرون والے امام صاحب کی بات کو یقیناً باطل نہ کہتے تھے بلکہ اسپر متفق تھے کہ شاید امام صاحب ہی حق پر ہوں۔ تو احتمال حقانیت پر سواد اعظم متفق تھا۔

(**ملفوظ ۳۶**) ایک مولوی ...... صاحب نے عرض کیا کہ حضرت سُنا ہے کہ یہ امور تکوینیہ مجذوبین کے متعلق ہوتے ہیں بدون عقل کے وہ کام کیسے کرتے ہونگے۔ فرمایا اُنکے متعلق ہونا صحیح ہے اور گو ان میں عقل نہیں ہوتی لیکن جو کام ان کے سپرد کیا جاتا ہے اُسمیں عقل کی ضرورت نہیں

عہ پھر جھوٹ پھیل جاویگا ۱۲

Marfat.com

اسلئے اسکو بخوبی انجام دیتے ہیں کیونکہ انجام دینا عقل پر موقوف نہیں بلکہ سلامت حواس بھی کافی ہے جیسے بچہ کہ اسکو عقل تو ہوتی نہیں مگر حواس ہوتے ہیں بھوک پیاس میں کھانے پینے کو مانگتا ہے خوشی کی بات سے خوش ہوتا ہے رنج کی بات سے اگر ڈرایا جاوے یا ہنسایا جاوے ڈرتا ہے ہنستا ہے ان چیزوں میں عقل کی ضرورت نہیں یہ فطری چیزیں ہیں خلاصہ یہ ہے کہ عقل اور چیز ہے حواس اور چیز پس ان مجذوبین کی حالت مشابہ بچوں کے ہے یہی وجہ ہے کہ سالکین مراتب میں مجذوبین سے افضل ہیں اور بعض اوقات سلامت حواس بھی شرط نہیں ہوتی۔

## ۲۹ شعبان المعظم سنہ ۱۳۵۰ھ
## مجلس خاص بوقت صبح یوم شنبہ،

(ملفوظ ۳۷) فرمایا کہ آج رمضان المبارک کی برکت محسوس ہوئی۔ کوئی خاص اہتمام نہیں کیا مگر جی میں نشاط سا معلوم ہوتا ہے امید ہے انشاء اللہ تعالیٰ اور شکایات بھی مثلاً کھانسی وغیرہ اس ماہ مبارک کی برکت سے جاتی رہیں گی دعا کیجئے کہ حق تعالیٰ ماہ مبارک کے حقوق کے ایفاء کیلئے قوت وہمت عطاء فرمائیں ہم ضعیف ہیں ہر وقت اُنکی رحمت اور توفیق کی ضرورت ہے۔

(ملفوظ ۳۸) فرمایا کہ یہ مہینہ بڑی ہی برکت اور رحمت کا ہے اگر حق تعالیٰ اپنے بندوں کو اتنی قوت اور توفیق عطاء فرمادیں کہ حقوق واجبہ ادا ہوتے رہیں اور معاصی سے اجتناب رہے یہ ہی بڑی دولت ہے اس سے آگے کی تمنا کرنا بڑے لوگوں کا کام ہے ہم جیسے کمزوروں کیلئے تو یہ ہی سب کچھ ہے اُن کی ذات سے تو سب کچھ امید ہے بڑے رحیم ہیں وہ تو ناقصین کو بھی محروم نہیں رکھتے طلب شرط ہے بندوں کو بھی چاہئے کہ جیسے کچھ ہیں بُرے بھلے دربار میں پیش ہو جایا کریں اور اپنی وسعت اور قوت سے کام لیں پھر تو وہ خود اپنی طرف کھینچ لیتے ہیں۔ ارادہ اور ہمت بڑی چیز ہے اسکی برکت سے بڑا سخت سے سخت کام سہل اور آسان نظر آنے لگتا ہے۔ جہاد کیسی سخت چیز ہے کہ جان کے لالے پڑجاتے ہیں مگر ہمت اور ارادہ اسکو

Marfat.com

بھی سہل کردیتا ہے بخصوص معاصی سے اجتناب بہت ضروری ہے مگر دیکھا یہ گیا ہے کہ اور زمانہ میں تو لوگوں کو اسکا خیال بھی نہیں ہوتا اور جہاں رمضان شریف شروع ہوئے گنجفہ شطرنج کثرت سے شروع کردیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جی بہلانے اور دن گذارنے کیلئے کرتے ہیں بندہ خدا قرآن کی تلاوت کی ہوتی ذکر اللہ میں مشغول ہوا ہوتا کسی نیک مجلس نیک صحبت میں ..... مبیٹھا ہوتا مگر کچھ بھی نہیں کرتے آزادی کا زمانہ ہے کسی کا ادب نہیں خوف نہیں جو چاہتے ہیں کرتے ہیں ۔

(**ملفوظ** ۳۹) فرمایا کہ اس ماہ مبارک میں جملہ معاصی کو ترک کرنا چاہئے خواہ معاصی ہاتھ کے ہوں پیر کے ہوں آنکھ کے ہوں کان کے ہوں زبان کے ہوں قلب کے ہوں اور یوں تو ترک معاصی اس ہی ماہ کیلئے خاص نہیں وہ ہر وقت ہی بچنے کی چیز ہے مگر اس ماہ میں اتنا اور ہے کہ جیسے اعمال صالحہ پر اجر اور ثواب زیادہ ہے گناہ پر سزا بھی زیادہ ہے ۔

(**ملفوظ** ۴۰) فرمایا کہ ہمت سے اگر انسان کام لے کوئی کام بھی مشکل نہیں اور یہ ہمت پیدا ہوتی ہے کسی کامل کی صحبت میں رہنے سے اور رہنے سے یہ مراد نہیں کہ بال بچوں کو چھوڑ کر ملازمت کو استعفا دیکر زراعت بند کر کے اُسکے پاس جا پڑو بلکہ اگر وقت ملے تو اُسکے پاس گاہ گاہ جانا بھی چاہئے اور خط و کتابت سے ہمیشہ اپنے حالات کی اطلاع کرتا رہے جو کچھ وہ تعلیم کرے اسپر کاربند رہے پھر انشاء اللہ تعالیٰ ہمت پیدا ہو جائیگی بدون صحبت کامل ور بغیر اُس سے تعلق[ع] پیدا کئے کام بننا مشکل ہے گو غیر ممکن نہیں مگر شاذ و نادر ضرور ہے مولانا فرماتے ہیں

؎ قال را بگذار مرد حال شو　　پیش مرد کاملے پامال شو

بغیر جوتیاں سیدھی کئے ہوئے کامیابی آسان نہیں آخر طبیب کے پاس جا کر علاج کیوں کراتے ہیں سمجھتے ہیں کہ مرض سے نجات اور تندرستی بغیر طبیب کے پاس جائے نہیں حاصل ہوسکتی تو وہ امراض جسمانی کا معالج ہے اور یہ امراض روحانی کا معالج مگر ایک کی ضرورت میں تو کسی کو بھی کلام نہیں اور دوسرے کی ضرورت میں کلام کیا جاتا ہے وجہ فرق کیا ہے ۔

(**ملفوظ** ۴۱) ایک مولوی ..... صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ نفس کو بھی لطائف

---

[ع] یعنی ظاہر اور باطن دونوں کی درستی میں لگو۔ اور کسی مرد کامل کی خدمت میں اپنے کو سپرد کردو ۱۲

Marfat.com

میں سے شمار کیا گیا ہے گو داعی الی الشر ہے اور مطمئنہ ہونا اسکا عارضی ہے ریاضت سے مجاہدہ سے دبا رہتا ہے یہی وجہ ہے کہ بعض سالکین کو دھوکا ہوجاتا ہے بعد مجاہدہ کے اگر اپنے اندر امور طبعیہ مذمومہ کا اثر پاتے ہیں اس سے مجاہدہ کے بیکار ہونیکا گمان کر بیٹھتے ہیں اور اکثر اسکا نتیجہ مایوسی اور مایوسی سے تعطل ہوجاتا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ اگر اخلاق ذمیمہ زائل ہو جاویں یا بالکل ہی فنا ہوجاویں تو پھر درجات اور ثواب کس چیز پر مرتب ہوں۔ ہاں اگر اسقدر مغلوب ہوجاویں کہ اُن کے اقتضاء پر عمل کرنیکو بآسانی ترک کرنے کی قوت راسخ ہوجائے تو مقصود حاصل ہے گو کبھی کبھی نفس منازعت بھی کرے تو اسپر غلبہ کی سعی میں لگا رہنا چاہئے پس طالب کی تو یہ حالت ہونی چاہئے ؎

اندریں رہ می تراش و می خراش،[ع۱] تا دمِ آخر دمے فارغ مباش،

**ملفوظ**[۴۲] فرمایا کہ لوگ معصیت پر بہت دلیر ہوتے جاتے ہیں اسکی نحوست سے تمام امراض روحانی پیدا ہوتے ہیں نورانیت قلب سے جاتی رہتی ہے اور ظلمت بڑھ جاتی ہے تو معاصی میں بڑی ہی ظلمت اور تاریکی ہے اپنی ذات کے اعتبار سے بھی اور آثار کے اعتبار سے بھی حدیثوں میں اسکی تائید موجود ہے جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جو کوئی گناہ کرتا ہے اُسکے قلب پر ایک سیاہ دھبہ پیدا ہوجاتا ہے اگر بندہ خلوص سے توبہ کرلیتا ہے تو حق تعالیٰ اُس دھبہ کو قلب سے صاف فرما دیتے ہیں۔ اگر توبہ نہیں کرتا اور اُس گناہ کو پھر کرتا ہے اور اُسپر اصرار کرتا ہے تو وہ دھبہ پھیلنا شروع ہوتا ہے یہانتک کہ سارے قلب کو محیط ہوجاتا ہے حق تعالیٰ فرماتے ہیں. کلا بل ران علی قلوبھم ما کانوا یکسبون[ع۲] اسی کو مولانا فرماتے ہیں ؎

ہر گنہ زنگے ست بر مرآتِ دل[ع۳] دل شود زیں زنگ ہا خوار و خجل
چوں زیادت گشت دل را تیرگی نفس دون را بیش گردد خیرگی

[ع۱] یعنی راہ سلوک میں تراش و خراش بہت ہے۔ لہذا مرتے دم تک ایک منٹ کے لئے بھی بے فکر مت ہو ۱۲

[ع۲] ہرگز ایسا نہیں بلکہ اون کے دلوں پر اون کے اعمال کا زنگ بیٹھ گیا ہے ۱۲

[ع۳] ہر گناہ دل کے آئینہ پر ایک زنگ کا داغ ہے۔ جسکی وجہ سے دل ذلیل و شرمندہ ہوجاتا ہے۔ اور جب دل کی تاریکی زنگ کی زیادتی کی وجہ سے بڑھ جاتی ہے۔ تو کمینے نفس کی حیرانی بڑھ جاتی ہے ۱۲

Marfat.com

(**ملفوظ** ۳۶) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ کسی فن کا مدون کرنا تھوڑا ہی مقصود ہے مقصود تو اُسکے اصول پر کام کرنا ہے اور کام ہی کیلئے مدون کیا جاتا ہے مگر آجکل خود تحقیقات کو مقصود بالذات بنا رکھا ہے ان ہی تحقیقات کی تکمیل کیلئے احکام کی حکمتیں تلاش کیجاتی ہیں بعض کی تو ساری عمر ان ہی زوائد میں ختم ہو جاتی ہے عمل کرنیکی ایک حکم پر بھی نوبت نہیں آتی حالانکہ اصل مقصود کام ہے یعنی نفس کی اصلاح اور اعمال کی خبر گیری مگر مقصود کو چھوڑ کر غیر مقصود کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں محققین کا مذہب تو یہ ہے کہ آم کھانے سے غرض نہ کہ پیڑ گننے سے اسکی ایسی مثال ہے دیکھئے سکہ ہمارے کام کا ہے مگر یہ بات کہ اسکا مادہ کیا ہے اورکس کارخانہ میں بنتا ہے اگر نہ بھی معلوم ہو تب بھی وہی کام اس سے نکلیں گے جو معلوم ہونے پر نکل سکتے تھے پس عمل کا اہتمام نکرنا بڑی کوتاہی ہے اور عمل کو مہتم بالشان سمجھنے کے بعد ایک کوتاہی اور ہے جسمیں عوام تو کیا خواص بھی مبتلا ہیں کہ اعمال واجبہ کی وہ عظمت اور وقعت قلوب میں نہیں جو غیر واجبہ کی ہے مثلاً (حقوق العباد وغیرہ کی فکر نہیں اور) نوافل وظائف وغیرہ کی کثرت کو زیادہ موجب قرب حق سمجھتے ہیں اور جو اصل مقصود تھا اُسی کو حقیر سمجھا جاتا ہے۔ کتنا بڑا ظلم عظیم ہے اور اعمال واجبہ کے حقیر سمجھنے کا سبب اُن اعمال کا عموم ہے کہ اسکو تو سب ہی کرتے ہیں۔ اسمیں خصوصیت ہی کیا ہوئی لیکن اگر یہ وجہ حقارت کی ہے تو گنی اور روپیہ بھی تو سب ہی کے پاس ہے تو عموم کی وجہ سے ان کو بھی حقیر سمجھنا چاہئے۔ اور جیب سے نکالکر پھینکدینا چاہیئے حالانکہ ایسا نہیں بلکہ اس عموم کے سبب اوروں سے زیادہ انکو جمع کیا جاتا ہے۔ اور ہوا سب سے زیادہ عام ہے عام اور سستا ہونا اگر اسکی دلیل ہے کہ وہ چیز حقیر اور ذلیل ہوتی ہے تو اسکو بھی حقیر اور ذلیل سمجھئے ناک اور منہ بند کر لیجئے حقیقت معلوم ہو جائیگی اور کیا نعوذ باللہ انبیاء علیہم السلام ایسے کاموں کے اہتمام کے لئے مبعوث فرمائے گئے تھے جنکو تم حقیر اور فضول سمجھتے ہو توبہ کرنا چاہیئے ان فاسد عقائد سے پس اصل چیز اور اصل مقصود اعمال واجبہ ہی ہیں اور عموم ہونا ہی دلیل ہے افضلیت کی جیسے میں نے مثال عرض کی سکہ کی اور ہوا کی۔ کہ اُنکا عموم مستلزم نہیں حقیر اور فضول ہونیکو بلکہ زیادہ نافعیت کی دلیل ہے۔

Marfat.com

(ملفوظ ۶۴) فرمایا کہ آجکل بزرگ اُسکو سمجھتے ہیں کہ اُسکے کپڑے گیروی ہوں۔ لیکن ناف تک ہوں۔ چوغہ گٹھوں تک ہو۔ بڑے بڑے دانوں کی تسبیح ہاتھ میں ہو بس درویش ہیں شاہ صاحب ہیں ولی کامل ہیں کیا خرافات ہے غالبًا ہمارے حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ آجکل درویشی دو پیسہ میں ملتی ہے ایک پیسہ کا گیرو خرید لیا کپڑے رنگ لئے ایک پیسہ کی تسبیح خرید لی درویش ہو گئے۔ ہمارے بزرگوں کے طریق کو تو ظاہر بین مولویت سمجھتے ہیں کہتے ہیں کہ اسے درویشی سے کیا تعلق ایسے لوگوں میں تو جسقدر خلاف شریعت ہو وہ زیادہ کامل سمجھا جاتا ہے اسی کو مولانا فرماتے ہیں ؎

کار شیطان میکنی نامت ولی    گر ولی این ست لعنت بر ولی ۱؎

(ملفوظ ۶۵) فرمایا کہ اس طریق میں دشواری اسی وقت تک ہے جب تک اسکی حقیقت سے بے خبری ہے حقیقت معلوم ہوجانے کے بعد پھر اس سے زیادہ سہل اور آسان کوئی چیز نظر نہیں آتی لوگوں نے فن نہ معلوم ہونیکی وجہ سے اسکو ہوا بنا رکھا ہے اور ایسی بُری طرح تصوف کو پیش کیا ہے کہ بجائے رغبت کے لوگونکو وحشت ہوگئی حالانکہ تصوف صرف ایک مسئلہ پر ختم ہے۔ عمل ایک اختیاری ہے ایک غیر اختیاری۔ اختیاری کو لے لو غیر اختیاری کے درپے نہو۔ بس یہ ایک چھوٹی اور مختصر سی بات ہے۔ ایک لطیفہ یاد آیا چھوٹے اور مختصر ہونے پر۔ ایک پیر صاحب تھے انکا مقولہ ایک صاحب نے مجھسے بیان کیا انھوں نے میرا نام لیکر کہا کہ فی الحقیقت تصوف کو جسقدر سہل کر کے اُس نے دکھلایا ہے آجتک اسکی نظیر نہیں مگر بات یہ ہے کہ تعبیر کرنا بھی سہل حقیقت سمجھنا بھی سہل مگر عمل مشکل ہے۔ میں جواب میں کہا کرتا ہوں کہ تم جو یہ عذر حق تعالیٰ کے احکام میں کرتے ہو یہ ہی عذر تمہارا نوکر یا غلام تمہارے کاموں میں کرے تب بتاؤ کہ کیا اُسکو معذور سمجھو گے اگر یہ ہی مواخذہ حق تعالیٰ نے فرمایا اور باز پرس کی تو جواب کیلئے تیار رہنا چاہیئے۔

(ملفوظ ۶۶) فرمایا کہ کسطرح دل میں ڈالدوں جی چاہتا ہے کہ سب اس طرح راہ پر آجائیں کہ انکی ہر ادا سے اسلام کی شان ظاہر ہو جیسے حضرات صحابہ کرام کو لوگ دیکھکر اسلام قبول کرتے

۱؎ فرمایا کہ شیطانی کام کرتے ہو اور تمہارا نام ولی ہے۔ اگر ولی یہی ہے تو ولی پر لعنت ۱۲

بھتے یہ اُن کا نمونہ بنجائیں۔ دنیا و دین کی بہبود اسی میں مضمر ہے یہ امر واقعی ہے کہ اگر مسلمان اپنی اصلاح کرلیں اور دین ان میں راسخ ہوجائے تو دین تو وہ ہے ہی لیکن دنیوی مصائب کا بھی جو کچھ آجکل ان پر ہجوم ہے انشاء اللہ چند روز میں کایا پلٹ ہوجائے اور گو اسپر دلائل بھی ہیں مگر اسکا جو حصہ ذوقی ہے چاہتا ہوں کہ اسکو ظاہر کروں مگر اُن کے اظہار پر قدرت نہیں۔

جیسے ایک مادرزاد اندھے حافظ کی حکایت ہے کسی لڑکے نے کہا کہ حافظ جی آج ہمارے یہاں تمہاری دعوت ہے پوچھا کیا کھلاؤ گے کہا کہ کھیر دریافت کیا کہ کھیر کیسی ہوتی ہے کہا کہ سفید پوچھا سفید کسے کہتے ہیں کہا جیسا بگلہ پوچھا کہ بگلہ کیسا ہوتا ہے اُس لڑکے نے کہنی سے ہاتھ کھڑا کر کے اور پہونچے سے موڑ کر کہا کہ ایسا ہوتا ہے حافظ جی نے ہاتھ پھیر کر دیکھا دیکھکر کہنے لگے نہ بھائی یہ تو بڑی ٹیڑھی کھیر ہے حلق سے کس طرح اُتریگی دیکھئے یہاں حقیقت سمجھ میں نہ آنیکی وجہ سے کھیر کو ٹیڑھی سمجھ بیٹھے ایسے ہی اس طریق میں بہت سی باتیں ایسی ہیں کہ وہ بیان میں نہیں آسکتیں تو جیسے وہاں اسکی ضرورت تھی کہ حافظ جی کے سامنے کھیر کا طباق بھر کر رکھدیتے کہ یہ کھیر ہے کھا کر دیکھ لو کیسی ہوتی ہے ایسے ہی یہاں بھی حقیقت معلوم کرنے کی صرف ایک ہی صورت ہے وہ یہ ہے کہ کام کرنا شروع کرو خود بخود سب معلوم ہوجائیگا مگر اس طریق میں اول ہی قدم میں اسکی ضرورت ہے کہ اسکا مصداق بنجائیے ؎

در رہِ منزل لیلیٰ کہ خطر ہاست بجاں      شرط اول قدم آنست کہ مجنون باشی

ایک اور مثال سمجھ لیجئے کہ ایک شخص ہے ولایتی اُس نے کبھی آم نہیں کھایا اسکو آم کی حقیقت بتلانا سخت دشوار ہے جس چیز سے بھی اُسکے ذائقہ کو تشبیہ دیجئیگا وہ ہرگز نہیں سمجھیگا اسکی صرف یہ ہی ایک صورت ہے کہ آم ہاتھ میں دیکر کھا جائے کہ جو اسکا ذائقہ ہے خود کھا کر دیکھ لو اسی طرح اس طریق میں سمجھ لیجئیگا کہ تقریروں سے یا قیل و قال سے کچھ سمجھ میں نہیں آسکتا یہ تو کام کرنے سے معلوم ہوتا ہے اسمیں عقل کی بھی رسائی نہیں عقل کی رسائی نہ ہونیکو ایک مثال سے سمجھ لیجئے ایک شخص کھڑے پہاڑ پر جانا چاہتا ہے۔ گھوڑے پر سوار ہوکر چلا گھوڑے

؎ لیلیٰ کی طلب میں جان کو بہت سے خطرات ہیں۔ مگر در راہ طلب میں، پہلے قدم کی شرط مجنوں ہونا ہے

کا کام دامن کوہ تک پہونچا دینے کا ہے آگے وہ نہیں جا سکتا۔ آگے دامن کوہ میں ایک گمند ہے اُس سے وہ راستہ طے ہوگا عقل گھوڑا ہے اُسکی ایک حد ہے اسکو آگے دخل نہیں اور جیسے گھوڑے پر سوار ہو کر ایسے پہاڑ پر جانا بے عقلی ہے اسی طرح یہاں عقل سے کام لینا بے عقلی ہوگا ایسی ہی عقل کو مولانا فرماتے ہیں ؎

آزمودم عقل دور اندیش را عہ۱ ۔۔۔ بعد ازیں دیوانہ سازم خویش را

تو پھر تو اُسکی یہ حالت ہوگی ؎

اوست دیوانہ کہ دیوانہ نہ شد عہ۲ ۔۔۔ مرعسس را دید و در خانہ نہ شد

صاحبو اس عقل سے جو کام لینے کا ہے وہ یہ ہے کہ خدا تعالیٰ پر اعتماد و انقیاد کا اپنے کو مکلف سمجھ لے آگے طرق جزئیہ انقیاد کے اُسمیں عقل کا کام ہے کہ وحی کا اتباع کرے۔

(**ملفوظ** ۷۴) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے مجھسے فرمایا تھا کہ جب نئی شادی ہوتی ہے تو سُسرال سے تعلق بڑھ جاتا ہے اور اندیشہ ہوتا ہے گھر والوں کے حقوق پامال ہونیکا تو اسکا خیال رکھنا ایسا نہ ہونا چاہیئے۔

(**ملفوظ** ۷۵) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت تھانہ بھون تنہ خانہ ہے دریافت فرمایا کیا مطلب ہے میں سمجھا نہیں۔ عرض کیا کہ آجکل دنیا میں جو مختلف چیزیں چل رہی ہیں اور آگ لگ رہی ہے (مراد تحریکات ہیں) یہاں آکر معلوم ہوتا ہے کہ کہیں بھی کچھ نہیں دریافت فرمایا اتنا اور فرما دیجئے کہ اس سے مراد آپ کی قصبہ تھانہ بھون ہے یا خانقاہ عرض کیا کہ یہ احاطہ خانقاہ مراد ہے فرمایا کہ جی ہاں اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے یہ سب اپنے بزرگوں کی جوتیوں کا طفیل ہے ایک کونہ دبائے بیٹھے ہیں میں تو یہ شعر پڑھا کرتا ہوں ؎

ہیچ کنجے بے دد و بے دام نیست عہ۳ ۔۔۔ جز بخلوت گاہ حق آرام نیست

مگر اسپر بھی عنایت فرماؤں کی عنایات ہوتی رہتی ہیں۔

---

عہ۱ میں نے عقل دور اندیش کو آزما کر دیکھ لیا (مگر راہ عشق میں بے کار ثابت ہوئی) اس آزمائش کے بعد اپنے کو میں نے دیوانہ بنا لیا ہے ۱۲ عہ۲ (بقول مجذوبؒ کے) وہی دیوانہ ہے جو آپکا دیوانہ نہیں ۱۲ -

عہ۳ دنیا کا کوئی کونہ بے درندوں اور (مختلف قسم کے) جالوں کے نہیں ہے۔ بجز خلوت گاہ حق کے کہیں

(ملفوظ ۵۶) ایک سلسلۂ گفتگو میں فرمایا کہ لوگ کبائر میں مبتلا ہیں گناہوں کو اختیار کرتے ہیں انکو خوف اور خشیت کا استحضار نہیں بڑی ہی خطرناک بات ہے بعض اکابر کا قول ہے کہ قیامت میں ہر عمل کی ہیئت مشاہد ہوگی مثلاً کسی شخص نے کسی اجنبیہ عورت سے زنا کیا تھا ویسے ہی زنا کرتا ہوا قیامت میں نظر آئیگا اعمال سے ایک خاص ہیئت پیدا ہوجاتی ہے کبھی کبھی دنیا میں بھی بعض اہل اللہ اور خاصان حق پر وہ ہیئت منکشف ہوجاتی ہے۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے پاس ایک شخص حاضر ہوا آپنے اس شخص کو سنانے کیلئے فرمایا کہ بعض لوگ ہماری مجلس میں آتے ہیں اور اُن کی آنکھوں سے زنا ٹپکتا ہے۔ حضرت غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے ہمعصر ایک بزرگ ہیں حضرت سید احمد کبیر رفاعی یہ بہت بڑے اولیاء کبار میں سے ہیں مگر حضرت غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی برابر مشہور نہیں ہوئے۔ بزرگوں کی باتیں بھی عجیب و غریب ہوتی ہیں۔ یہ بھی مختلف الاحوال ہوتے ہیں اسمیں ان حضرات کی شان مشابہ انبیاء علیہم السلام کے ہوتی ہے۔ ایکمرتبہ حضرت غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے پاس ایک شخص مُرید ہونے آیا فرمایا کہ بھائی تیری پیشانی سے شقاوت نمایاں ہے تجکو کیا مرید کروں وہ بیچارہ مایوس ہوکر لوٹ گیا۔ حضرت کا صورت دیکھکر فرمادینا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت پر ہیئت اعمال منکشف ہوئی ہوگی یہ شخص حضرت سید احمد کبیر رفاعی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوا صورت دیکھکر فرمایا کہ آؤ بھائی میں خود بھی ایسا ہی ہوں اُنکے برتاؤ سے معلوم ہوتا ہے کہ انپر دونوں ہیئت منکشف ہوئیں شقاوت کی بھی اور اُس سے آگے سعادت کی بھی۔ حضرت سید احمد کبیر رفاعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس شخص کی تسلّی و تشفّی کی اور طریق میں داخل کرلیا چند روز میں اس شخص کو حضرت غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کیخدمت میں حاضر ہونے کی ہدایت فرمائی یہ شخص حضرت غوث الاعظم رح کی خدمت میں حاضر ہوا۔ دیکھکر فرمایا کہ آؤ بھائی میرے بھائی احمد کبیر کو اللہ نے ایسا تصرّف دیا ہے۔ اس ہیئت کے منکشف ہونے پر ایک اور حکایت یاد آئی۔ ایک بزرگ ایک بستی پر سے گذرے اُس بستی میں بھی ایک بزرگ تھے ان مقامی بزرگ نے اُن بزرگ سے ملاقات کا عزم کیا اور اُن کے پیچھے دوڑے ملاقات تو نہ ہوسکی مگر یہ معلوم ہوا کہ فلاں جگہ اُن بزرگ نے نماز پڑھی ہے اُن بزرگ کو خیال

Marfat.com

کہ لاؤ نماز کی جگہ ہی کو دیکھیں دیکھا تو سجدہ میں ہاتھ کانوں سے پیچھے ہٹے ہوئے نظر آئے فرمایا کہ اس شخص کی نماز کی ہیئت خلاف سنت ہے یہ شخص بزرگ نہیں ہو سکتا۔ یہاں جیسے بصر سے ہیئت عمل کی نظر آگئی اسی طرح کبھی بصیرت سے نظر آجاتی ہے اسی سلسلہ میں ایک حکایت غالباً حضرت مولینا دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ سے سنی ہوئی فرمائی کہ ایک بزرگ کو معلوم ہوا کہ فلاں بزرگ اس بستی میں آئے ہیں انھوں نے ارادہ کیا کہ آنے والے بزرگ سے ملاقات کروں وارد ہوا کہ مت ملو ان بزرگ نے خیال کیا کہ نہ ملنے کی کوئی وجہ نہیں یہ حدیث النفس ہے ملنا چاہئے اللہ کے بندہ ہیں مقبول ہیں انکی زیارت باعث سعادت ہے غرضکہ وارد کی مخالفت کی اور ملنے کا پھر ارادہ کیا وارد میں پھر منع کیا گیا انھوں نے پھر ارادہ ملاقات کا کیا اور بالآخر ملاقات کیلئے چلدیئے چلتے میں ٹھوکر لگی گرے چلنے سے معذور ہو گئے بعد میں وجہ معلوم ہوئی کہ وارد میں جو منع کیا گیا تھا اسکا سبب یہ تھا کہ وہ بدعتی بزرگ تھے جنسے ملنے کو منع کیا گیا تھا اسپر فرمایا کہ واردات کی مخالفت معصیت تو نہیں مگر دنیاوی ضرر ضرور ہو جاتا ہے اور یہ ضرر اضطراراً تو نہیں مگر اختیاراً کبھی مفضی ہو جاتا ہے ضرر دینی کی طرف اور وہ ضرر دینی اسطرح پر ہوتا ہے کہ کسی معصیت کا وسوسہ ہوا اور اس سے بچنے کیلئے کہ ہمت سے اسکی مقاومت ہو سکتی تھی مگر طبعاً کسل ہو گیا اور اس سے غباوت ہو گئی اسلئے اعمال میں کمی ہو گئی۔ اب اسمیں دو ہی صورتیں ہیں کہ پھر وہ عمل اگر واجب تھا تو خسران ہوا اور اگر واجب نہ تھا تو حرمان ہوا۔ ہے بڑا نازک راستہ بڑے ہی سنبھلکر چلنے کی ضرورت ہے

**ملفوظ** ۶۲ فرمایا کہ ایک کام کی بات یاد آئی یہ جو مشہور ہے کہ فلان بزرگ نے فلاں بزرگ کی نسبت سلب کرلی۔ حضرت مولانا رشید احمد صاحبؒ نے فرمایا ہے کہ نسبت قرب الٰہی کا نام ہے اسکو کوئی سلب نہیں کر سکتا یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ایک چیز حق تعالےٰ بندہ کو عطاء فرمائیں دوسرا کون ہے کہ جو اُس سے سلب کرلے حقیقت اسکی صرف یہ ہے کہ کسی تصرف سے کسی کیفیت نفسانیہ کو مضمحل کر دے جس سے نشاط کی جگہ غباوت ہو جاتی ہے مگر وہ اسکا مقابلہ کر سکتا ہے لیکن اگر مقاومت نہ کی پھر اخلال عمل کے سبب اسکا اثر [illegible]یا کہ ترک بھی پہونچ جاتا ہے۔

(ملفوظ ۵۱) فرمایا کہ آجکل لوگ کیفیات کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں جو کہ غیر مقصود ہیں گو یہ کیفیات غیر مقصودہ لذیذ ہوتے ہیں۔ جیسے مرچ ہے کہ تغذیہ میں غیر مقصود ہے مگر لذیذ ہے اور اگر لوگ ان کیفیات کو مقصود سمجھکر گویا زی مرچوں ہی کا سالن کھاتے ہیں کیا حاصل ہوتا ہوگا نری آگ ہی آگ ہے۔ ایسے ہی علوم غیر مقصودہ میں جیسے چکنے چپڑے مضامین ہوتے ہیں وہ علوم مقصودہ میں نہیں ہوتے اسکی بالکل ایسی مثال ہے دیکھئے اگر روپیہ کا سکہ خوبصورت نہ ہو تو پھر بھی چونسٹھ ہی پیسے ملیں گے اور یہ شیشہ کا ٹکڑا یا رانگہ کا ٹکڑا گو بہت چمکدار اور خوبصورت معلوم ہوتا ہے مگر بازار میں نہ چلیگا اسی طرح بازار آخرت میں کیفیات یا لذات جو حقیقت کے اعتبار سے گویا شیشہ یا رانگہ کا ٹکڑا ہے نہیں چلیں گے۔ اور اعمال جنکی حقیقت سکہ ہے یہ چلیں گے ایک اور مثال سے سمجھ لیجئے ایک شخص ہے اس نے چمن لگایا اسمیں قسم قسم کے پھول لگائے اونہیں سینچا ایک بڑا خوبصورت اور گلزار چمن بن گیا اور ایک شخص ہے اس نے دو بیگہ زمین لیکر اسمیں گیہوں بوئے اب دیکھنے میں چمن بہت خوشنما ہے گلزار ہے اور گیہوں کا کھیت اسکے سامنے خوشنمائی میں کوئی حقیقت نہیں رکھتا مگر جسوقت ثمرہ کا وقت آئیگا یا کاٹنے کا تو اس چمن کی حقیقت گیہوں کے سامنے اس سے زیادہ نہ ہوگی جیسے ایک منہیار چوڑیوں کی گٹھڑی لگائے جارہا تھا ایک گنوار نے اسمیں لاٹھی کا سرا مار کر پوچھا کہ ابے اسمیں کیا ہے اس بیچارے نے کہا کہ چودھری ایک دفعہ اور مار دو پھر کچھ بھی نہیں۔ اسی طرح اس گیہوں کے کھیت کے سامنے یہ چمن کچھ بھی نہ ہوگا اسوقت معلوم ہوگا کہ اسکے سامنے یہ پھول خار ہیں اور یہ چمن اجاڑ ہے غرضکہ اس چمن کی کچھ بھی حقیقت نہ ہوگی وجہ وہی ہے جو میں نے عرض کی مقصود اور غیر مقصود ہونے کا تفاوت تو انسان کو مقصود کام میں لگنا چاہئے اور غیر مقصود کے درپے نہ ہونا چاہیے اسی طرح اختیاری اور غیر اختیاری کے مسئلہ کو سمجھ لیا جاوے کہ اختیاری کاموں کو کرے اور غیر اختیاری کے درپے نہ ہو پھر دیکھنا اس طریق میں کیسی سہولت معلوم ہونے لگتی ہے کام کی باتوں میں عمر کا حصہ صرف کرو کیوں فضول اور بیکار باتوں میں اپنی عمر کے حصہ کو خراب اور برباد کرتے ہو۔

(ملفوظ ۵۲) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت بدعتی بھی بہت محنت کرتے ہیں۔ فرمایا کہ خاک محنت کرتے ہیں اور اگر کرتے بھی ہوں تو مقصود زیادہ محنت پر تھوڑا ہی موقوف ہے اول تو ان کے یہاں محنت ہے ہی نہیں محض حکایات ہی حکایات ہیں اسمیں کچھ کرنا نہیں پڑتا اور طریق صحیح میں کرنا پڑتا ہے اور اگر کچھ محنت کرتے بھی ہیں تو انکی اس محنت کا ثمرہ آخرت میں تو یہی تصلیٰ نارًا حامیۃ ہے اور دنیا میں عاملۃ ناصبۃ۔

(ملفوظ ۵۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ عارفین نے تو عبادت کی لذت کے قصد سے بھی پناہ مانگی ہے۔ اگر ساری عمر گذر جائے اور کوئی لذت ان کو نہ آئے وہ اسپر بھی راضی ہوتے ہیں ایک بزرگ پہاڑ میں رہتے تھے ایک اور بزرگ ان سے ملنے گئے دیکھا کہ دعا میں مشغول ہیں یہ اسوقت نہیں ملے اس خیال سے کہ مشغول مع اللہ تھے یہ یاد رکھنے کی بات ہے بزرگوں نے فرمایا ہے کہ مشغول مع اللہ کو بلا ضرورت اپنی طرف مشغول کرنیسے حق تعالیٰ کی ناخوشی کا اندیشہ ہے بلا ضرورت کی قید سے میں نے اس میں توسیع کردی ہے اگر ضرورت ہو وہ مستثنےٰ ہے خیر وہ بزرگ یہ دعاء مانگ رہے تھے کہ الٰہی تفویض کی لذت سے بھی پناہ مانگتا ہوں بعض لوگ تفویض اسلئے اختیار کرتے ہیں کہ اسمیں راحت ہے جو ایسا کرتے ہیں انھوں نے تفویض کا حق ادا نہیں کیا۔ تفویض اس نیت سے ہونا چاہئے کہ یہ حق تعالیٰ کا حق ہے۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت اگر تفویض شکر کی نیت سے کیجائے فرمایا کہ یہ باتیں (انپر عمل) کرنیسے سمجھ میں آتی ہیں بتلانے سے سمجھ میں نہیں آتیں۔

(ملفوظ ۵۴) ایک خط کے جواب کے سلسلہ میں فرمایا کہ منجملہ میری اور بے مروتیوں کے ایک بے مروتی یہ بھی ہے کہ میں جواب میں سائل کی خواہش کی رعایت نہیں کرتا مقصود کی اور سائل کی مصالح کی رعایت کرتا ہوں میں نے لکھدیا ہے اور بتلادیا ہے کہ ابھی اسکی تحقیق کا وقت نہیں جب کچھ کام کرلوگے تب جواب میں لطف آئیگا اور اب تو مجھکو سوال ہی میں مزہ نہیں آیا تمکو جواب میں کیا مزہ آویگا یہی وجہ ہے کہ میں بغرض تربیت آنے والوں کیلئے قید لگادیتا ہوں مت کرو اسلئے کہ بدون ذوق کے بولنا مناظرہ کی سی صورت اختیار کرلیتا ہے اور یہ

سوزاں میں داخل ہوگے ۱۲ عـه (بوجہ مصیبت جھیلنے کے بہت سے چہرے) خستہ ہوں گے ۱۲ -

Marfat.com

اس طریق میں بحد سخت مضر ہے یہ وہ اصول ہیں کہ طالب علمی مباحث سے قیامت تک حل نہیں ہو سکتے۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت عام پیروں کے یہاں تو یہ معاملات اور اصول ہیں نہیں صرف آپکے یہاں ہیں اسلئے کہا جاتا ہے کہ حضرت کے مزاج میں درشتی ہے تبسم فرماکر مزاحاً فرمایا کہ تین نقطہ الگ کردئے جائیں یعنی درستی ہے فرمایا کہ آجکل کے اکثر پیروں کی تو یہ کیفیت ہے مثال تو فحش ہے مگر ہے منطبق وہ یہ ہے کہ میری اور دوسروں کی بالکل ایسی مثال ہے کہ جیسے رنڈی اور گھرستن کی طالبوں کے جمع کرنے کی جتنی تدابیر رنڈی کرتی ہے اور قسم قسم کے روپ بدلتی ہے پھنسانے کیلئے اور ناکہ سے کہتی ہے اِسکو لاؤ اُسکو لاؤ۔ گھرستن نہیں کرسکتی اور اسمیں ایک استغنار کی شان ہوتی ہے۔ مولانا فرماتے ہیں ؎

زیر بار اند درختاں کہ ثمرہا دارند[عہ]　　اے خوشا سرو کہ از بند غم آزاد آمد

دلفریبان نباتی ہمہ زیور بستند[عہ]　　دلبر ماست کہ با حسن خداداد آمد

(**ملفوظ ۵۵**) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حق تعالیٰ فرماتے ہیں۔ وَالَّذِيْنَ[عہ] جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا۔ جاہدوا سے مراد غور فکر دعاؤ التجا سعی و کوشش حق تعالیٰ کے سامنے الحاح وزاری تواضع و خاکساری یہ چیزیں پیدا کرو رونا اور چلانا شروع کرو نخوت اور تکبر کو دماغ سے نکالکر پھینکدو اسکے بعد وصول میں دیر نہیں لگتی ذرا بطور امتحان ہی کے کرکے دیکھ لو مولانا فرماتے ہیں ؎

فہم[للعہ] و خاطر تیز کردن نیست راہ　　جز شکستہ می نگیرد فضل شاہ

اور محض علمی تحقیقات مسکت ہیں مسقط نہیں اس سے شبہات ساقط نہیں ہوتے مخاطب ساکت ہوجاتا ہے اسکا طریقہ وہی ہے جو اوپر مذکور ہوا۔ مولانا فرماتے ہیں کہ پھر یہ حالت ہوگی ؎

ہر[عہ] کجا پستی ست آب آنجا رود　　ہر کجا مشکل جواب آنجا رود

---

عہ زیر بار ہیں وہ درخت جو پھل دار ہیں: مبارک ہو سرو کو کہ قید غم سے آزاد ہے ۱۲ عہ تمام محبوب محتاج زیور کے ہیں اور ہمارے محبوب کا حسن حسین خداداد ہے ۱۲ عہ جو لوگ ہماری طلب میں کوشش کرتے ہیں ہم اون کو اپنی راہ کی ہدایت کردیتے ہیں ۱۲ للعہ بہت بڑا محقق اور عالم فاضل بننا۔ طریق وصول میں کارآمد نہیں بادشاہ (حق تعالیٰ) کا فضل شکستہ حال ہی کی دستگیری کرتا ہے ۱۲ عہ پانی نشیب ہی کی طرف جاتا ہے مشکل پیش آنے پر ہی اوس کا ادراک معلوم ہوتا ہے۔ جہاں درد ہوتا ہے دوا وہیں پہونچتی ہے۔ جہاں مرض ہوتا ہے شفا وہیں ہو



Marfat.com

ہر کجا دردے دوا آنجا رود ہر کجا رنجے شفا آنجا رود

بغیر اس حالت کے پیدا ہوئے کامیابی مشکل ہے۔ مولینا فرماتے ہیں ؎

تانہ گرید طفل کے جوشد لبن[1] تانہ گرید ابر کے خندد چمن،

ذرا تم خاکساری پیدا کر کے دیکھو اعتقاد سے نہیں امتحان ہی کے لئے سہی۔ مولینا فرماتے ہیں

؎ سالہا تو سنگ بودی دلخراش،[2] آزموں را یک زمانے خاک باش

در بہاران کے شود سرسبز سنگ خاک شو تا گل بروید رنگ رنگ،

# ۲۹ شعبان المعظم سنہ ۱۳۵۰ھ

## مجلس بعد نماز ظہر یوم شنبہ،

(ملفوظ ۵۶) فرمایا کہ منجملہ اور معمولات کے میرا ایک یہ بھی معمول ہے کہ قرض کی یادداشت کیلئے ایک کاپی الگ بنا رکھی ہے جسکو قرض دیتا ہوں اس میں لکھ لیتا ہوں اور جو پرچہ کے ذریعہ سے لیتا ہے وہ پرچہ بھی محفوظ رکھتا ہوں اور وصول ہونے پر پرچہ واپس کر دیتا ہوں اور اُس رقم کو باقساط ادا کرنے والیکے سامنے اُسمیں وصول لکھ لیتا ہوں اور اُسکو دکھا دیتا ہوں کہ دیکھو یہ وصول لکھ لیا ہے اسمیں بڑی مصلحت ہے ہر دو طرف اطمینان ہو جاتا ہے جو کام اصول کے ماتحت ہوگا اُسمیں کبھی الجھن یا پریشانی نہ ہوگی آجکل بدانتظامی کا نام بزرگی رکھ رکھا ہے۔

(ملفوظ ۵۷) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ مدرسہ ..... میں ممبران کی کمیٹی قائم ہے اور کثرت رائے سے فیصلہ ہوتا ہے اور اُسکو سواد اعظم سے تعبیر کرتے ہیں اس ہی معنی کو بنا جمہوریت قرار دیا گیا ہے۔ فرمایا سواد اعظم سے مراد تو بیاض اعظم ہے یعنی نور شریعت جس جماعت میں ہو (اگرچہ وہ قلیل ہی ہو) مگر لوگوں کو ایسی ہی باتوں میں سواد (مزہ) آتا ہے۔

(ملفوظ ۵۸) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مدرسہ ...... کے ممبران کی نسبت (جنھوں نے ایک فضول تحریر سے رنج دیا تھا) میں نے نیت کر لی ہے کہ جس جس کا خط آئیگا جتلاؤنگا ضرور

[1] ترجمہ: جب تک بچہ روتا نہیں (پستان مادر میں) دودھ جوش نہیں کھاتا۔ جب تک ابر روتا (برستا) نہیں چمن میں کہاں ہوتی ہے ۱۲

[2] ترجمہ: برسوں تو سخت قسم کا پتھر بنا رہا بطور امتحان کے چند روز کے لئے خاک بن جا۔ موسم بہار میں پتھر سرسبز نہیں ہوتا خاک ہو جا تاکہ رنگ رنگ کے پھول (تیرے اندر) کھلیں۔

Marfat.com

کہ مجھکو رنج ہے اور خدانخواستہ نہ مجھکو بغض نہیں کینہ نہیں عداوت نہیں ہاں رنج ضرور ہے اسکو ظاہر کرونگا فرمایا بعض اوقات کسی سے اتنا انتقام لے لینا اچھا ہے اس سے دل صاف ہوجاتا ہے مگر زیادہ پیچھے پڑنا نہ چاہئے۔

(**ملفوظ ۵۹**) فرمایا ایک خط آیا ہے لکھا ہے کہ پیر کو سب باتوں کا علم ہونیکا جسکا عقیدہ ہو وہ شخص کافر ہوا یا کیا۔ بہت سے لوگ اُسکی اقتدا سے باز رہتے ہیں (جواب) ایسے مضمون کے جواب کیلئے کارڈ کافی نہیں۔ پھر اس ہی سلسلہ میں فرمایا کہ کسی امام کے متعلق سوال معلوم ہوتا ہے اماموں کے پیچھے لوگ ہاتھ دھوکر پڑے رہتے ہیں۔ اگر لفافہ جواب کیلئے بھیجیں گے تب کان کھولونگا کارڈ پر ایسے سوالات کا جواب میں نہیں دیتا ہوں اسلئے کہ اسمیں میرا مضمون تو ہوگا اُن کا نہیں ہوگا اُسکی تعیین اُن کے زبان پر ہوگی۔ اور لفافہ میں میرا اُن کا دونوں کا مضمون ہوگا کسی کو دکھلائیں گے تو وہ سمجھ تو لیگا کہ ایسے سوال پر جواب ہے لوگ بڑی بڑی ترکیبوں اور چالاکیوں سے کام لیتے ہیں۔ اور اصل تو یہ ہے کہ اوروں کی فکر میں کیوں پڑے آدمی اپنا ایمان سنبھالے۔

(**ملفوظ ۶۰**) فرمایا ایک صاحب کا خط آیا ہے اسمیں آنیکی اجازت چاہی ہے۔ ڈیڑھ مہینہ قیام کو لکھا ہے اس قیام میں اصلاح نفس چاہتے ہیں۔ کوئی ان سے پوچھے کہ کتابیں کتنے دنوں میں پڑھی ہیں کچھ تو نسبت ہونی چاہئے۔ اور اب تو میں نے یہ طے کر لیا ہے کہ ایک مدت تک خاموش رہنے کی شرط پر یہاں رہ سکتے ہو اسمیں مجھکو بھی راحت ہے ان کو بھی ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت یہاں پر خاموش رہنے میں بڑا نفع ہے فرمایا بیشک بہت نفع ہے مگر اسکی قدر تو اہل فہم ہی کر سکتے ہیں کوڑمغز اور بدفہم تو اسکو ٹالنا سمجھیں گے خیر سمجھا کریں۔ جو چیز مفید ہے اور طرفین کی راحت بھی اُس ہی میں ہے کیوں اُسکو چھوڑا جائے۔

(**ملفوظ ۶۱**) فرمایا ایک خط آیا ہے لکھتے ہیں کہ پانچسو مرتبہ ذکر کی اجازت ملی تھی فرصت نہ ملنے کی وجہ سے نہیں کر سکا اور کوئی وظیفہ تبلادیں اس سلسلہ میں فرمایا کہ اس بے حسی کو دیکھئے دوسرے شخص کی طبیعت پر کیونکر اثر نہ ہو کیونکر تغیر نہ ہو اول تو اب بھی اوراد ہی کی خواہش اور میرا جو خیال ہے کہ لوگ اوراد میں زیادہ مبتلا ہیں بمقابلہ اعمال کے وہ صحیح ہے کچھ نہیں

کا خط ہے چاہتے ہیں کہ جو ہماری چاہے مصلح اسکا اتباع کرے مجھ سے یہ نہیں ہو سکتا اور پیر بہت ہیں جو مرضی کے موافق اوراد اور عملیات بتلائیں اُن سے تعلق پیدا کرو یہ تو اچھی خاصی غلامی ہے یہ قدر کی تعلیم کی لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ یہ لوگ تعلق رکھنے کے قابل نہیں بالکل بد فہم بد عقل ہیں جب آدمی کو طلب نہ ہو کیوں تو خود پریشان ہوا اور کیوں دوسرے کو پریشانی میں مبتلا کرے کوئی بلانے گیا تھا۔ دوسرے اس سے قطع نظر جب پہلے ہی ورد کو نہیں نباہ سکے تو اس ہی کی کیا امید ہے کہ اب جو بتلایا جائیگا اسکے لئے فرصت ملجائیگی۔ بدون کسی خرچ کے تعلیم ہو گئی ہے اسلئے قدر نہیں ہوئی۔ اسی لئے حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ بھائی کتاب مفت مت دو دو چار پیسہ ضرور لے لیا کرو قدر تو ہوگی کتاب کی اور اس وجہ سے دیکھ بھی لیں گے کہ صرف ہوا ہے وصول کرنا چاہئے واقعی بڑے کام کی بات فرمائی مفت کی چیز کی قدر نہیں ہوتی۔

(ملفوظ ۶۲) ایک مولوی صاحب نے بوقت رخصت مصافحہ کیا حضرت والا نے ارشاد فرمایا کہ اسقدر جلد واپسی عرض کیا کہ انشاء اللہ تعالیٰ عنقریب پھر حاضر خدمت ہونگا فرمایا اسکی ضرورت نہیں جو مناسب اور مصلحت ہو اسپر عمل کیا جائے یہ تو میں کبھی طبعاً عرض کر دیتا ہوں باقی اصل مسلک عقلاً یہی ہے کہ جسمیں مصلحت اور راحت ہو وہ کرو فرمایا کہ اس پر یاد آیا بعض لوگ راحت کی پروا نہیں کرتے یہ غضب کرتے ہیں کہ کھانے پر اصرار کرتے ہیں کہ اور کھالو سفر میں مجھکو اکثر اتفاق ہوا کہ مجھ سے کھانے کیلئے اصرار کیا گیا میں نے کہا کہ اگر مجھکو کوئی تکلیف ہو گئی تو بھگتنی تو مجھکو ہی پڑیگی آپکا کیا بگڑیگا کیا آپ تکلیف کو بٹا لیں گے اور بٹا ہی کیا سکتے ہیں زیادہ سے زیادہ آپ نمک سلیمانی یا کوئی چورن لا دینگے پھر کوئی کچھ نہ بولتا تھا۔

(ملفوظ ۶۳) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت شریفہ بھی میوہ جات میں اچھی چیز ہے۔ اور ممکن ہے کہ حضرت کی کھانسی کیلئے مفید ہو وہ لانا چاہتے تھے۔ مزاحاً فرمایا کہ اگر آپ اہل علم تو کسی شریف کو لائیے شریفہ کو نہ لائیے دو ہی (منکوحہ) بہت ہیں کوئی فوج تھوڑا ہی رکھنا ہے۔ اسی سلسلہ میں ارشاد فرمایا کہ میں نے تو اسکو بھی اپنے وقف نامہ میں لکھدیا

Marfat.com

ہے کہ اگر میں تیسرا نکاح کروں تو اُسکے متعلق یہ وصایا ہیں ایک صاحب نے عرض کیا کہ کیا تیسرا نکاح بھی ہونے والا ہے فرمایا کہ تقدیر کا حال کسکو معلوم ہے احتیاط کی بنا پر لکھدیا ہے بعض چیزوں کا احتمال بھی نہیں ہوتا مگر جب قدر غالب ہوتی ہے وہی ہوجاتا ہے حضرت کسکو خبر ہے کیا ہونیوالا ہے۔

**ملفوظ ۶۴** ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک صاحب نے میرے متعلق یہ رائے ظاہر کی کہ اس شخص میں یہ بات کھٹکتی ہے کہ مزاح بہت ہے ایک شخص نے اُن صاحب سے سوال کیا کہ کیا مزاح معصیت ہے کہا کہ نہیں مگر مجھکو اچھا نہیں معلوم ہوتا ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت اگر یہ معترض صاحب عالم ہیں تو حدیث میں کیا کرینگے فرمایا کہ یہ فرق کیا ہوگا کہ وہاں کثرت نہ تھی یہاں کثرت ہے فرق تو ہوسکتا ہے۔

**ملفوظ ۶۵** فرمایا کہ ایک خط آیا ہے تین سال کے بعد لکھا ہے کہ آپ خواب میں آئے اُسوقت سے قلب بے چین ہے اسوجہ سے یہ خط لکھ رہا ہوں۔ فرمایا کہ ماشاء اللہ یہ داعی ہے خط بھیجنے کا استغفر اللہ لوگ طریق کی حقیقت سے بالکل بے خبر ہیں اب میں خشک جواب دونگا تو یہ ہی بدنامی کا سبب ہوجائیگا کہیں گے سخت مزاج ہے انکی نرم مزاجی کو کوئی نہیں دیکھتا۔

**ملفوظ ۶۶** ایک بہت طویل خط آیا اسمیں حضرت والا کے فیوض و برکات کا ذکر تھا۔ جواب میں تحریر فرمایا کہ سب ٹھیک ہے جبکہ دوسری جگہ نہ دیکھی ہو۔ اسی خط میں لکھا تھا کہ میں حج کو جارہا ہوں دعاء فرمایئے کہ حجر اسود کے بوسے کے وقت حالت دگرگوں ہو (**جواب**) اگر ایسی دگرگوں ہو کہ جگر خون ہو یہ تو مطلوب ہے۔

**ملفوظ ۶۷** فرمایا کہ آجکل احکام میں حکمتیں اور اسرار ڈھونڈنے کے بہت لوگ دلدادہ ہیں یہ سب جدید تعلیم کا اثر ہے اور اُسی کی خرابی ہے۔ اسی طرح شیخ کی تعلیم کے راز اور اسرار کے درپے ہوتے ہیں ایسے لوگ کچھ حاصل نہیں کرسکتے ہمیشہ محروم رہیں گے دیکھئے اگر کسی سے محبت ہوجاوے تو اُسکے احکام میں اُسکی تجویزات میں ذرہ برابر بھی مصلحت نہ ڈھونڈی جاتی تو کیا خدا تعالیٰ کا اتنا بھی حق نہیں۔

Marfat.com

(ملفوظ ۶۸) فرمایا کہ ایک صاحب کا خط آیا ہے بہت ہی لمبا چوڑا مگر حاصل کچھ نہیں اپنی بیماری کے حالات لکھے ہیں اور کچھ وظائف پڑھتے ہیں اُنکی تفصیل لکھی ہے اور یہ لکھا ہے کہ میں نے حکیم صاحب سے عرض کیا تھا انھوں نے غسل کو منع کر دیا ہے کہ پانی استعمال مت کرو اس سب کے بعد لکھتے ہیں ۔ اب حضور بھی کچھ عنایت فرمائیں (**جواب**) کچھ سے کیا مطلب ۔ پھر لکھا ہے کہ ایک شجرہ بھی روانہ فرما دیں (**جواب**) گو اُسکا ثمرہ نہو ۔

(ملفوظ ۶۹) فرمایا کہ لوگ ستاتے بہت ہیں اور میرے ان اصول کی وجہ سے مجھسے خفا بھی ہیں بُرا بھلا بھی کہتے ہیں ۔ ہم بھی اُسکے جواب میں کچھ لکھ پڑھ لیتے ہیں سامنے ہوتے ہیں ڈانٹ ڈپٹ کر دیتے ہیں اسپر بھی اگر کسی نے گڑبڑ کی تعلق چھوڑ دیتے ہیں غرض ہم لوگ تو ہر طرح آزاد رہ سکتے ہیں مگر حضرات انبیاء علیہم السلام کا صبر دیکھئے سب کچھ سُنتے تھے اور سب کچھ سہتے تھے اور پھر تبلیغ فرماتے تھے کیا ٹھکانا ہے اس ظرف کا اس سے معلوم ہوتی ہے ان حضرات کی شان ۔

(ملفوظ ۷۰) فرمایا کہ ایک خط آیا ہے اسمیں لکھا ہے کہ آپ تو بادشاہ اسلام ہیں اس پر بطور مزاح حضرت والا نے فرمایا کہ ارے یار کہیں پکڑوا مت دینا اس قسم کے الفاظ لکھنا بھی ایک رسم ہے ۔

(ملفوظ ۷۱) فرمایا جب کوئی کام اچھا ہو جاتا ہے بحمد اللہ کبھی میرے قلب میں وسوسہ تک نہیں آتا کہ یہ میں نے کیا بلکہ اُسوقت اپنے بزرگ یاد آتے ہیں اور یہ خیال ہوتا ہے کہ یہ سب انہیں حضرات کی جوتیوں کا صدقہ ہے اور یہ شعر پڑھا کرتا ہوں ؎

این ہمہ مستی و مدہوشی نہ حد بادہ بود ؎ ... با حریفاں انچہ کرد آں نرگس مستانہ کرد

بات یہ ہے کہ مجکو دعائیں بہت ملی ہیں اور ہر قسم کے بزرگوں کی دعائیں ملی ہیں یہ سب اُسکے ثمرات ہیں اُن میں بعضے وہ بھی تھے جو بدعتی کہلاتے تھے مگر تھے اللہ اللہ کرنے والے انکی بھی دعائیں ملی ہیں وہ بدعتی بزرگ بھی ایسے نہ تھے جیسے اب ہیں اُنمیں تدین تھا اتو فسق و فجور میں ہم مبتلا ہیں ۔

؎ ... یا کہ یہ سب مستی اور مدہوشی شراب کا اثر نہیں تھی مستوں پر جو اثر کیا ہے (ساقی کی) اوس چشم مستانہ نے کیا ہے ۱۲

Marfat.com

# یکم رمضان المبارک سنہ ۱۳۵۰ھ

## مجلس خاص بوقت صبح یوم یکشنبہ

ملفوظ ۷۲) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت مجھکو بچپن کی بات یاد ہے کہ حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ پورا سفر شرعی چھتیس میل کا ہوتا ہے اب جو میں نے اسکو بعض احباب سے نقل کیا تو انھوں نے یہ کہا کہ تجھکو غلط یاد ہے چھتیس کوس کا سفر شرعی ہوتا ہے غالباً حضرت کو سنا ہوا یاد ہوگا فرمایا یہی ٹھیک ہے ہمارے اکابر یہ ہی فرمایا کرتے تھے کہ چھتیس کوس یعنی اڑتالیس میل انگریزی کا سفر شرعی ہوتا ہے اور یہ ہی اپنا عمل ہے معلوم نہیں چھتیس میل آپکو کیوں یاد رہا۔

ملفوظ ۷۳) ایک سوال کے جواب میں فرمایا کہ فقہا بھی اپنی تحقیقات پر ضابطہ کے دلائل بیان کرتے ہیں مگر مثال ان دلائل کی ایسی ہے جیسے آنکھوں والا عصا لیکر چلے تو اس کا چلنا عصا پر موقوف نہیں فقہا کو حق تعالیٰ نے آنکھیں عطا فرمائی تھیں جسکو ذوق اجتہادی کہتے ہیں ان کو ضرورت ان عصاؤں کی نہ تھی مگر ہمکو ضرورت ہے ہماری مثال ایسی ہے جیسے ایک اندھا ہے اسکا مدار ہی عصا پر ہے اگر وہ عصا لیکر نہ چلے تو وہ خندق ہی میں گرے وہ ہم ہیں۔

ملفوظ ۷۴) فرمایا کہ ایک صاحب کا خط آیا تھا اسمیں دریافت کیا تھا کہ فلاں بی بی میری عزیزہ جو عمر رسیدہ ہیں میرے ساتھ حج کو جانا چاہتی ہیں میں انکو اپنے ہمراہ لیجا سکتا ہوں میں نے لکھدیا ہے کہ جب تک کوئی محرم ہمراہ نہ ہو جائز نہیں۔ ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ سفر میں عورت کو تنہا جانیسے جو منع کیا گیا ہے اسکی وجہ خلوت معلوم ہوتی ہے فرمایا نہیں بلکہ یہ وجہ ہے کہ سفر میں موقع بہت ملتا ہے فساد کا دور دور تک کوئی امداد کرنیوالا نہیں ہوتا۔ محرم کے ساتھ ہونیسے خود عورت کے قلب میں بھی ایک قسم کی قوت ہوتی ہے کہ اگر کوئی بات پیش آئی تو آواز دینے پر موجود ہو سکتا ہے اور خبر لے سکتا ہے اور حضرت حکمتیں اور علل تو ہم گھڑ رہے ہیں اصل چیز تو شریعت کا حکم ہے اگرچہ کوئی بھی حکمت ہماری

سمجھ میں نہ آئے میں سچ عرض کرتا ہوں کہ ایسے حکم اور اسرار اور نکتے بیان کرتے ہوئے شرم آتی ہے ان علل اور حکم کی عادت سے یہاں تک نوبت پہونچ جاتی ہے کہ مہمل باتوں سے بھی دل چسپی ہونے لگتی ہے جیسے ایک ہندو نے مظفر نگر میں اپنے لیکچر میں بیان کیا تھا کہ جب تک ہم میں اتفاق نہ ہوگا کامیابی نہیں ہو سکتی۔ پھر کہا کہ معلوم بھی ہے ہم کے کیا معنی ہیں ہم کے معنی ہیں ہندو اور مسلمان ہا سے مراد ہندو اور میم سے مسلمان پھر بیان کیا کہ ہمارے ہندو بھائی ناخوش نہوں کہ ہا تو چھوٹی سی ہے اور میم لمبا ہے تو تم نے مسلمانوں کو بڑا بنا دیا بات یہ ہے کہ ہندو تو ہندوستان ہی کے اندر اندر رہیں یہ کہیں باہر سے نہیں آئے اور مسلمان عرب وغیرہ سے آئے ہیں۔ انکی مسافت بہت لمبی ہے تو میم کا بڑا ہونا اُنکی مسافت کا بڑا ہونا ہے مگر اُس نے یہ نہ سوچا کہ اگر مسلمان یہ شبہ کرنے لگیں کہ لفظ ہم میں ہا کو میم کے سر پر سوار کیا گیا ہے تو ہندوؤں کو فوقیت دیدی تو اسکا کیا جواب دونگا البتہ اگر میم کو ہا سے الگ لکھا ہوتا تو یہ فوقیت کا سوال نہ ہوتا مگر یہ سوال ہوتا کہ ایسا کیوں نہیں کیا گیا۔ شاید اُسکا یہ جواب دیا جاتا کہ اتحاد و اتفاق پیدا کرنے کیلئے باہم خلط کی ضرورت ہوئی اُسوجہ سے ایسا کیا گیا یہ اسرار ہیں راز ہیں نکات ہیں خرافات واہیات جنکے نہ سر نہ پاؤں لیکن لوگ ہیں کہ ایسی بیہودہ باتوں پر لٹو ہیں اور یہ سُنکر اور حیرت ہوئی کہ مسلمان بھی اس بیان کے مداح تھے استغفر اللہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔

**ملفوظ** ایک مولوی صاحب کا طویل خط آیا جسکے اکثر مضامین مقصود سے زائد تھے۔ حضرت والا نے اُسکے جواب میں تحریر فرمایا کہ علوم غیر مقصودہ کی جب آپنے اتنی قدر کی ہے تو علوم مقصودہ کی تو اور بھی زیادہ قدر کرینگے اسپر فرمایا کہ انھوں نے ایک صاحب سے کہا وہ مجھ سے روایت کرتے تھے کہ وہ یہ کہتے تھے کہ ان علوم کا غیر مقصود ہونا بھی ثابت کر دیا پھر ایسے لطیف عنوان سے۔ اسکے بعد فرمایا میرا بھی بڑا ہی جی خوش ہوا کہ وہ سمجھ گئے اور میرے جواب کی قدر کی اگر آدمی میں سلامتی طبع ہو اور طلب بھی ہو تو سمجھ میں آجانا مشکل کیا ہے اگر آدمی میں فہم سلیم ہو اور خلوص کے ساتھ طلب ہو بڑے سے بڑے مشکل کام آسان ہو جاتے ہیں راہ نکل آتی ہے۔

Marfat.com

ملفوظ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ موت کے وقت تو بہت سے خطرات قلب میں آسکتے ہیں مگر مضر صرف وہی خطرات ہیں کہ جو اپنے قصد سے اختیار کئے ہوں اور جو بلا قصد اور بلا اختیار ہوں وہ مضر نہیں یہ خطرات میں تفصیل ہے باقی سب سے زیادہ سخت جو چیز اسوقت خطرناک ہے حب دنیا ہے۔ اور وجہ اسکی یہ ہے کہ دنیا میں جب انہماک ہوتا ہے اور اسکی محبت ہوتی ہے تو اسکے چھوٹنے کے وقت جو کہ موت کا وقت ہوتا ہے زیادہ اندیشہ ہے کہ چھوڑانے والے سے عداوت نہ پیدا ہو جائے جو کفر ہے۔ اسکا بہترین علاج یہ ہے کہ اسکو مغلوب کرتا ہے اسکے خلاف کا استحضار کرتا ہے پھر انشاء اللہ تعالیٰ کوئی مضرت یا اندیشہ نہ ہوگا۔ اجی مسلمان اعتقاداً تو دنیا کو بُرا سمجھتا ہی ہے مگر اس اعتقاد کو استحضار کے درجہ تک پہونچا دینا چاہیئے اور یہ بہت کم ہوتا ہے کہ موت کے وقت ایمان سلب ہوتا ہو جنکا سلب ہوتا ہے وہ پہلے ہی سے ہو چکتا ہے اسوقت ظہور ہو جاتا ہے ہر مسلمان کو اسوقت کی فکر ہونا چاہیئے بالخصوص اپنے قلب کو محبت دنیا سے بالکل خالی رکھنا چاہیئے۔

## یکم رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

## مجلس بعد نماز ظہر یوم یکشنبہ

ملفوظ فرمایا کہ ایک صاحب جنکی یہاں پر مہمان ہیں بیچارے حاجتمند ہیں مجھسے کہتے تھے کہ خطاب عام کی صورت میں کچھ لکھدیا جاوے میں نے کہا کہ مجھے انکار نہیں مسودہ لکھکر آپ مجھے دیدیں میں آپکو اپنی عبارت میں نقل کر کے دیدونگا۔ اس سے پہلے ایک خاص شخص سے ایک سفارش کرنے کو کہتے تھے۔ اُس سے میں نے صاف انکار کر دیا اور کہدیا کہ یہ میرے معمول اور مسلک کے خلاف ہے آجکل خطاب خاص کی صورت میں سفارش کرنیکو میں پسند نہیں کرتا اس سے دوسرے پر بار ہوتا ہے میں اسکو گوارا نہیں کرتا بعض مرتبہ لوگ ان باتوں کی وجہ سے خفا ہو جاتے ہیں خفا ہوتے ہیں ہوا کریں میں اپنے تجربات اور مسلک کو ان کی وجہ سے کس طرح چھوڑ دوں۔

ملفوظ فرمایا کہ ایک صاحب نے مبہم خط لکھا تھا میں اُسکا حاصل نہ سمجھ سکا میں نے اُن

Marfat.com

لکھا تھا کہ گول بات لکھی ہے میں سمجھا نہیں کہ مطلب تمہارا اس سے ہے کیا صاف لکھو۔ آج جواب میں لکھتے ہیں کہ میں خود گول ہوں اسلئے میری بات بھی گول ہے صاف نہیں۔ فرمایا کہ ایسے کوڑ مغزوں سے پالا پڑتا ہے اسمیں میری کیا مصلحت تھی اُن کی ہی مصلحت تھی جس بات کو میں سمجھا ہی نہیں اس کا جواب کیا دوں اسلئے لکھا تھا کہ صاف لکھیں گے میں سمجھکر اُسکا جواب دونگا اب فرمایئے مجھکو سخت کہتے ہیں آخر میں نے اسمیں کونسی سختی کی تھی جب ایک بات کو میں سمجھا ہی نہیں تو اُسکا جواب کیا دیتا بدفہمی بھی بُری چیز ہے اللہ بچائے ایسی بدفہمی اور کم عقلی کے متعلق فرمایا کہ میری عادت ہے کہ جو خط آتا ہے اُسی مضمون پر خط کھینچکر جواب لکھدیتا ہوں اسپر ایک شخص نے لکھا تھا کہ میرے ہی خط پر آپنے لکھدیا میری بڑی اہانت کی فرمایا کہ بندۂ خدا میں نے تو اعانت کی اہانت نہیں کی ایسے ایسے خوش فہم دنیا میں آباد ہیں۔

(ملفوظ ۷۹) فرمایا کہ نفس بھی عجیب چیز ہے اتباع ہوی کو کبھی کبھی اتباع سنت کے رنگ میں دکھاتا ہے اسکا ایسا لطیف کید ہوتا ہے کہ اتباع ہوی کو یہ سمجھتا ہے کہ میں اتباع سنت میں مشغول ہوں صاحبو یہ تو آسان ہے کہ انسان یہ کہے کہ میں مؤمن ہوں مگر سنت کا دعویٰ بڑا مشکل ہے اُسوقت ان دونوں میں فرق کرنا محقق اور عارف ہی کا کام ہے اس ہی لئے ضرورت ہے کہ اپنے حالات کی اطلاع اپنے مربی کو کرتا رہے وہ اپنے تجربات و بصیرت کی بنا پر اسکی رہبری کریگا اور اسکو تمام سخت سے سخت گھاٹیوں سے لیکر گذر جائیگا۔

(ملفوظ ۸۰) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت کو اپنے متعلقین سے بیحد محبت ہے امید ہے کہ حضرت آخرت میں اسی طرح یاد رکھیں گے اور پہچان لیں گے۔ فرمایا کہ محبت کا دعویٰ تو بہت بڑی چیز ہے یوں بھی تو آپ پوچھ سکتے ہیں کہ اپنے دوستوں کیلئے دعا بھی کرتا ہے۔ مجھکو اپنے دوستوں کی حالت کی معرفت ہی نہیں اور محبت فرع ہے معرفت کی اور معرفت اس لئے نہیں کہ اپنی حالت خود ہی کو خوب معلوم ہوتی ہے اسلئے میں محبت کا دعویٰ نہیں کرتا یہ چیز ہے ہاں خیر خواہی کا دعویٰ کرتا ہوں کہ اپنے دوستوں کا خیر خواہ ضرور ہوں۔

(ملفوظ ۸۱) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل لوگوں کی عجیب حالت ہے ذرا کوئی نیک

Marfat.com

کام کیا الہام اور وحی کے منتظر ہو جاتے ہیں کہ شاید کوئی آواز آسمان سے آئے گی۔ یا اپنی کسی حاجت دنیاوی کے واسطے دعا کرتے ہیں اب منتظر ہیں کہ کوئی بشارت قبولیت کی آئیگی کیا خبط ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرعون کیلئے بد دعا کی تھی اور اسپر اجیبت[ع۱] دعوتکما بھی فرمادیا گیا تھا مگر موسیٰ علیہ السلام کی دعا کی اس قبولیت کا ظہور چالیس برس بعد ہوا تھا۔ بڑی ہی دلیری کی بات ہے کہ ادھر دعا کی اور ادھر مستعجلانہ انتظار۔ یہ بات تو انبیاء علیہم السلام کیلئے بھی نہیں ہوئی جنکی شان یہ تھی کہ مستجاب الدعوات تھے، اس دلیری پر یاد آیا ایکمرتبہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے پاس ایک شخص آئے اور عرض کیا کہ ایسا وظیفہ بتلا دیجئیگا کہ خواب میں حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہو جائے حضرت نے فرمایا کہ آپکا بڑا حوصلہ ہے ہم تو اس قابل بھی نہیں کہ روضۂ مبارک کے گنبد شریف ہی کی زیارت نصیب ہو جاوے اللہ اکبر کسقدر شکستگی و تواضع کا غلبہ تھا اسپر حضرت والا نے فرمایا یہ سنکر ہماری آنکھیں کھل گئیں حضرت کی عجیب شان تھی اس فن کے امام تھے ہر بات میں شان محققیت و حکمت[ع۲] ٹپکتی تھی یہ ہی وجہ ہے کہ حضرت کے خادموں میں سے کوئی محروم نہیں رہا ہر شخص کی اصلاح و تربیت اسکی حالت کے مطابق فرماتے تھے اسی تواضع کو مولانا فرماتے ہیں ؎

فہم[ع۳] خاطر تیز کردن نیست راہ ۔۔۔ جز شکستہ می نگیرد فضل شاہ

ہر کجا پستی است آب آنجا رود ۔۔۔ ہر کجا دردے شفا آنجا رود

وہاں تو مٹجانے اور فنا ہو جانے کا سبق ملتا تھا حضرت کی خود یہ حالت تھی کہ اپنے ہر خادم کو اپنے سے افضل سمجھتے تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ آنے والوں کے قدموں کی زیارت کو اپنے لئے ذریعہ نجات سمجھتا ہوں حضرت پر شان عبدیت کا غلبہ رہتا تھا۔ وہ عبدیت ہی اس ارشاد کا منشاء تھا مطلب یہ تھا کہ اپنی اہلیت کا اعتقاد نہ رکھے باقی تمنا کی ممانعت نہیں۔

(ملفوظ ۸۲) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت عبدیت کیلئے دعا کرنا کیسا ہے فر

---

ع۱ تم دونوں (حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام) کی دعا قبول کی لی گئی ۱۲ ع۲ بہت بڑا محقق بنا طریق (عشق) کار آمد نہیں، بادشاہ (حق تعالیٰ) کا فضل شکستہ حال ہی کی دستگیری کرتا ہے ع۳ پانی نشیب ہی کی طرف جاتا ہے شفا وہیں جاتی ہے ۱۲

عین مقصود ہے۔ عرض کیا کہ کہیں یہ جاہ تو نہ ہوگی کہ اتنے بڑے مقام کی تمنا ہے فرمایا یہ
تو عدم جاہ ہے عرض کیا کہ حضرت پر بھی تو شان عبدیت کا غلبہ ہے فرمایا میں تو رات دن
لوگوں سے لڑتا بھڑتا رہتا ہوں کیا عبد ایسا ہی ہوتا ہے عرض کیا کہ حضرت کا یہ طرزِ
اصلاح و تربیت کی وجہ سے ہے اس سے تو مقصود حضرت کا دوسروں کو بھی عبد بنانا ہے
فرمایا کہ یہ آپکا حسن ظن ہے اور اسی سلسلہ میں فرمایا کہ میں تو اکثر کہا کرتا ہوں کہ میری بد اخلاقی
کا منشاء خوش اخلاقی ہے خیر میں تو جیسا کچھ ہوں وہ تو مجھکو ہی معلوم ہے مگر مجھ سے
تعلق رکھنے والوں کی بالکل ایسی مثال ہے جیسے پہلوان اپنے شاگردوں کو سر سے
اونچا اٹھا کر پٹکتا ہے پھینکتا ہے کسی کا ہاتھ ٹوٹا کسی کا سر پھوٹا مگر وہ شاگرد بڑے پہلوانوں
میں شمار ہوتے ہیں اور کہیں مار نہیں کھاتے تو حضرت ایک جگہ آدمی اپنی اصلاح و اخلاق
کی درستی کرالے پھر انشاء اللہ تعالیٰ اسکو کہیں کچھ خطرہ نہ ہوگا۔

(**ملفوظ ۸۳**) ایک شخص نے تعویذ مانگا مگر یہ نہیں کہا کہ کس چیز کا حضرت والا نے فرمایا کہ یہ
کام بھی میرا ہی ہے کہ یہ دریافت کیا کروں کہ کس مرض یا کس ضرورت کے لئے تعویذ
چاہیے بھائی جہاں جس کام کو جایا کرتے ہیں پوری بات کہا کرتے ہیں اب تبلاؤ کس چیز کا
تعویذ چاہتے ہو عرض کیا کہ بچے زندہ نہیں رہتے فرمایا کہ بندہ خدا پہلے ہی یہ بات کیوں
نہیں کہی تھی زبان سے کہنا ایسی کونسی مشکل بات تھی۔ بھائی مجھے ایسا تعویذ نہیں آتا جس سے
بچے زندہ رہا کریں اور حضرت عزرائیل علیہ السلام پر بھی پہرہ ہو جائے کسی مرض کیلئے ضرورت
ہو کسی حاکم کے سامنے جانا ہو ان کیلئے تو تعویذ ہوا کرتے ہیں موت کے روکنے کے لئے بھی
کہیں تعویذ سُنا ہے۔

(**ملفوظ ۸۴**) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل بعض شیوخ طالبوں سے اسلئے گھبراتے
ہیں کہ انکی ظلمت سے اُنکا نور مکدر ہو جاتا ہے۔ الحمد للہ ہمارے حضرات ایک ایسی آگ لئے
رہتے ہیں کہ اُنکے سامنے کتنے ہی بڑے لکڑ آجائیں وہ نہیں بجھتی بلکہ وہی سب اس سے
جل کے رہیں الحمد للہ ہمارے حضرات کسی سے متاثر نہیں ہوتے اور حضرت وہ نور ہی کیا
جو ظلمت سے مغلوب ہو جائے۔ میں سچ عرض کرتا ہوں نور تو وہ چیز ہے کہ ظلمت کو صرف

مغلوب ہی نہیں بلکہ مسلوب کر دیتا ہے۔

(ملفوظ ۸۵) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت اگر کوئی شخص منہ پر تعریف کرتا ہے تو نفس اسقدر خوش ہوتا ہے کہ پھولا نہیں سماتا اسکا کیا علاج ہے۔ فرمایا کہ اُسوقت اپنے معائب کو مستحضر کر کے اُس خوشی کو دباوے یہ ایک قسم کا مجاہدہ ہے چند روز تعب ہوگا مگر پھر انشاء اللہ تعالیٰ اسہل ہو جائیگا۔ متقدمین کے علاج اُن رذائل کے باب میں بہت سخت ہیں بڑے بڑے مجاہدے ہیں اب تو اللہ کا شکر ہے کہ آسان آسان نسخوں سے علاج ہو جاتا ہے۔ تھوڑی سی ہمت ضرور کرنا پڑتی ہے باقی اگر کوئی کچھ کرنا ہی نہ چاہے تو اسکا کوئی علاج نہیں۔

(ملفوظ ۸۶) فرمایا کہ طریق میں مقصود حاصل کرنیکی دو صورتیں ہیں ایک مشکل اور ایک سہل۔ تو سہل کو کیوں نہ اختیار کیا جاوے ایک صاحب نے عرض کیا کہ کچھ مجاہدہ بھی درکار ہے۔ فرمایا مجاہدہ سے مراد یہ تھوڑا ہی ہے کہ مشقت یا سختی میں پڑو مثال سے سمجھ لیجئے ایک کنواں یہاں مدرسہ میں ہے اور ایک جلال آباد میں ہے جو یہاں سے تقریباً دو ڈھائی میل کے فاصلے پر ہے تو کیا آپ اسکو افضل سمجھیں گے کہ وہاں سے آپ وضو کیلئے پانی لایا کریں حالانکہ بقول آپکے اسمیں مجاہدہ ہے سہل کو چھوڑ کر شاق کے پیچھے پڑنا کونسی عقلمندی ہے یہ مجاہدات و ریاضات مقصود بالذات تھوڑا ہی ہیں ہاں مقصود کے معین ہیں اصل چیز تو مقصود تک پہونچ جانا ہے ایک اور مثال یاد آئی پہلے زمانہ میں ریل موٹر ہوائی جہاز نہ تھے تو لوگ چھکڑوں اور بہلیوں سے سفر کرتے تھے کس قدر دشواریاں ہوتی تھیں۔ وقت صرف ہوتا تھا راستہ میں خطرات کا سامنا ہوتا تھا بڑا سفر مہینوں میں طے ہوتا تھا۔ اب ریل موٹر ہوائی جہاز کی بدولت ہر طرح پر سفر میں سہولتیں پیدا ہوگئیں اب ایک شخص ہے کہ وہ اس سہولت کو چھوڑ کر دشواری ہی کو پسند کرے تو کیا اسکو محمود کہیں گے اگر کوئی تحکم کی راہ سے اسکو ہی محمود کہے تو اسکا تو کسی کے پاس علاج نہیں۔

(ملفوظ ۸۷) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ لوگ میرے متعلق چاہتے ہیں کہ خوش اخلاقی اختیار کرے اور خوش اخلاقی بھی وہ جو آجکل مروج ہے مجھسے یہ خوش اخلاقی نہیں ہوتی ا

Marfat.com

وجہ سے لوگ مجھ سے خفا ہیں مگر میرا ہی کیا نقصان ہے ہاں نفع تو ہے کہ بدفہموں سے نجات ملی اگر میرا طرز پسند نہیں تو میں بلانے تو نہیں جاتا مت آؤ بہت پیر دنیا میں خوش اخلاق ہیں وہاں جاؤ وہاں آؤ بھگت ہوگی اعزاز و احترام ہوگا بدتمیزی بدتہذیبی پر روک ٹوک نہ ہوگی اعمال شنیعہ پر محاسبہ نہ ہوگا اور یہاں پر تو یہ ہی ہے اگر سو دفعہ خوشی ہو آؤ ورنہ مت آؤ خوب کہا ہے ؎

ہاں وہ نہیں وفا پرست جاؤ وہ بیوفا سہی ‌ ‌ ‌ جسکو ہو جان و دل عزیز اُسکی گلی میں جائے کیوں

فرمایا کہ یہاں پر تعلق رکھنے میں اول اول تو وحشت ہوتی ہے پھر مارے نہیں نکلتے بھگائے نہیں بھاگتے واقعی محبت ایسی ہی چیز ہے اسمیں ایسی ہی ترقی ہو جاتی ہے ؎

یارب[۱] چہ چشمہ ایست محبت کہ من ازاں ‌ ‌ ‌ یک قطرہ آب خوردم و دریا گریستم،

(ملفوظ ۸۸) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت جو لوگ سمجھدار نہیں اُنکا اسمیں کیا قصور ہے فرمایا کہ میں اسپر مواخذہ نہیں کرتا ہاں کم سمجھوں اور بدفہموں سے میں تعلق رکھنا نہیں چاہتا اس لئے کہ مناسبت پیدا نہ ہوگی جو کہ شرط نفع ہے اور یہ جو میں عرض کر رہا ہوں یہ کوئی نئی بات نہیں دیکھئے موسیٰ علیہ السلام اور خضر علیہ السلام میں جو جُدائی ہوئی اُسکا سبب عدم مناسبت ہی تھی ورنہ موسیٰ علیہ السلام جیسے اولوالعزم پیغمبر ہیں جن پر کسی قسم کا بھی شبہ نہیں ہو سکتا مگر حضرت خضر علیہ السلام نے صاف فرمادیا کہ آپکا اور میرا ایک ساتھ رہکر نباہ نہیں ہو سکتا پس عدم مناسبت ہی سبب ہوئی جدائی کی ؎

چوں[۲] گزیدی پیر ہین تسلیم شو ‌ ‌ ‌ ہمچو موسیٰ زیر حکم خضر رو،

صبر کن در کار خضر اے بے نفاق ‌ ‌ ‌ تا نگوید خضر رو ہذا فراق

(ملفوظ ۸۹) فرمایا کہ ایک مرید صاحب نے مجھے خط لکھا تھا آجتک کسی نے ایسا نہیں لکھا کہ نہ تم میرے پیر نہ میں تمہارا مرید خواہ مخواہ دق کر رکھا ہے کچھ ہی دن گذرے تھے ان ہی حضرت کے متعلق معلوم ہوا ایک قصبہ ہے یہاں سے دس بارہ کوس کے فاصلے پر وہاں پر

---

[۱] اے اللہ محبت کیسا چشمہ ہے کہ میں نے ایک قطرہ پیا۔ اور آنکھوں سے دریا بہادیے ۱۲ [۲] جب شیخ منتخب کرلیا تو اپنے کو اُسکے سپرد کردو۔ موسیٰ علیہ السلام کی طرح خضر علیہ السلام کے حکم کے تابع ہوکر چلو۔ اے مخلص خضر (شیخ) کے کاموں میں صبر سے کام لو۔ تاکہ خضر (کیطرح شیخ بھی) یہ نہ کہدیں کہ جاؤ (میرا تمہارا نباہ نہ ہوگا)

Marfat.com

خودکشی کرنیکو تیار ہو گئے لوگوں نے روکا اور سبب دریافت کیا تو کہتے ہیں کہ ایسی زندگی سے مرجانا ہی بہتر ہے جبکہ میرے پیر ہی مجھسے ناراض ہیں اسپر حضرت والا نے فرمایا کہ تعلق رکھے بغیر بھی نہیں بنتا اور تعلق کی بنا پر (تربیت کے لئے) میں جو روک ٹوک کرتا ہوں اُسکی بھی برداشت نہیں آخر پھر کام کس طرح چلے۔

(ملفوظ ۹۰) ایک نو وارد صاحب آئے حضرت والا نے سوال کیا کہ کہاں سے آئے اور کس غرض سے اسپر انھوں نے کوئی جواب نہیں دیا فرمایا بھائی کہو جو کچھ کہنا ہے اور کم از کم پہلے اپنا تعارف کرادو تاکہ یہ تو معلوم ہو کہ اتنا لمبا سفر کیا روپیہ اور وقت صرف کیا اس سے تمہاری کیا غرض ہے بغیر بولے اور بتلائے ہوئے دوسرے کو کیسے خبر ہو کوئی علم غیب تو ہے ہی نہیں جس غرض کیلئے گھر سے سفر کیا آخر کوئی تو غرض اور وجہ دل میں ہوگی اُسکو صاف صاف کہدو اور اُسکا ظاہر کرنا کونسی بڑی مشکل بات ہے اسپر بھی وہ کچھ نہیں بولے حضرت والا نے فرمایا کہ ان آنے والونکی حرکتیں کوئی نہیں دیکھتا کہ یہ آکر کیا کرتے ہیں میرے کہنے سُننے پر شکایت کرتے ہیں۔ اسکی بالکل ایسی مثال ہے جیسے کوئی شخص چپکے سے کسی کے سوئی چبھودے اور وہ کہے ہائے مرگیا۔ اے ظالم یہ کیا کیا تو اسکے غل مچانے کو تو سب نے سُن لیا اور اُسکی حرکت کسی نے نہ دیکھی کہ چپکے سے اس نے کیا کیا حضرت اگر یہی برتاؤ دوسرے کے ساتھ ہو تب حقیقت معلوم ہو برداشت نہیں کرسکتے اسکو بھی غریب بڈھا مسکین ہی تحمل کرسکتا ہے اصلاح کا نام لوگوں نے سُن لیا ہے اصلاح کی حقیقت سے بے خبر ہیں بڑی مشکل سے آدمی بنتا ہے۔

(ملفوظ ۹۱) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک صاحب نے کہا تھا کہ منکر نکیر کو قبر میں جواب دینا آسان ہوگا مگر اس شخص کی (میں مراد ہوں) جرح قدح کا جواب مشکل ہے۔ میں نے سُنکر کہا کہ بالکل ٹھیک ہے وہاں تو سچ بولوگے سیدھا اور سچا جواب دوگے تو وہ سوال کریں گے من ربک مومن کہیگا ربی اللہ کافر کہیگا لا ادری دونوں سچ اور یہاں آکر اینچ پینچ کر[illegible] ہو جھوٹ بولتے ہو سیدھی اور صاف بات نہیں کرتے وہ چلتی نہیں اسلئے یہاں کا جواب مشکل ہے سیدھی اور سچی بات کے مقابلہ میں جھوٹ کیسے چلسکتا ہے۔

Marfat.com

(ملفوظ ۹۲) فرمایا کہ ایک شخص کا خط آیا ہے لکھا ہے کہ میں قرضدار ہوں کوئی مؤثر وظیفہ بتلا دیجئے۔ میں نے جواب میں لکھدیا ہے کہ دُعاء سے زیادہ کوئی وظیفہ مؤثر نہیں اسی سلسلہ میں فرمایا کہ لوگوں نے خدا سے مانگنا ہی چھوڑ دیا۔ بندوں کا تعلق حق جلّ وعلیٰ شانہ سے بہت ہی ضعیف ہو گیا اس باب میں لوگوں کے عقائد نہایت ہی خراب ہیں۔ اور اسمیں ایک اور بہت بڑی خرابی ہے وہ یہ ہے کہ اگر وظیفہ سے کام نہ ہوا تو پھر آیات آلہیہ سے بدگمانی بدعقیدگی ہوتی ہے یہ سب جاہل عاملوں کی بدولت ہو رہا ہے اُن کے یہاں ہر کام کیلئے وظائف ہی کی تعلیم ہوتی ہے اہل نااہل بھی نہیں دیکھا جاتا اسکے علاوہ بتلانے کے وقت ایسے طرز سے کہتے ہیں اور ایسا اطمینان دلاتے ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کام اسی طرح ہو جائیگا اسمیں کوئی شک وشبہ ہی نہیں اور اگر تقدیر سے اُسکے خلاف ہوا تو اس پڑھنے والیکے ایمان کے لالے پڑ جاتے ہیں یہ سمجھ بیٹھتا ہے کہ آیات الٰہیہ میں بھی کوئی اثر نہیں پھر ایسی بدگمانی کا مقتضا تو یہ تھا کہ دعا ہرگز قبول نہ ہوتی دیکھئے موٹی سی بات ہے اگر ہم کسی کو دو روپیہ مہینہ دیتے ہوں اور اُسکی نسبت ہمکو اُسکے اقرار سے یہ معلوم ہو جائے کہ اُسکو ہماری نسبت یہ بدگمانی ہے کہ اب نہ دینگے۔ پھر قیامت تک بھی اُسکی طرف التفات نہ کرینگے مگر حق تعالیٰ ہیں کہ سب کچھ سُنتے ہیں دیکھتے ہیں پھر بھی رزق بند نہیں فرماتے بڑے ہی رحیم کریم ہیں۔

(ملفوظ ۹۳) فرمایا کہ ایک صاحب مجھ سے کہنے لگے کہ ذکر میں مزا نہیں آتا میں نے کہا کہ مزا تو مٹھائی میں ہے یہاں کہاں مزا ڈھونڈتے پھرتے ہو فرمایا کہ کوئی مزے کا طالب ہے کوئی کیفیات کا طالب ہے اگر خدا کے ساتھ تعلق ہو تو اس بے مزگی میں بھی ایک خوش مزگی ہوتی ہے۔ جن کیفیتوں کے لوگ طالب ہیں وہ نفسانی کیفیات ہیں اور مطلوب روحانی کیفیات ہیں ان روحانی اور نفسانی کیفیات میں فرق بڑا ہی مشکل ہے نفسانیات کے درپے ہم کو بھی ضرورت نہیں یہ کیفیات اور جوش وخروش کچھ عمر نہیں رکھتے ان کے فرو ہونیکے بعد روحانی کیفیت بڑھتی ہے وہ البتہ دائمی ہوتی ہے اس میں ضعف نہیں ہوتا وہ بالکل ایسی

خود قوی تر می شود خمر کہن ۔ خاصہ آں خمرے کہ باشد من لدن[۸۵]

دوسرے بزرگ فرماتے ہیں ؂

ہر چند پیر و خستہ و بس ناتواں شدم[۸۶] ۔ ہر گہ نظر بروئے تو کردم جواں شدم

کام میں لگنا چاہئے یہ دیکھنے کی ضرورت نہیں کہ کیفیات بھی ہیں یا نہیں حظوظ اور لذائذ بھی ہیں یا نہیں اور نہ یہ دیکھنے کی ضرورت ہے کہ کچھ ہوا یا نہیں اسکو ایک مثال سے سمجھ لیجئے گا۔ جیسے رات کو پنہاری آٹا پیستی ہے مگر اس پیسنے والی کو یہ معلوم نہیں ہوتا کہ آٹا چکی سے گر رہا ہے یا نہیں اور نہ خبر ہوتی ہے کہ کسقدر جمع ہو گیا پیسنے ہی کی دھن میں لگی رہتی ہے صبح کو جب دیکھتی ہے معلوم ہوتا ہے کہ تمام چکی کے گرد آٹا جمع ہے اگر رات بھر یہ کرتی کہ ایک چکر چکی کا گھما لیا اور ٹٹولکر دیکھ لیا تو بس پس چکا آٹا اسی میں رہے گی پاؤ بھر بھی آٹا نہیں پیس سکتی۔ میں کہتا ہوں کہ اپنے کو جسکے سپرد کیا ہے ...... اُسپر بغیر اعتماد اور انقیاد و اعتقاد کئے کام نہیں چلسکتا جب جاننے والا یہ کہہ رہا ہے کہ کام ہو رہا ہے بس اطمینان کرنا چاہئے اسی کو مولانا فرماتے ہیں ؂

گرچہ رخنہ نیست عالم را پدید[۸۷] ۔ خیرہ یوسف وار مے باید دوید

۹۴ **ملفوظ** ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت کی روک ٹوک کی برکت سے طالب کو بیحد نفع ہوتا ہے یہاں سے جو لوگ ناکارہ اور نااہل سمجھکر عدم مناسبت کی بنا پر نکالدیئے جاتے ہیں وہ دوسری جگہ کے اچھوں سے بھی اچھے ہوتے ہیں۔ حضرت والا نے فرمایا کہ آپنے تو اس روک ٹوک اور محاسبہ کی قدر فرمائی اور ایک شخص نے اس روک ٹوک ہی کی بنا پر وطن پہونچکر لکھا تھا کہ تم نے میری بڑی اہانت کی میں نے علم کا ادب کیا ورنہ انتقام لیتا پھر کچھ دنوں کے بعد اسی شخص کا خط آیا کہ مجھسے بڑی گستاخی ہوئی میں نے اس قسم کا مضمون لکھا تھا جسوقت سے وہ مضمون حضرت والا کو لکھا ہے اُسوقت سے برابر میری

---

۸۵ پرانی شراب (نشہ لانے میں) زیادہ قوی ہوتی ہے۔ خاصکر وہ شراب جو (معرفت) حق کی شراب ہو۔ ۸۶ اگرچہ میں بوڑھا خستہ و ناتواں ہو گیا ہوں (مگر اے محبوب حقیقی) جب تیرے چہرہ کو دیکھتا ہوں (یعنی آپکی طرف توجہ ہوتی ہے) تو جوان ہو جاتا ہوں ۱۲ ۸۷ اگر بظاہر عالم میں کوئی راستہ ظاہر نہیں ہے۔ مگر بہ حالت حیرانی یوسف کی طرح بھاگنا چاہئے (تو راستہ خود بخود کھلتا اور ملتا چلا جاوے گا)

Marfat.com

بینائی میں کمی ہوتی جارہی ہے اور اب قریب اندھا ہونیکے ہوگیا ہوں اور میں اس کو اسی تحریر کا وبال سمجھتا ہوں۔ میں نے جواب میں لکھا کہ یہ تمکو وہم ہوگیا ہے مگر تمہارے خیال کی بناء پر میں دل سے معاف کرتا ہوں اللہ تعالیٰ بھی معاف فرمائیں۔ حضرت کسی کو بلاوجہ ستانا یا دل دکھانا نہایت خطرناک بات ہے۔ فرماتے ہیں ؎

ہیچ قومے راخدا رسوا نکرد، تادل صاحب دلے نامد بدرد،
چوں خدا خواہد کہ پردہ کس درد میلش اندر طعنۂ پاکاں برد،

## ۲ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

## مجلس خاص بوقت صبح یوم دوشنبہ

(ملفوظ ۹۵) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ جس طریق سے میں اصلاح کرنا چاہتا ہوں وہی نافع ہے شرعاً بھی عقلاً بھی لوگ اس سے گھبراتے ہیں اسکی بالکل ایسی مثال ہے کہ ناسور ہو اور اوپر سے ٹانکے لگا کر مرہم لگا دیا جائے تو کیا مادہ رک جائیگا ہرگز نہیں کسی اور طرف کو نکلنا شروع ہو جائیگا اصلاح تو اصلاح ہی کے طریق سے ہوتی ہے مگر اب چاہتے یہ ہیں کہ جو ہم چاہیں وہ ہو دوسرے کا چاہا نہ ہو اور یہ ناشی ہے خودرائی اور خود بینی سے اب بتلایئے اصلاح ایسے لوگوں کی کسطرح ہو سکتی ہے ہر کام اصول سے ہو سکتا ہے بے اصول طریق سے کچھ نہیں ہو سکتا۔

(ملفوظ ۹۶) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ذکر قلبی افضل ہے یا ذکر لسانی۔ فرمایا ذکر کے متعلق مختلف احکام ہیں بعض احکام تو تلفظ کے ساتھ متعلق ہیں ان میں ذکر لسانی افضل ہے اور باقی جو ذکر زبان سے نہ کیا جاوے اجر اسپر بھی ملتا ہے یہ ذکر قلبی ہے جس سے ہر وقت قلب میں یاد رہے مگر اس طریق میں قوی اندیشہ رہتا ہے قلب سے ذہول ہو جانیکا اور ذکر لسانی میں یہ اندیشہ نہیں اس اعتبار سے ذکر قلبی سے ذکر لسانی افضل ہے دوسری بات یہ ہے کہ اگر صرف قلب سے ذکر کریگا تو زبان خالی رہے گی اور اگر زبان سے ذکر کریگا تو اسکے

کسی قوم کو خدا نے اسوقت تک رسوا نہیں کیا جب تک کسی صاحب دل کا دل نہیں دکھا۔ جب حق تعالیٰ کسی کی پردہ دری چاہتے ہیں تو اسکا میلان پاک لوگوں کو طعن و تشنیع کرنے کی طرف ہو جاتا ہے ۱۲

Marfat.com

ساتھ قلب بھی ادنیٰ توجہ سے متوجہ رہیگا۔ ہاں جسوقت نیند کا غلبہ ہو اُسوقت زبان سے ذکر نہ کرے کیونکہ احتمال ہے کچھ کا کچھ نکلنے لگے۔ حدیث شریف میں اسکو استعجام لسانی سے تعبیر فرمایا ہے۔

(ملفوظ ۹۷) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ذکر کے وقت حق جل وعلیٰ شانہٗ کا تصور کرنا اس کی کیا صورت ہے کس طرح تصور کرے۔ فرمایا کبھی تصور ہوتا ہے صفات کا اور کبھی تصور ہوتا ہے ذات کا مگر بہتر یہ ہے کہ کچھ الفاظ ثنا یا دعا کے تجویز کر کے اُنکا خیال سے ورد رکھے اسکے ضمن میں جو توجہ ہوگی وہ کافی ہے۔

(ملفوظ ۹۸) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت آجکل فلاں شہر سے بدعت مٹ رہی ہے کایا پلٹ ہوگئی اور پہلے یہ حالت تھی کہ فلاں صاحب کے ایک مقرب خاص نے وعظ ہی میں بیان کیا بڑے فخر کے ساتھ کہ ندوہ پر ہمنے کفر کا فتویٰ دیا دیوبندیوں پر ہمنے کفر کا فتویٰ دیا خلافت والوں پر ہمنے کفر کا فتویٰ دیا۔ حضرت والا نے سُنکر فرمایا کہ جو چیز کسی کے پاس ہوتی ہے وہی تقسیم کیا کرتا ہے اُن کے پاس سکے سوا اور ہے ہی کیا۔ بس کفر ہی تقسیم ہوتا ہے کفر کا ہائی کورٹ ہے کفر کے فتوے دینے کی وجہ سے ہائی کورٹ کفر کا کہا گیا۔ فرمایا کہ میں کفر کا حکم لگانے میں بڑا ضعیف ہوں ہمت نہیں ہوتی ایکمرتبہ حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے یہاں اہل باطل کی تکفیر کا ذکر تھا اُس روز نہایت جوش میں شان رحیمی کا ظہور ہو رہا تھا یہانتک فرمایا کیا کافر کافر لئے پھرتے ہو قیامت میں دیکھوگے ایسوں کی مغفرت ہوگی جنہیں تم دنیا میں کافر قطعی کہتے ہو اور واقع میں وہ کافر نہ ہونگے مگر نہایت ہی ضعیف الایمان ہونگے۔ پھر فرمایا۔ لیکن اگر ڈرانے دھمکانے کیلئے شرعی انتظام کے لئے کسیوقت کافر کہدیا جاوے اسکا مضائقہ نہیں اسمیں انتظامی شان کا ظہور ہوگیا۔

(ملفوظ ۹۹) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت جسطرح ایمان جاتا رہتا ہے اور آدمی کافر ہوجاتا ہے کیا اسی طرح نسبت بھی جاتی رہتی ہے فرمایا جسطرح ایمان ظاہری جاتا ایسے ہی نسبت ظاہری بھی جاتی رہتی ہے اور جس طرح ایمان فی علم اللہ نہیں جاتا اسی ط

Marfat.com

نسبت فی علم اللہ نہیں جاتی پھر اسی سلسلہ میں فرمایا کہ۔ اس طریق میں سب سے زیادہ جو مضر چیز ہے وہ معلم پر اعتراض ہے اسکا ہمیشہ خیال رکھنا ضروری ہے مگر یہ شرط ہے کہ بیر ہو پیر نہ ہو یہ میں اسوجہ سے متنبہ کر رہا ہوں کہ بعض بات ایسی ہوتی ہے معلم کی کہ وہ سمجھ میں نہیں آتی اور طالب اسمیں اعتراض کر بیٹھتا ہے سو اسکی تفصیل یہ ہے کہ اگر ظاہرًا اُس سے کوئی امر شریعت کے خلاف صادر ہو جاوے تو ایک آدھ بات میں تو مناسب تاویل کرلیجائیگی اگر تاویل سمجھ میں نہ آوے تو یہ سمجھ لیا جاوے کہ ممکن ہے کہ اسکی حقیقت ہماری سمجھ میں نہ آئی ہو اور اگر کثرت کیساتھ ایسے امور صادر ہونے لگیں تو پھر یہ نہیں کہ ہر بات میں تاویل کیجائیگی۔ یہ ایسا ہے جیسے حسین آدمی کے چہرہ پر ایک تل ہو جسکو خال سے تعبیر کرتے ہیں زائد سے زائد دو ہوں تو عیب نہیں مگر یہ بھی نہیں کہ تمام چہرہ تلوں ہی سے بھر جائے اگر ایسا ہے تو پھر تو سارا حسن خاک میں ملجائیگا۔

**(ملفوظ)** فرمایا کہ ایکمرتبہ مولانا شہید صاحبؒ میں اور حضرت سید صاحبؒ میں ایک مسئلہ پر طویل گفتگو ہوگئی بالآخر مولانا شہید صاحبؒ نے معافی چاہی اور عرض کیا کہ مجھکو آپکی بات بلا چون وچرا مان لینا چاہیئے تھا اسپر سید صاحبؒ نے فرمایا کہ توبہ کرو یہ تو نبی کا مرتبہ ہے کہ اُسکی بات کو بلا چون وچرا مانا جائے اور یہ بھی شرک فی النبوت ہے مولانا شہید فرماتے ہیں کہ اس ارشاد سے مجھے شرک فی النبوۃ کے متعلق ایک باب عظیم علم کا مفتوح ہوا۔

**(ملفوظ)** ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت مولانا شہید صاحبؒ کے عنوانات ہی پر بدعتی اُن کی تکفیر کرتے ہیں۔ فرمایا یہی بات ہے مگر خود وہ عنوان ہی بے ادبی کے نہیں وہ سمجھ نہیں سکے اسوجہ سے اعتراض کرتے ہیں دیکھئے اُن عنوانات میں بڑا محل اعتراض عنوان یہ ہے کہ اگر خدا چاہے تو محمد جیسے سینکڑوں بناڈالے جسمیں ظاہرًا تحقیر کا موہم ہے لفظ بناڈالے اسی عنوان کو ایک صاحب نے حضرت مولینا احمد علی صاحب سہارنپوری رحمۃ اللہ علیہ کے سامنے پیش کرکے اعتراض کیا تھا کہ حضرت اسمیں تو حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی تحقیر ہے فرمایا ہاں فاعل کی تحقیر ہے مفعول کی نہیں۔ اس پر وہ بولے کہ محض بات بنائی جاتی ہے یہ حضرات

بڑے عالی ظرف ہوتے ہیں یہ سُنکر خاموش ہو گئے۔ ایک روز اتفاق سے یہ ہی صاحب حضرت مولینا احمد علی صاحب رح سے کہنے لگے کہ حضرت ابتو بیضاوی شریف بھی چھپوا ڈالئے اسوقت حضرت نے فرمایا کہ یہ وہی ڈالنا ہے سو یہ بیضاوی کی تحقیر ہے اور قرآن اُس کا جزو ہے کل کی تحقیر جزو کی تحقیر ہے اور قرآن کی تحقیر کفر ہے جب تو آنکھیں کھلیں. کہنے لگے واقعی آپکی تحقیق صحیح ہے۔ واقعی میری مراد اسوقت بیضاوی کی تحقیر نہ تھی بلکہ چھاپنے کی سہولت بتلانا تھا۔ اسیطرح مولانا شہید کی مراد حضور کی تحقیر نہیں بنانے کی سہولت بتلانا ہو سکتا ہے اب انکی سمجھ میں آیا۔ یہ ہیں علوم۔ یہ حضرات تھے صاحب کمال۔ خیر جی ہم ایسے نہ ہوئے تو کیا ہے الحمدللہ اللہ نے ہمکو ایسے بزرگ تو دیئے ہمنو اسکا ہی شکر ادا کرتے ہیں کہ حق تعالیٰ نے ایسے بزرگوں کا تعلق نصیب فرمایا۔

(**ملفوظ ۱۰۲**) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ایک صاحب کے مشورہ لینے پر زمین وقف کرنیسے منع فرمایا تھا بظاہر تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ ایک نیک کام سے روکدیا مگر بڑی ہی حکیمانہ بات فرمائی کہ وقف کر کے کورے رہجاؤ گے اور اس کے بعد جو پریشانی ہوگی نہ معلوم اُسکو برداشت کر سکو گے یا نہیں۔ واقعی ہم ضعفاء ہیں۔ بظاہر ہمکو اسباب کی بھی ضرورت ہے کہ کچھ ہمارے پاس ہو۔ ایک بزرگ کی حکایت ہے کہ انہوں نے دُعا کی تھی کہ اے اللہ نفس پریشان رکھتا ہے کہ کل کو کہاں سے کھائیگا۔ اسلئے اگر سب رزق اکھٹا ملجائے تو کوٹھڑی میں بند کر کے رکھدوں اور جب نفس کہے ک کہاں سے کھائیگا تو اُس سے کہدوں کہ کوٹھڑی میں سے یہ خاص قسم کا ضعف اور قوت منافی نہیں کمال کے یہ ضعف طبعی بات ہے فرمایا اس طبعی بات پر یاد آیا ایک بادشاہ اور ایک بزرگ میں کسی مسئلہ پر گفتگو ہوئی دوران گفتگو میں تیزی آگئی بادشاہ برہم ہوا اور آواز دی کہ کوئی ہے ادھر ان بزرگ نے آواز دی کہ کوئی ہے تو مکان کے ایک گوش سے نہایت زبردست شیر ببر برآمد ہوا اور لپکا چونکہ بادشاہ اور بزرگ دونوں ایک ہی سمت میں بیٹھے تھے بادشاہ سے پہلے یہ بزرگ بھاگے حالانکہ وہ اُن ہی کی کرامت کا ظہور باتیں طبعی ہوتی ہیں یہ منافی کمال کے نہیں حضرت موسیٰ علیہ السلام کیسے قوی القلب تھے مگر

Marfat.com

پاک میں قصہ موجود ہے ولی مدبرا۔ ولم یعقب یموسٰی لاتخف انی لایخاف لدی المرسلون۔ یعنی جسوقت موسیٰ علیہ السلام نے حق تعالیٰ کے حکم سے عصاء زمین پر ڈالا اور وہ اژدہا بنگیا خود موسیٰ علیہ السلام اُس سے ڈر کر بھاگے۔ یہ طبعی خوف تھا۔

## ۲ ر رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

### مجلس بعد نماز ظہر یوم دوشنبہ

۱۰۳ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ یہ لکھا ہے عارفین نے کہ کرامت کا درجہ اس ذکر لسانی سے بھی جو کہ بلاحضور قلب ہو کم ہے اور پھر اُس سے بھی کم درجہ ہے تصرف کا حضرت اصل چیز تو تشرف ہے یعنی طاعت سے مشرف ہونا تصرف میں کیا رکھا ہے اور اس زمانہ میں تو لوگوں نے خلط کر رکھا ہے تصرف کو بھی کرامت سمجھتے ہیں۔ ان چیزوں کے پیچھے پڑنا ہی بیکار وقت کو کھونا ہے آدمی کو ضروری کاموں میں اپنا وقت صرف کرنا چاہیے حضرات انبیاء علیہم السلام کا اتباع ہونا چاہیئے وہ اب منحصر ہے اتباع نبویؐ میں جسکو حق تعالیٰ اسکی توفیق عطاء فرمادیں بڑی نعمت ہے۔ آجکل تصرف کو علامت قرار دیتے ہیں ولایت اور قبول کی جسمیں سخت غلطی کرتے ہیں غیر مقصود چیزوں کو مقصود بنا رکھا ہے بالکل دھوکہ ہے۔ صحیح راستہ تو یہ ہے کہ قدم بقدم حضور صلے اللہ علیہ وسلمؐ کے چلنا نصیب ہوجائے یہ ہی بڑی دولت ہے اور اسی میں سب کچھ ہے اسکے سامنے اور چیزوں کی تمنا کرنے کی ضرورت نہیں اور چیزوں میں رکھا کیا ہے۔ خود حضورؐ بھی تصرف نہ فرماتے تھے صرف اتنا ثابت ہے کہ کبھی ایک شخص کے سینہ پر ہاتھ ماردیا کبھی بدن پر ہاتھ پھیر دیا بس ایسے واقعات گاہ گاہ ثابت ہیں جو کسی عارض کی وجہ سے ہوتا تھا حضور صلے اللہ علیہ وسلم کا غالب معمول نہ تھا سو اول تو اسکا تصرف ہونا ثابت نہیں اسی لئے محدثین ان واقعات کو معجزات میں لاتے ہیں دوسرے حضورؐ صاحب وحی تھے اگر تصرف ہی ہو اگر کم کن سے ہوتا تھا اوروں کو یہ بات نصیب نہیں۔ اور ہر حال میں خواہ وہ تصرف ہو جسمیں کہ قصداً تاثیر ہوتا ہے یا معجزہ ہو جسمیں قصد کو دخل نہیں لیکن یہ امر دونوں میں مشترک ہے

Marfat.com

کہ اُس طرف پوری توجہ نہیں ہوتی جیسے کہ عام اہل تصرف کے لوازم عادیہ سے ہے کہ اسوقت دوسرے خطرات کو اہتمام سے دفع کرتے ہیں۔

(**ملفوظ**[۱۰۳]) فرمایا کہ آجکل مسائل فقہی میں لوگ بہت دلیر ہیں سب میں زیادہ مجھکو غصہ ہی میں بولتے ہوئے ڈر معلوم ہوتا ہے مسائل کا بہت ہی نازک معاملہ ہے اسمیں ہر گز ہر شخص کو دخل نہ دینا چاہیئے۔

(**ملفوظ**[۱۰۴]) ایک سوال کے جواب میں فرمایا کہ عاشق ہمیشہ نامراد ہی رہتا ہے کیونکہ جس مقام قرب تک پہونچتا ہے آگے کا طالب ہوتا ہے جو اسوقت حاصل نہیں دھکذا غرض حضرت عاشق جنت سے ادھر نامراد ہی رہتا ہے مگر وہ نامرادی ہی اُسکی مُراد ہے۔

۵ گر مرادت را مذاق شکرست[ع] بےمرادی نے مراد دلبرست

اور بعض کو تو یہانتک غلو ہو گیا ہے کہ انھوں نے یہ حکم لگا دیا ہے کہ جنت میں بھی یہی نامرادی اور بے چینی ہو گی مگر یہ محض غلط ہے وہاں بالکل سکون ہوگا اس غلطی کا منشاء یہ ہے کہ تجلیات لا تتناہی ہیں وراء الوراء ثم وراء الوراء تو ہر تجلی پر اُسکی طلب بڑھتی رہیگی اور چونکہ وہ لا تتناہی ہیں تو اُس اگلے کے انتظار میں بے چینی ہو گی لیکن یہ حقیقت کے خلاف ہے اسلئے کہ جنتی طلب ہو گی چونکہ وہاں اُسکی استعداد بھی ہو گی۔ اسلئے وہ اول ہی بار عطاء فرما دی جائیگی اور اس سے آگے جو عطاء ہو گی وہ بلا طلب عطاء ہو گی اس لئے اُسکا انتظار ہی نہ ہو گا خلاصہ یہ کہ یہاں طلب زیادہ ہے استعداد کم اسلئے عطا میں دیر ہوتی ہے وہاں استعداد سے زیادہ طلب ہی نہ ہو گی اسلئے نہ انتظار ہو گا نہ بے چینی۔ غرض جنت میں بےچینی نہ ہو گی۔

(**ملفوظ**[۱۰۵]) ایک اہل علم کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ تکوینی کارخانہ مجذوبین سے متعلق کر میں یہ حکمت ہے کہ ان میں عقل نہیں ہوتی اسلئے تشریع کے مکلف نہیں ہوتے اور اُن کی بعض خدمتیں شرع پر منطبق نہیں ہوتیں مثلاً اگر مسلمانوں اور کافروں میں مقابلہ

---

ع اگرچہ تیری خواہش کیسی ہی شیریں اور عمدہ ہے۔ مگر پیارا (ہر وقت اپنے کو بے مراد سمجھ کر آگے ترقی کا زینہ) بے مرادی محبوب کی خواہش نہیں ہے۔ ۱۲

Marfat.com

ہو تو مسلمانوں کا غلبہ مقصود شرعی ہے اور ایسا ہونا بعض اوقات خلاف مصلحت اور حکمت ہوتا ہے اسلئے ایسی جماعت کے سپرد کیا گیا جسکو اس سے کچھ بحث نہیں اور ایسا کام سالک کب کر سکتا ہے اور اسکو کیسے جائز ہوتا اسی سلسلہ میں یہ بھی فرمایا کہ میرا رجحان پہلے اس طرف تھا کہ مجذوبین اجتہاد نہیں کرتے محض امر صریح کے متبع ہیں اور ملائکہ کے متعلق بھی یہ ہی خیال تھا کہ وہ محض نصوص کے متبع ہیں۔ مگر حدیث جبریل انہ[ع] دس الطین فی فم فرعون مخافۃ ان تدرکہ الرحمۃ (روایۃ بالحاصل) سے نیز حدیث القاتل[ع] التائب من الذنب اختلف فیہ ملائکۃ الرحمۃ والعذاب سے اس طرف رجحان ہو گیا کہ ملائکہ اجتہاد بھی کرتے ہیں وکذٰلک[ع] المجذوبین وزاد الرجحان بقصۃ الاشراقی ان المجذوبین مختلفون فی احکام بقاء السلطنۃ وتبدلہا۔

(ملفوظ ۱۰۲) ایک مولوی ........ صاحب نے عرض کیا کہ حضرت میں جب وعظ بیان کرتا ہوں تو بیان کے وقت روانی نہیں ہوتی اور یہ بات تھوڑے ہی دنوں سے پیدا ہوئی ہے اس سے پیشتر خوب روانی ہوتی تھی فرمایا کہ اگر کسی کے کلام میں روانی نہ ہو لیکن روانی نہ ہونیکا سبب خوف آخرت ہو وہ تو عین مطلوب اور ممدوح فی الحدیث ہے لیکن اگر خوف آخرت بھی سبب نہ ہو بلکہ کسی اور وجہ سے ہو تو اسکے مصالح پر نظر کرکے یہ حالت بھی مغتنم و مبارک ہے کہ جیسے سبب سے مسبب کا حدوث ہوتا ہے ایسے ہی بعض اوقات مسبب سے بھی سبب پیدا ہو جاتا ہے پس توقع ہے کہ اس عدم روانی سے جو کہ بعض اوقات مسبب ہوتا ہے خوف آخرت سے خود سبب یعنی خوف آخرت بھی پیدا ہو جائے جیسا کہ حسیات میں بھی بعض اوقات ایسا ہو جاتا ہے۔ جیسا کہ کھانا مسبب ہے اور رغبت اسکا سبب ہے لیکن بچے کا جب دودھ چھوڑایا جاتا ہے تو غذا اسواسطے دیتے ہیں تاکہ اس سے اسکا سبب یعنی رغبت پیدا ہو جائے۔

(ملفوظ ۱۰۳) فرمایا کہ حقیقت میں اس امت میں دو ہی طبقے حکما کہلائے جانے کی قابل ہیں۔

---

[ع] جبریل علیہ السلام فرعون کے منہ میں گارا اس لئے ٹھونس رہے تھے کہ کہیں رحمت حق اسپر متوجہ نہ ہو جاوے ۱۲

[ع] جس قاتل نے گناہ (قتل) سے توبہ کر لی تھی (بعد مرنے کے) رحمۃ اور عذاب کے فرشتوں میں اسکے بارہ میں اختلاف ہوا۔ ۱۲

[ع] جو ملائکہ کا حال ہے یہی حال مجذوبین کا ہے۔ اور اشراقی صاحب (جو حضرتؒ کے زمانہ میں مجذوب تھے) کے قصہ سے یہ خیال اور بڑھ گیا کیونکہ وہ فرماتے ہیں کہ مجذوبوں میں اسمیں اختلاف ہے کہ انگریزی سلطنت باقی رہے یا اسکو ایسا کہ

فقہا اور صوفیہ بڑے بڑے فلاسفہ اور سائنس داں ان حضرات کے سامنے گرد ہیں کیا ٹھکانہ ہے ان حضرات کی عمق نظر کا چنانچہ فقہانے لکھا ہے کہ اگر معشوق کا لعاب کوئی نگلے تو اُسپر کفارہ ہے اور غیر محبوب کے لعاب سے کفارہ نہیں کہاں نظر پہونچی ہے سبحان اللہ

(**ملفوظ** ۱۰۹) فرمایا کہ جس زمانہ میں میں مدرسہ دیوبند میں پڑھا کرتا تھا اُسوقت کے حالات و واقعات یاد آکر عجیب قلب کی کیفیت ہوتی ہے اُسوقت یہ معلوم ہوتا تھا کہ ہمیشہ ایسا ہی زمانہ رہیگا اُسوقت بڑے بڑے اہل کمال کا اجتماع تھا اور قریب قریب سب اپنے کو مٹائے ہوئے اور فنا کئے ہوئے تھے جب کبھی اتفاق سے اُن حضرات کا اجتماع ہو جاتا تھا یہ معلوم ہوتا تھا کہ ہر بزرگ دوسرے کو اپنے سے بڑا سمجھتا ہے بڑی ہی خیر کا مجمع تھا یہی حالت آپسمیں طلباء کی تھی اور اساتذہ کے سامنے تو بولنے کی بھی ہمت نہ ہوتی تھی اور ایک یہ زمانہ ہے کہ اُسوقت سے کوئی مناسبت ہی نہیں چہ نسبت خاک را بعالم پاک اُسوقت کھلم کھلا نظر آتا تھا کہ مدرسہ پر انوار کی بارش ہو رہی ہے اور یہ سب اُن حضرات کی مقبولیت کی علامت تھی اور اُن حضرات کے تقویٰ و طہارت کے ثمرات تھے اور مدرسہ کی مقبولیت کا اسقدر جلد جو اثر ساری دُنیا پر ہوا یہ بھی ان ہی حضرات کی برکت تھی۔ مقبولیت پر یاد آیا حضرت مولانا محمد یعقوب صاحبؒ نے خواب میں دیکھا کہ جنت ہے اور اُسمیں ایک طرف چھپر کے مکان بنے ہوئے ہیں فرماتے تھے کہ میں نے دل میں کہا کہ اے اللہ یہ کیسی جنت ہے جسمیں چھپر ہیں جسوقت صبح کو مدرسہ آیا مدرسہ کے چھپر نظر پڑے تو ویسے ہی چھپر تھے یہ زمانہ بالکل مدرسہ کا ابتدائی زمانہ تھا تب تعبیر سمجھ میں آئی کہ یہ مدرسہ کی مقبولیت دکھلائی گئی ہے۔ اُس زمانہ میں یہ لمبی چوڑی تعمیر تھی نہ اساتذہ تزک اور شان سے رہتے تھے نہ طلباء کا کوئی فیشن تھا پھٹے ہوئے کپڑے ٹوٹی ہوئی جوتیاں یہ انکا ظاہری حال تھا نہ اس جدید قسم کے قواعد اور قانون تھے نہ اتنے ممبر اور محراب تھے کام جو کچھ ہوا سب کو معلوم ہے کہ کیسے کیسے باکمال لوگ فارغ ہو کر نکلے اور اب اسوقت سب کچھ ہے اور اُسکے مقابلہ میں کچھ بھی نہیں وہ جو ایک چیز تھی جسکو روح کہتے ہیں وہ نہیں رہی باقی علم اور جگہ سے اب بھی بہت تھا مگر زمانہ تحریک سے وہ بھی ہوا اسلئے کہ طلباء کو تقریروں تحریروں اور کمیٹی جلسوں ہی سے فرصت نہیں سخت افس

بعضوں کی تو یہانتک نوبت آ گئی کہ علم دین میں مشغول ہونیکو فضول اور بیکار بتاتے ہیں نہ معلوم یہ سبق کہاں سے حاصل کیا ہے یورپ میں تو یہ طریقہ نہیں ہاں بھی بعض اوقات اس قسم کی تحریکات ہوتی ہیں مگر جو جماعت علم کی تحصیل میں مشغول ہے اُسکو ان تحریکات میں شرکت کی اجازت نہیں دیجاتی یہیں پر دیکھ لیجئے ہماری ہمسایہ قوم کس ہوشیاری اور چالاکی سے کام کر رہی ہے یہ ساری بے اصولیاں اور بد انتظامیاں مسلمانوں ہی کے حصے میں آ گئی ہیں بھیڑ اچال ہے جسطرف کو ایک چلا اسی طرف کو سب چلدیتے ہیں یہ بھی کوئی کام کرنیکا طریقہ ہے کہ سب ایک ہی کام میں لگجائیں اسپر دعویٰ ہے سیاست دانی کا میں کام کرنیکو منع نہیں کرتا مگر جو کچھ بھی ہو اصول کے ماتحت ہو اور حدود واحکام اسلام سے تجاوز نہ ہو۔ اور طلباء کو اس قسم کی کمیٹیوں اور جلسوں میں شرکت کی اجازت ہرگز ہرگز نہ دینا چاہئے سخت مضر ہے پرائے شگون کیلئے اپنی ناک کیوں کٹائے دیتے ہو ہوش سے کام کرنیکی ضرورت ہے جوش سے اول تو کام نہیں ہوتا اور اگر ہوتا بھی ہے تو اُسکی عمر بہت تھوڑی ہوتی ہے کیا ان کاموں کیلئے طلباء ہی رہ گئے ہیں اور مسلمان کچھ کم ہیں اُن سے کام لو اگر کام کرنا ہی ہے مگر سُنتا کون ہے جو دماغوں میں سما گئی ہے اُسکے سامنے کسی خیر خواہ کا کہنا اور نفع اور ضرر کسی کی کچھ خبر نہیں کہ آخر اسکا انجام ہے کیا بیحد دل دکھتا ہے مگر سوائے دعاء کے اور کیا چارہ ہے حق تعالیٰ عقل اور فہم سلیم عطاء فرمائیں۔ لیکن تحقیق ہوا ہے کہ اب ذمہ دار جماعت کو اصلاح حالت مدرسہ کی طرف توجہ ہوئی ہے اللہ تعالیٰ کامیاب فرماوے۔

## ۳ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

## مجلس خاص بوقت صبح یوم سہ شنبہ

(ملفوظ ۱۱) ایک اہل علم کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ میں تو اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ [illegible] کو تصرف اور کرامت وغیرہ سے محفوظ رکھا ورنہ مجھ جیسے کمزور کیلئے تو یہ چیزیں حجاب [illegible] کم کی اور اسی پر کیا اولاد کیسی دولت ہے کہ اُس سے بڑھکر دنیا میں کوئی دوسری چیز نہیں [illegible] دیا کہ تو اُس سے بھی محفوظ رکھا گیا اگر اولاد ہوتی نہ معلوم کیا کیا آفتیں ہوتیں۔

Marfat.com

(ملفوظ ۱۱۱) فرمایا کہ ایکمرتبہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے میرے سامنے ایک تقریر فرمائی کہ اولاد ہونے میں یہ کلفت ہوتی ہے یہ پریشانیاں ہوتی ہیں یہ خلجان ہوتے ہیں سبب اسکا یہ ہوا تھا کہ میری ایک خلیا ساس تھیں انھوں نے حضرت حاجی صاحب رحؒ سے میرے لئے اولاد ہونیکی دعا کرائی تھی اس موقع پر حضرت نے مجھسے فرمایا تھا کہ بھائی تمہاری خالہ نے تمہارے اولاد ہونیکی دعا کو کہا تھا میں نے دعا تو کردی مگر جی تو یہی چاہتا ہے کہ جیسا میں ہوں ویسے ہی تم رہو مطلب یہ تھا کہ اولاد نہو میں سمجھ گیا کہ اولاد نہ ہوگی چنانچہ نہیں ہوئی حتی کہ جب میں نے دوسرا عقد کیا اُنکی عمر اولاد ہونے کی تھی مگر عجیب اتفاق ہے کہ اُنکو ڈاکٹرنی نے کہدیا تھا کہ تم شادی مت کرنا تمہارے لئے سخت مضر ہے اگر اولاد ہوئی تو پھر تمہاری جان کی خیر نہیں سو اولاد میرے لئے مضر باطن بتلائی گئی اور ان کیلئے مضر ظاہر سو شادی تو ہوئی مگر اللہ تعالٰی نے اُنکی جان کی حفاظت فرمائی کہ اُن سے بھی اولاد نہیں ہوئی سو اولاد نہونے میں اُنکی مصالح جان کے تھے اور میرے مصالح ایمان کے اور یہ سب کے لئے نہیں یہی اولاد بعض کیلئے آلہ بُعد ہو جاتے ہیں اور بعض کیلئے آلہ قرب ہو جاتے ہیں اسکو حق تعالٰی ہی خوب جانتے ہیں کہ کس کیلئے سبب بُعد کا ہونگے اور کس کے لئے سبب قرب کا پس جیسے اولاد ہونا ایک دولت اور نعمت ہے مگر سب کیلئے نہیں اسیطرح پیشین گوئی اور تصرف و کرامت دولت ہیں مگر سب کے لئے نہیں بلکہ بعض کیلئے یہ چیزیں حجاب ہیں اور مجھ جیسے کمزور کیلئے تو یہ چیزیں حجاب ہی ہو جاتیں اپنی حالت سے میں ہی خوب واقف ہوں۔ بس مجھے تو یہی حالت پسند ہے کہ جو احکام معلوم ہوں اُن پر عمل کرلوں اور وہی اپنے دوستوں کو بتلادوں۔

(ملفوظ ۱۱۲) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت عقد ثانی کا داعی کیا پیش آیا تھا۔ فرمایا اُنکی سادگی دینداری اور بے نفسی داعی ہوئی شروع ہی سے انکی یہ حالت تھی اسیوجہ سے میں نے انکو سعید احمد مرحوم کیلئے تجویز کیا تھا جی چاہتا تھا کہ ایسی اچھی طبیعت کا آ[illegible] گھر میں رہے جب مرحوم کی وفات ہوگئی اُن کے گھر میں رہنے کی بجز عقد کے کو[illegible] نہ تھی [illegible] بات مجھکو بعد میں معلوم ہوئی کہ علاوہ میرے خاص دوستوں کے [illegible]

مولانا خلیل احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی بھی یہی رائے تھی کہ ایسا ہو جانا چاہیے بلکہ یہ بھی فرمایا تھا کہ وہ اپنے گھر میں سے اس معاملہ میں ڈرتا ہے واقعی مجھے جو اس میں تردد تھا وہ یہی تھا مجھے پہلے گھر میں کے مزاج سے اندیشہ تھا اور وہ اندیشہ واقع بھی ہوا گو اب بحمد اللہ اُسکا اثر باقی نہیں رہا۔ میں نے ایکمرتبہ اسکے متعلق خواب دیکھا کہ میں کسی سے پوچھ رہا ہوں کہ اگر عقد ثانی ہو گیا تو بڑے گھر میں سے کیا کریں گی تو یہ جواب ملا کہ وہ بیٹھی ہوئی قرآن پاک پڑھا کریں گی۔ نیز اس کے متعلق میں نے ایک یہ بھی خواب دیکھا تھا کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا میرے مکان میں تشریف لانے والی ہیں اس سے میں یہ تعبیر سمجھا کہ جو نسبت عمر کی حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو بوقت نکاح حضور کے ساتھ تھی وہ ہی نسبت اُنکو ہے یہ شاید اس طرف اشارہ ہو۔ میں نے اسکے متعلق ایک رسالہ بھی لکھا ہے۔ الخطوب المذیبہ اُسکا نام ہے اسمیں واقعہ کی حقیقت کو ظاہر کر دیا ہے اور رسالہ کے لکھے جانے کے داعی میرے بھائی منشی اکبر علی صاحب مرحوم ہوئے تھے انھوں نے ایک خط میں مجھسے استفسار کیا تھا کہ آخر ضرورت ہی نکاح کی کیا پیش آئی تھی اصل میں تو اُن کو جواب دینا تھا وہ بشکل رسالہ ہو گیا وہ رسالہ بعض لوگوں کیلئے تو جو کہ اہل فہم تھے دوستی کا سبب بنگیا ایسے لوگوں نے یہ کہا کہ ایسے شخص سے ضرور تعلق رکھا جائے اسلئے کہ اُسمیں استقلال ہے اور اگر بعض کا اعتقاد جاتا رہا ہو تو جاتا رہے بحمد اللہ میں کوئی کام کسی کے معتقد یا غیر معتقد بنانے کی نیت سے تھوڑا ہی کرتا ہوں۔ میرے بڑے گھر میں سے مجھسے کہا کہ تمنے یہ عقد کر کے عقد ثانی کا دروازہ کھولدیا اب لوگ ایسا ہی کیا کریں گے میں نے کہا کہ کھولا نہیں بند کر دیا ہے لوگونکو معلوم تو ہوگا کہ اتنے حقوق ہیں کسی کی بھی ہمت نہ ہوگی فرمایا یہ ادائے حقوق کی دشواری کا خیال ہی خیال ہے ورنہ اللہ تعالیٰ ایسی مدد فرماتے ہیں کہ عمل کرنا اور حقوق کا ادا کرنا پھولوں سے بھی ہلکا ہو جاتا ہے مشکل سے مشکل کام اُنکی مدد سے آسان ہو جاتا ہے مگر ارادہ شرط ہے باقی یوں تو آسان سے آسان کام میں کچھ تو خلاف [illegible] ہوتا ہی ہے ایک صاحب نے حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے عرض کیا کہ حضرت قرآن پاک میں ہے ما[عہ] جعل علیکم فی الدین من حرج اور مفقود الحرج

[عہ] [illegible] نے مجھکو تنگی نہیں فرمائی ۔ ۱۲

کے متعلق جو امام اعظم رحمت اللہ علیہ کا مذہب ہے اسمیں حرج ہے فرمایا اچھا اسمیں تو حرج اور تنگی ہے اور جہاد میں تنگی نہیں جہاں سر کٹتے ہیں عورتیں بیوہ ہوتی ہیں بچے یتیم ہوتے ہیں اگر حرج کے یہ ہی معنی ہیں اور تنگی اسی کو کہتے ہیں تو اسکو بھی قرآن شریف کی فہرست سے نکالدو چُپ رہ گئے مولانا پر جذب غالب رہتا تھا مجذوب سمجھے جاتے تھے مگر کیسا جواب دیا یہ حضرات دین کے عاشق تھے اس لئے امور دینیہ میں ہر وقت ہوشیار اور بیدار رہتے تھے۔ دیکھئے جہاد میں کتنا تعب ہے اور آخر انجام اسکا قتل ہے مگر حضرت اُسوقت ایسا بھی نہیں معلوم ہوتا جیسے چیونٹی کاٹ لیتی ہے بعض بزرگوں کا قول ہے کہ جو پلنگ پر پڑکر مرتا ہے اسکو ایسی تکلیف ہوتی ہے جیسے چھ سو تلوار اُسپر ایکدم پڑی ہوں اور جہاد میں آسانی سے جان نکلتی ہے (جو اسقدر سخت ہے) بظاہر یہ سب ارادہ کی برکت ہے ارادہ بڑی دولت ہے اس سے بڑے سے بڑے مشکل کام آسان ہوجاتے ہیں چنانچہ مجکو اس معاملہ میں عدل بالکل آسان ہوگیا اور گو کہنے کی تو بات نہیں مگر کہتا ہوں کہ میں نے حقوق کی رعایت بہانتک کی اور یہ محض دوستوں کو معلوم کرانے کی غرض سے کہہ رہا ہوں تاکہ عمل کریں کہ ایک کے وقت میں دوسرے کا خیال بھی نہیں آنے دیتا اور یہ اسوجہ سے کہ جہانتک میرے ارادہ اور قصد کو دخل ہے وہاں تک کیوں کوتاہی کروں اور یہ خیال کیا کہ قصداً اس خیال کرنے میں بھی ایک قسم کا استمتاع ہے ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت نے اس خیال کے استمتاع ہونے کے متعلق ایکمرتبہ اور بھی فرمایا تھا اور اس سے استدلال کیا تھا کہ اگر اپنی بیوی کے پاس ہو اور صحبت کے وقت کسی اجنبیہ کا قصداً خیال کرے تو وہ حرام ہوگا فقہائے اسکو بیان فرمایا ہے۔ فرمایا کہ ہاں استدلال کیا ہوگا۔

(ملفوظ ۱۱۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مدرسہ دیوبند میں بڑے ہی باکمال حضرات کا اجتماع رہ چکا ہے اب اُن حضرات کو آنکھیں ڈھونڈتی ہیں بڑا ہی بابرکت اور باخیر مجمع تھا حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ کیسے جامع کمالات تھے ہر فن میں کمال رکھتے تھے۔ ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ سُنا ہے کہ حضرت مولانا محمد قا[سم] صاحب رحمۃ اللہ علیہ یہ فرمایا کرتے تھے کہ مولوی سید احمد صاحب مدرس ثانی کے ذہن

اور میرے ذہن کی ایک نوعیت ہے حضرت والا نے سُنکر فرمایا کہ یہ مقولہ حضرت مولانا احمد حسن صاحب امروہی رحمۃ اللہ علیہ کی نسبت سُنا ہے اسی سلسلہ میں فرمایا کہ مولانا سید احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے قصائد عرفیہ میں میرا سالانہ امتحان لیا کتابیں میں نے کبھی توجہ کے ساتھ نہ دیکھیں نہ پڑھیں میں نے گھونٹ گھانٹ کر ایک تقریر کردی فرمایا اور کچھ میں نے پھر ایک دوسری تقریر کردی فرمایا اور میں نے ایک اور تیسری تقریر کردی آخر میں فرمایا کہ ان میں سے ایک مطلب بھی صحیح نہیں مگر تمہاری ذہانت پر نمبر دیتا ہوں میں نے اپنے دل میں کہا کہ جناب اسوقت تو نمبر ہی مقصود ہے کتاب کسکو مقصود ہے۔

(**ملفوظ**) فرمایا کہ یہ طے ہوا ہے سبکی اطلاع کی وجہ سے بیان کرتا ہوں کہ صبح کی مجلس میں عام مجمع ہونیسے قلب پر ایک تعب ہوتا ہے کبھی زیادہ مجمع ہونیکی وجہ سے آواز بلند کرنا پڑتی ہے کہ سب سُن لیں اس سے بھی تعب ہوتا ہے پھر مجمع کے عام ہونے سے قلب میں زیادہ بیٹھنے کا تقاضہ ہوتا ہے اور اُسکا ثمرہ بعد میں مجھکو بھگتنا پڑتا ہے۔ ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت جو لوگ حضرت کے پاس آئے ہیں وہ حضرت کی زیارت کو۔ صحبت کو ذریعہ نجات سمجھتے ہیں اسلئے مجلس تو عام ہی رہے مگر حضرت کا جسوقت جی اُٹھنے کو چاہے حضرت اُٹھ جایا کریں فرمایا کہ یہ میری کچھ طبعی سی بات ہے کہ زیادہ مجمع میں سے اُٹھتے ہوئے شرم معلوم ہوتی ہے کہ مجلس کا مقصود تو اسقدر بڑا اور اسمیں کبڈی کا سا پالا چھوا کر چلدیئے کچھ اچھا نہیں معلوم ہوتا نیز زیادہ مجمع ہونیکی وجہ سے حقوق میں بھی اضافہ ہوجاتا ہے۔

(**ملفوظ**) فرمایا کہ کیفیات محمودہ نفسانی بھی ہوتی ہیں اور روحانی بھی بعض مرتبہ کیفیات کا نہونا موجب رحمت ہے اور ہونا موجب فتنہ کیونکہ پہلی صورت میں اپنے کو ناقص سمجھتا ہے اور دوسری صورت میں کامل۔

(**ملفوظ**) ایک مولوی صاحب نے کشمیر کے متعلق چند سوالات کئے اُسپر حضرت والا نے جوابات ارشاد فرمائے وہ بہ عنوان سوال وجواب ذیل میں درج کرتا ہوں۔

**سوال**:۔ میں ایک خاص واقعہ کے متعلق اپنی تسلی کے لئے چند سوالات کرنا چاہتا ہوں حضرت والا بطیب خاطر اجازت فرمائیں۔

Marfat.com

**جواب:** فرمایا نہایت خوشی سے اجازت ہے اسوقت اور بھی اہل علم موجود ہیں ضرور ان سوالات کو ظاہر فرمائیے۔

**سوال:** کشمیر پر جو مسلمانوں کے جتھے جارہے ہیں اُنکا وہاں پر جاکر لڑنا مقصود نہیں صرف حکومت پر اثر ڈالنا ہے یہ صورت شرعاً کیسی ہے۔

**جواب:** فرمایا یہ شرعی لڑائی تو ہے نہیں۔ اب دو ہی صورتیں ہیں یا قتال پر قدرت ہے یا عجز۔ اگر قدرت ہے تو قتال اور اگر قدرت نہیں تو صبر۔ درمیان میں اور کوئی چیز نہیں ہے نہ یہ درمیانی صورتیں سمجھ میں آتی ہیں۔ اور نہ آجکل کی درمیانی صورتیں اسلامی صورتیں ہیں سب دوسری قوموں کی تقلید ہے۔

**سوال:** اسوقت کے زمانہ کے لحاظ سے یہ ہی ثابت ہوتا ہے کہ کمزور کو قوی کے مقابلہ میں اسی صورت سے کامیابی ہوسکتی ہے۔ یعنی پبلک حکومت کا مقابلہ اسی صورت سے کرسکتی ہے۔

**جواب:** فرمایا یہ نصوص کے مقابلہ میں اجتہاد ہے اور اجتہاد کا ہمکو حق نہیں۔ میں نے جو دو صورتیں بیان کیں یہ تو منصوص ہیں اور آپ جو تدابیر اور طریق کار بیان کررہے ہیں یہ اس منصوص کا معارض ہے۔ اسی لئے یہ طریق سلف سے منقول نہیں۔

**سوال:** حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے عرض کرنے پر حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے خندق کھدوائی تھی یہ شاہان عجم کی تدابیر میں سے تھی جو غیر قوم تھے۔

**جواب:** فرمایا یہاں کوئی نص نہ تھی اسلئے حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے عمل فرمالیا تو حضور صلے اللہ علیہ وسلم کا عمل فرمالینا منصوص نہ ہونیکی وجہ سے تھا اور یہاں تو منصوص ہے یہاں پر یہ صورت اختیار نہیں کرسکتے۔

**سوال:** یہ صورت جو اختیار کی گئی ہے اس سے بھی کامیابی ہوجاتی ہے سکھ اس کامیاب ہو ہی گئے۔

**جواب:** فرمایا کہ سوال کامیابی عدم کامیابی کا نہیں ہے سوال یہ ہے کہ یہ صو[رت] جو اختیار کی گئی ہے اسکا حکم شرعی کیا ہے اُسکا میں جواب عرض کررہا ہوں۔

Marfat.com

**سوال:**۔ اگر بغیر لڑے ہوئے اس صورت کو اختیار کرکے کامیابی ہوجائے تو اس صورت کے اختیار کرنے میں شرعاً کیا حرج ہے۔

**جواب:**۔ فرمایا یہ ہی کیا تھوڑا حرج ہے کہ نص کے خلاف ہوا۔

**سوال:**۔ کچھ نہ کریں مارے جائیں برباد ہوجائیں خاموش رہیں۔

**جواب:**۔ فرمایا کہ یہ میں نے کب کہا ہے یہ بھی آپکا اجتہاد ہے منجملہ اور اجتہادات کے میں نہ واقعات کی نفی کرتا ہوں اور نہ منفعت کی۔ میں تو یہ کہہ رہا ہوں کہ یہ صورت جو اختیار کی گئی ہے یہ منصوص کے خلاف ہے آپ کے ذمہ ہے کہ آپ اسکا نصوص کلیہ میں داخل ہونا ثابت کریں اگر داخل ہے تو مجھکو بھی بتلادیا جاوے میں بھی مان لوں گا۔ خدانخواستہ ضد یا ہٹ تھوڑا ہی ہے جسطرح میں صاف طور پر عرض کررہا ہوں کہ یہ منصوص کے خلاف اور نصوص کلیہ میں داخل نہیں ہو سکتا اور نصوص کے مقابلہ میں اجتہاد اور قیاس کوئی چیز نہیں اور نہ ہمکو اس قسم کے تصرف کا حق ہے آپ بھی صاف بیان کریں جسوقت آپ سمجھادیں گے میں بھی انشاءاللہ تسلیم کرلونگا۔

**سوال:**۔ موجودہ صورت نصوص کے کلیہ میں تو داخل نہیں ہوسکتی لیکن یہاں پر قیاس سے کام لیا جاسکتا ہے۔

**جواب:**۔ فرمایا نص کے ہوتے ہوئے قیاس اور اجتہاد دیکھئے میں کب منع کرتا ہوں مجھے تو بحمداللہ کھلی آنکھوں نظر آتا ہے کہ یہ حق ہے اور یہ باطل۔

**سوال:**۔ اسی لئے تو دریافت کیا جارہا ہے۔

**جواب:**۔ فرمایا اگر آپکو شرح صدر ہو تو آپ عمل کیجئے یہی سمجھ لیجئے کہ مجھکو شرح صدر نہیں مجکو اپنے فتوے میں شریک نہ کیجئے اور نہ مجھسے امید رکھئے کہ میں منصوصات کے خلاف کروں یا اجتہاد کروں میں تو کٹر مقلد ہوں۔ صاحبین کا قول بھی کہیں اضطرار میں لیتا ہوں ورنہ میں تو امام صاحب کے مذہب پر عمل کرتا ہوں آپکی تو بھلا کیا تقلید کرسکتا ہوں آپ تو بچے ہیں اور میں بڈھونکا مقلد ہوں پھر مزاحاً فرمایا کہ نہیں بڈھوں کا نہیں بلکہ ایک بڈھے کا۔

Marfat.com

**سوال:** ۔ لڑ تو سکتے نہیں پھر کیا صورت ہو۔

**جواب:** ۔ جو میں عرض کر رہا ہوں وہ منصوص ہے اسی پر عمل کریں یعنی قدرت کو دیکھ لیں اگر قدرت اور قوت ہے تو بجائے جیتے بھیجنے کے قتال کریں جہاد کریں تلوار ہاتھ میں لیں لڑیں اور اگر قدرت نہیں جیسا کہ ظاہر ہے صبر کریں نیز عجز کی صورت میں یہ بھی ہوگا کہ آئندہ اگر کوئی ضرر پیش آیا تو اُسکے برداشت کی بھی قوت نہ ہوگی اور جس ضرر سے بچنے کی قدرت نہ ہو یا مشکل ہو اُسمیں نہ پڑنا چاہیئے۔

**سوال:** ۔ (آیت جہاد میں) مِنْ قُوَّۃٍ نکرہ ہے اسوقت جیل جانیکی قدرت ہے۔

**جواب:** ۔ قدرت سے یہ قدرت مراد نہیں. بلکہ وہ قدرت جسمیں خصم کو کوئی ضرر ہو اور اُس کے ساتھ اپنا کوئی ضرر یقینی نہ ہو۔

**سوال:** ۔ جیل کے جانے میں تو کوئی ضرر نہیں معلوم ہوتا اور خصم کا ضرر ہے یعنی اغاظت پھر کیا حرج ہے۔

**جواب:** ۔ اگر قدرت علی الاضرار یہی ہے تو آج اسکی بھی قدرت ہے کہ ایک دشمن کے منہ پر تھوک دیں اسمیں بھی اغاظہ ہے لیکن چونکہ سمجھتے ہیں کہ اسمیں ضرر اپنا ہے ایسا نہیں کرتے یا ایک دشمن کے ڈھیلا ماردیں اسکی قدرت بھی ہے مگر ایسا نہیں کرسکتے حاصل وہی ہے کہ قدرت سے مراد وہ قدرت ہے جسمیں اُسکا معتدبہ ضرر ہو اور اپنا یقینی ضرر نہ ہو اور ظاہر ہے کہ جیل وغیرہ میں اپنا ضرر ہے اور اُنکا کوئی ضرر معتدبہ نہیں خوب سمجھ لیجئے کہ قدرت کی دو قسمیں ہیں ایک یہ کہ جو کام ہم کرنا چاہتے ہیں اُسپر تو ہمکو قدرت ہے لیکن اُسکے کرلینے کے بعد جن خطرات کا سامنا ہوگا اُن کے دفع کرنے پر قدرت نہیں دوسرے یہ کہ فعل پر بھی قدرت ہے اور اُسکے کرلینے کے بعد جو خطرات پیش آئیں گے اُن کی مدافعت پر بھی قدرت ہو پہلی صورت استطاعت لغویہ ہے اور دوسری صورت استطاعت شرعیہ خوب سمجھ لیجیگا اور مدافعت کی فرضیت کیلئے پہلی استطاعت کافی نہیں بلکہ دوسری صورت یعنی استطاعت شرعیہ شرط ہے جسکو اس حدیث نے صاف کردیا ہے۔ قال ؑ من رأی منکم منکراً فلیغیرہ بیدہٖ فان لم یستطع

---

؎ جب کوئی شخص کسی گناہ کو ہوتا ہوا دیکھے تو اوسکو ہاتھ سے مٹادے اگر اسکی قدرت نہ ہو تو زبان سے اوسکی برائی ظاہر کردے اگر اسکی بھی قدرت نہ

فبلسانہ فان لم یستطع فبقلبہ ظاہر ہے کہ استطاعت باللسان ہر وقت حاصل ہے پھر اسکے انتفاء کی تقدیر کب محقق ہوگی یعنی اگر کسی فعل کی فرضیت کیلئے محض اس فعل پر قادر ہونا کافی ہو اور اس سے جو خطرات پیش آنے والے ہوں ان کی مدافعت پر قادر رہونا شرط نہ ہو تو زبان سے انکار کرنا ہر حالت میں فرض ہونا چاہئیے کیونکہ زبان کا چلانا ہر وقت ہماری قدرت میں ہے پھر وہ کونسی صورت ہوگی جسکی نسبت حضور صلے اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اگر زبان سے بھی مٹانیکی قدرت نہ ہو تو دل سے مٹادے اس سے ثابت ہوا کہ استطاعت سے مراد یہ ہے کہ اس فعل پر قدرت ہونیکے ساتھ اسمیں ایسا خطرہ بھی نہ ہو جسکی مقاومت اور مدافعت ومقابلہ بظن غالب عادۃً ناممکن ہو ایک شرط یہ بھی ہے کہ اس دفاع کے بعد اس سے زیادہ شر میں مبتلا نہ ہو جائیں ۔

**سوال** :۔ پھر کیا صورت ہے کشمیر کے مسلمانوں کی امداد کی

**جواب** :۔ یہ صورت ہے کہ وہاں جاکر ان کو تبلیغ کیجاوے اور آپسمیں اتحاد کی ترغیب دیجاوے اور جب قوت ہو جائے لڑیں جہاد کریں ۔

**سوال** :۔ دروازہ ہی پر روک لیا جاتا ہے گرفتار کر لیا جاتا ہے اندر جانے ہی نہیں دیا جاتا۔

**جواب** :۔ آپ ہی دیکھ لیجئے کہ ایسی حالت میں آپ سے کشمیر کے مسلمانوں کو کیا امداد پہونچ سکتی ہے جبکہ وہاں تک پہونچنے پر بھی قدرت نہیں جتھو نکا جیل میں جانا۔ پٹنا۔ بھوک ہڑتال وغیرہ کرنا خودکشی کے مرادف ہے اور اگر خودکشی سے کسی کو فائدہ پہونچے تب بھی تو باوجود موجب فوائد ہونیکے جائز نہیں ہے چہ جائیکہ کوئی فائدہ بھی نہ پہونچے تو اسکا درجہ ظاہر ہے یعنی اگر یہ معلوم ہو جائے کہ خودکشی کرنیسے کفار پر اثر ہوگا تو کیا خودکشی کرنا جائز ہو جائیگا اور یہ جیلوں میں جانا اور بھوک ہڑتال کرنا کیا خودکشی کا مرادف نہیں ہے اگر کوئی نفع بھی خودکشی پر مرتب ہو تو یہ خود ہی اتنا زبردست نقصان ہے کہ جسکا پھر کوئی بدل ہی نہیں حضرت ہر منفعت کا اعتبار نہیں اسکی تو بالکل ایسی مثال ہے کہ کوئی شخص یوں کہے کہ فلاں شخص کی جان بچسکتی ہے اگر تم کنوئیں میں گر جاؤ تو اسکی جان بچانے کی غرض سے کیا کنوئیں میں گرجانا جائز ہوگا ۔

**سوال** :۔ تو کیا پھر قتال ہی کیا جائے ۔

Marfat.com

**جواب:** ضرور۔ مگر قدرت عادی شرط ہے اور محض کامیابی کی خیالی توقع قدرت نہیں ہے
**سوال:** ضرر تو قتال میں بھی ہے اشد ضرر کہ جان جاتی ہے۔
**جواب:** چونکہ قتال مقصود اور منصوص ہے اسلئے اُسکا ضرر معتبر نہیں اور یہ تدابیر اور طریق کار غیر منصوص ہیں اسلئے اسکے ضرر کو دیکھا جاویگا اور وجہ فرق دونوں میں یہ ہے کہ اصل مقصد یہ ہے کہ فتنہ نہ ہو۔ قتال فتنہ نہیں ہے۔ کیونکہ قتال میں طبیعت یکسو ہو جاتی ہے اور سکون ہوتا ہے۔ اور ان امور میں تشتت اور پراگندگی اور اضاعت اوقات ہے۔ اصل یہ ہے کہ لوگ فقہ کو نہیں دیکھتے پروگرام بناتے وقت۔ اور فقہ کو محض رائے سے دیکھنا کافی نہیں اور نہ مفید ہے بلکہ نصوص اور ذوق کے ساتھ دیکھنا مفید ہے اسمیں سب احکام اظہر من الشمس ہیں فن فقہ نہایت ہی دقیق ہے اسی واسطے میں ہمیشہ احتیاط کے پہلو کو ترجیح دیتا ہوں۔
**سوال:** من قتل دون عرضہ و مالہ فھو شھید[ع] سے جان دینا جائز نکلتا ہے تو بھوک ہڑتال وغیرہ میں گنجائش معلوم ہوتی ہے۔
**جواب:** قتل سے مراد خودکشی نہیں ہے بلکہ مراد قتال ہے یعنی لڑو جنگ کرو اس نیت سے کہ جان اور ایمان اور مال بچ جاوے پھر اُس قتال میں اگر جان چلی جائے تو چلی جائے وہ شہادت ہے اور خود قتل مقصود نہیں ہے بلکہ قتال ہے اگر لازم آجائے تو اُسکا جواز نکلتا ہے غرض اُس سے مقصود قتال ہے قتل نہیں وہ بھی جبکہ اس قتال کی سب شرطیں پائی جاویں اور موانع مرتفع ہوں جسکی تفصیل کتب فقہ میں ہے اور خود قتل کا مقصود نہ ہونا اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ قرآن میں ہر جگہ یُقتَلُون (بصیغہ مجہول) بعد میں ہے یَقتُلُون (بصیغہ معروف) سے پس معلوم ہوا کہ یُقتلون خود مقصود نہیں بلکہ یَقتلون سے کبھی لازم آجاتا ہے
**سوال:** پوری قدرت تو نہیں مگر جو کچھ بھی ہے اُسکا استعمال کس طرح کریں کچھ تو ہونا چاہیے
**جواب:** یہ بھی آپ ہی بتا سکتے ہیں کہ کیا کرنا چاہیے میری تو سمجھ میں اس سے زیادہ نہیں آتا کہ اُن کو تبلیغ کرو اور دین سکھلاؤ اُسکے بعد لڑائی میں پوچھتا ہوں ہجرت کے بعد جو مسلمان مکہ میں تھے اُن کی جانیں جاتی تھیں اسوقت اہل مدینہ نے ایک بھی جتھا نہ بھیجا۔ کوئی بھی

[ع] جو شخص اپنی آبرو اور مال کے بچانے کے سلسلہ میں قتل ہو جاوے وہ شہید ہے ۱۲۔

Marfat.com

جتھا نہ گیا جب تک آیت قتال نازل نہ ہوئی صبر کے سوا کوئی حرکت اس آئینی جنگ کی جاری نہ ہوئی پس جنگ اسلامی لڑو آئین پائین کہاں کی خرافات نکالی ہے۔

**سوال:۔** ایسے آئین اسوقت ایجاد نہ ہوئے تھے اگر ہوتے تو جنگ بھی ایسی ہی ہوجاتی،

**جواب:۔** بہرحال اس سے اتنا تو معلوم ہوگیا کہ یہ آئین منصوص تو ہے نہیں عقل ہی کا اختراع ہے۔ تو صحابہ بھی عاقل تھے اُن کے ذہن میں اور بڑی بڑی تدبیریں آئیں یہ تدابیر کیوں نہ آئیں اور یہ کیا آجکل کی اختراع شدہ تدابیر میں سے ایک بھی نہ آئی۔ آئی تو بس قتال کی آئی وہ بھی جب جبکہ آیت قتال نازل ہوچکی۔ خلاصہ یہ ہے کہ اگر عمومات سے استدلال ہے تو سوال یہ ہے کہ آجتک اُمت میں ان عمومات سے استدلال کرکے کسی نے عمل بھی کیا ہے اور کیا تیرہ سو برس میں ایسی مظلومیت کی صورتیں پیش نہ آئیں تھیں پھر یہ طریقے کیوں نہیں اختیار کئے گئے دوسری بات یہ پوچھتا ہوں کہ ہجرت کے بعد جو مستضعفین مکہ میں رہ گئے تھے اُن مسلمانوں میں بھی کچھ قوت اور استطاعت تھی یا نہیں اگر یہ کہا جائے اُن میں قوت اسقدر نہ تھی کہ کسی قسم کا بھی مقابلہ کر سکتے جواب یہ ہے کہ یہ بالکل غلط ہے اُن میں اسقدر قوت تھی کہ ہندوستان کی قوت اُن کی قوت کے سامنے گرد ہے۔

**سوال:۔** مقابل کفار بھی ایسے ہی قوی تھے اسلئے وہ اُن سے مقابلہ نہ کر سکے۔

**جواب:۔** یہ تو میرے کلام کا حاصل ہے یہی تو بات ہے اور اب کیا بات رہی اگر اسکو تسلیم کرلیا جائے تو پھر کوئی اختلاف ہی نہیں رہتا مطلب یہ ہی تو ہوا کہ صبر ہی کرنا پڑیگا عدم قدرت کی حالت میں جیسا کہ اہل مکہ نے کیا اور جب مدینہ والوں کو قوت ہوگئی اسوقت تلواریں ہاتھ میں لیں اور مکہ پر چڑھائی کی۔

**سوال:۔** پہلے آئین کی لڑائی نہ تھی اب تو آئین کی لڑائی ہے۔

**جواب:۔** اسکا جواب پہلے ہوچکا ہے اب پھر سمجھ لیجئے کہ یہ آئین کہاں سے آئے یہ بھی تو گھڑے ہوئے ہیں اور صحابہ نے تو سلطنت کی ہے اتنی بات اُنکی سمجھ میں نہ آئی کہ اس طرح جتھے بھیجکر مکہ والونکی مدد کرتے۔ خیر کچھ بھی ہو منقولات سے ثابت کیجئے عجیب

بات ہے کہ آپ مجھسے تو غیر منقولات منوانا چاہتے ہیں اور آپ منقولات کو بھی تسلیم نہیں کرتے۔ میں ہرگز ماننے کو تیار نہیں جب تک آپ منقولات سے ثابت نہ کریں جسے ہمارے بزرگوں نے نظام دین کی حفاظت کیلئے قائم کیا یعنی تقلید۔ اسکو ایسی آسانی سے نہیں چھوڑ سکتے اور خرابی تو آجکل زیادہ اسی وجہ سے ہو رہی ہے کہ ہر شخص مجتہد بنا ہوا ہے واقعی سلف صالحین بڑے ہی حکیم تھے دُنیا میں یہ طبقہ حکماء کا ہے کہ اجتہاد ہی کو بند کر دیا وہ ہمسے زیادہ دین کو سمجھنے والے تھے۔ مزاحاً فرمایا کہ ہملوگ تو عند اللہ بھی معذور ہونگے پوچھا جائیگا عرض کر دیں گے کہ اے اللہ کوئی دلیل ہی سمجھ میں نہ آئی تھی اور آپ سے پوچھا جائیگا کہ باوجود دلیل معلوم ہونیکے بھی کشمیر کے مسلمانوں کی کیوں امداد نہیں کی اور وہاں پر کیوں نہیں گئے ہم تو وہاں پر بھی بری اور آپ سے وہاں بھی باز پرس۔ میں ایک کام کی بات عرض کرتا ہوں کہ ان چیزوں میں نرے دلائل کافی نہیں تھوڑے سے ذوق کی بھی ضرورت ہے اور میں دیکھتا ہوں کہ ان جدید تدابیر اور طریق کار میں غیر منصوص ہونیکے علاوہ میرا ذوق بھی ان چیزوں کے خلاف ہے۔ اور مدار قبول اسکات خصم نہیں اسقاط ہے۔

**سوال** :۔ ہم ہر طرح پر کمزور ہیں کچھ نہیں کر سکتے۔

**جواب** :۔ یا تو اسقدر قوت بھی جوش تھا کہ منصوص کے مقابلہ میں غیر منصوص پر عمل کرنے کو تیار تھے یا یہ عقیدہ کر لیا ہے کہ ہم کمزور ہیں کام کیجئے مگر شرط یہ ہے کہ حدود شرعیہ کو محفوظ رکھتے ہوئے کام کیجئے۔

انبیاء علیہم السلام کی تدابیر میں اثر نہ ہو غضب کی بات ہے اپنی اختراع کی ہوئی تدابیر کو مؤثر سمجھیں۔ میں پوچھتا ہوں کہ تدابیر کے استعمال میں خدا کے راضی کرنے میں کامیابی کا اثر ہوگا یا ناراض کرنے میں ظاہر ہے کہ راضی کرنے میں اثر ہوگا تو اسکی ایک ہی تدبیر ہے کہ تدابیر منصوصہ پر عمل کیا جائے۔

**سوال** :۔ ان غیر منصوصہ پر جو عمل کیا جائے گا غیر مشروع اور برا سمجھکر تھوڑا ہی کرینگے تو اسمیں بھی خدا تعالیٰ کی ناراضی نہ ہوگی۔

Marfat.com

**جواب:** یہ تو اور بھی بُرا ہے کہ معصیت کو معصیت بھی نہ سمجھا جاوے بلکہ معصیت کو نیکی سمجھکر کیا جاوے یہ درجہ تو اُس سے بھی بُرا ہے اور بہت بُرا ہے پھر بدعت کوئی چیز ہی نہیں رہتی اسلیئے کہ بدعتیں جسقدر رہیں سبکو دین ہی سمجھکر کرتے ہیں اہل بدعت یہ ہی جواب دیسکتے ہیں کہ ہم بُرا سمجھکر تھوڑا ہی کرتے ہیں اس سے تو سنت اور بدعت جائز اور ناجائز میں کوئی فرق ہی نہیں رہتا ہر بُرے کام میں نیت اچھی کر لیا کریں کہ ہم جو کر رہے ہیں یہ بُرا کام نہیں بلکہ نیک کام ہے۔ آپ ہی بتلایئے کہ یہ کلیہ کہانتک صحیح ہے جو آپنے بیان کیا۔

**سوال:** منصوص تدابیر کے مقابل ان جدید تدابیر کو منہی عنہ نہیں فرمایا گیا نہ نہی وارد ہے نہ حکم ہے تو اس صورت میں مسکوت عنہ کہا جائیگا ممنوع ہونیکی کیا وجہ ہے۔

**جواب:** جن چیزوں کی حاجت خیر القرون میں نہ ہوئی ہو اور خیر القرون کے بعد حاجت پیش آئی ہو اور نصوص اُن کے خلاف نہ ہوں وہ تو مسکوت عنہا ہو سکتی ہیں لیکن ان چیزوں کی تو حاجت ہمیشہ ہی پیش آتی رہی پھر بھی نصوص میں صرف جہاد یا صبر ہی کا حکم ہے تو اس اعتبار سے یہ مسکوت عنہ نہ ہو گا منہی عنہ ہو گا۔ کہ باوجود ضرورت کے متقدمین نے اُسکو ترک کیا اختیار نہیں کیا تو اجماع ہوا اُسکے ترک پر اسلیئے ممنوع ہو گا۔

علاوہ ان سب باتوں کے ایک یہ بات باریک ہے جسکو سمجھ لینے کی ضرورت ہے وہ یہ ہے کہ ہر کام کرنیکے لیئے حدود کی ضرورت ہے ان تحریکات میں بھی ضرورت ہے سو اُسکا تحفظ کون کریگا یا کون کرائیگا۔ ایک لڑکا زمانہ خلافت میں ہجرت کر گیا اُسکی ماں روتی روتی اندھی ہو گئی اسکو کون دیکھے گا کہ کسکو جانا چاہیئے اور کسکو نہیں اگر تدابیر جدیدہ جائز بھی ہوں تب بھی اسکی ضرورت ہے کہ کوئی امیر ہو تاکہ حدود کی رعایت خود بھی کرے اور دوسروں سے بھی کرائے۔ بلا امیر کے کچھ نہیں ہو سکتا۔ فرمایا کہ امیر پر یاد آیا ایک ڈاکٹر صاحب ہیں پنجاب میں بہت ہی مخلص اور سمجھدار شخص ہیں زمانہ تحریک خلافت میں اُن کے ایک عزیز بڑے ہی جوش اور سرگرمی کے ساتھ حصہ لیئے ہوئے تھے ڈاکٹر صاحب ان معاملات سے یکسو تھے ایکروز ڈاکٹر صاحب سے کہا کہ آپ اس تحریک میں حصہ کیوں نہیں لیتے ڈاکٹر

Marfat.com

صاحب نے میرا نام لے دیا کہ وہ شریک نہیں اسلئے میں کوئی حصہ نہیں لے سکتا۔ یہ سنکر بولے کہ میں اسکو تو پانچ منٹ میں اپنے ساتھ کرلونگا دیکھیں کیسے شریک نہیں ہوتے مجکو تھانہ بھون لیچلو میں گفتگو کرونگا ڈاکٹر صاحب نے یہ واقعہ مجھسے بیان کیا کہ میرے بھائی ایسا کہتے ہیں اگر اجازت ہو ساتھ لیکر آؤں میں نے لکھدیا کہ ضرور لاؤ ایسے آدمی کی ضرورت ہے جو اسقدر ذہین ہو مجھے خود ان سے ملاقات کا اشتیاق ہو گیا اسلئے کہ ایسا ذہین آدمی کہاں ملتا ہے۔ میں سچ عرض کرتا ہوں کہ میری ہمیشہ یہ نیت رہی اور ہے کہ مسلمان تو بڑی چیز ہیں اگر مجھکو بھنگی کا بچہ بھی سمجھا دے میں مان لونگا خدانخواستہ کوئی ضد یا ہٹ تھوڑا ہی ہے۔ ہاں اسی کے ساتھ یہ بھی نیت رہی کہ بدون مسئلے کو سمجھے ہوئے ایک انچ بھی قدم نہ اٹھاؤنگا۔ دوسرے یہ ہے کہ مصالح وغیرہ کو شریعت مقدسہ پر مقدم نہیں کرسکتا یہ میرا فطری امر ہے میں اسمیں مجبور ہوں مجھسے مصالح پرستی نہیں ہوسکتی مصالح تو یہانپر پیس دئے جاتے ہیں میں تو کہا کرتا ہوں کہ مصالحوں کو سل پر خوب پیسا جائے جتنا پیسا جائیگا اتنا ہی سالن لذیذ ہوگا۔ فرمایا کہ مصالح پر یاد آیا جان سے بڑھکر تو کوئی مصالح نہ ہونگے جس زمانہ میں تحریک خلافت کا شباب تھا شورش پسند طبیعتیں جوش میں بھڑک رہی تھیں چہار طرف ایک آگ لگی ہوئی تھی یہانتک نوبت آگئی تھی کہ علاوہ برا بھلا کہنے اور لعن طعن اور ہر قسم کے بہتان والزامات لگانے کی دھمکی کے خطوط میرے پاس آئے کہ یا تو شریک ہو جاؤ ورنہ قتل کر دئے جاؤ گے اسوقت غایت شفقت اور محبت کی بناء پر حضرت مولانا خلیل احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ایک خاص اور معتمد شخص کی زبانی کہلا کر بھیجا کہ یہ وقت خطرہ کا ہے اگر بظاہر تھوڑی سی شرکت کرلو تو گنجائش ہے۔ میں نے کہلا بھیجا کہ یہ آپکی محبت اور شفقت کا اقتضاء ہے مگر سب سے بڑا خطرہ جان کا چلا جانا ہے سو اسکے لئے میں اپنے نفس کو تیار پاتا ہوں لیکن اسپر آمادہ نہیں ہوں کہ بلا سمجھے شرکت کرلوں اور نہ اسپر قدرت ہے کہ بظاہر تو شرکت کروں اور باطن میں الگ رہوں اسکو میں منافقت سمجھتا ہوں۔ اور بحمد اللہ اسوقت تک ہر خطرہ سے محفوظ آپکے سامنے زندہ اور صحیح سلامت موجود ہوں لڑکیوں کا کھیل بنا رکھا ہے۔

Marfat.com

یہ دین ہے کہ یا تو وہ کرو جو ہم کریں ورنہ قتل کر دئے جاؤ گے۔ اسی زمانہ میں میں جنگل معمول کے موافق صبح کو گیا ایک ہندو راجپوت بڈھا تھانہ بھون ہی کا رہنے والا ملا۔ بستی کے ہندو بھی جو پرانے خیال کے اور پرانے عمر کے ہیں محبت کرتے ہیں کہنے لگا مولوی جی کچھ خبر بھی ہے تمہارے واسطے کیا تجویزیں ہو رہی ہیں۔ تنہا اس طرح جنگل میں مت آیا کرو۔ میں نے کہا کہ چودھری مجکو اسکی بھی خبر ہے اور ایک بات کی اور بھی خبر ہے جسکی تمکو خبر نہیں۔ کہنے لگا کہ جی وہ کیا ہے۔ میں نے کہا کہ بدون اسکے حکم کے کوئی کچھ نہیں کر سکتا۔ وہ تھا تو ہندو مگر یہ سُنکر اسقدر اسپر اثر ہوا جوش میں آکر کہنے لگا کہ مولوی جی تم جہاں چاہے پھرو تمہیں کچھ جوکھم (خطرہ) نہیں ایسے آدمی کیلئے گھر جنگل پہاڑ سب ایک ہی سے ہیں۔ غرضکہ ڈاکٹر صاحب اپنے بھائی کو ہمراہ لیکر یہاں پر آئے پہلی ملاقات تھی مگر نہایت بے تکلفی سے گفتگو شروع کی گفتگو کرنے پر معلوم ہوا کہ آدمی سمجھدار تھے مگر غلطی میں مبتلا تھے کہنے لگے کہ میں بلا تمہید عرض کرتا ہوں کہ آپ اس تحریک میں شریک کیوں نہیں۔ میں نے کہا کہ میں بھی بلا تمہید عرض کرتا ہوں کہ جو کام اسوقت اٹھا ہے اسمیں ضرورت ہے اتفاق کی حدوثاً بھی بقاءً بھی اور اول تو مجکو حدوث اتفاق ہی میں کلام ہے لیکن علی سبیل التنزل اگر مان بھی لیا جاوے تو بقا کا کون ذمہ دار ہے اسلئے کہ بقاء کے لئے ارادت کافی نہیں قہر و قوت کی ضرورت ہے اور وہ قوت امیر المومنین ہے اور اسوقت مسلمانوں کا کوئی امیر یا سردار نہیں جو انکی قوت کو ایک مرکز پر جمع رکھ سکے جو روح ہے اس کام کے کرنے کی تو خلاصہ شرط کا یہ ٹھہرا کہ مسلمانوں کا کوئی امیر المومنین ہو سب سے بڑا اور اہم مسئلہ یہ ہے سو اسکی کیا صورت ہے کہنے لگے کہ ہم آپ ہی کو امیر المومنین بناتے ہیں میں نے کہا کہ میں امیر المومنین بننے کو تیار ہوں مگر اسمیں کچھ شرائط ہیں میں نے ان شرائط کی تقریر کی جسکا حاصل یہ ہے کہ اول شرط یہ ہے کہ تمام ہندوستان کے مسلمان اپنا تمام مال اور جائداد میرے نام ہبہ کر دیں میں بھیگ مانگنے والا امیر المومنین نہیں بنونگا۔ اور مانگنے کی بھی کوئی حد ہے کوئی ایک دفعہ دیگا دو دفعہ دیگا تین دفعہ دیگا بالآخر اکتا جائیگا کہانتک تو رات دن کا یہی قصہ ہے۔ دوسرے ایسے کام چندوں سے نہیں چلا کرتے چندوں سے جن کے

کام چلے ہیں اُنکے مال اُنکی جان اُنکی آبرو اُنکے بیوی بچے سب خدا کی راہ پر اپنے کو قربان کرنے کیلئے ہر وقت تیار رہتے تھے اور اصل مقصد میں سب متحد تھے خلوص سے ان کے قلوب پُر تھے اُنکی کیا کوئی ہمسری کا دعوی کرسکتا ہے اور اسکا کوئی وقت مقرر نہیں کہ کب تک یہ ضرورت ہے اور یہ میں جو کچھ عرض کررہا ہوں تجربات کی بناء پر اس لئے کہ آجکل چندوں کی اسقدر بھرمار ہے کہ لوگ دیتے دیتے اکتا گئے تیسری یہ بات ہے کہ اگر کوئی ضرورت صرف کی فوری پیش آگئی اور پلے ہے نہیں اب اگر تم وقت پر اپنے موقع پر نہ پہونچی تو کیا ہوگا سوائے اسکے کہ ناکامیابی ہو اور کیا نتیجہ نکل سکتا ہے مثلاً ضرورت تو ہے آج اور آپ کھڑے ہوئے چندہ کو پھر اسمیں بھی یہ ضرور تھوڑا ہی ہے کہ فوری کامیابی ہوجاوے یہ بھی تو احتمال ہے کہ کامیابی نہ ہو تو ایک یقینی ضرورت کو احتمالی بات پر معلق کردینا یہ کونسی عقلمندی کی بات ہے اب بتلایئے کہ اُسوقت چندہ کی فکر کیجئیگا یا کام کی تو پہلے اسکا انتظام کیا جائے۔ اب سنئے کہ میں اُس سرمائے سے جو میرے نام ہبہ ہوگا سامان جمع کرونگا اور یہ میں وعدہ کرتا ہوں کہ ہبہ کے بعد ہبہ کرنے والوں میں سے کسی کو تکلیف نہ ہونے دونگا سب کو حسب حیثیت اور مذاق انشاء اللہ تعالیٰ خرچ دونگا اور یہ بھی اطمینان دلاتا ہوں اور اگر اطمینان نہو تو تحریر مجھسے لکھالی جائے کہ بعد انفراغ اور کامیابی کے بجنسہ سب کی جائداد وغیرہ واپس کردونگا رکھونگا نہیں۔ دوسری شرط یہ ہے کہ ہندوستان کے تمام مشاہیر علماء اور لیڈروں کے دستخط کراؤ کہ وہ مجھکو امیر المؤمنین تسلیم کرلیں اگر بلا اختلاف سب نے تسلیم کرلیا تو میں امیر المؤمنین ہونگا اگر ایک نے بھی اختلاف کیا تو میں امیر المؤمنین نہیں ہوسکتا اسلئے کہ اختلاف کی صورت میں امیر امیر نہیں ہوسکتا ہاں اگر تسلیم کے بعد پھر کوئی اختلاف یا خلاف کرے تو امیر کو حق ہے کہ وہ اپنی قوت سے ایسے لوگوں کو دبائے اور ٹھیک کرے قبل از تسلیم حق نہیں کہ اُسکو دبایا جائے۔ اب یہ کام کرادیجئے۔ ایک یہ کام کرادیجئے۔ اب سنئے کہ امیر المؤمنین ہونے کے بعد سب سے اول جو حکم دونگا وہ یہ ہوگا کہ دس سال تک کیلئے سب خاموش ہر قسم کی تحریک اور ہر قسم کا شور و غل بند۔ اس دس سال میں انتظام کرونگا مسلمانوں کو مسلمان بنانیکے اور انکی اصلاح

Marfat.com

کیلئے باقاعدہ انتظام ہوگا۔ غرضکہ مکمل انتظام کے بعد جو مناسب ہوگا حکم دونگا عملی صورت یہ ہے کام کرنے کی اور محض کاغذی امیر المومنین بنانا چاہتے ہو تو اسکا نتیجہ یہ ہوگا کہ آج امیر المومنین ہونگا کل کو اسیر الکافرین ہونگا آج سردار ہونگا کل کو سردار ہونگا۔ یہ تقریر سنکر انکی تو سب ذہانت ختم ہوگئی اور یہی مقصود تھا اس تقریر سے کہ انکو اپنے خیالی منصوبوں کی حقیقت معلوم ہوجاوے ورنہ امیر المومنین کون بنتا ہے اور کون بناتا ہے یہ تقریر بھی ایک علمی ناول تھا جسمیں فرضیات سے مفید سبق دیا جاتا ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ ہر کام اصول سے ہوسکتا ہے بے اصول تو گھر کا بھی انتظام نہیں ہوسکتا ملک کا تو کیا خاک انتظام ہوگا یہ ہیں وہ اصولی باتیں جن پر مجھکو برا بھلا کہا جاتا ہے اور قسم قسم کے الزامات و بہتان میرے سر تھوپے جاتے ہیں اور لوگ مجھسے خفا ہیں اور وجہ خفا ہونیکی صرف یہ ہے کہ میں کہتا ہوں کہ اصول کے ماتحت کام کرو جوش سے کام مت لو ہوش سے کام لو جوش کا انجام خراب نکلے گا حدود شرعیہ کی حفاظت رکھو وہ ان باتوں کو اپنے مقاصد میں روڑا اٹکانا سمجھتے ہیں میں کہتا ہوں کہ اگر دین نہ رہا اور احکام اسلام کو پامال کرنے کے بعد کوئی کام بھی کیا تو وہ کام پھر دین کا نہ ہوگا۔ کیا یہ دین کی خیر خواہی اور ہمدردی کھلائی جاسکتی ہے۔ اے صاحبو آج سے پہلے بھی تو اسلام اور مسلمانوں پر اس سے بڑے بڑے حوادث پیش آئے ہیں کہ اسوقت اُسکا عشر عشیر بھی نہیں مگر انھوں نے اُس حالت میں بھی اصول اسلام اور احکام اسلام کو نہیں چھوڑا سلف کے کارناموں کو پیش نظر رکھکر کچھ تو غیرت آنا چاہیے تم تو معمولی معمولی باتوں میں احکام اسلام کو ترک کرنے پر آمادہ ہوجاتے ہو۔ وہ حضرات عین قتال کے وقت میں بھی حُدود کی حفاظت اور رعایت فرماتے تھے جس پر آج ہمکو فخر ہے اب تم ہی فیصلہ کرلو کہ وہ تھے خیر خواہ اسلام ہمدرد اسلام جانباز اسلام یا تم۔ تحریک خلافت کے زمانہ میں صاف الفاظ میں یہ کہا جاتا تھا کہ یہ مسائل کا وقت نہیں کام کرنیکا وقت ہے۔ ایک مولوی ...... صاحب نے جو تحریکات میں نہایت جوش اور سرگرمی کے ساتھ کام کر رہے تھے مجھسے خود بیان کیا کہ ہمکو وہ کام کرنے پڑے ہیں اس تحریک میں کہ اگر علماء کو معلوم ہوجائیں تو ہمپر کفر کا فتویٰ دیدیں۔ یہ تو حالت ہے اور اسپر دعویٰ

دین کی خدمت کا۔ خود ان خرافات اور بیہودگیوں کا اقرار ہے اور پھر ایسے معاملات میں کہ جنکو خود بھی شرک اور کفر تک سمجھتے ہیں دوسرونکو شرکت کی دعوت دیجاتی ہے کہ تم بھی ہم جیسے بنجاؤ۔ اس موقع پر یہ مقولہ صادق آتا ہے ہم تو ڈوبے ہیں مگر تجھکو بھی لے ڈوبیں گے۔ یہ تو علماء کی حالت ہے جو ان تحریکات میں حصہ لے رہے ہیں۔ باقی عوام اور لیڈروں کی حالت کا اسی سے اندازہ کر لیا جائے کہ وہ کیا کرتے ہونگے۔ اب جو ان باتوں پر تنبیہ کرے یا خاموش اور علیحدہ رہکر ان خرافات کی شرکت سے اپنے دین و ایمان کی حفاظت کرے اُسپر لعن طعن سب وشتم کیا جاتا ہے۔ یہ سب خرابیاں امیر عادل نہ ہونے کی وجہ سے ہیں اگر امیر عادل ہو وہ ان خرافات کا انسداد کر سکتا ہے وہی حدود کی رعایت کرا سکتا ہے۔ غرض اصل چیز رعایت ہے حدود کی پھر اگر اسمیں کامیابی نہ ہو تو صبر کریں۔ اجی جان دینا تو مشکل نہیں مگر یہ تو اطمینان ہو کہ اپنے مصرف پر گئی جان بھی کمبخت دی اور خلجان مول لیا کہ جس کام کیلئے جان دی ہے وہ دین ہے یا نہیں یونہی میٹھے بٹھلائے جا کر جان دیدینا کونسی انسانیت ہے۔ اگر کوئی وقت آگیا جان دینے کا اور صحیح مصرف بھی ہوا تو سب سے پہلے یہ مدعیان خیر خواہی قوم اور ہمدردان اسلام ہی دُم دبا کر بھاگتے نظر آئیں گے جسوقت حضرت مولانا دیوبندیؒ مالٹے سے دیوبند تشریف لائے تو میں حضرت کی زیارت کیلئے دیوبند حاضر ہوا تھا وہاں پر ایک صاحب اس قسم کی گفتگو کرنے لگے اور یہ کہا کہ آپکو تو معلوم ہے پہلے آپ کے بزرگ بھی تو کھڑے ہوئے تھے۔ میں نے کہا مجھکو یہ بھی خبر ہے کہ کھڑے ہوئے تھے اور اسکی بھی خبر ہے کہ بیٹھ بھی گئے تھے۔ اور آخر تک بیٹھے ہی رہے اب بتلاؤ کہ اپنے بزرگوں کے متبع ہم ہوئے یا تم اسلئے کہ تم منسوخ پر عمل کر رہے ہو اور ہمارا عمل ناسخ پر ہے پھر کچھ نہیں بولے خدا معلوم کیا سمجھ رکھا ہے جن وجوہ اور اسباب کی بناء پر بیٹھ جانے کو ترجیح دی تھی وہی اسباب اب بھی موجود ہیں بلکہ اُس سے زیادہ ابتری اور کمزوری نظر آرہی ہے اگر ذرا غور اور فکر سے کام لیں تو اُسوقت اور اسوقت کی حالت کا تفاوت مشاہد ہو سکتا ہے کوئی باریک یا غامض بات نہیں جسمیں اختلاف کی گنجائش ہو اور یوں تو ہر بات کا جواب ہو سکتا ہے مگر دیکھنا یہ ہے کہ

Marfat.com

وہ جواب مقبول ہے یا مردود اسلئے کہ شیطان نے بھی اللہ میاں کو جواب دیا تھا اُسپر جو حشر اُسکا ہوا کسی سے مخفی نہیں۔ اور عوام کے بھروسہ جبکہ اُن میں دین بھی پورا نہو کسی ایسے کام میں ہاتھ ڈالنا نہایت خطرناک بات ہے اور یہ خطرہ دنیا ہی کیلئے نہیں بلکہ اسکا اثر دین پر بھی ہوگا اور یہ نہایت قوی اندیشہ ہے خصوص اس حالت کے مضر ہونے میں تو کوئی کلام ہی نہیں ہو سکتا جبکہ دوسروں کے کندھے پر بندوق چلائی جارہی ہو جیسا صاف کہتے ہیں کہ بدون برادران وطن (ہندوؤں) کی شرکت کے ہم کچھ نہیں کرسکتے ایسی قوت کے بھروسہ کہ جس سے کسی وقت بھی اسلامی خیر خواہی اور ہمدردی کی امید نہیں کام کرنا کہاں تک عقلمندی کہلائی جا سکتی ہے نہ شرعاً نہ عقلاً اسکو کوئی ناصح تسلیم کر سکتا ہے۔ ہزارہا واقعات شب و روز مشاہد ہو رہے ہیں کہ وہ کسی طرح بھی اور کسی وقت میں اسلام اور مسلمانوں کے خیر خواہ نہیں ہو سکتے خدا معلوم ان مشاہدات کو کس بناء پر نظر انداز کیا جارہا ہے۔ اور جو اصل چیز ہے کہ مسلمانوں میں دین پیدا ہوا نکی قوت ایک مرکز پر جمع ہو انکا کوئی امیر ہو اسکا کہیں نام و نشان بھی نہیں بھیڑ اچال ہے جس طرف کو ایک چلدی سب اسی طرف کو چلدیتی ہیں میں بقسم عرض کرتا ہوں اور خدا کی ذات پر بھروسہ کرکے کہتا ہوں کہ اگر مسلمان مضبوطی کے ساتھ اپنے دین کے پابند ہو جائیں اور تمام آپس کے مناقشات کو ختم کرکے متحد ہو جائیں اور اپنی قوت کو ایک مرکز پر جمع کرلیں اور جسکو اپنا خیر خواہ سمجھکر بڑا بنائیں اُسکے کہنے اور مشوروں پر عمل کریں اُس کی اتباع سے سر مو اعراض نہ کریں تو پھر انکو نہ کسی کی شرکت کی ضرورت نہ انکو کسی سے خوف کی ضرورت اور نہ انکا کوئی کچھ بگاڑ سکتا ہے ہر کام طریقہ اور اصول سے ہوتا ہے معمولی معمولی باتوں میں بغیر اصول پر عمل کئے آدمی ناکامیاب رہتا ہے یہ اتنا بڑا کام اور اسکا کوئی اصول نہ ہو سخت حیرت ہے ہمارا تو ہستی اور وجود ہی کیا ہے صحابہ کرام جنکی مقبولیت اور فراست و عقل تمام دنیا کو تسلیم ہے اور بڑے بڑے عقلاء اسپر متفق ہیں اُنھوں نے بھی ساری عمر یہ کام کئے مگر اصول اور حدود کو ہاتھوں سے نہیں چھوڑا یہی راز انکی کامیابی کا ہے یہ تو ہر شخص کی زبان پر ہے کہ اُنکو کامیابیاں

ہوئیں انکی نصرت ہوئی وہ تمام عالم پر بے سروسامانی کی حالت میں غالب آئے مگر اسی کے ساتھ یہ بھی تو دیکھنا چاہیئے کہ اُنکا طریق کار کیا تھا اُن کا اس جدو جہد سے کیا مقصود تھا اُن کی نیت کیا تھی اُن کے اعمال کیسے تھے وہ آپسمیں ایک دوسرے کے ساتھ کیا برتاؤ کرتے تھے وہ احکام اسلام پر کسدرجہ عامل تھے اُن کے قلوب میں اسلام اور احکام اسلام کی کس قدر عظمت اور محبت تھی ثمرات پر تو نظر ہے اسباب ثمرات پر بھی تو نظر ہونا چاہیے اور اُسپر اپنی حالت کو منطبق کرنا چاہیئے کھوٹے کھرے کا فرق بسہولت معلوم ہو جائیگا اور یہ بھی معلوم ہو جائیگا کہ ہم اُن کامیابیوں اور نصرتوں کے مستحق ہیں یا نہیں۔ نرے دعوے اور زبانی باتیں ہانکنے سے کہیں کام چلا کرتا ہے کام تو کام کرنے سے ہوا کرتا ہے میرا معمول ہے کہ مجھے جب کوئی اس قسم کا مشورہ دیتا ہے کہ یہ کرنا چاہیئے اور یہ ہونا چاہیئے میں جواب میں ایسا طریقہ تبلا دیتا ہوں کہ اُسمیں اُن حضرت کو بھی کچھ کرنا پڑے اور خود بھی شرکت کا وعدہ کر لیتا ہوں باوجود میرے وعدۂ شرکت کے کسی کو بھی آمادہ نہیں دیکھا دوسروں ہی کو چاہتے ہیں کہ سب یہ ہی کریں ہمیں کچھ نہ کرنا پڑے بطور مزاح فرمایا کہ پھر تو وہ اسکے مستحق ہو جاتے ہیں کہ اُنکو یہ کہا جائے آمادہ (یعنی اے مادہ آجا) سب ترکی ختم ہو جاتی ہے۔ ان لوگوں کی حالت بالکل اسکی مصداق ہے جیسے دو دوستوں کا ایک ساتھ سفر ہوا اول منزل طے ہونیکے بعد کسی مقام پر قیام کیا وہاں پر کھانا پکانے کی تجویز ہوئی ایک بولا کہ بھائی میں تو بازار سے سودا لاتا ہوں تم جنگل سے لکڑیاں چُن لاؤ دوسرا کہتا ہے کہ دوست تمکو معلوم ہے کہ میں سفر کی وجہ سے تھکا ماندہ ہوں مجھسے یہ کام انجام نہیں دیا جا سکتا وہ بیچارا بازار سے سودا بھی لے آیا۔ اور جنگل سے لکڑیاں بھی چُن لایا۔ پھر اُس نے کہا کہ یہ کام تو ہوگیا اب تم آگ جلاؤ اور میں آٹا گوندھتا ہوں کہا کہ اتنی ہمت کہاں ہے بہت ہی خستہ حالت ہے اُس نے یہ دونوں کام بھی انجام دیئے پھر اُس نے کہا کہ بھائی میں روٹی پکاتا ہوں تم آگ جلاتے رہنا اور روٹی سینکتے رہنا کہا کہ بیٹھنا موت ہے سفر کی تکان سے ٹانگیں چور ہو رہی ہیں اُس نے روٹی بھی پکالی پھر اُس نے کہا کہ لو بھائی آ کر کھا تو لو تو کہتا ہے کہ بہت دیر سے

Marfat.com

دوست کے کہنے کی مخالفت کر رہا ہوں آخر کہاں تک مخالفت کروں شرم معلوم ہوتی ہے۔ دوست کہیگا کہ کسی بات میں بھی کہنا نہیں مانا لاؤ کھاتو یوں ہی یہی حالت ان مشورہ دینے والوں کی ہے پکی پکائی چاہتے ہیں کہ ملجائے ہمیں کچھ نہ کرنا پڑے۔ میں پوچھتا ہوں کہ جو سلف کے کارنامونکو پیش کر کے دوسروں کو ترغیب دیتے ہیں کیا اُن کی یہی حالت تھی جو تمہاری ہے کہ ہر کام سے خود تو جان بچاتے ہیں اور دوسرونکو پھانسنے کی فکر کرتے ہیں (یعنی عوام کو پھانس کر لیڈر خود مزے کرتے ہیں) اُنکی تو یہ حالت تھی کہ کام تو ہے کیا بلا ایک سے پہلے دوسرا اپنی جان دینے کو تیار رہتا تھا منجملہ اور وجوہ کے ایک یہ بھی وجہ ہے کہ میں ایسے کاموں میں شرکت نہیں کرتا کہ ایسے کاموں کا تعلق دوسروں سے ہوتا ہے اور یہ تجربہ سے معلوم ہوگیا ہے کہ کسی دوسرے کے بھروسہ کوئی کام کیا جائے کبھی انجام کو نہیں پہونچ سکتا یہ تو بہت بڑا کام ہے رات دن کے معاملات میں دیکھا جا رہا ہے معمولی معمولی کاموں میں لوگ اسقدر پریشان کرتے ہیں کہ اگر کسی کو کوئی کام سپرد کر دیا جاتا ہے تو آئندہ توبہ ہی کرنی پڑتی ہے یہ تو اسکے مصداق ہیں کسی نے خوب کہا ہے ؎

نہ خنجر اٹھے گا نہ تلوار اُن سے　　　یہ بازو مرے آزمائے ہوئے ہیں

البتہ دو کاموں کے خوب ہیں ایک تو جو بات گاندھی کے منہ سے نکل جائے اُسکو قرآن و حدیث میں ٹھونسنا اور اُسپر منطبق کرنا دوسرا یہ کہ جہاں کوئی بات ہوئی لاؤ چندہ ان دونوں چیزوں میں کمال حاصل کر لیا ہے دیکھ لیجئے اتنا زمانہ گذر گیا گاندھی نے کسی نئی بات کا اعلان نہیں کیا سب خاموش ہیں۔ اب وہ کسی نئی اسکیم کی فکر میں ہوگا۔ جستجو کر رہا ہوگا تو جہاں اُس نے کسی چیز کا اعلان کیا پھر دیکھنا قرآن و حدیث میں بھی وہ چیز نظر آنے لگے گی اور کوئی چیز بھی تو اس تمام تحریک کی ایسی نہیں جو کسی مسلمان لیڈر یا علماء کی تجویز کردہ ہو دیکھ لیجئے۔ اول ہوم رول گاندھی کی تجویز بائیکاٹ اُس کی تجویز کھدر اُسکی تجویز خلافت کا مسئلہ اُسکی تجویز ہجرت کا سبق اُسکی تجویز غرضکہ جملہ تحریکات میں جسقدر اجزاء ہیں سب اُسکی تجویزات ہیں اُنکا صرف یہ کام ہے کہ جو اُس نے کہا لبیک کہکر ساتھ ہو لیئے کچھ تو غیرت آنا چاہئے ایسے بدفہموں نے اسلام اور

مسلمانوں کو بدنام کیا سخت صدمہ اور افسوس ہے پھر غضب یہ ہے کہ اس کو قرآن وحدیث سے ثابت کرنے کی کوشش کیجاتی ہے اور اسکو فرض واجب سے تعبیر کیا جاتا ہے اس سے علیحدہ رہنے والیکو گمراہ اور مرتکب کبائر کا سمجھتے ہیں۔ خدا معلوم لکھ پڑھ کر کہاں ڈبو دیا گاندھی کے اقوال کا انطباق قرآن وحدیث پر ایسا ہی ہے جیسے ایک گاؤں میں بوجھ بجکڑ رہتا تھا اتفاق سے اس گاؤں کے رہنے والوں میں سے ایک شخص کھجور کے درخت پر چڑھ گیا۔ چڑھ تو گیا تھا مگر اترا نہ گیا تمام گاؤں جمع ہو گیا مگر کسی کے کوئی تدبیر ذہن میں نہ آئی کہ اسکے اتر آنے کی درخت سے تدبیر ہے کیا۔ بالآخر بوجھ بجکڑ بلائے گئے آکر درخت کے پاس کھڑے ہوئے کبھی اوپر کو دیکھتے ہیں اور کبھی نیچے کو سوچ ساچ کر بولے کہ رسی لاؤ۔ رسی لائی گئی کہا کہ اس میں گرہ لگا کر پھندا لگاؤ اور اسکو توت کے ساتھ اوپر پھینکو اور اس شخص سے کہا کہ اسکو پکڑ کر پھندہ کمر میں ڈال لے غرضکہ رسا پھینکا گیا اس نے پکڑ کر کمر میں ڈال لیا اب نیچے والوں سے کہا کہ زور سے جھٹکا مارو انھوں نے زور سے جھٹکا لگایا وہ پٹ سے نیچے آپڑا ہڈی پسلی ٹوٹ گئیں بھیجا نکل کر دور جاپڑا ختم ہو گیا لوگوں نے بوجھ بجکڑ سے دریافت کیا کہ یہ کیسی تدبیر تھی یہ تو مر گیا بوجھ بجکڑ جواب میں کہتے ہیں کہ مر گیا تو میں کیا کروں اسکی قسمت۔ میں نے تو سینکڑوں آدمی اسی صورت سے رسی کے ذریعہ کنوئیں سے نکلوا لیئے ہیں تو جیسے اس بوجھ بجکڑ نے قیاس کیا کنوئیں پر کھجور کے درخت کو ایسا ہی انطباق اور استدلال آجکل کیا جا رہا ہے اسی استدلال کی بدولت (مشاہدہ ہے) موپلوں کی قوم کو تباہ و برباد کرا دیا ان لیڈروں اور انکے ہم خیال مولویوں نے لیکچر دیے عربی النسل تھے جوش پیدا ہو گیا بھڑک اٹھے پھر جو کچھ انکا حشر ہوا سبکو معلوم ہے پھر ایک لیڈر بھی وہاں نظر نہ آیا کسی نے بھی انکی امداد نہ کی چاہتے یہ ہیں کہ ہمتو کرسی صدارت پر بیٹھے رہیں اور لوگ جانیں دیتے رہیں یہ انجام ہوتا ہے بے اصول کاموں کا کہ موپلوں کی قوم تباہ و برباد ہو گئی۔ بجائے ترقی کے پستی کی طرف پہونچ گئے بالکل وہی صورت ہے کہ کھجور کے درخت سے زمین پر لایا گیا بلندی سے پستی کی طرف آیا انجام

ہلاکت ہوا تو یہ جسقدر من گھڑت تدابیر نصوص کے خلاف ہیں انکا درجہ بھی اُس بوجھ بکھرڑکی تدابیر سے کم نہیں جو انجام وہاں ہوا وہی یہاں ہوگا کہ بلندی سے پستی کیطرف آؤگے۔ کروا اصول کے خلاف مت کرو حدود شرعیہ کا تحفظ لگاؤ ایڑی چوٹی تک کا زور والله ثم والله ثم والله ایک انچ بھی تو آگے نہیں چلسکتے کر کے دیکھ لو اور یہی دیکھ لو کہ کسی نتیجہ پر پہونچتے ہو یا نہیں مسلمانوں کی فلاح اور انکی بہبودی تدابیر منصوصہ ہی میں ہے یہ بالکل ایسی ہی بات ہے جیسے بعض لوگ دعاء ماثور کو چھوڑ کر اور طریق دعاء کا اختیار کرتے ہیں ظاہر ہے کہ اگر یہ طریق مقبول اور پسندیدہ خدا اور رسول کا ہوتا تو وہ بھی تو تعلیم کر دیا جاتا جب نہیں کیا گیا اس سے معلوم ہوا کہ یہ طریق مقبول اور پسندیدہ نہیں اور اسی سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ غیر مقبول میں خیر اور برکت کہاں بے برکتی بھی مشاہد ہے اور بے برکتی کے اسباب میں سے یہ بھی ہے کہ یہ اُس شخص کی تعلیمات اور تجویزات ہیں جو توحید اور رسالت کا منکر اسلام اور مسلمانوں کا دشمن رئیس المشرکین والکافرین یہ سب اُسکا سبق پڑھایا ہوا ہے۔

تحریک خلافت کے زمانہ میں ہجرت کا رزولیوشن پاس کر دیا اسی پر مسلمان لبیک کہکر کھڑے ہوگئے ہزاروں مسلمانوں کو بے خانماں کرا دیا اُسکا جو مسلمانوں کی ذات پر اثر ہوا اور ناقابل برداشت نقصان پہونچا وہ سبکو معلوم پھر ملازمتیں ترک کرنے کی تعلیم دی گئی جنکی مٹیں ماری گئیں تھیں وہ چھوڑ بیٹھے مسلمانوں نے تو چھوڑیں اور ہندؤں نے اُن جگہوں کو پُر کیا بہت سے تو اب تک جوتیاں چٹخاتے پھرتے ہیں۔ بعض کے خطوط آتے ہیں لکھتے ہیں کہ اُسوقت یہ حماقت ہوگئی تھی اب تک بے روزگاری ہے سخت پریشانی ہے یہ ہیں بے اصول کاموں کے انجام اگر کوئی اصول ہوتا یا کوئی مرکز ہوتا تو ان لوگوں کو کیوں پریشانی ہوتی اور کیوں بددل ہوتے غرضکہ قدم قدم پر ناکامی اور ذلت گلوگیر ہو رہی ہے مگر پھر بھی آنکھیں نہیں کھلتیں جو سوجھتی ہے نئی سوجھتی ہے۔ یہ سب مشرک کی تعلیم پر عمل کرنیکے ثمرات ہیں اگر مسلمان تنہا اصول کے ماتحت حدود شرعیہ کا تحفظ کرتے ہوئے اور کسی کو اپنا بڑا بنا کر کام کریں اپنی مالی

Marfat.com

اور جانی قوت کو ایک مرکز پر جمع کرلیں پھر کسی کو بھی اختلاف نہ ہوگا مسلمانوں کے جو مقاصد شرعیہ یا اپنی بہبودی دنیا و دین کے لئے مطالبات ہیں مجھکو ان سے اختلاف نہیں اور نہ کوئی مسلمان اختلاف کرسکتا ہے۔ وہ تو سب ہی کو مطلوب ہیں مجھکو جو اختلاف ہے وہ طریق کار سے ہے۔ حدود شرعیہ کا قطعاً تحفظ نہیں سردار یا امیر کوئی نہیں اختلاف اور خلاف کی یہ حالت ہے کہ پارٹی بندیاں ہورہی ہیں کہ علماء؎ ایک طرف کو چلے جارہے ہیں لیڈر ایک طرف چلے جارہے ہیں عوام کی یہ حالت ہے کہ جس نے مرضی کے موافق فتویٰ دیدیا یا کوئی عالم یا لیڈر انکی ساتھ ہو لیا اسمیں سب کمالات ہیں اسکو عرش پر پہونچا دیں گے اگر کسی نے مرضی کے خلاف کوئی بات کی تو تحت الثریٰ میں اسکو جگہ ملنا مشکل غرضکہ ایک گڑبڑ ہے اور یہ طریقہ کار جو موجود ہے یہ تو سراسر اسلام اور شریعت سب کے خلاف ہے اس کو اسلام اور مسلمانوں سے کیا تعلق مثلاً کانگریس کی شرکت جو خالص مذہبی یا سیاسی ہندوؤں کی تحریک ہے جسکا مقصد اسلام اور مسلمانوں کو تباہ و برباد کرنا ہے اور مسلمانوں کو ہندوستان سے نکالدینا اُس کا ایک خاص فرض منصبی ہے یہ سب بالشویک خیالات کے لوگ ہیں بالشویک نے جیسا کچھ اسلام اور مسلمانوں کو تباہ اور برباد کیا مدارس دینیہ و مساجد کو خراب کیا وہ ساری دنیا کو معلوم ہے تو حضرت یہ سوراج سوراج ہانکتے پھرتے ہیں اگر خدانخواستہ اسمیں کامیابی بھی ہوگئی تو ہندوستان ایک خونی مرکز بنجائیگا۔ برادران وطن اپنی رکیک حرکتوں سے باز نہ آئیں گے مسلمانوں میں اشتعال اور جوش ہوگا روزانہ قتال و جدال رہیگا شر کی ابتدا مسلمان کبھی نہیں کرتے یہ تو ہونے پر بھی بعید درگذر کرتے ہیں مگر جب سر پر سے پانی گذرنے لگتا ہے تب بیشک یہ بھی ہاتھ پیر ہلاتے ہیں اسوقت چہار طرف سے غل مچایا جاتا ہے کہ یہ وحشیانہ حرکت ہے۔ اور قومیں یہ ہی حرکت کریں تو مہذبانہ حرکت ہے کیا انصاف ہے اور کیا سمجھ ہے حاصل یہ ہے کہ مسلمانوں کا کانگریس

؎ یہ ملفوظ آج سے ستائیس سال پہلے کا ہے جب علماء کی اکثریت ایک طرف کو چلتی تھی۔ لیکن آج ۔ عالم ہو یا لیڈر۔ ہر ہر فرد کا راستہ الگ الگ ہے۔ فالی اللہ المشتکی ۔ ۱۲

Marfat.com

میں شرکت کرنا ہندوؤں کے ساتھ ملکر یا اُن کو ساتھ ملاکر کام کرنا یہ اسلام اور مسلمانوں کیلئے نہایت خطرناک بات ہے اور اس طریق کار کو کسطرح مقاصد شرعیہ کہا جاسکتا ہے وہ اس اڑے وقت میں بھی مسلمانوں کی کسی قسم کی مراعات نہیں کرتے ان کے مذہبی شعار کو ہندوستان میں باقی چھوڑنا نہیں چاہتے آئے دن کے واقعات اس کے شاہد ہیں کانپور اور کشمیر وغیرہ کے واقعات آنکھوں کے سامنے موجود ہیں اب اگر اسپر بھی کسی کی سمجھ میں نہ آئے اسکا کیا علاج ایک صاحب مجھسے کہتے تھے وہ دفتر میں ملازم ہیں کہ ہندوؤں کی بدولت ہر محکمہ اور دفاتر میں مسلمانوں کو جن مشکلات کا سامنا ہے وہ بیچارے لیڈروں یا اُن کے ہم خیال مولویوں کو کیا معلوم جن پر پڑ رہی ہے وہی خوب جانتے ہیں غرضکہ یہ مسلمانوں کی جان مال ایمان سب کے دشمن ہیں اور انہیں کو اپنا ہمدرد اور خیر خواہ سمجھ رکھا ہے یہ ہی انکی بڑی زبردست ناکامی کا راز ہے جو شخص دوست دشمن میں امتیاز نہ کرسکے وہ کیا خاک کام کریگا اور اُسکو بجز کامیابی ہوگی یہ ہیں وہ وجوہ جنکی بناء پر کسی کام کے کرنے کو جی نہیں چاہتا دیکھتی آنکھوں کسطرح مسلمانوں کو آگ میں گھسنے اور تباہ برباد ہوجانیکی اجازت دیدوں ان خرافات میں مبتلا ہیں اور آڑ بنایا جاتا ہے حضرت دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ کو اُن کے یہ مقاصد تھے استغفر اللہ حضرت کی حیات میں حضرت کو دہلی ایک جلسہ شوریٰ میں مدعو کیا گیا تھا حضرت بعض اعذار کی وجہ سے دہلی تشریف نہ لیجاسکے اور ایک مولوی صاحب کے ہاتھ خط بھیجا اور یہ ہدایت فرمائی کہ جو مسئلہ مذہبی پیش آئے اُسمیں اپنا خیال صاف صاف بدون کسی خوف اور مداہنت کے ظاہر کردو اُسوقت قربانی گاؤ کے بند کردینے پر زور دیا جارہا تھا حضرت نے فرمایا کہ یہ مقاصد شرعیہ کے بالکل خلاف ہے ہم مذہبی احکام میں ادنیٰ تصرف اور ذراسی ترمیم کو بھی برداشت نہیں کرسکتے خواہ لوگ ہمارا ساتھ چھوڑدیں ہمسے جو خدمت اسلام کی بن پڑیگی کرتے رہیں گے حضرت مولانا قدس سرہ سے محبت کا دعویٰ کرنیوالے اور عقیدت کا دم بھرنے والے حضرت کے اس فرمان سے سبق حاصل کریں کہ ادنیٰ ترمیم کو بھی شریعت مقدسہ میں گوارہ نہیں فرماتے نہ

یہ کہ سر سے پیر تک شریعت مقدسہ کے خلاف باتیں کیجائیں احکام اسلام کی کھلم کھلا مخالفت کیجاوے اور اُسکو حضرت مولانا قدس سرہٗ کی طرف منسوب کیا جائے۔ اُن باتوں کو حضرت کے مقاصد میں سے بتا کر مسلمانوں کو دھوکہ دیا جائے۔ حضرت مولانا تو بڑی چیز ہیں سلاطین اسلام باوجودیکہ دنیا دار کہلاتے ہیں مگر اُن میں سے جنکے دل میں اسلام اور احکام اسلام کی عظمت اور احترام تھا انھوں نے شریعت مقدسہ کے خلاف کرنا گوارا نہیں کیا اسکی بھی پرواہ نہیں کی کہ سلطنت جائیگی یا رہے گی سلطان صلاح الدین نے جسوقت ملک شام کو فتح کیا ہے تو وزراء نے عرض کیا کہ یہ نصرانیوں کا ملک ہے نیا مفتوحہ ہے اس ملک کے لوگ نہایت سرکش اور سخت ہیں۔ اسلامی سیاسیات نرم ہیں اسلئے ضرورت ہے کہ علاوہ احکام اسلام کے اگر اور بھی کچھ قوانین اور قواعد نافذ کر دیئے جائیں اُنپر قابو رکھنے کے لئے تو زیادہ مناسب ہے اسپر سلطان صلاح الدین نے جو جواب دیا ہے وہ آب زر سے لکھنے کے قابل ہے۔ کہتے ہیں کہ کیا تمہارا یہ خیال ہے کہ میں نے جو ملک فتح کیا ہے وہ حکومت اور سلطنت کرنے کیلئے کیا ہے میں نے محض اللہ کو خوش کرنے کیلئے یہ سب سعی اور کوشش کی ہے احکام اسلام ہی کو نافذ کرونگا اسپر چاہے ملک رہے یا جائے میں ایک حکم کا بھی احکام اسلام کے خلاف نفاذ نہ کرونگا اس واقعہ سے علماء اور لیڈر سبق حاصل کریں اور اپنے گریبانوں میں منہ ڈالکر دیکھیں۔ اُن حضرات کی کامیابی کے یہ راز تھے اور یہاں یہ حالت ہے کہ نہ ابھی کوئی ملک قبضہ میں ہے نہ آئندہ ملنے کے بظاہر کوئی اسباب نظر آتے ہیں مگر شریعت مقدسہ کی قطع و برید پہلے ہی سے شروع کر دی انا للہ و انا الیہ راجعون

حضرت مولانا قدس سرہٗ کی حیات میں میرا اپنے مسلک پر آزادی سے عمل کرتا تھا۔ حضرت کی وفات کے بعد سے دیکھ بھال کر عمل کرتا ہوں وجہ اسکی یہ ہے کہ میں سمجھتا تھا کہ حضرت اختلاف کی حقیقت سے واقف ہیں حضرت کے قلب پر میرے اختلاف سے ذرہ برابر بھی گرانی نہ تھی پانی پت کے ایک مولوی صاحب نے مجھسے بیان کیا کہ مرض الموت میں دہلی حضرت کے پاس جب زیادہ اختلاف کی خبریں پہنچیں تو یہ فرمایا کہ

اختلاف تو اچھا نہیں معلوم ہوتا لاؤ میں ہی کچھ اپنی رایوں سے ہٹ جاؤں۔ حضرت کی نظر میں اختلاف کا یہ درجہ تھا۔ ایکمرتبہ تحریک خلافت کے زمانہ میں حضرت کی بیٹھک میں کچھ لوگ بیٹھے ہوئے میرے متعلق بُرے بھلے الفاظ کہہ رہے تھے کچھ الفاظ حضرت کے کانوں میں پڑ گئے باہر تشریف لے آئے بہت خفا ہوئے اور یہ فرمایا کہ تم اُس شخص کے باب میں یہ الفاظ کہہ رہے ہو جسکو میں ایسا ایسا سمجھتا ہوں مجھکو وہ الفاظ بیان کرتے ہوئے بھی حجاب معلوم ہوتا ہے جو حضرت نے فرمائے مگر چونکہ اب ذکر آگیا عرض کرتا ہوں وہ الفاظ یہ ہیں کہ جسکو میں اپنا بڑا سمجھتا ہوں اور یہ فرمایا خبردار جو آئندہ ایسے الفاظ کبھی استعمال کئے اور یہ فرمایا کہ میرے پاس کیا کوئی وحی آتی ہے کہ جو کچھ میں کر رہا ہوں وہ سب ٹھیک ہے میری بھی ایک رائے ہے اُسکی بھی ایک رائے ہے۔ ایکمرتبہ حضرت نے یہ فرمایا کہ ہمیں تو اس پر بھی فخر ہے کہ جو شخص تمام ہندوستان سے بھی متاثر نہ ہوا اور کسیکی بھی پرواہ نہ کی وہ بھی ہماری ہی جماعت سے ہے حضرت کی نقل کو تو جی چاہتا ہے لوگوں کا مگر حضرت جیسا حوصلہ تو پیدا کریں مولوی صاحب تحریک خلافت میں بہت سرگرم تھے مسلک میں اختلاف تھا اور ہے مگر کبھی ذرہ برابر نہ اُنکو مجھسے انقباض ہوا نہ مجھکو اُن سے ایکمرتبہ دہلی سے یہاں آئے میں نے دریافت کیا کہ کیسے سفر کی صعوبت گوارا فرمائی کہنے لگے کہ مجھکو خلوت میں کچھ کہنا ہے میں نے کہا صاف بات ہے اور معاملہ کی بات ہے وہ یہ ہے کہ تنہائی میں میں کوئی بات نہ کرونگا کیونکہ اسمیں آپکی تو کوئی مصلحت نہیں اور میری مصلحت کے خلاف ہے اسلئے کہ آپ تو حکومت اور مشینگنوں توپوں فوجوں کے مقابلہ کے لئے تیار ہیں اور اُسکا آپ اعلان کر چکے اور میں ابھی تیار نہیں ہوا آپ کو تنہائی اور غیر تنہائی سب برابر ہیں آپ کے لئے کوئی نیا خطرہ نہیں اور میرے لئے خطرہ ہے کہ نہ معلوم چپکے چپکے کیا مشورہ ہوا جو بات ہو مجمع میں ہو پھر یہ کہ آپ کو تردد تو ہے نہیں کیونکہ آپ اپنے مسلک کا اعلان کر چکے ہیں اور تردد کی حالت میں اعلان نہیں کیا جاتا تو گفتگو سے رفع تردد تو مقصود ہے نہیں صرف مجھکو تبلیغ کرنا ہے سو میں نہایت خوشی سے سننے کو تیار ہوں جب یہ تبلیغ ہے تو یہ بھی ضروری ہے کہ آپ تقریر فرمائیں

Marfat.com

میں سنوں لیکن آپ کو یہ حق نہ ہوگا کہ آپ یہ دریافت فرمائیں کہ تو سمجھا یا نہیں۔ میں سمجھوں یا نہ سمجھوں آپ اپنا فرض منصبی ادا فرمادیں کیونکہ مبلغ کا فرض مخاطب کے جواب پر موقوف نہیں اگر معقول تقریر ہوگی میں اپنے مسلک سے رجوع کرلوں گا اور اعلان کردوں گا کہ پہلے میں غلطی پر تھا فلاں صاحب کے سمجھانے سے سمجھ میں آگیا اور اگر نہیں تو خاموش رہونگا کچھ نہ کہونگا۔ اسپر مولوی ....... صاحب راضی ہوگئے میں نے دو شخصوں سے کہا کہ پنسل کاغذ لیکر بیٹھ جانا اور جو مولوی ....... صاحب تقریر فرمائیں اُس کو ضبط کرلینا اسمیں یہ مصلحت ہے کہ سب تقریر سُننے سے دماغ میں رہ نہیں سکتی ضبط ہونے پر میں اُسمیں اچھی طرح پر غور کرسکونگا اس سے مولوی صاحب پر ایک خاص اثر رکاوٹ کا ہوا میں نے اسکا احساس کرکے کہا کہ ایک اور صورت اس سے بھی سہل سمجھ میں آئی اسمیں تو پھر بھی ایک طول ہے یہ لوگ لکھیں گے پھر صاف کریں گے پھر آپ کے پاس نظرثانی کرنیکو بھیجیں گے اور علاوہ طول کے اسمیں وقت بھی زیادہ صرف ہوگا سہل صورت یہ ہے کہ آپ دہلی واپس تشریف لیجاویں اور اطمینان سے کتابیں دیکھکر اور علماء اور عقلاء سے مشورہ لیکر تحریری تبلیغ میرے پاس بھیجدیں اسمیں ایک اور مصلحت بھی ہے کہ علاوہ اسکے فی البدیہہ تقریر میں تمام جزئیات کا احاطہ نہیں کرسکیں گے بعد میں افسوس ہوگا بس مولوی صاحب اسپر راضی ہوگئے اور اسپر گفتگو ختم ہوگئی کئی سال کی یہ بات ہوگئی وہ تبلیغ آج آرہی ہے یہ حالت تو اس تحریک میں پیشوا اور مقتداؤں کے کام کرنے کی ہے عوام بیچارے تو بھلا کس شمار میں ہیں۔

## ۳ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

### مجلس بعد نماز ظہر یوم سہ شنبہ

(ملفوظ ۱۱۱) فرمایا کہ ایک صاحب کا خط آیا تھا منجملہ اور مضامین کے یہ بھی لکھا تھا کہ مجھکو بھی سلسلہ عالیہ اشرفیہ میں داخل فرمالیا جاوے۔ میں نے جواب میں لکھا تھا کہ اشرفی کے کیا معنی اسکا کوئی جواب نہیں کیا ٹھکانا ہے اس تحزب کا یار ٹولے بندیاں ہوا کرتی

ہیں دین میں بھی دُنیا گھس رہی ہے ۔

(ملفوظ ۱۱۹) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت اکثر تبہ جو شخص سورۂ یٰسین شریف پڑھے اُسکو سات قرآن شریف پڑھنے کا ثواب ملتا ہے فرمایا کہ سات نہیں دس کا ثواب ملتا ہے۔ عرض کیا کہ مجھکو سات ہی یاد تھا مگر عرض کرنے سے غرض یہ ہے کہ ایک شخص نے تو صرف سورۂ یٰسین شریف پڑھی اور ایک شخص نے دس قرآن شریف پڑھے تو کیا اسکا اور اُسکا ثواب برابر ہوگا جواب میں فرمایا کہ یوں معلوم ہوتا ہے کہ (یٰسین شریف پڑھنے سے) اجر تو دس ہی قرآن شریف پڑھنے کا ملیگا مگر وہ انوار میسر نہ ہونگے جو کامل دس قرآن پڑھنے سے ہونگے اور صاحب غیب کی کسکو خبر ہے انا عند ظن عبدی بی کیا کچھ عطا فرمادیں کوئی ان چیزوں میں ضابطہ تھوڑا ہی ہے

(ملفوظ ۱۲۰) ایک اہل علم کی طرف مخاطب ہوکر فرمایا کہ صبح آپ کے پرچہ کا جواب دیچکا ہوں اُسکو زبانی بھی سمجھ لیجئے گا حدیث میں عی فی البیان کے ایمان میں سے ہونے کا ذکر فرمایا گیا ہے اصل یہ ہے کہ مقصود کے بیان میں تو روانی ہوتی ہے اور غیر مقصود کے بیان میں انقباض مثلاً انسان کسی اور طرف متوجہ ہونے کی حالت میں کلام کرتا ہے تو اُسکے کلام میں روانی نہیں ہوتی بس اہل اللہ پر چونکہ خوف آخرت کا غلبہ ہوتا ہے اور ہر وقت اُسکا دھیان رہتا ہے لہذا اُن کے کلام میں بستگی ہوتی ہے خوف آخرت کے غلبہ سے بیان کی روانی جاتی رہتی ہے جیسے ضروری کلام میں جو کہ مقصود ہوتا ہے۔ آدمی انشراح اور بسط سے بولتا ہے اور روانی ہوتی ہے اور غیر مقصود یا فضول کلام میں روک روک کر بستگی کے ساتھ بولتا ہے ایسے ہی غلبۂ خوف آخرت سے بضرورت ہی بولتا ہے تو خواہ مخواہ اُسکے عام کلاموں میں رکاوٹ ہوتی ہے اور اسکی محسوس مثال یہ ہے کہ کسی ایسے شخص سے جسے زور کا پیشاب لگا ہو مثناۃ بالتکریر کی تقریر کرائی جائے تو ہرگز روانی نہ ہوگی غیر مقصود میں روان کلام وہی کرسکتا ہے جسپر خوف آخرت کا غلبہ نہو اُسی کو کلام میں خط ہوگا ایسے ہی کلام کی بُرائی کرنا مقصود ہے جو محض خط کے لئے کیا جاتا ہے۔ کلام بضرورت ہونا چاہئے اُسمیں خط کا درجہ نہ ہونا چاہئے۔ آدمی کو چاہئے کہ بلاغت کے [illegible] کلام کو رکھے غیر ضروری کلام میں بڑے ہی نقصان ہیں مزاح کے

Marfat.com

طور پر فرمایا کہ مگر ایسا بھی نہ ہو کہ ضروری کلام میں بھی اختصار کرنے لگیں جیسے ایک شخص نے نماز کے اندر اختصار کیا تھا۔ وہ انقد کی نماز کہلاتی ہے۔ یعنی الحمد کے شروع کا الف اور ختم کا نون۔ اور قل ھو اللہ کے شروع کا قاف اور ختم کی دال یہ انقد کی قرأۃ ہوگئی۔ اسی طرح ایک شخص نے خط میں مجھکو لکھا تھا السلام علیکم الی آخرہ یہ اسلئے عرض کر رہا ہوں کہ کبھی ضروری کلام میں بھی اختصار کرنے لگیں اور چپ شاہ بنکر بیٹھ جائیں آج کل اہل فہم دنیا میں بہت آباد ہیں (مراد غیر اہل فہم) جنکو عقل اور فہم دونوں کا ہیضہ ہے یا یوں کہئے کہ قحط ہے غرضکہ دونوں حالتیں حد اعتدال سے دور رہتے ہیں اسلئے ہر بات میں اسکا خیال رہتا ہے کہ الٹی نہ سمجھ جائیں۔

(**ملفوظ** ۱۲۱) فرمایا ایک صاحب کا خط آیا ہے میں نے انکو بوجہ انکی گڑبڑ کے لکھدیا تھا کہ سوائے استدعاء دعاء کے اور میری خیریت معلوم کرنیکے اور کوئی خطاب خط میں نہ کیا کرو اسکے بعد کئی مرتبہ انکے خطوط آئے ان اصول کے پابند رہے آج لکھا ہے کہ میرے لڑکے کی شادی ہے مجھے رسوم مروجہ کے متعلق مسائل دریافت کرنا ہیں اطمینان تو حضرت ہی سے ہوتا مگر چونکہ اجازت نہیں اسلئے کسی ایسے عالم کا پتہ تحریر فرماویں کہ جو ان مسائل میں دلچسپی رکھتے ہوں فرمایا نہایت ہی سلیقہ کی بات ہے جو طرز انھوں نے اختیار کیا اب مجھپر یہ اثر ہوا کہ راستہ بتاؤنگا۔ ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت اصلاح الرسوم دیکھنے کو لکھدیا جائے۔ فرمایا کہ میری تجویز اس سے بھی بہتر تجویز ہے یہ لکھدیا ہے کہ یہاں کسی سے تعلق پیدا کرو انکو تم لکھو اور وہ مجھسے مسائل پوچھ کر تم کو لکھدیا کریں یہ سہل راستہ نکل آیا اسمیں براہ راست خط و کتابت بھی نہ ہوگی اور جو انکا مقصود ہے کہ میں ہی مسائل بتاؤں وہ بھی پورا ہو جائیگا۔ مجھکو خدمت سے انکار نہیں مگر چاہتا یہ ہوں کہ اصول سے کام ہو بے اصولی سے مجھے تکلیف ہوتی ہے ایک تو خدمت کرو اور اوپر سے تکلیف اٹھاؤ اور غلامی کرو مجھسے تو یہ ہو نہیں سکتا اسپر مجھکو سخت کہتے ہیں سخت نہیں ہوں یہ تو بہتان ہے۔ اب دیکھ لیجئے مشاہدہ ہے کہ ڈھنگ سے بات لکھی ویسا ہی جواب دیا گیا

(ملفوظ ۱۲۲) فرمایا کہ مروج خوش اخلاقی کا میں ہمیشہ سے مخالف ہوں اسلئے کہ یہ تو خوش اخلاق اور نیک نام مشہور ہوجائیں گے مگر تعلیم و تادیب نہ ہونے سے یہ خوش خلقی دوسروں کے اخلاق تباہ اور برباد ہونیکا ذریعہ اور سبب ہوجائے گی مثال ہے تو فحش مگر ہے چسپاں جیسے رنڈی بڑی خلیق ہوتی ہے پان بھی کھلاتی ہے عشق بازی کی باتیں بھی کرتی ہے محبت کا بھی اظہار ہے ذرا ناز و انداز بھی ہے غرضکہ دل لبھانے کے سب ہی اسباب جمع کرتی ہے۔ اور ایک ہے گھرستن کہ رات دن خاوند سے لڑتی ہے سیدھے منہ بات نہیں کرتی ایک استغنا کی سی شان ہے اب آپ ہی انصاف سے بتلایئے کہ یہ رنڈی تو خلیق ہے اور گھرستن بدخلق ہے مگر آپ ہی اندازہ فرما سکتے ہیں کہ ان دونوں میں فرق کیا ہے اور کونسی حالت محمود ہے کونسی مذموم ایسی مروج خوش اخلاقی کا جس میں دین کا ضرر ہو اصل منشا صرف یہ ہے کہ کہیں آنیوالوں کا اعتقاد نہ جاتا رہے یہ ہمکو بدنام نہ کریں کیونکہ اگر ایسا ہوا تو آمدنی نہ ہوگی کوئی ہمارے پاس نہ آئیگا ہم ایسے رہ جائیں گے جیسے کورے گھڑے میں چوہا میں کہتا ہوں اعتقاد نہ رہے گا نہ رہو بدنام کریں گے کرنے دو آمدنی نہ ہوگی مت ہو کوئی پاس نہ آئیگا نہ آؤ ہماری جوتی سے بلانے کون جاتا ہے مانگتا کون ہے حضرت ان ہی وجوہ سے اہل علم کو اہل دنیا ذلت کی نظر سے دیکھتے ہیں مجھکو تو غیرت آتی ہے اور نہایت ہی ذلت معلوم ہوتی ہے اہل دنیا کے ساتھ اس طریق سے پیش آتے ہیں جسمیں دین اور اہل دین کی ذلت کا شبہ بھی ہو۔ عوام کی جو جرأت بڑھی ہے یہ اہل علم کی خوش اخلاقی ہی کی وجہ سے ہر چیز کے حدود ہیں خوش اخلاقی کی بھی کوئی حد ہونا چاہیئے وہ حد یہ ہے کہ دین اور اہل دین کی ذلت نہ ہو اس درجہ تک خوش اخلاقی کا مضائقہ نہیں اس سے آگے کا درجہ مذموم ہے بحمد اللہ ہمارے بزرگوں نے اس کا ہمیشہ خیال رکھا ہے۔

(ملفوظ ۱۲۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں تو کہا کرتا ہوں کہ جو عورتیں پھوہڑ ہوتی ہیں وہ [illegible] اس طرف کی عورتیں عفت میں تو حوریں ہیں بعض تو

Marfat.com

ایسی ہیں کہ آجتک کسی اجنبی کی صورت بھی نہیں دیکھی اور حوروں ہی کی شان میں
قرآن پاک میں بھی وارد ہے فیھن قاصرات الطرف نیز عورتوں کے فضائل میں ہے
الغافلات المومنات معلوم ہوا کہ خارجیات سے بے خبری اصل وضع ہے عورتوں کی
اور گو یہاں پر مراد غفلت عن الفواحش ہے مطلق بے خبری مراد نہیں مگر غفلت عن الفواحش
مردوں میں بھی تو مقصود ہے لیکن باوجود اسکے عورتوں کی مدح میں تو اسکو لائے مردوں
کیلئے تو یہ نہیں فرمایا اس سے صاف معلوم ہوا کہ مطلق بے خبری بھی عورتوں کے زیادہ
مناسب ہے اب نالائق کہتے ہیں کہ پردہ توڑ کر بے پردہ ہو جاؤ اور ترقی کرو ان کے یہاں
کسی چیز کی کوئی حد ہی نہیں عجب گوبر دماغوں میں بھرا ہے میرا دل تو گواہی دیتا ہے کہ
انشاء اللہ تعالیٰ کبھی ان نالائقوں کو کامیابی نہ ہوگی اللہ تعالیٰ دین کی امداد کریں گے۔
جس سے ان اطراف کی عورتیں ہرگز قبول نہیں کریں گی میں نے ایک بار اسی مسئلہ کی
گفتگو کے سلسلہ میں ایک مجمع میں کہا تھا کہ پردہ کے مسئلہ میں قرآن وحدیث کو بیچ میں
لانیکی ضرورت ہی کیا ہے جبکہ قرآن وحدیث کے بغیر ہی اسکی ضرورت ثابت ہو سکتی
ہے اسکے متعلق میں یہ عرض کرتا ہوں کہ کبھی ان لوگوں نے ریل میں سفر کیا ہوگا اور نوٹ
بھی ہمراہ لئے ہوں گے کبھی ایسا بھی کیا ہے کہ نوٹ جیب سے نکالکر باہر رکھدیئے ہوں یا یہ
کیا جاتا ہے کہ اندر کی جیب کے بھی جو اندر جیب ہے اسمیں رکھے ہونگے تو کیا اس طرح نوٹ
کو چھپا کر رکھنے کا حکم قرآن میں ہے محض اسی واسطے مخفی رکھا جاتا ہے کہ اظہار میں خطرہ
ہے اسی طرح یہاں بھی یہ طبعی امر ہے کہ ایسے ہی خطرہ کے سبب اسکا پوشیدہ کرنا ضروری ہوگا
نیز مزید برآں غیرت کا اقتضاء بھی یہی ہے کہ عورت کو پردہ میں رکھا جائے یہ بھی ایک
طبعی امر ہے جو علاوہ حکم شرعی کے مقتضی ہے وجوب اخفاء کو بلکہ جو خطرہ یہاں نوٹ کو
نکالکر سامنے رکھنے میں ہے اس سے زائد خطرہ عورت کو باہر نکالنے میں ہے۔ نوٹ تو دو
چار ہزار ہی کے ہونگے تو انکی تو آپ کے دل میں ایسی قدر اور عورت کی اتنی بھی آپ کے
نزدیک قدر نہ ہو سننے والے چپ رہ گئے کچھ نہیں بولے۔

(ملفوظ ۱۲۴) فرمایا ایک خط آیا ہے شکستہ میں ایسا لکھا

اور بندہ خدا نے پتہ بھی ..... اسی طرح لکھا ہے ڈاکخانہ والوں کو بھی پریشانی ہوئی ہوگی مضمون تو اسمیں بہت کچھ لکھا ہے مگر خط کا مضمون اس سے شروع ہوا ہے کہ میں نفس کی اصلاح چاہتا ہوں۔ میں نے لکھدیا ہے کہ نفس کی اصلاح سے پہلے ضرورت ہے آپکو اصلاح خط کی جو موقوف علیہ ہے اصلاح نفس کا اگر شبہ ہو تو لفافہ کا پتہ دیکھ لو کہ ڈاکخانہ والے کسقدر پریشان ہوئے ہونگے پس بڑی اصلاح یہ ہے کہ دوسرونکو تکلیف سے بچائے کسی کو تکلیف نہ پہونچائے۔

(ملفوظ ۱۲۵) ایک مولوی ...... صاحب نے عرض کیا کہ حضرت بالشویک نے ایک انجمن قائم کی ہے اُسکا نام رکھا ہے عدو اللہ اسمیں پچیس ہزار کے قریب مختلف اطراف کے لوگ شریک ہیں جو اس انجمن کے مقاصد کو ملک میں پھیلانے کی کوشش و سعی میں مصروف ہیں منجملہ اور مقاصد کے ایک یہ امر بھی انجمن کے مقاصد سے ہے کہ عورتوں کو پردہ نہ کرنے دینا چاہئے اور لڑکیوں کو مثل لڑکوں کے بنایا جا رہا ہے رفتار گفتار لباس طرز انداز سب لڑکوں کے سے ہوں اور اُنکو فوج میں بھرتی کیا جا رہا ہے اور چھوٹے چھوٹے بچوں سے پوچھتے ہیں کہ تم کو کھانے کو کون دیتا ہے وہ جواب میں کہتے ہیں کہ خدا دیتا ہے اُسپر کہتے ہیں کہ یوں کہو کہ حکومت دیتی ہے اگر اسپر بچے پھر بھی یہ نہ کہیں تو اُنکو قتل کر دیا جاتا ہے اور خصوصیت کے ساتھ ایسے بچے مسلمانوں ہی کے ہوتے ہیں کہ وہ یہ ہی کہتے رہتے ہیں کہ خدا دیتا ہے یہ واقعہ سُنکر حضرت والا پر ایک خاص اثر ہوا اور بیحد رنج اور صدمہ و افسوس کا اظہار فرماتے ہوئے فرمایا کہ کیا ٹھکانا ہے مردودوں کا فرعون سے بھی بدتر ہو گئے خدا غارت کرے۔ صاحبو لوگ سوراج سوراج لئے پھرتے ہیں اگر خدانخواستہ ملگیا تو انجام یہ ہی ہوگا جو بالشویک کی حالت ظلم اور سرکشی کی سُننے میں آرہی ہے اور یہانپر جو یہ جماعت ہے جو کانگریس کے نام سے مشہور ہے یہ بھی سب وہی بالشویک خیال کی پارٹی ہے اور یہ سب اسلام کے مقابلہ پر سازش ہے انگے نرموں پر بہت دانت تیز کئے جاتے اور ہندوستان میں بالشویکوں کے آنے کی

[illegible] ہو رہا ہے ۱۲

Marfat.com

تمنا ظاہر کرتے ہیں مطلب یہ ہے کہ ہندوستان کا بھی یہی حشر ہو افسوس تو بعض علماء پر ہے کہ وہ بھی ان باتوں کو نہیں سمجھتے مجھکو تو بحمداللہ ان ابواب میں کھلی آنکھوں حق و باطل نظر آرہا ہے۔

(ملفوظ ۱۲۶) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حق تعالیٰ بھی بڑے ہی حکیم ہیں کوئی کام بھی حکمت سے خالی نہیں اگر حق تعالیٰ کا ادراک سبکو ایک ہی صورت میں ہو جائے تو شبہ ہو سکتا ہے کہ شاید دیکھ لیا ہو مگر کسی کو کسی صورت میں اور کسی کو کسی صورت میں ادراک ہوتا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی نے بھی نہیں دیکھا۔

(ملفوظ ۱۲۷) فرمایا کہ سادگی بھی عجیب برکت کی چیز ہے ایسے شخص کو بہت سی کلفتوں سے نجات ہو جاتی ہے تصنع کا اہتمام ہزاروں کلفتوں کو خریدتا ہے۔ ایک حکایت یاد آئی۔ ایک بزرگ تھے نہایت سادہ اُنکا خط نہایت درجہ خراب تھا اتفاق سے بازار سے گذر رہے تھے کہ کسی کی دکان پر اُن سے بھی زیادہ بُرے خط کی ایک کتاب نظر سے گذری بڑی قیمت دیکر اُسکو خریدا اسلئے کہ لوگ دیکھیں گے کہ دنیا میں مجھسے بھی زیادہ خراب لکھنے والے لوگ موجود ہیں گھر پر لیجا کر مطالعہ کے بعد معلوم ہوا کہ یہ بھی میری ہی لکھی ہوئی ہے ابتدائے عمر کی۔ فرمایا کہ کیسی سادگی کی بات ہے کہ اسکو بھی ظاہر کردیا اگر ظاہر...... نہ فرماتے تو کسی کو کیا خبر ہوتی تصنع تو بڑوں میں ہوتا ہی نہیں متصنع یہی سمجھتے ہیں کہ کچھ بھی ہو ہم بڑے ہی ہیں اور واقع میں انکی کسی طرح بھی اہانت ہو سکتی نہیں ہوتی بلکہ اور کمال پر محمول کیا جاتا ہے چھوٹا بیچارہ سمجھتا ہے لے دیکر ایک دو چیز پاس ہیں اگر اسمیں بھی نقص نکل آیا تو رہی سہی بھی جائے گی۔

(ملفوظ ۱۲۸) ایک مولوی ...... صاحب نے عرض کیا کہ ...... کوئی بھی قابلیت نہ تھی دوسروں سے مضمون لکھوایا کرتا تھا کسی علم میں بھی اسکو مہارت نہ تھی نہ فارسی میں نہ عربی میں اسپر عربی دانی کا دعویٰ کرتا تھا اسکی کتابیں دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ بے سر و پا باتیں ہانکتا ہے اسپر حضرت والا نے فرمایا کہ اسکی عربی دانی کی حقیقت اس سے زیادہ نہیں جیسے دو بی بی انبہٹہ سے حج کو گیئں تھیں اتفاق سے اُ[illegible] سے ایک [illegible]

Marfat.com

گم ہوگیا وہ بدوی سے کہتی تھی کہ بچہ گم ہوگیا اسکو ڈھونڈو بدوی اُردو سمجھتا نہ تھا یہ اپنی زبان میں کہتی تھیں وہ سمجھتا نہ تھا اسپر آپسمیں لڑائی ہونے لگی تو دوسری بی بی بولیں کہ تو ہٹ میں سمجھاؤں گی تجھے عربی بولنی نہیں آتی یہ بی بی بدوی سے کہتی ہیں شیخ ہذا بی بی کا پوت نہیں آیا یہ ہی حالت اُس شخص کی تھی عربی دانی کی تھی نہایت بدفہم اور کم عقل تھا اسکی وجہ سے بڑی ہی گمراہی کا باب مفتوح ہوا خود تو گمراہ ہوا ہی تھا اوروں کو بھی پھانس گیا لوگوں کی حالت بھی عجیب ہے کہ کوئی کیسا ہی ہو بیک کہکر ساتھ ہو لیتے ہیں پیشینگوییاں کثرت سے جھوٹی ہوئیں فلاں مولوی صاحب سے شکست کھائی مگر بے حیائی کا کیا علاج ایسی موٹی موٹی باتوں کے بعد بھی لوگ معتقد ہیں۔

(ملفوظ ١٢٩) فرمایا کہ ایک خط آیا ہے منجملہ اور باتوں کے یہ بھی لکھا ہے کہ میری یہ حالت ہے کہ بعضے دوست بے مہار مجکو جہاں چاہتے ہیں لیجاتے ہیں مراد تماشہ وغیرہ میں لیجانا ہے بوجہ تعلقات کے انکار مشکل ہوتا ہے جس سے میری حالت اور بھی خراب ہوتی جاتی ہے بطور مزاح فرمایا کہ تو کیا پیر جی انکی مہار سنبھالکر کھڑے ہوا کریں اطلاع سے یہ ہی مطلب ہوا ایک صاحب نے عرض کیا کہ ایسے شخص کو کچھ دنوں یہاں رہنے کی ضرورت ہے۔ فرمایا کہ اگر خالی الذہن ہو کر یعنی سب رایوں کو فنا کر کے رہیں تو کچھ فائدہ ہو سکتا ہے کیونکہ خود رائے شخص اتباع نہیں کر سکتا یہ ایک بزرگ سے مُرید ہیں اُنکا شاید اب انتقال ہو چکا ہے جو لوگ پہلے کسی غیر محقق سے تعلق رکھ چکتے ہیں اور پھر کسی کی طرف رجوع کرتے ہیں اُنکا ٹھیک ہونا اکثر دشوار ہوتا ہے یہ تجربہ کی بات ہے کوئی بہت ہی فہیم اور سلیم طبیعت کا آدمی ہو تو اُسکی اصلاح ہو جاتی ہے ورنہ اکثر ناکامیابی ہی ہوتی ہے اور اپنے بزرگوں کے متعلقین میں یہ مانع نہیں وجہ اسکی یہ ہے کہ مذاق ایک ہے بہت جلد مناسبت ہو جاتی ہے۔

(ملفوظ ١٢٠) ایک صاحب نے خط کے ذریعہ مشورہ چاہا ہے کہ میں اپنے لڑکے کو انگریزی پڑھاؤں یا عربی۔ میں نے جواب میں لکھدیا ہے کہ اپنی ہمت دیکھ لو۔ فرمایا مجھکو لکھنے میں [illegible] ہے کہ میں کیوں اپنے اوپر احسان کراؤں یہ کہنے کو فلاں کے

Marfat.com

کہنے سے انگریزی نہیں پڑھائی اپنے دین کے آپ خود ذمہ دار ہیں آخر یہ کونسی پوچھنے کی بات تھی جس وجہ سے مجھ سے مشورہ کر رہے ہیں وہ خود ان کو محسوس ہو سکتا ہے پھر مشورہ کے کیا معنی سوائے احسان رکھنے کے مجھے تو بڑی غیرت آتی ہے ایسی باتوں سے جنت میں تو جائیں گے خود اور احسان ملانوں پر عجیب مذاق ہے۔

(ملفوظ ۱۳۱) فرمایا ایک صاحب کا خط آیا ہے چند سوالات لکھے ہیں جنکا نہ سر نہ پیر۔ اخیر میں سب کے لکھتے ہیں کیا حکم ہے یہ انگریزی خواں معلوم ہوتے ہیں طرز تحریر تبلا رہی ہے میں نے لکھدیا ہے کہ کس قسم کا حکم۔ اسپر ان انگریزی دانوں کو دعویٰ ہے تہذیب اور قابلیت کا۔ اسی سلسلہ میں فرمایا ایک صاحب تھے انگریزی داں ریاضی میں مشہور و معروف مطبع مجتبائی دہلی میں اُن سے ملاقات ہوئی مجھ سے پوچھتے ہیں کہ آپ کے مدارس کے طلبہ میں کچھ قابلیت بھی ہوتی ہے۔ میں نے جواب میں کہا کہ اُس قابلیت کی پہلے تعیین فرما دیجئے تاکہ میں یہ معلوم کرسکوں کہ اُس قسم کی قابلیت کا سوال ہے۔ کہ یہ بجائے خود مدعی بننے کے مجکو مدعی بنانا ہے جو مناظرہ کا ایک عمیق داؤ ہے۔ پُرانے گھاگ تھے کچھ عربی کا بھی علم تھا سمجھ گئے پھر نہیں بولے۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ پھر حضرت بھی کچھ نہیں بولے فرمایا کہ میں اور کیا بولتا پہلا ہی ادھار ان پر تھا وہ جب ادا کرتے تب دیکھتا کہ کھوٹا ہے یا کھرا۔

## ۲۴ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

## مجلس خاص بوقت صبح یوم چہار شنبہ

(ملفوظ ۱۳۲) فرمایا کہ سلف میں مشائخ بڑے بڑے مجاہدے اور ریاضتیں مریدین سے کراتے کتابوں میں دیکھنے سے حیرت ہوتی ہے اُسوقت قویٰ لوگوں کے اچھے ہوتے تھے عمریں بھی بڑی ہوتی تھیں اب نہ وہ قویٰ ہیں اور نہ عمر جو بات اُس زمانہ میں معتدبہ مجاہدات کے بعد حاصل ہوتی تھی یعنی قوت بہیمیہ کا کمزور ہو جانا وہ آجکل بلا مجاہدات کے حاصل ہے۔ مگر سُنکر کوئی خوش فہم صاحب یہ نہ سمجھ بیٹھیں کہ واقع میں مجاہدہ کی ضرورت نہیں

ہے مگر اسی درجہ کی جسد رجہ کی قوت بہیمیہ ہے اور بڑا مجاہدہ یہ ہے کہ کسی کامل کے سامنے اپنے کو پامال کردے۔ مولانا فرماتے ہیں۔ ؎

قال را بگذار مرد حال شو، پیش مرد کاملے پامال شو،

اور فرماتے ہیں ؎

صحتِ ایں حس بجوئید از طبیب، صحتِ آں حس بجوئید از حبیب

صحتِ ایں حس زمعموری تن صحتِ آں حس زتخریب بدن

مثال سے سمجھ لیجئے جیسے قلعہ کی دیوار کے نیچے خزانہ مدفون ہے اگر دیوار نہ گراویگا خزانے سے محروم رہیگا اور اگر گرا دیگا تو اسقدر خزانہ نکلیگا کہ منہدم شدہ دیوار بھی تیار ہوجائیگی اور ساری عمر کے لئے خرچ کو کافی ہوگا۔ ایسا ہی اس تن کو فنا کرنا ہے اور فنا کے بعد جو اسکو بقاء ہوگی وہ ایسی ہوگی جسکو اس شعر میں فرمایا گیا ہے۔ ؎

۱۳۲ خود کہ یابد ایں چنیں بازار را کہ بیک گل مے خری گلزار را

(ملفوظ) کسی خود رائے کی کسی درخواست کے جواب میں اُس درخواست کی منظوری کا خاص طریقہ بتلایا تھا وہ اُسکو ٹالنا سمجھے اس واقعہ کو بیان کرکے سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ جب میں نے انکار نہیں کیا بلکہ اُسکا اہتمام کیا اور طریقہ بتلایا پھر اُسکو عذر کہنا ٹالنا سمجھنا کذب و بہتان ہے۔ میں اُن کے مقصود کی تکمیل کو تیار تھا مگر اُسکا قاعدہ بیان کیا تھا ہر شخص یہ چاہتا ہے کہ جس طرح ہم نقشہ جما کر لائے ہیں دوسرا ذرا اُسکے خلاف نہ کرے اُسکے دوسرے معنی یہ ہیں کہ ہماری غلامی کرو جو ہم کہیں اُسکے خلاف مت کرو کیا یہ کام لینے کا طریقہ ہے یہ تو اچھی خاصی حکومت کرنا ہے۔ میں چھوٹا ہوں یا بڑا مگر بے اصول معاملہ تو چھوٹوں کے ساتھ بھی بُرا ہے یہ ہی نہیں کہ چھوٹے ایسی بات نہ کریں جس سے بڑوں کو رنج ہو بلکہ بڑوں کو بھی ایسی کوئی بات نہ کرنا چاہئے جس سے چھوٹوں کو تکلیف پہونچے شریعت میں تو (آدمی تو بڑی چیز ہے اور وہ بھی مسلمان) جانوروں اور کافروں

---

؎ قال کو چھوڑ۔ مرد حال ہوجا۔ اور کسی کامل کے سامنے فنا ہوجا ۱۲ ؎ بدن کی صحت تو طبیب سے حاصل کرو۔ اور باطن کی صحت محبوب (مرشد) سے حاصل کرو۔ صحت ظاہری تو بدن کو بنانے سنوارنے میں ہے اور باطن کی صحت بدن کی تخریب میں ہے ؎ ایسے بازار کو کون حاصل کرسکتا ہے کہ جہاں ایک پھول کے بدلے میں پورا گلزار خریدا جاتا ہے ۱۲ -

کے حقوق کی بھی تعلیم ہے اسکا آجکل قطعاً خیال نہیں کہ ہمسے کسی کو تکلیف نہ پہونچے اپنی غرض اپنا کام ہر شخص پورا کرنا چاہتا ہے دوسرے کا چاہے کچھ ہی حشر ہو اور خواہ وہ بات اصول اور قاعدہ کے خلاف ہی ہو مگر اپنا چاہا ہو جائے اور وہ بھی اُس طرح جسطرح ہم چاہتے ہیں آخر کیا ایسی بات سے رنج نہ ہوگا تکلیف نہ پہونچے گی مجھسے یہ نہیں ہو سکتا کہ میں کسی کی خاطر صحیح اصول اور قواعد کو چھوڑ دوں بہت سے تجربوں کے بعد اور بہت سی تکالیف اٹھا اٹھا کر تو یہ اصول اور قواعد مرتب کئے ہیں نیز جب کسی کی رعایت کی بناء پر کوئی قاعدہ چھوڑتا ہوں وہی تکلیف پہونچتی ہے پھر انکو کیسے چھوڑ دوں اب چاہے کوئی خوش رہے یا ناراض میری جوتی سے اور یہ قواعد میری ہی راحت کیلئے نہیں دوسرونکی راحت بھی اسی میں ہے اگر قلت فہم کی وجہ سے کسی کی سمجھ میں نہ آوے اسکا میرے پاس کوئی علاج نہیں اور میں کیوں اُسکا اتباع کروں میری کونسی غرض اٹکی ہوئی ہے مجھکو ایسی حرکات سے سخت رنج اور صدمہ ہوتا ہے پھر اوپر سے اُن حرکتوں کو چھپاتے ہیں دہوکہ دینا چاہتے ہیں اسکی ایسی مثال ہے کہ کسی کی چوری کرلی اس خیال سے کہ اُسکو خبر نہ ہوگی یا عدول حکمی کی کہ اُسکو خبر نہ ہوگی یا جیسے باپ پر فالج کا اثر ہو گیا اور اُسکے چار پانچ لکڑی ماردیں اسلئے کہ اثر تو ہوہی گا نہیں۔ میں جو بدنام ہوں کہ سخت ہوں یہ ہیں وہ تعلیمات جنکو سختی سے تعبیر کیا جاتا ہے اب بتلایئے اسمیں میں نے کیا سختی کی اور انھوں نے کونسی نرمی کی دور بیٹھے بیٹھے لوگ فیصلے دیتے ہیں ذرا واقعات کو یہاں بیٹھکر دیکھیں تب میں اُن سے مشورہ لوں کہ ایسے موقع پر مجھکو کیا کرنا چاہئے تھا میں چاہتا ہوں کہ بات صاف ہو تلبیس نہ ہو نہ مجھکو دھوکہ ہو نہ دوسرے کو ہو میں ایک منٹ ایک سکنڈ کیلئے بھی کسی مسلمان مرد عورت بچے بوڑہے یا جوان کو حتی کہ کسی کافر کو بھی دھوکے میں رکھنا نہیں چاہتا میرے یہاں جو بات ہے صاف ہے نہ اسمیں تلبیس ہوتی ہے نہ پالیسی انگریزی کی اور نہ پالیسی خارسی کی یہی میں دوسروں سے چاہتا ہوں کہ وہ بھی مجھسے کسی قسم کا اینچ پینچ یا پالیسی کا برتاؤ نہ کریں جو ایسا کرتا ہے مجھکو ناگوار ہوتا ہے میں اسپر مواخذہ کرتا ہوں نتیجہ اُسکا بدنامی ہے لیکن ہوا کرے بدنامی میں کسی کو لپٹ

میں بدخلق ہوں نہ آئیں میرے پاس خوش اخلاقوں کے پاس جائیں یہ خوب بات نکالی کہ حرکتیں تو اپنی اور سر میرے تھوپیں جائیں دنیا سے فہم تو اٹھ ہی گیا انا للہ وانا الیہ راجعون ۔

(ملفوظ ۱۳۴) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مشائخ کے یہاں جو مقربین بصیغہ اسم مفعول ہوتے ہیں ان میں ایک دو مقربین بصیغہ اسم فاعل بھی ہوتے ہیں ہر وقت شیخ کو اور دوسرے متعلقین کو کرب میں رکھتے ہیں جھوٹ سچ لگاتے رہتے ہیں جس سے چاہا شیخ کو ناراض کر دیا جس سے چاہا راضی کر دیا بحمد اللہ ہمارے بزرگ اس سے صاف ہیں ۔حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ تو کسی کی شکایت سنتے ہی نہ تھے جہاں کسی نے کسی کی شکایت شروع کی فوراً منع فرمادیا کرتے تھے کہ خاموش رہو میں سننا نہیں چاہتا اسکے بعد کسی کی ہمت ہی شکایت کی نہ ہوتی تھی ۔اور حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سب سُنکر فرمادیتے تھے کہ تم نے جو کچھ بیان کیا اور فلاں شخص کی شکایت کی سب غلط میں جانتا ہوں اُس شخص کو وہ ایسا نہیں ۔ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کا اس بارہ میں کیا معمول تھا فرمایا کہ ایک صاحب نے حضرت سے سوال کیا تھا کہ آپ سے لوگ دوسروں کی شکایت بیان کرتے ہیں آپ پر کوئی اثر ہوتا ہے فرمایا کہ ہوتا ہے اور وہ یہ کہ میں یہ سمجھ لیتا ہوں دونوں میں رنجش ہے مگر سُن لیتے تھے سب ۔

(ملفوظ ۱۳۵) فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو اللہ نے ایک حجت پیدا کی تھی اُن کو اگر حجت اللہ فی الارض کہا جائے تو کوئی مضائقہ نہیں جس وقت حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کو حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کی خبر ملی ہے کئی روز تک حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کو دست آتے رہے اسقدر صدمہ اور رنج ہوا تھا بظاہر یہ معلوم نہ تھا کہ اسقدر محبت حضرت کے ساتھ ہوگی حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ حضرت کی نسبت بار بار رحمۃ للعالمین فرماتے تھے ایک صاحب نے حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ سے عرض کیا کہ حضرت کتابوں میں بھی آپکا نام ہے کسی عبارت میں ایسا جملہ تھا [illegible] اللہ [illegible] فرمایا کہ اگر کوئی ہمسے اعراض کرے کمبختی نہ آجائے حضرت

وہاں نہ جبہ تھا نہ خاص لباس تھا دیکھنے سے تھانہ بھون کے ایک شیخ زادے معلوم ہوتے تھے مگر اہل بصیرت کی نظر میں ایک شان تھی۔

(ملفوظ ۱۳۶) (سوال) حضرت قرآن شریف ہاتھ میں لیکر اُسکو بوسہ دینا اور پیشانی سے لگانا جائز ہے یا نہیں (جواب) فرمایا کیا حرج ہے عرض کیا کہ ایسا کرنے کو بہت ہی جی چاہتا ہے فرمایا کہ جی چاہنے کی تو چیز ہے ہی اور تقبیل کو تو فقہا نے بھی جائز کہا ہے۔

(ملفوظ ۱۳۷) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت وللہ العزۃ ولرسولہ وللمومنین سے کہانکی عزت مراد ہے اور کیا اُسکا مفہوم سابقین ہی پر ختم ہوگیا۔ فرمایا کہ مناط عزت تو مسلمان ہی کو حاصل ہے اور وہ عزت آخرت کی ہے اسلئے کہ یہاں پر تو خلاف کا وقوع بھی ہوتا رہتا ہے جس عزت کو حق تعالیٰ فرما رہے ہیں وہ عزت آخرت ہی کی ہے کہ وہاں کمال عزت کا درجہ مسلمانوں ہی کو عطاء فرمایا جاویگا اور کفار کو انتہائی ذلت کا سامنا ہوگا۔

(ملفوظ ۱۳۸) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت جو چیز بیان فرماتے ہیں ماشاء اللہ بے غبار ہوتی ہے نہ اُسپر کوئی شبہ وارد ہوتا ہے اور نہ شک رہتا ہے۔ فرمایا کہ میرا کوئی کمال نہیں مجکو تو کچھ یاد بھی نہیں۔ یہ سب اپنے بزرگوں کی جوتیوں کا صدقہ اور حق تعالیٰ کا فضل ہے اور آپکا حسن ظن۔

(ملفوظ ۱۳۹) مولوی صاحب ........ نے عرض کیا کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ اسی جگہ بیٹھتے تھے جس جگہ حضرت بیٹھتے ہیں۔ فرمایا کہ نہ معلوم ہے اور نہ کبھی تحقیق کی اتنا ضرور معلوم ہے کہ بیٹھنے کی جگہ یہی سہ دری ہے۔ اس سہ دری کے متعلق مختلف اجزاء مختلف لوگوں سے سُنے منجملہ اُن کے ایک یہ ہے کہ یہاں پر پہلے یہ سہ دری نہ تھی۔ بلکہ ایک میدان تھا اُسمیں کچھ درخت تھے ایک درویش تھے حسن شاہ نامی انھوں نے یہاں پر قیام کر لیا تھا درویش تو وہ ایسے ہی تھے سماع وغیرہ کا بہت شوق تھا مگر جب حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے یہاں پر آنا شروع کیا تو حسن شاہ یہاں سے اُٹھ کر شاہ ولایت صاحب میں چلے گئے حضرت نے کبھی اسکے متعلق کچھ نہیں فرمایا یہ

اُن کا ادب تھا کہ بدون حضرت کے فرمائے ہوئے چلدیے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ نرے کورے ہی نہ تھے پہلے تو یہ لوگ بھی اللہ اللہ کرنے والے تھے اسکا یہ اثر ہوتا تھا اور اب تو کثرت سے فاسق فاجر نفس پرست ہونے لگے ہیں دین کے ساتھ تمسخر کرتے ہیں نہ علم کا ادب نہ اہل علم کا ادب نہ شریعت مقدسہ کا قلب میں احترام بالکل آزاد نہ خدا کے نہ رسول کے جوجی میں آتا ہے کرتے ہیں پہلے درویش علم اور اہل علم اور شریعت مقدسہ کا احترام کرتے تھے گو بظاہر بعض حدود سے متجاوز ہوتے تھے مگر اُن کے باطن میں شریعت کا ادب و وقعت و عظمت و احترام ہوتا تھا اب تو نہ معلوم کیا ان لوگوں پر بلا نازل ہوئی ہے قطعاً حس نہیں ان کی حرکات سُن سُن کر افسوس ہوتا ہے جھوٹے جھوٹے مسائل جھوٹی جھوٹی روایتیں گھڑ رکھی ہیں خود بھی گمراہ ہوتے ہیں اور دوسروں کو بھی گمراہ کرتے ہیں عوام بھی ایسے ہی مکاروں کے معتقد ہو جاتے ہیں جتنا جسکو خلاف شریعت دیکھتے ہیں اتنا ہی کامل سمجھتے ہیں اُن کے یہاں بزرگی کے لوازم میں سے ہے کہ خلاف شریعت ہو نہ نماز ہو نہ روزہ چاروں ابرو کا صفایا ہو لنگوٹا باندھا ہو وہ درویش ہے صوفی ہے کامل ہے ولی ہے قطب ہے غوث ہے لاحول ولا قوۃ الا باللہ مولانا ایسوں ہی کے بارے میں فرماتے ہیں ۔ ؎

کار شیطاں میکنی نامت ولی، گر ولی این است لعنت بر ولی

غرضکہ میں یہ بیان کر رہا تھا کہ حسن شاہ خود ہی اس مسجد کو چھوڑ کر شاہ ولایت میں چلے گئے اسکے بعد یہ سہ دری تیار ہوئی اسکا بھی عجیب واقعہ ہے یہاں ایک خاندان تھا اُن کے پاس کچھ زمین تھی وہ شاہی زمانہ سے معافی میں تھی انگریزوں نے اس پر مالگذاری لگادی اسپر ان لوگوں نے مقدمہ لڑایا اُسمیں بھی ناکام رہے تو ہائیکورٹ میں اپیل کیا حضرت میانجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ تھانہ بھون تشریف لایا کرتے تھے ان سے دعا کے لئے عرض کیا کہ حضرت دعا فرماویں یہ مقدمہ اپیل میں ہمارے

---

(ترجمہ) کام شیطان کے کرتا ہے اور نام تیرا ولی ہے۔ اگر ولی یہی ہے تب (تو) ولی پر لعنت ہے، (مطلب [illegible] اپنے [illegible] کرہے)۔

حق میں کامیاب ہو جائے فرمایا کہ ہمارے حاجی کو بیٹھنے کی تکلیف ہے یہاں ایک سہ دری بنوا دو ہم دعا کریں گے عرض کیا کہ بہت اچھا حضرت نے دعا فرمادی اور وکیل نے اطلاع دی کہ کامیابی ہوگئی یعنی مالگذاری معاف ہوگئی ان لوگوں نے حضرت میانجی صاحب کو بھی خبر کی حضرت نے فرمایا وعدہ بھی یاد ہے اب ان لوگوں کو خیال ہوا کہ دعا تو کر ہی چکے عرض کیا کہ حضرت پورے مصارف کا تو تحمل نہیں جو کچھ اس سہ دری میں صرف ہوگا اُسکا نصف صرفہ ہملوگوں کے ذمہ ہے فرمایا بہت اچھا نصف ہی سہی بڑے خوش ہوئے کہ آدھے میں کام بن گیا پھر جو باقاعدہ اطلاع آئی تو وہ یہ تھی کہ سائل کی حین حیات تک معاف اور پھر ضبط بڑے گھبرائے اور پھر حضرت میانجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ حضرت یہ کیا ہوا فرمایا تمنے ہی تو کہا تھا کہ نصف میں نے بھی نصف منظور کر لیا کام بھی نصف ہی ہوگیا عرض کیا کہ حضرت ہم پوری سہ دری بنوا دیں گے۔ فرمایا جاؤ اب کیا ہوتا ہے اس صورت سے یہ سہ دری تیار ہوئی فرمایا کہ غدر کے زمانہ میں اس سہ دری میں بھی آگ لگا دی گئی تھی اس حجرہ کا در اور کواڑ پر اب تک جلے ہوئے کا اثر ہے یہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے زمانہ ہی کے ہیں لوگوں نے مجھسے کہا بھی کہ انکو بھی نکلوا دو میں نے کہا کہ نہ بھائی اسکو میں نہ نکلواؤنگا اور یہ اس خیال سے کہ انکو حضرت کا ہاتھ بھی لگا ہوگا۔ اور کبھی اس چوکھٹ کو سر بھی لگا ہوگا کبھی کبھی حجرہ میں آتے جاتے میرا خود بھی سر لگ جاتا ہے ہاں چھت اس حجرہ کی بالکل ہی جل چکی تھی اسکو بدلوا دیا گیا اور نئی کڑیاں ڈلوا دیں ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ جس جگہ بزرگ رہتے ہیں اُس جگہ میں ایک خاص برکت اور نور ہوتا ہے فرمایا میں نے خود حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا مقولہ سُنا ہے فرمایا کرتے تھے کہ جائے بزرگان بجائے بزرگان واقعی برکت ضرور ہوتی ہے فرمایا کہ حضرت مولانا شیخ محمد صاحبؒ فرمایا کرتے تھے کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ جب حج کو تشریف لے گئے تھے اُن کی جگہ بیٹھکر ذکر کرتا ہوں تو زیادہ انوار و برکات محسوس ہوتے ہیں اور جگہ میں یہ بات نصیب نہیں ہوتی یہ تو مقولہ

Marfat.com

(ملفوظ ۱۴۰) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت کسی کو خیال یہ ہو کہ میں مستغنی ہوں اور واقع میں اسمیں کبر ہو اُسکا کیا علاج ہے فرمایا اسکے طرق ہیں معلوم کرنیکے اپنے مربی سے حالت بیان کرکے حل کرلے یہ باتیں کلیات بیان کرنے سے سمجھ میں آ نہیں سکتیں واقعات جزئیہ سے مصلح خود سمجھ لیگا۔

## ۴ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

### مجلس بعد نماز ظہر یوم چہار شنبہ،

(ملفوظ ۱۴۱) ایک سلسلۂ گفتگو میں فرمایا کہ بڑا شخص دین کا ہو یا دُنیا کا اُسمیں استغنا ضرور ہوتا ہے۔ مراد یہاںپر اہل کمال ہیں اہل مال نہیں اہل کمال کا حوصلہ بھی بڑا ہوتا ہے، سرسید کا ایک واقعہ عجیب وغریب ہے ایک شخص انگریزی تعلیم یافتہ ملازمت نہ ملنے کی وجہ سے پریشان تھے کیا سوجھی کہ ایک بہت بڑے افیسر انگریز کے پاس پہنچے اور کہا کہ میں سرسید کا داماد ہوں مجکو ملازمت کی ضرورت ہے وہ انگریز بہت ہی خاطر سے پیش آیا اور کہا کہ آپ ٹھیریں اُن کو ٹھیرا کر اُنکی لاعلمی میں ایک تار سرسید کو دیا کہ فلاں شخص اس نام کا ہمارے پاس ملازمت کے خیال سے آیا ہے اور اپنے کو آپکا داماد کہتا ہے کیا یہ واقعہ صحیح ہے جواب میں سرسید نے اُس انگریز کو لکھا کہ بالکل صحیح ہے ضرور آپ ملازمت کی کوشش فرمادیں میں ممنون ہونگا اُس شخص کو ملازمت ملگئی ایک روز اتفاقاً اُس انگریز نے اُس شخص سے یہ واقعہ بیان کردیا یہ بہت ہی شرمندہ ہوا اور کچھ عرصہ کے بعد یہ شخص علیگڈھ آیا اور سرسید سے ملکر معافی کی درخواست کی اور کہا کہ میں وہی شخص ہوں جس نے اپنے کو آپکا داماد بتلاکر ملازمت لی ہے یہ گستاخی ہوئی گو یہ گستاخی بضرورت تھی سرسید نے جواب میں کہا کہ گو یہ بات اُسوقت غلط تھی مگر اب صحیح ہو جائیگی۔ داماد کہتے ہیں بیٹی کے شوہر کو اسکی ایک صورت تو یہ تھی کہ میری بیٹی آپ کی بیوی ہوتی سو یہ تو ہو نہیں سکتا مگر دوسری [illegible] ممکن ہے کہ آپ کی بیوی کو میں اپنی بیٹی بنالوں سو میں آپکی بیوی کو اپنی بیٹی بناتا [illegible] میری بیٹی [illegible] اُسکا باپ پھر یہ توجیہ وقتی ہی نہ تھی بلکہ تازندگی باپ بیٹی

اور داماد ہی کا سابرتاؤ رکھا بلانا لینا دینا سب اسی طرح رکھا تو یہ حوصلہ بڑے ہونے کے سبب تھا گو وہ بڑائی دنیوی ہی تھی یہ حکایت سنکر ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت نے یہ حکایت سُنی ہے یا لکھی دیکھی ہے فرمایا سننا اور لکھی ہوئی دیکھنا اسمیں فرق ہی کیا ہوا اسلئے کہ وہ لکھی ہوئی بھی تو کوئی سُنکر ہی لکھتا دوسری ایک حکایت انہیں کی یاد آئی کہ ایکمرتبہ علیگڈھ کے اسٹیشن پر ریل میں سر سید سوار ہوئے اسی ڈبہ میں ایک اور صاحب پہلے سے سوار تھے اُنھوں نے اُن سے دریافت کیا کہ یہ کون شہر ہے سر سید بولے کہ علیگڈھ یہ سُنکر وہ صاحب کیا کہتے ہیں کہ وہی علیگڈھ جہاں سر سید (ایسا تیسا) رہتا ہے سر سید کہتے ہیں کہ جی ہاں وہی علیگڈھ وہ صاحب کہتے ہیں کہ وہ تو بڑا ہی ایسا ہے ویسا ہے۔ خوب بُرا بھلا کہا اُس نے بڑا ہی دین کو نقصان پہونچایا سر سید نے کہا جی ہاں وہ ایسا ہے۔ یہ صاحب اور زیادہ کھلے اور کئی اسٹیشن تک تبرا کرتے چلے گئے۔ سر سید کو ذرہ برابر تغیر نہیں ہوا تصدیق کرتے رہے آخر ایک اسٹیشن پر ان تبرا کرنے والے صاحب نے کھانا کھانے کیلئے نکالا جب کھانے بیٹھے تو انکی بھی تواضع کی سر سید نے جواب دیا کہ آپ کھائیں انھوں نے کہا کہ مصنوعی تواضع تو نہیں آجائیے سر سید نے پھر ٹالا انھوں نے پھر اصرار کیا کہ میری دلشکنی ہوگی سر سید نے کہا کہ مجکو کچھ عذر ہے انکا اسپر بھی اصرار ہوا سر سید نے پھر کہا کہ واقعی مجھکو عذر ہے انھوں نے کہا کہ وہ عذر کیا ہے بتلائیے سر سید نے کہا کہ بتلانے کا نہیں ہے اُنھوں نے کہا کہ بتلانا ہوگا سر سید نے کہا کہ اگر بتلا دوں تو اسوقت تو آپ کھانا کھلانے پر مصر ہیں اور معلوم ہو جانیکے بعد تو شاید میری صورت دیکھنا بھی گوارا نہ کرینگے انھوں نے کہا کہ توبہ توبہ ایسی کیا بات ہے اور آپ کیوں ایسا فرماتے ہیں تب سر سید نے کہا کہ میں ہی ہوں وہ شخص جسپر آپ کئی اسٹیشنوں سے تبرا بھیجتے چلے آرہے ہیں یہ سُنکر وہ صاحب کٹ ہی تو گئے بیحد ندامت اور شرمندگی سوار ہوئی معافی چاہی نتیجہ یہ ہوا کہ معتقد ہو گئے۔ باوجود اسکے کہ سر سید ایک دُنیا دار شخص تھے مگر استغنا اور حوصلہ تھا۔ مگر آجکل اہل کمال تقریبًا مفقود نظر آتے ہیں نہ دنیاداروں میں نہ دین [illegible] میں الا ماشاء اللہ۔ عالم بھی ہیں۔ شیخ بھی ہیں۔ صوفی بھی ہیں [illegible] بھی ہیں

تقوی کا بھی دعوی ہے یہ تو سب کچھ ہے مگر استغنا اور حوصلہ نہیں ہے۔

(ملفوظ [۱۴۲]) ایک مولوی صاحب نے ایک مدرسہ کے ارکان اور منتظمین کی کچھ انتظامی کوتاہیاں بیان کر کے حضرت والا سے مشورہ چاہا اور بعض خاص صورتیں پیش کر کے حکم شرعی دریافت کیا۔ اسپر حضرت والا نے فرمایا کہ یہ انتخاب کی غلطی ہے قاعدہ یہ ہے کہ جس کے جو کام سپرد کیا جائے پہلے یہ دیکھ لیا جائے کہ یہ اس کام کی ذمہ داری کا اہل ہے یا نہیں یہ تو بیچارہ مدرسہ ہے بعض سلطنتیں اس غلطی انتخاب کی بدولت تباہ و برباد ہیں یہ جو کچھ آجکل ارکان سلطنت کو پریشانیاں ہو رہی ہیں اسکی ایک خاص وجہ یہ بھی ہے کہ اکثر حکام اہل نہیں وہ اپنے فرائض منصبی کو محسوس نہیں کرتے اور اگر بعض کرتے بھی ہوں تو اُسکے انجام دہی میں غفلت سے کام لیتے ہیں غرضکہ سبب اُن خرابیوں کا غلط انتخاب ہے۔ رہا حکم شرعی کے متعلق وہ یہ ہے کہ کتابوں میں مسئلہ دیکھ لیا جائے مجھکو تو ان تحقیقات سے زیادہ مناسبت نہیں آپ حضرات مجھسے زیادہ جاننے والے ہیں۔

(ملفوظ [۱۴۳]) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک صاحب مجھسے حکایت بیان کرتے تھے کہ کاٹھیاواڑ میں میرے متعلق بعض عنایت فرماؤں نے یہ مشہور کر رکھا ہے کہ فلاں شخص حضور صلے اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانیکو منع کرتا ہے یہ سُنکر میں بڑا خوش ہوا کہ تہمت بھی لگائی تو ایسی جسکو کوئی قبول ہی نہیں کر سکتا فرمایا کہ میرے چند وعظ ہیں جنکے یہ نام ہیں۔ النور۔ الظہور۔ السرور۔ الحبور۔ الشذر ان رسائل کو دیکھکر کسی سمجھدار اور فہیم شخص کو یہ شبہ ہی نہیں رہ سکتا کہ میں حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کی کوئی بے ادبی یا کسی قسم کی نعوذ باللہ تنقیص کر سکتا ہوں۔ السرور میں عید میلاد النبی پر پوری بحث کی ہے۔ اور الظہور میں عجیب بات ہے کہ مثنوی شریف سے آپ کے فضائل کو ثابت کیا ہے جسکا تعلق دیکھنے سے ہے باقی میں دعوی نہیں کرتا قلیل العلم اور ضعیف الرائے کی رائے اور تحقیق ہی کیا اللہ تعالی کے فضل کو ظاہر کرتا ہوں۔

(ملفوظ [۱۴۴]) فرمایا کہ میں کسی صاحب حال شخص کو اُسکے حال کے اقتضا پر عمل کرنے سے خواہ وہ حال ... نہیں کرتا البتہ اگر صاحب حال خود چاہے تو اسکی اصلاح یا تعدیل

کردیتا ہوں ورنہ اُس کے حال پر چھوڑ دیتا ہوں اور اُس حال کی قدر کرتا ہوں اور قدر کرنی چاہئے بھی اگر چیخنے کو جی چاہے خوب چیخے اگر ہنسنے کو جی چاہے خوب ہنسے جو حال وارد ہو اُسکو اُسوقت روکنا نہیں چاہیئے۔

(ملفوظ ۲۵۳) فرمایا کہ ایک خط آیا ہے لکھا ہے کہ حضرت اپنے خدام میں داخل فرمالیں شاید اس ناکارہ کی نجات ہو جائے۔ میں نے جواب میں لکھدیا ہے کہ اگر دوسری جانب کی شاید واقع ہو جائے تو کیا کروگے۔ (مقصود طریق کلام کی تعلیم ہے کہ نجات کو خادم بننے پر متفرع کرنا مخدوش ہے)

(ملفوظ ۲۵۴) ایک ہندو گنڈا بنوانے کی غرض سے حاضر ہوا اُسکی بعض بدعنوانیوں پر حضرت والا نے روک ٹوک فرمائی اسپر ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت یہ تو ہندو ہے اور رہے بھی جاہل تو ایسے لوگوں کی روک ٹوک سے کیا فائدہ اسکا تو کوئی فائدہ نہ ہوا اور حضرت کو روک ٹوک کی کلفت بڑھی فرمایا بحمد اللہ مجھے کوئی کلفت نہیں ہوتی بلکہ ایک حظ ہوتا ہے کہ انکی غلطی پر تنبیہ کیا گیا اور فائدہ سے خالی نہیں وہ فائدہ یہ ہے کہ دوسری جگہ ایسی حرکت نہ کرینگے اور دوسرے کو تکلیف نہ دینگے ایک بات یہ ہے کہ اصول پر عمل کرنے سے حظ ہوتا ہے اور بے اصولی سبب ہوتی ہے کلفت کا سو میں تو عادی ہو گیا مسلمانوں کا خصوص اپنی بڑی جماعت کا عرض کیا کہ حضرت یہ معلوم ہوا کہ رحم بھی اپنے محل ہی پر کرنا چاہیئے۔ بطور مزاح فرمایا کہ جی ہاں رحم اپنے محل میں ہو اُسمیں بھی حظ ہوتا ہے۔

(ملفوظ ۲۵۵) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میرے یہاں تو ایک یہ بھی مستقل تعلیم ہے کہ بات صاف کہو جیسے آجکل بولتے ہیں کہ کیا ایسا ہو سکتا ہے کیا مہمل بات ہے۔ یہاں پر ایک صاحب مہمان تھے دوسرے مہمان کو اسٹیشن پہونچانے کیلئے جانا چاہا تو جانیکے وقت مجھسے کہنے لگے کہ کیا میں اسٹیشن جا سکتا ہوں میں نے کہا کیوں نہیں جا سکتے خدا نے پیر دیئے ہیں چلنے کو آنکھیں دیں دیکھنے کو قوت ارادیہ دی ارادہ کرنے کو اسلئے آپ جا سکتے ہیں۔ یہ خرافات ہیں اور یہ عیسائیوں سے لیا ہے اُنہیں یہ کوئی نیا محاورہ نہیں قدیم عیسائیوں نے کہا تھا حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے ھل یستطیع ربک ان ینزل علینا مائدۃ من السماء عیسائیوں سے مسلمانوں نے

ع کیا آپ کے رب ایسا کر سکتے کہ ہم پر آسمان سے کچھ کھانا نازل فرمادیں ۱۲ جامع

Marfat.com

نے بھی یہ محاورہ سیکھ لیا ہے برا معلوم ہوتا ہے ۔

(ملفوظ ۱۴۸) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت اگر کوئی عمل نیک اقتضائے طبعی کی وجہ سے صادر ہو گیا وہ بھی موجب اجر ہو گا۔ فرمایا کہ جن اعمال کے ہم مکلف ہیں سب امور طبعیہ ہی کے مقتضا ہیں مگر طبیعت سلیم ہو اب چاہے وہ عمل اقتضائے طبعی کی وجہ سے ہو اجر ہو گا البتہ نیت و اختیار شرط ہے ۔

(ملفوظ ۱۴۹) فرمایا کہ ہر جگہ ذکر ہی عبادت نہیں بلکہ بعض جگہ سکوت بھی عبادت ہے اسوقت ذہن میں اسکی دلیل کیلئے ایک حدیث پیش کرتا ہوں حدیث شریف میں آیا ہے کہ قرآن پاک کی تلاوت کے وقت اسدرجہ استغراق ہو جائے کہ کچھ کا کچھ نکلنے لگے اسوقت حکم ہے کہ سکوت اختیار کرو اس سے بعض اوقات سکوت کا مامور بہ ہونا اور مامور بہ ہونیکے سبب عبادت ہونا ثابت ہو گیا ۔

(ملفوظ ۱۵۰) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ میں فقیہ نہیں محدث نہیں مجتہد نہیں مفسر نہیں ہاں ان حضرات کا نقال ہوں جنکو ان چیزوں میں کمال تھا اللہ کا شکر ہے جب کوئی ضرورت پیش آتی ہے اپنے بزرگوں کی کسی دعا سے اسکے متعلق ضروری علم حق تعالیٰ قلب میں وارد کر دیتے ہیں یہ میرا کمال نہیں جسپر میں فخر کرسکوں یا سننے والا فخر سے تعبیر کرلے بلکہ واقعہ ہے پھر اسی سلسلہ میں احوال باطنہ کی رعایت کے متعلق فرمایا کہ میں یہانتک وقت کا خیال رکھتا ہوں کہ اگر کسی پر کوئی حال وارد ہو میں اسمیں مزاحمت نہیں کرتا۔ مکہ معظمہ کا واقعہ ہے کہ ایک صاحب بیت اللہ کی طرف دیکھکر مجھسے ایک ایسی بات کہنے لگے کہ بظاہر قابل نکیر تھی۔ میں اسمیں موافقت تو کر نہیں سکتا تھا مگر مخالفت یا زجر بھی نہیں کیا اور مخالفت نہ کرنے کی وجہ یہ تھی کہ اسوقت انکی حالت دیکھکر میں سمجھ گیا کہ انکا یہ عقیدہ نہیں ہے بلکہ حالت کا غلبہ ہے موسیٰ علیہ السلام اور چرواہے کا قصہ یاد آگیا اس سے سمجھ میں آیا کہ موسیٰ علیہ السلام نے اس چرواہے سے جو مزاحمت کی تھی۔ آپنے غایت غلبہ علم و حمیت دین سے اسوقت اس طرف توجہ نہیں فرمائی کہ مغلوب ہے اور عقل اجد

لسکھ لینے میں گڑبڑ پیدا نہ ہوگی ۱۲

علم سے مسلوب ہے۔ مولانا رومیؒ اسی واقعہ کو اس طرح فرماتے ہیں۔ ؎

گفت موسیٰؑ باکیستت ای خلاں ۔ ایں نمط بیہودہ میگفت آں شباں
گفت باآں کس کہ مارا آفرید ۔ ایں زمین وچرخ ازو آمد پدید
گفت موسیٰؑ ہائے خیرہ سر شدی ۔ خود مسلمان ناشدہ کافر شدی
ایں چہ کفرست ایں چہ ژاژست فشار ۔ پنبہ اندر دہانِ خود فشار

یہ سنکر اس کے بدن میں سناٹا نکل گیا اور یہ کہا۔ ؎

گفتعہ اے موسیٰؑ دہانم دوختی ۔ وز پشیمانی تو جانم سوختی

وہاں سے موسیٰؑ کو ارشاد ہوا ؎

وحیعہ آمد سوئے موسیٰؑ از خدا ۔ بندۂ مارا چرا کردی جدا
تو برائے وصل کردن آمدی ۔ نے برائے فصل کردن آمدی

(ملفوظ ۱۵۱) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ذرا اسکا مطلب بیان فرماویں اسکا مطلب کیا ہے۔ ؎

صحبتِللعہ نیکاں اگر یک ساعت است ۔ بہتر از صد سالہ زہد و طاعت است

فرمایا مجھسے تو آپ ہی بہتر سمجھنے والے ہیں مگر میں جو سمجھا ہوں وہ یہ ہے کہ کامل کی صحبت میں بعض وقات کوئی گر ہاتھ آجاتا ہے یا کوئی حالت ایسی قلب میں پیدا ہوجاتی ہے جو ساری عمر کیلئے مفتاح سعادت بنجاتی ہے یہ کلیہ نہیں بلکہ مہملہ ہے ہر وقت یا ہر ساعت مراد نہیں بلکہ وہی وقت اور وہی ساعت مراد ہے جسمیں ایسی حالت پیدا ہوجائے۔ عرض کیا تو

---

عہ وہ چرواہا اسیطرح بیہودہ باتیں کہہ رہا تھا تو موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ اے شخص تو یہ کس کو کہہ رہا ہے چرواہے نے کہا کہ اوس ذات کو جس نے ہم سب کو پیدا کیا ہے۔ اور یہ زمین و آسمان اوسی (کے پیدا کرنے) سے ظاہر ہوئے ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ ارے تو تو تباہ ہوگیا۔ اور کافر ہوگیا۔ یہ کیا کفر اور بیہودہ اور فضول باتیں ہیں۔ زبان بند کر ۱۲۔ عہ چرواہے نے کہا کہ اے موسیٰ (علیہ السلام) تم نے تو میری زبان سی دی اور پشیمانی کی وجہ سے میری جان جلادی ۱۲ عہ موسیٰ علیہ السلام کی طرف حق تعالیٰ کی طرف سے وحی آئی کہ ہمارے بندہ کو (جو بوجہ مغلوب الحال ہونے کے اس حالت میں بھی ہمارا مقرب تھا) ہم سے جدا کیوں کردیا آپ تو ہمارے (کی تعلیم) کے لئے آئے ہیں نہ کہ جدائی ڈالنے کے لئے ۱۲ للعہ نیکوں کی صحبت اگر ایک ساعت کے لئے میسر ہوجائے زہد و طاعت سے (جو بغیر رہبر کامل کے ہو) بہتر ہے ۱۲۔

Marfat.com

کیا ہر صحبت اس درجہ مفید نہ ہوگی۔ فرمایا کہ ہے تو یہی مگر کسکو علم ہے کہ وہ کون ساعت ہے جسمیں یہ حالت میسر ہوگی۔ ہر صحبت میں اسکا احتمال ہے اسلئے ہر صحبت کا اہتمام چاہیئے۔ اس سے ہر صحبت کا مفید اور نافع ہونا ظاہر ہے اور اُس حالت کو صد سالہ طاعت کے قائم مقام بتلانے کو ایک مثال سے سمجھ لیجئے اگر کسی شخص کے پاس سونگیتی ہوں تو بظاہر تو اُسکے پاس امتعہ میں سے ایک چیز بھی نہیں مگر اگر ذرا تعمق کی نظر سے دیکھا جائے تو ہر چیز اُس کے قبضہ میں ہے اسی طرح اگر وہ کیفیت اسکے اندر پیدا ہو گئی تو بظاہر تو خاص طاعات میں سے کوئی بھی چیز اسکے پاس نہیں مگر حکماً ہر چیز ہے پس مراد اعمال پر قدرت ہونا ہے اسی سے سب کام اسکے بنجائیں گے اور اصل چیز وہی کام ہیں جنکی یہ مفتاح صحبت میں نصیب ہو گئی اگر وہ اعمال نہ کئے تو نری مفتاح کس مصرف کی اسی لئے یہ کہتا ہوں کہ بدون اعمال نہ کچھ اعتبار ہے اقوال کا نہ احوال کا نہ کیفیات کا اس ہی لئے ان چیزوں میں سے کسی چیز میں بھی خبط نہ ہونا چاہیئے اگر اعتبار کی قابل کوئی چیز ہے تو وہ اعمال ہیں اور اعمال بلا توفیق حق کے مشکل اور توفیق عادۃً موقوف ہے صحبت کامل پر اسی کو مولانا فرماتے ہیں۔ ؎

قال را بگذار مردِ حال شو | پیشِ مردے کاملے پامال شو

(**ملفوظ ۱۵۲**) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت شیطان بھی آپکا بڑا ہی دشمن ہے جسقدر تمام ہندوستان کے مسلمانوں سے دشمنی ہوگی اتنی اکیلے حضرت سے ہے کیونکہ حضرت اُسکے مکر و فریب سے اللہ کی مخلوق کو آگاہ فرماتے رہتے ہیں وہ اسپر جلتا بھنتا ہوگا فرمایا کہ ممکن ہے مگر ساتھ ہی وہ مجکو نفع بھی بہت پہونچاتا ہے اس طرح سے کہ وہ لوگوں کو بہکاتا ہے وہ مجھکو ناحق گالیاں دیتے ہیں میں اسپر صبر کرتا ہوں اللہ میرے گناہ معاف فرماتا ہے اور درجات بلند کرتا ہے۔

(**ملفوظ ۱۵۳**) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ یہ طریق بہت ہی نازک ہے کسی محقق کی صحبت سے سمجھ میں آجائے تو آجائے ورنہ کتابوں سے پورا سمجھ میں نہیں آسکتا اور نہ کام چلسکتا ہے جیسے کتابیں پڑھکر بدون ماہرین کی صحبت میں رہے ہوئے مطب نہیں کر سکتا اگر ایسا شخص مطب کرے تو اُسے مریض کی خبر نہیں اسی طرح مریض روحانی کی بھی خبر نہیں نہ معلوم

Marfat.com

ناقص کی تعلیم سے کیا الٹ پلٹ تدابیر اختیار کرے اور بجائے نفع کے مضرت میں پھنس جائے اور کامل کی معرفت کیلئے ضرورت ہے کسی کامل کی شہادت کی آجکل تو جہلا مشائخ بنے ہوئے ہیں اس جہل کی بدولت طریق کو بدنام کر دیا حق تعالیٰ فہم سلیم عطا فرمائیں ۔

(**ملفوظ ۱۵۳**) ایک مولوی صاحب کے ایک سوال کے جواب میں فرمایا کہ اس طریق میں قیل وقال سے کام نہیں چلتا گو معلوم ہو جانا کسی علم کا اچھا ہے مگر وہ کیفیات کہاں جو اس راستہ کو طے کر کے منزل پر پہونچنے سے مشاہد ہوتی ہے مثلاً ایک شخص تو سفر کر کے بمبئی دیکھکر آیا اور ایک اس آئے ہوئے سے وہاں کے حالات دریافت کرتا ہے دونوں میں زمین آسمان کا فرق ہے ۔ اسکا صحیح طریق یہی ہے کہ وہاں پر پہونچ جانے کی کوشش کرے جس کے لئے راستہ بتلانے والے کی ضرورت ہوگی مگر جو اس راستے کے بتلانے والے ہیں اُنکا یہ ادب ضروری ہے کہ اس سے اُنکو کلفت نہ پہونچے یہ اس طریق میں بڑی ہی مضر چیز ہے کیونکہ مدعیان محبت سے ذراسی بھی کوتاہی ہو وہ گوارا نہیں ہوتی اور یہ ایک فطری چیز ہے اسکا اثر ہوتا ہے اور میں کہتا ہوں کہ عقیدت اسقدر مطلوب نہیں عظمت اس قدر مطلوب نہیں جسقدر محبت کی ضرورت ہے اور یہ ہی زیادہ مطلوب ہے گو عقیدت جو حدود کے درجہ میں ہو وہ بھی ایک درجہ میں مطلوب ہے مگر بڑی چیز جو ہے وہ محبت ہے خلاصہ یہ ہے کہ اگر محبت ہوگی تو سب چیزوں کی فکر رکھیگا کہ کوئی بات مجھسے ایسی نہ ہو جائے جو سبب بنجائے تکلیف کا اور یہ بہت ہی سہل چیز ہے جسکو اسدرجہ سخت سمجھ رکھا ہے اور اسکا طریقہ یہ ہے کہ اسکا قصد رکھے اہتمام رکھے پھر انشاء اللہ تعالیٰ ایسا کوئی کام نہ ہوگا جس سے تکلیف پہونچے اور اگر باوجود اس قصد اور اہتمام کے پھر بھی ہو جاوے تو اُسکی اتنی گرانی نہ ہوگی اسلئے کہ جہاں وہ اسکو محسوس کرتا ہے یہ بھی محسوس کریگا کہ قصد نہ تھا اور اسکے خلاف کا اہتمام بھی تھا مگر انسان ہے ہو گیا یہ سمجھکر وہ معذور سمجھے گا اور اس سے قلب پر گرانی نہ ہوگی ۔ پھر فرمایا کہ بیفکری پر جو شیوخ عتاب کرتے ہیں یہ طریقہ چھوٹوں ساتھ بمصلحت اصلاح کے اختیار کیا جاتا ہے ورنہ خدانخواستہ قلب میں تحقیر نہیں ہوتی ہے کسکو علم ہے کہ کون چھوٹا ہے اور کون بڑا بلکہ جسطرح

اسی طرح بڑوں کو ضرورت ہے چھوٹوں کی ۔ ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت بڑوں کو چھوٹوں کی کیا ضرورت فرمایا ضرورت یہ ہے کہ کبھی چھوٹوں کو وہ بات نصیب ہوجاتی ہے کہ بڑوں کو کبھی وہ بات خواب میں نہ آئی ہوگی۔ اگر یہ بات نہ ہوتی تو یہ بڑے بڑے ہی نہ رہتے کیونکہ ان کے نفس کی یہ حالت ہوجاتی جسکو مولانا فرماتے ہیں۔ ؎

نفس ازبس مدحہا فرعون شد کن ذلیل النفس ہونا لا تسُد،

اب یہ بڑے بھی ہر وقت اپنے اعمال کے محاسبہ میں رہتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ جسطرح ہماری ضرورت چھوٹوں کو ہے اسی طرح ہمیں ضرورت انکی ہے بھلا جسکا یہ خیال ہے وہ چھوٹوں کی تحقیر یا تذلیل کسی وقت میں بھی کرسکتا ہے۔ ہمارے حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ میں آنے والوں کی قدموں کی زیارت کو ذریعہ نجات سمجھتا ہوں

(ملفوظ ۱۵۴) ایک مولوی ...... صاحب نے عرض کیا کہ کیا ذکر کے وقت قلب ہی کی طرف متوجہ رہنا ضروری ہے اگر کبھی زبان کی طرف توجہ ہوجائے مضر تو نہیں۔ فرمایا کہ کچھ تو توجہ زبان کی طرف بھی ضرور ہوگی مضرت کچھ نہیں۔ لا یکلف اللہ نفسًا الا وسعہا اور یہ غیر اختیاری ہے جسکا یہ مکلف نہیں ۔

(ملفوظ ۱۵۵) ایک مولوی ...... صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ یہ تو اشغال ہیں اور اشغال میری نظروں میں کچھ بھی نہیں اصل چیز تو اعمال ہیں اُن کے اہتمام کی ضرورت ہے۔

(ملفوظ ۱۵۶) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ہمارے سب بزرگ زندہ دل تھے آپس میں ایک دوسرے سے مزاح بھی فرماتے تھے اور یہ متانت متعارفہ دلیل کبر کی ہے اور علامت ہے روح کے مردہ ہونیکی اور نفس کے زندہ ہونے کی اور خوش مزاجی دلیل ہے انکسار کی اور علامت ہے روح کے زندہ ہونے کی اور نفس کے مردہ ہونیکی۔ ایک شخص یہاں پر تھے وہ ذی علم بھی تھے مجھے ایک روز فرمایا کہ آپ کی فلاں فلاں بات وقار کے خلاف ہے میں نے کہا میں پوچھتا ہوں کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ جو دوڑے تھے کیا یہ خلاف ہے اگر نہیں تو آپ نے کبھی اس سنت پر عمل کیا ہے اپنی بیوی کے ساتھ دوڑے ہوں

؎ یعنی تعریف سے نفس فرعون ہوگیا ہے۔ کبھی کبھی اسکو ذلیل بھی کرلیا کرو ۱۲

Marfat.com

اور میں نے بحمد اللہ اس سنت پر عمل کیا۔ فرمایا کہ ایک ضروری بات یاد آئی حضور کے دوڑنے میں شبہ ہوتا تھا کہ مکان اسقدر وسیع کہاں تھا جسمیں حضور دوڑے مگر اب مسند احمد کی ایک روایت سے معلوم ہوا کہ یہ واقعہ سفر کی حالت میں تھا حضور ایک میدان میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ پردہ کراکر دوڑے تھے پھر اُن صاحب نے کوئی جواب نہیں دیا چپ رہ گئے میاں متانت اور وقار کو لئے پھرتے ہیں۔

## ۵ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

## مجلس خاص بوقت صبح یوم پنجشنبہ

(ملفوظ ۱۵۷) ایک مولوی...... صاحب نے ایک تحریر پیش کرکے حضرت والا سے مشورہ چاہا۔ حضرت والا نے ملاحظہ فرماکر فرمایا کہ غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر عوام اور خواص سب کسی ایک کے متبوع بنانے پر متحد اور متفق ہوکر اس کام کو کریں تو تنظیم ہوسکتی ہے متفرق کام کرنے سے کچھ بھی نہیں ہوسکتا عرض کیا کہ متبوع کی تعیین کیلئے قرعہ ڈال لیا جاوے فرمایا اسی پر راضی ہوجاویں کہ قرعہ میں جسکا نام آجائیگا اُسکو مان لیں گے مدار تو مان لینے پر ہے اسکے بعد تدابیر سب ہوسکتی ہیں۔ عرض کیا امید ہے کہ مان تو لیں گے فرمایا کہ جب یہ اُمید ہے تو آپ ہی اسکی ابتدا فرمائیں اور بھی شریک ہوجائیں گے قبل اسکے کہ کام شروع ہو شریک ہونا نہ ہونا برابر ہے۔

(ملفوظ ۱۵۸) فرمایا کہ بعض اہل علم بھی آجکل بہت زائد فضولیات میں وقت بیکار کھوتے ہیں۔ ضروریات سے غفلت ہے علمی تحقیقات بھی وہ کرتے ہیں جنکی تحقیقات سے کوئی نتیجہ نہیں آدمی کو ضروری کاموں میں لگ جانا چاہیئے اور سب میں ضروری کام آخرت کی فکر ہے اگر ساری عمر بھی غیر ضروری چیزوں کا پتہ نہ لگے تو وہاں پر اسکا کوئی مواخذہ نہیں محاسبہ نہیں ہاں یہ پوچھا جائیگا کہ کچھ کیا بھی یا نہیں۔ ایسی تحقیقات صرف علماء کا ایک مشغلہ ہے اور اس مشغلہ کی حقیقت اس سے زائد نہیں جیسے مریخ کی تحقیق میں لوگ پڑے ہوئے ہیں فضول خیال کرتے ہیں اسمیں اور اُسمیں فرق ہی کیا ہے حضرت حاجی صاحب کو عطا ہوا

وہ عمل ہی کی بدولت۔ تو ساری عمر اسی ادھیڑ بن میں لگا رہنا چاہئے کسی وقت بھی عمل سے بے فکر نہ ہونا چاہئے وہاں ان تحقیقات کو پوچھتا کون ہے ان تحقیقات پر ایک مثال یاد آئی بالکل ایسی ہی مثال ہے جیسے طالبعلموں کے کورس میں اقلیدس جسکی حقیقت سب جانتے ہیں کہ بعضوں کو عمر بھر بھی اس سے کام نہیں پڑتا پس اگر ساری عمر بھی اس علم کو حاصل نہ کرے اور ایک شکل بھی اقلیدس کی نہ معلوم ہو حرج کیا ہے۔ اس اقلیدس کی شکل پر بیچ میں ایک حکایت یاد آگئی۔ ماموں امداد علی صاحب روڑکی میں تھے بارش ہوئی کیچڑ ہو رہی تھی۔ ایک صاحب چھوٹے چھوٹے قدم رکھتے ہوئے جلدی جلدی چل رہے تھے ماموں صاحب بڑے ظریف تھے کہا کہ میاں سنبھلکر چلو کبھی گر نہ جاؤ جواب میں کہتے ہیں کہ میں اقلیدس کے قاعدہ پر چلتا ہوں گر نہیں سکتا اتفاق سے پیر پھسلگیا گر گئے ماموں صاحب فرماتے ہیں کہ کیوں حضرت کونسی شکل بنی۔ روڑکی ہی کا ایک اور قصہ ماموں صاحب کا یاد آیا دو واعظ ملے اتفاقی بات کہ دونوں موٹے تھے اور پیٹ دونوں کے بڑے بڑے تھے ملاقات کے وقت معانقہ کرنے لگے تو سینہ سے سینہ مشکل سے ملا۔ ماموں صاحب کیا فرماتے ہیں کہ مولانا یہ تو معانقہ نہوا مباطنہ ہو گیا یعنی پیٹ سے پیٹ مل گیا۔ فرمایا کہ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ تحقیقات میں کچھ نہیں رکھا ضرورت عمل کی ہے چاہے وہ گھٹیا ہی درجہ کا ہو جیسے روٹی اچھی پکی ہوئی ہو سنکی ہوئی اچھی ہو چاہے وہ چھوٹی سی ٹکیہ ہی ہو اس سے کام چل جاتا ہے۔

(ملفوظ ۱۵۹) فرمایا کہ لوگوں کے قلوب میں اعمال کی قدر نہیں کسی غالی درویش نے نماز کی نسبت حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے عرض کیا تھا کہ حضرت جب دل متوجہ نہ ہو تو اس اٹھک بیٹھک سے کیا نتیجہ۔ اسکے ساتھ یہ بھی فرمایا کہ بعض لوگ کیسے گستاخ ہوتے ہیں حق تعالیٰ رحم فرمائیں کیسی جرأت کی بات ہے ایسے لوگوں کے دلمیں عظمت کا نام نہیں معلوم ہوتا حضرت حاجی صاحب نے فرمایا کہ اسی اٹھک بیٹھک کی قیمت معلوم ہوگی کہ کس درجہ کی چیز ہے فرمایا کہ یہی سب کچھ ہے اگر حق تعالیٰ اسی کی توفیق [illegible] قلب ہی اٹھک بیٹھک ہو جایا کرے بڑی دولت ہے۔

Marfat.com

(ملفوظ ۱۶۰) ایک مولوی ...... صاحب نے اپنی تسبیح حضرت والا کے سامنے پیش کر کے عرض کیا کہ حضرت اسپر پڑھ دیجیئے گا برکت کیلئے اور ساتھ ہی میں یہ بھی عرض کیا کہ یہ بہت ہی سہل طریق ہے تبرک بنانے کا۔ فرمایا کہ واقعی بہت اچھی تدبیر ہے یہاں تو نہیں مگر عرب میں یہی طریقہ دیکھا ہے کہ شیخ سے اپنی چیز استعمال کرا کر اسکو تبرک بنا لیا جاتا ہے ہمارے حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے یہاں ہندوستانی لوگ جو حج کو جاتے تھے تبرک مانگتے تھے حضرت کی یہ حالت تھی کسی کو تہمد اور کسی کو کرتہ اور کسی کو ٹوپی دے رہے ہیں آخر کہاں تک کوئی انتہا نہ تھی بعض اوقات اس تقسیم کی بدولت حضرت کے پاس کپڑے نہ رہتے تھے عرب کا طریق نہایت ہی پسندیدہ ہے کہ اپنی چیز کو تبرک بنوا لیا جائے۔

(ملفوظ ۱۶۱) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ہمارے حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے انکسار اور شان عبدیت کا کیا ٹھکانا۔ فرمایا کرتے تھے کہ حق تعالیٰ کی ستاری ہے کہ میرے عیوب کو اہل نظر سے چھپا رکھا ہے یہ باتیں کہنے سے سمجھ میں نہیں آتیں مگر کہنا پڑتی ہیں جن پر یہ باتیں گذرتی ہیں وہی خوب جانتے ہیں یہاں قال سے کام نہیں چلتا یہاں ذوق کی ضرورت ہے اس انکساری۔ ایک مثال عرض کرتا ہوں ایک چمار کے پاس بادشاہ نے ایک لاکھ روپیہ کا موتی امانت رکھکر فرمایا کہ اسکو حفاظت سے رکھو اب لوگ تو سمجھ رہے ہیں کہ بڑا مقرب ہے بڑا امین ہے اور ایسا سمجھنا ایک معنی کر ٹھیک بھی ہے اگر یہ بات نہ ہوتی تو ایسی قیمتی چیز اسکے کیسے سپرد کر دیجاتی مگر میں جو عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ اس وقت اس چمار کی حالت قابل دیکھنے کے ہے وہ لرزاں اور ترساں ہے راتوں نیند نہیں آتی کہ دیکھئے کہیں امانت میں کوئی کوتاہی نہ ہو جائے میرے وجود اور میری حیثیت سے زائد مجکو امانت سپرد کر دی گئی اب اسپر اسکی دو حالتیں ہیں ایک شکر کی اور ایک خوف کی دونوں کو جمع کرنا اور اسکے حقوق بجالانا آسان بات نہیں واقعی یہ طریق بہت ہی نازک ہے ہزاروں سر مار کر بیٹھ گئے مگر منزل مقصود تک رسائی نہیں ہوئی اسمیں رہبر کامل کی ضرورت ہے بغیر اسکا دامن پکڑے ہوئے اس راہ میں خطر ہی خطر ہے۔ دیکھئے مثال سے کسی قدر سمجھ میں آ جائیگا ایک [illegible]

ہے مفسر ہے فقیہ ہے مجتہد ہے حافظ ہے قاری ہے نیک ہے حسین ہے تندرست ہے
اور باوجود اسکے اسکو کسی کمال پر نظر نہ ہو کیا یہ سہل بات ہے البتہ جو کمالات اسکو عطا ہوئے
ہیں اُنپر خوش ہونا یا اُنکا اقرار یہ بری بات نہیں لیکن ان کمالات کی بناء پر غیر اہل کمالات
کی تحقیر کرنا یہ ہے نظر مذموم اسی طرح یہ بھی نظر مذموم ہے کہ میں ان کمالات کی
وجہ سے خدا کے نزدیک مقبول ہو گیا کیا خبر ہے مقبولیت اور عدم مقبولیت کی۔ لا تقف
ما لیس لک بہ علم حضرت ممکن ہے کہ یہ تو سمجھ رہا ہے کہ میں مقبول ہوں اور وہاں مردود ہے
اسکی ایسی مثال ہے کہ ایک عورت ہے جو خوبصورت بھی ہے لباس فاخرہ بھی ہے۔ زیور
سے بھی آراستہ ہے سنگار کئے ہوئے ہے اور اس آرائش زیبائش کی بناء پر سمجھتی ہے کہ میرا
خاوند مجھے چاہتا ہے مگر ساتھ ہی گندہ دہنی میں مبتلا ہے اسلئے خاوند اُسکی صورت دیکھنے کا بھی
روادار نہیں اور ایک عورت ہے سانولی۔ کپڑے بھی میلے کچیلے زیور بھی اُسکے پاس نہیں مگر
اُسکی کوئی ادا خاوند کو پسند ہے وہ اُسکو محبوب رکھتا ہے دل سے چاہتا ہے فرمایئے ان
دونوں میں کچھ فرق ہے یا نہیں یہ ہی مثال ہمارے کمالات کی ہے تو جسطرح گندہ دہن عورت
اپنے خاوند کی نظر میں مقبول ہونے کے غلط گمان میں مبتلا ہے یہ ہی حالت کمالات کی بناء پر
ہمارے گمان کی ہے حاصل یہ ہے کہ یہ ظاہری کمالات دلیل مقبولیت کی نہیں۔ ممکن ہے
ہمارے اندر کوئی ایسی باطنی خرابی ہو جو میاں کو ناپسند ہو۔ فرمایا کہ باطنی خرابی کی شان
کے متعلق کیا عرض کروں جو دل میں ہے کس طرح دوسروں کے دل میں ڈالدوں بعض اوقات
سالک کی یہ حالت ہوتی ہے کہ باوجودیکہ یقین کے ساتھ یہ سمجھ رہا ہے کہ فرعون نے خدائی
کا دعوٰی کیا اور میرا دعوٰی ہے عبدیت کا وہ ہمیشہ کیلئے جہنم میں رہنے کا مستحق ہے اور میں
جنت میں رہنے کا امیدوار اسلئے کہ امید تو ہے ہی مسلمان ہونیکی وجہ سے اور امید رکھنی
بھی چاہیئے وہ موسٰی علیہ السلام کا منکر اور میں تمام انبیاء علیہم السلام کا ماننے والا مگر باوجود
ان سب چیزوں کے حالاً یہ سمجھتا ہے کہ فرعون مجھسے لاکھ درجہ بہتر ہے اسلئے کہ ایک مرتبہ کے کلمہ
سے اُسکا ادہر سے اُدہر معاملہ ہو جاتا۔ اور ایک منٹ میں اسکو نجات ہو سکتی تھی اور
[illegible] اپنے کو مبتلا دیکھتا ہے یہ سمجھتا ہے کہ اگر ہزار برس میں بھی نجات

ہوجائے تو غنیمت ہے اور اسی حالت میں لوگوں نے خودکشیاں تک کرلی ہیں وہ ضیق ایسا ہے کہ فرعون اُسمیں مبتلا نہ تھا محض کافر تھا ایک مرتبہ کے کلمہ پڑھنے سے ایک منٹ میں مسلمان ہوسکتا تھا اور یہ شخص اپنی حالت کو اُس سے زیادہ جانکاہ دیکھ رہا ہے تو ایسے شخص کی کہاں کمالات پر نظر ہوسکتی ہے اور کیا احوال ہونگے اُس کے سامنے اور کیا مقامات ہونگے اُسکی نظر میں وہ تو دوسری ہی اُدھیڑ بن میں لگا ہوا ہے جس گرداب میں یہ پھنسا ہوا ہے اگر اہل ظاہر کو اسکی یہ حالت منکشف ہوجائے تو کلیجہ پھٹ جائے مگر باوجود ان عقبات[ع] اور دشوار گذار راہوں کے جنکو حق تعالیٰ نے فہم کامل اور ذوق سلیم عطاء فرمایا ہے وہ اُسکو اس راہ سے اس سہولت سے نکالکر لیجاتے ہیں کہ معلوم بھی نہیں ہوتا یا تو ادھر تھے یا اُدھر ہوگئے اسکا یہ مطلب بھی نہیں کہ اسکو کچھ نہ کرنا پڑیگا کرنا ضرور پڑیگا مگر وہ گر ایسے ہیں کہ جو سخت سے سخت اور کٹھن گھاٹیوں کو پلک جھپکتے میں طے کرادیں گے اور یہ باتیں محض زبانی بیان کرنے سے سمجھ میں نہیں آسکتیں اسمیں ضرورت کام کرکے دیکھنے کی ہے اس لئے کہ بعض باتیں وجدانی اور ذوقی ہیں۔ ایک مولوی...... صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ذوق کس طرح پیدا ہو۔ فرمایا اہل ذوق کی خدمت سے پیدا ہوسکتا ہے مولانا فرماتے ہیں ؎

قال را بگذار مرد حال شو، پیش مردے کاملے پامال شو،

یہ تو جنپر گذرتی ہے اُنکا ذکر تھا باقی ہم اس درجہ کے نہیں تو کم از کم اتنا تو کریں کہ خدا کی عطاء کی ہوئی چیزوں سے نافرمانی اور عصیاں کا کام نہ لیں اگر انسان کچھ بھی نہ کرسکے تو اتنا تو کرے کہ حقوق واجبہ کا اہتمام اور منکرات سے اجتناب رکھے انشاء اللہ نجات کیلئے کافی ہے حق تعالیٰ عقل سلیم اور فہم کامل نصیب فرمائیں اسی عقل و فہم پر مدار ہے دین کے سب کارخانہ کا جسکو یہ نصیب ہوجائیں بڑی دولت ہے بڑی نعمت ہے۔

(ملفوظ ۱۶۲) ایک صاحب کی بے عنوانی پر حضرت والا نے اُن کو خانقاہ میں آنے اور مکاتبت مخاطبت سے منع فرمادیا تھا انھوں نے ایک مولوی صاحب کے واسطے سے معافی چاہی مولوی صاحب نے عرض کیا کہ فلاں شخص حضرت سے معافی کے خواستگار ہیں اور یہاں رہنے کی اجازت چاہتے ہیں اور بہت ہی روتے ہیں فرمایا کہ وہ

ع گھاٹیوں ۱۲

ہیں دل سے روتا ہوں مگر کلفت کو کس طرح برداشت کروں خصوص اُن سے جو مدعیان محبت ہیں جب ان سے ایسی کوئی بات ہو جو موجب کلفت ہو اُس سے زیادہ تکلیف ہوتی ہے اگر آپ فرمائیں کہ کلفتیں اُٹھا اور اذیتیں سہہ میں اس کیلئے بھی تیار ہوں آخر حضرت وحشی رضی اللہ عنہ کا واقعہ معلوم ہے کیا حضور صلے اللہ علیہ وسلم اُس کے خلاف پر قادر نہ تھے ظاہر ہے کہ تھے مگر پھر بھی حضور نے یہ فرمایا کہ تمام عمر اپنی صورت نہ دکھلانا مقصود یہ تھا کہ تمہاری صورت دیکھکر چچا کا قتل یاد آجاتا ہے اور اُس سے تکلیف ہوتی ہے اور یہ تکلیف سبب تمہارے نقصان کا ہوگی تو یہ حضور کا فرمانا حضرت وحشی ہی کی مصلحت سے تھا کہ اُنکو دیکھکر حضور کو کلفت ہوتی اُسمیں حضرت وحشی کا نقصان تھا۔ میں نے یہ واقعہ اپنے عذر کیلئے ایک صاحب کو لکھا تھا اُنھوں نے بھی ستایا تھا اور یہ بھی لکھا تھا کہ کہاں حضور اور کہاں ہم گندے ناپاک کوئی نسبت نہیں جب وہاں اتنا اثر ہوا اگر یہاں ہو تو کیا بعید ہے۔ وہ صاحب جواب میں لکھتے ہیں کہ حضرت وحشی رضی اللہ عنہ نے تو قتل کیا تھا میں نے قتل تھوڑا ہی کیا ہے۔ میں نے جواب میں لکھا کہ حضرت وحشی رضی اللہ عنہ نے کفارہ بھی ایسا ہی زبردست کیا تھا کہ اسلام لے آئے تھے جسکی شان یہ ہے کہ یھدم ما قبلہ اور تمنے اس درجہ کا کیا کفارہ کیا اُن صاحب کے جواب دینے پر فرمایا کہ آجکل تو بولنا کمال میں داخل ہو گیا ہے ایسے لوگوں سے یہ بھی امید نہیں ہوتی کہ کوئی بات کہی جاوے اُسکو سمجھ لیں گے پھر مفارقت کی تجویز کے متعلق فرمایا کہ حضرت خضر علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام کے واقعہ میں جسوقت خضر علیہ السلام نے فرمایا ھذا فراق بینی و بینک ایسے اولوالعزم پیغمبر یعنی موسیٰ علیہ السلام نے کیا کسی معصیت کا ارتکاب کیا تھا محض عدم مناسبت کی وجہ سے موسیٰ علیہ السلام کو علیحدہ کر دیا اس سے معلوم ہوا کہ اس تجویز کے لئے طالب کی معصیت شرط نہیں۔ ایک مولوی...... صاحب نے عرض کیا کہ حضرت وہاں پر تو پہلے ہی شرائط طے ہو گئے تھے فرمایا اچھا یہ بھی مگر یہ تبلایئے شرائط ہی کیوں طے ہوئے تھے اسی مناسبت و عدم مناسبت کے کیلئے تو طے ہوئے تھے تو وہی بات رہی عدم مناسبت کی۔ بالآخر موسیٰ علیہ السلام

لکھ ... کو ... طلب ... [illegible] ا ؎ یہ مجھ میں اور تم میں جدائی (کا وقت) ہے ۱۲

Marfat.com

کو ساتھ سے الگ ہونا پڑا نیز اب یہی طالب و شیخ میں بھی شرط ہوتی ہے وہاں صراحۃً تھی یہاں دلالۃً جیسا مریض و طبیب میں دلالۃً اس شرط کا طے ہونا سب کے نزدیک مسلم ہے۔ چنانچہ کوئی مریض طبیب کے نسخہ میں چون وچرا نہیں کرتا اور ایسا کرنے سے اگر وہ علاج چھوڑ دے اُسپر کوئی ملامت نہیں کرتا۔ اس طریق میں تو چوں وچرا سے کام چل ہی نہیں سکتا۔ بڑی ضرورت اسکی ہے کہ جس سے تعلق متابعت کا کیا جاوے اُسکو کلفت نہ پہونچائے اور یہ فکر اور غور سے ہو سکتا ہے مگر مشکل تو یہ ہے کہ لوگوں نے فکر اور غور کرنا ہی چھوڑ دیا ہیں جیسے دوسروں کو نہیں ستاتا یہ ہی دوسروں سے چاہتا ہوں کہ وہ مجھے نہ ستاویں۔ اسمیں راز یہ ہے کہ عدم مناسبت کی وجہ سے کوئی نفع نہ ہوگا۔ اسکو میں ظاہر کر دیتا ہوں اور ظاہر نہ کرنے کو خیانت سمجھتا ہوں کوئی فوج تھوڑا ہی جمع کرنا ہے عدم مناسبت کی صورت میں سب سے زیادہ اچھا اور سہل طریق یہ ہے کہ اصلاح کا تعلق کسی دوسرے سے کر لیں اور فوائد سُننے کیلئے اگر چاہیں یہاں آ کر رہیں بذریعہ خط صرف میری خیریت معلوم کر لیا کریں دعا کیلئے لکھدیا کریں مجھے خود تعلق ہوتا ہے مگر کیا کروں میں بھی معذور ہوں خدمت سے تو انکار نہیں مگر خدمت طریقہ سے کیجاتی ہے۔

(**ملفوظ** ۱۶۳) فرمایا کہ جسطرح میں دوسروں کی اصلاح کے طرق سوچتا رہتا ہوں اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اپنی اصلاح کے طرق بھی سوچتا رہتا ہوں مسلمان کو تو مرتے دم تک اپنی اصلاح کی فکر میں لگا رہنا چاہیئے اسپر بھی اگر نجات ہو جائے تو سب کچھ ہے اس سے آگے ہم کیا حوصلہ اور ہمت کر سکتے ہیں باقی فضائل و مدارج تو بڑے لوگوں کی باتیں ہیں ہمکو تو جنتیوں کی جوتیوں ہی میں جگہ ملجائے یہ ہی بڑی دولت ہے۔ جوتیوں پر یاد آیا کہ حضرت مولانا شہید صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی یہ حالت تھی کہ حضرت سید صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی مجلس میں شرکت کرنے کو اور ایک مجلس میں بیٹھنے کو خلاف ادب سمجھتے تھے۔ حضرت سید صاحب کی جوتیاں لئے ہوئے مؤخر مجلس میں بیٹھے رہتے تھے اگر کبھی بیٹھے بیٹھے کسل ہوتا وہیں جوتیاں سر کے نیچے رکھکر لیٹ جاتے تھے جسوقت حضرت سید صاحب کی پالکی چلتی تھی تو حضرت مولانا شہید صاحب رحمۃ اللہ علیہ پالکی کے ساتھ دوڑتے تھے اسکا ...

بے فخر سمجھتے تھے چاندنی چوک میں کو پالکی جارہی ہے اور آپ ساتھ دوڑ رہے ہیں حالانکہ دہلی میں اس خاندان کے ہزاروں سلامی تھے مگر ذرہ برابر حضرت شہید صاحبؒ اسکی پرواہ نہ کرتے تھے کیا یہ حضرات خشک تھے انکو خشک کہا جاتا ہے۔ اصلاح یوں ہی ہوتی ہے۔ آج ذرا ذرا بات پر ناگواری ہوتی ہے غرض ہر شخص کو اپنی اصلاح کی فکر میں لگا رہنا چاہئے مرتے دم تک یہی حالت رہے۔ عارف رومی فرماتے ہیں ؎

اندریں رہ می تراش و می خراش ... تادمِ آخر دمے فارغ مباش

تادم آخر دمے آخر بود ... کہ عنایت باتو صاحب سر بود

(ملفوظ ۱۶۴) ایک مولوی ...... صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ اگر کوئی بیمار ہو، اور لوگ اُسکو علاج سے بے فکر دیکھیں تو چاروں طرف سے تار ٹرتی ہے جس سے وہ اپنی فکر میں لگجاتا ہے ایسے شخص کی اُمید صحت کی ہوتی ہے افسوس تو اس شخص کی حالت پر ہے کہ تمام دُنیا اُسکو تندرست سمجھے ہوئے ہے اور وہ بیمار ہے دوسروں کے تندرست سمجھنے پر یہ بھی اپنے کو تندرست سمجھ بیٹھا ایسے مریض کے تندرست ہونیکی کیا امید ہوسکتی ہے میں سچ عرض کرتا ہوں کہ جب میں دوسرے کیلئے کوئی تجویز کرتا ہوں اپنے سے بے فکر ہو کر نہیں کرتا مستغنی ہو کر نہیں کرتا بلکہ عین تجویز کے وقت برابر اسکا خیال رکھتا ہوں کہ مجھسے کوئی زیادتی اس تجویز میں نہ ہوجائے اور اس شخص پر ذرہ برابر تنگی نہ ہو۔ اسپر مجھکو سخت کہا جاتا ہے۔ ہاں یہ دوسری بات ہے کہ اجتہادی غلطی ہوجائے اسکے متعلق یہ ہے کہ قصد نہیں نیت نہیں حق تعالیٰ معذور خیال فرما کر امید ہے کہ معاف فرماویں گے۔

## ۵ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

### مجلس بعد نماز ظہر یوم پنجشنبہ

(ملفوظ ۱۶۵) فرمایا کہ مجھکو بدنام تو کیا جاتا ہے مگر یہاں پر رہکر دیکھا جائے کہ میں کسقدر رعایتیں

---

؎ اس رستہ میں بہت نشیب فراز ہیں۔ آخر دم تک ایک دم کے لئے بے فکر نہ ہو۔ یہاں تک کہ آخری وقت میں ایک لمحہ لگیگا کہ عنایت حق تیرے اوپر ہو جاوے گی ۱۲۔

کرتا ہوں اور آنے والے مجھکو کتنا ستاتے ہیں یکطرفہ بات سنکر گھر بیٹھے فیصلہ دیدینا تو آسان ہے لیکن جب وہی باتیں اپنے کو پیش آئیں پھر اگر تحمل کرکے دکھائیں تو ہم جانیں البتہ اگر کسی کو حس ہی نہ ہو یا محض فوج ہی جمع کرنا ہو یا روپیہ ہی محض اینٹھنا مقصود ہو اور دکانداری ہی جمانا ہو تو ایسا شخص تو واقعی اس سے بھی زیادہ سخت سخت باتوں کا تحمل کرلیگا مجھسے تو یہ نہیں ہوسکتا بلا سے کوئی معتقد رہے یا غیر معتقد ہو جائے ہیں تو یہاں تک رعایت رکھتا ہوں کہ یہاں پر پہلے مسجد میں ایسا قصہ ہوتا تھا کہ جہاں میں نماز کیلئے مصلے پر جانے لگا کوئی ادھر کو کھڑا ہوگیا کوئی اُدھر کو کھسکا مجھکو ایسی باتوں سے اذیت ہوتی تھی نیز اس سے ایک عظمت اور بڑائی کی شان معلوم ہوتی تھی میں نے اپنے بزرگوں کو دیکھا کہ وہ ایسی باتوں کو پسند نہ فرماتے تھے نہ مجھکو پسند ہیں۔ غرضکہ لوگوں نے مجھکو ایسا بنالیا جیسے بھیڑیئے کو دیکھکر بھیڑیں ادہر اُدہر کو بھاگا کرتی ہیں میں نے اپنے دل میں کہا کہ اے اللہ میں تو آدمی ہوں۔ آخر میں نے یہ انتظام کیا کہ لوگوں سے کہدیا کہ تم صرف اتنا کیا کرو کہ میرے مصلے پر آنے کیلئے مصلے کے مقابل ایک آدمی کی جگہ چھوڑ دیا کرو باقی حرکت مت کیا کرو مگر اس صورت میں یہ ہوا کہ بعض صاحب میرے ساتھ ہولئے اور اس خالی جگہ پر جاکھڑے ہوئے اب یہ ظاہر ہے کہ پہلے پہونچنے والے بیچارے میری محبت کی وجہ سے کہ اسکو آنے میں کلفت نہ ہو ایک آدمی کی جگہ چھوڑ دیتے تھے تو وہ جگہ اُنکا حق تھی مگر میرے اس قاعدے سے دوسروں نے نفع اٹھانا شروع کردیا مجھکو اسپر بھی خیال ہوا کہ میں آلہ بنا ان ساتھ ہولینے والے حضرت کے مؤخر سے مقدم بنانے کا اسپر میں نے یہ انتظام کیا کہ یہ بھی مت کرو اپنی جگہ ملے ہوئے بیٹھے رہو میں جب آیا کرونگا جس جگہ سے جانا ہوا کندھے پر ہاتھ رکھدیا اُسوقت تھوڑی سی جگہ مجھکو جانے کی دیدیا کرنا۔ اسمیں ان کی بھی رعایت مقصود تھی وہ یہ کہ مجھکو معلوم تھا کہ یہ لوگ اس کو گوارا نہ کریں گے کہ مجھکو کوئی تنگی ہو اسلئے مجھکو بھی اُنکی یہ ناگواری گوارا نہ ہوئی اور بے تکلف اشارہ کرکے رستہ لینا تجویز کرلیا۔ یہ میں نے بطور نمونے کے بیان کیا ہے ورنہ ہزاروں جزئیات ہیں کہاں تک احاطہ ہوسکتا ہے جنکی میں رعایت رکھتا ہوں زبان سے دعویٰ کرنا بہت آسان ہے کر[illegible] دکھلانا بہت مشکل ہے۔ اس لئے میں بھی چاہتا ہوں کہ دوسرا بھی میر[illegible] راحت کی [illegible]

Marfat.com

(ملفوظ ۱۲۴) ایک مولوی...... صاحب نے عرض کیا کہ حضرت جس شخص سے مسجد میں کھڑے ہوکر تکنے پر حضرت والا نے مواخذہ فرمایا تھا وہ مجھ سے یہ کہتے تھے کہ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ دیکھنے سے بھی کسی کو تکلیف ہوتی ہے۔ حضرت والا نے یہ سنکر فرمایا کہ جب فہم کی یہ حالت ہے اسکا کوئی علاج نہیں جب گھر کی عقل نہ ہو کوئی انتظام نہیں ہو سکتا ایسوں کی غلطی پر اگر تسامح کیا جاوے تو کیا امید ہو سکتی ہے ان سے کہ یہ خود سمجھکر کوئی اذیت یا تکلیف نہ پہونچاوینگے بدفہم آدمی کا تو کسی حالت میں بھی انتظام نہیں ہو سکتا جیسے ایک شخص کے لڑکے کی شادی تھی لڑکے کے باپ نے ایک شخص سے دولہا کیلئے دوشالہ لیا دوشالے والے بھی بارات میں ہمراہ گئے قاعدہ ہے کہ لوگ دولہا کو دیکھنے کے واسطے آکر پوچھتے ہیں کسی نے آکر پوچھا کہ دولہا کونسا ہے دوشالے والے صاحب بولے کہ دولہا تو یہ ہے اور دوشالہ میرا ہے۔ لڑکے کے باپ نے کہا کہ میاں تم بڑے مہمل آدمی ہو اس کہنے کی کیا ضرورت تھی کہ دوشالہ میرا ہے کہنے لگے واقعی غلطی ہوئی اب احتیاط رکھوں گا۔ اتنے میں کسی اور نے دولہا کو آپوچھا تو آپ کہتے ہیں کہ دولہا تو یہ ہے دوشالہ میرا نہیں لڑکے والے نے کہا کہ میاں تم عجیب آدمی ہو۔ اس ہی کہنے کی کیا ضرورت تھی دوشالہ کا ذکر ہی کیا ضرور ہے کہا کہ واقعی ضرورت نہ تھی اب یہ بھی نہ کہونگا اتنے میں کسی نے پھر آ دریافت کیا کہ دولہا کون ہے آپ کہتے ہیں کہ دولہا تو یہ ہے اور دوشالے کا کوئی ذکر ہی نہیں آخر لڑکے والے نے دوشالہ واپس کر دیا۔ غرض اس شخص کا کوئی انتظام نہیں ہو سکا کیونکہ گھر ہی کی عقل نہیں تھی ایک اور حکایت یاد آئی ایک رئیس نے نوکر رکھا جو اکثر کاموں میں کوتاہی کرتا بار بار کے مواخذہ پر یہ کہا کہ اصل میں مجکو یہ معلوم نہیں کہ میرے ذمہ کیا کیا کام ہیں مجکو ایک فہرست کاموں کی لکھکر دیدی جاوے۔ رئیس نے ایک فہرست بنا کر دیدی کہ یہ کام تمسے لئے جاوینگے منجملہ اور کاموں کے اس فہرست میں یہ بھی تھا کہ گھوڑے کے ساتھ چلنا پڑیگا جہاں کہیں ہم جایا کریں گے ایکروز آقا سوار ہو کر نکلے اور یہ ساتھ ہوئے اتفاق سے شال گھوڑے سے گری آپنے فوراً فہرست نکالکر دیکھا اسمیں یہ نہ تھا کہ اگر کوئی چیز گھوڑے سے گرے اسکو اٹھا لیا جائے۔ آپنے شال نہ اٹھائی جب مقصود پر پہونچے آقا نے دیکھا شال نہیں دریافت کیا کہ شال نہیں کیا ہوئی کہتے ہیں

حضور وہ تو فلاں جگہ گری تھی آغا نے مواخذہ کیا اٹھائی کیوں نہیں آپ نے فہرست سامنے رکھدی کہ اس میں یہ کہیں نہیں لکھا کہ جو چیز گرا کرے اُسکو اٹھا لیا جایا کرے اسلئے میں نے نہیں اُٹھائی آغا نے فہرست لیکر اُسمیں یہ بھی لکھدیا کہ اگر کوئی چیز گر جایا کرے اُسکو اٹھا لیا جائے پھر آغا سوار ہو کر چلے اور منزل ختم ہوئی تو ایک گٹھڑی سامنے لا رکھی دریافت کیا کیا ہے عرض کیا دیکھ لیجئے کھولکر دیکھا تو گھوڑے کی لید پوچھا یہ کیا۔ وہی فہرست سامنے رکھدی کہ دیکھئے اسمیں یہ لکھا ہے کہ جو چیز گرے اُٹھالو۔ سو ایسی بدفہمی کا کیا علاج۔ فرمایا کہ میں بعضوں کو یہاں رہتے ہوئے مکاتبت مخاطبت سے منع کر دیتا ہوں پھر اگر وطن پہونچکر خط و کتابت کریں اور مجھکو خط و کتابت سے معلوم ہو جائے کہ سلیقہ پیدا ہو گیا تو مجھکو ضد تھوڑا ہی ہے اجازت دیتا ہوں کہ یہاں آکر بھی خط و کتابت کر سکتے ہیں مقصود میرا اس سے ان لوگوں کی اصلاح ہوتی ہے کہ طبیعت پر سمجھنے سوچنے کا بوجھ پڑے فکر اور غور کی عادت ہو دوسرے کو جو اذیت یا کلفت ہوتی ہے وہ بے فکری سے ہوتی ہے اور میرا عقیدہ تو وہ ہے جو حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ آنے والے حضرات کی قدموں کی زیارت کو اپنی نجات کا ذریعہ سمجھتا ہوں کیونکہ میرا تو کسی دلیل سے بھی اچھا ہونا ثابت نہیں اور میرے پاس آنے والے اللہ کا نام لینے آتے ہیں یہ یقیناً اچھے ہیں اھ۔ بھلا جس شخص کا یہ عقیدہ ہو وہ آنے والوں کو تحقیر کی نظر سے دیکھ سکتا ہے یا ایسا شخص کسی کے آنے سے گھبرائے گا ہاں یہ ضرور ہے کہ رعایت اُسکی کیجاتی ہے جو اپنی بھی رعایت کرے اور یہ جو لوگ سفارش کراتے ہیں یہ خود دلیل ہے کام نہ کرنے کی کہ خود کچھ کرنا نہ پڑے ایسا شخص اپنا بوجھ دوسروں پر ڈالتا ہے اور خود ہلکا رہتا ہے اس سے طلب کا کم ہونا معلوم ہوتا ہے بڑی سفارش تو طلب ہے لوگوں کو عادتیں پڑی ہوئی ہیں انکا چھوٹنا بڑا ہی مشکل ہے نہ اپنی تکلیف کا احساس نہ دوسروں کی کہاں تک انکی بے پروائی اور بے فکری کی اصلاح کیجائے فرمایا کہ عادت پر ایک حکایت یاد آئی یہاں پر ایک صاحب تھے برادری کے تھے انکی عادت برادری کو گالیاں دینے کی تھی اتفاق سے اُن کے یہاں شادی ہوئی۔ اہل برادری اُنکی اس حرکت سے ناراض تھے اتفاق کیا کہ کوئی ان کے یہاں شریک نہ ہو ان حضرت کو معلوم ہوا کہنے لگے کہ ا[illegible]

گالیاں نہ دیا کرونگا لوگوں نے کہا کہ اچھا ہم یوں تو اعتبار نہ کریں گے شاہ ولایت میں چل کر عہد کرو کہ گالیاں نہ دیا کرونگا ساتھ ہو لئے پہلے لوگ شاہ ولایت صاحب کو بہت مانتے تھے وہاں پر پہونچکر اگر کوئی بات طے ہو جایا کرتی تھی تو اسپر سب مطمئن ہو جایا کرتے تھے غرضکہ یہ حضرت شاہ ولایت کے مزار پر پہونچے اور کھڑے ہو کر کہا کہ حضرت میری عادت گالیاں دینے کی تھی اب میں عہد کرتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں کہ آج کے بعد ان کی یوں توں کروں انکو کبھی گالیاں نہ دیا کرونگا لوگوں نے کہا ارے پھر گالی دی کہنے لگے اچھا اب ایسا نہ کرونگا پھر عہد اُسی گالی کے ساتھ کیا۔ تب لوگوں نے اُنکو معذور سمجھا اور بُرا ماننا چھوڑ دیا اور سب نے شادی میں شرکت کی۔ مگر معلوم ہوتا ہے کہ تھے چالاک یہ ترکیب اُنھوں نے اسلئے کی کہ وہ یہ سمجھے کہ یہ ہمیشہ کیلئے منہ بند رکھنا پڑیگا ایسی ترکیب کرو کہ یہ معذور سمجھیں۔

(**ملفوظ ۱۶۷**) ایک مولوی ....... صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ایک بدعتی مولوی یہ کہتا تھا کہ گاندھی کے پیچھے نماز پڑھنے میں اتنا نقصان نہیں جتنا دیوبندی کے پیچھے نماز پڑھنے میں ہے۔ مزاحاً جواب میں فرمایا کیونکہ گاندھی کے پیچھے نمازِ مکروہ بھی نہ ہوگی۔ (یعنی نماز ہوگی ہی نہیں)

(**ملفوظ ۱۶۸**) ایک مولوی ...... صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ان قادیانیوں کی کوئی کتاب وغیرہ چُرا لے جائز ہے یا نہیں اسلئے کہ یہ مرتد ہیں۔ جواب میں فرمایا کہ مسئلہ تو کتاب میں دیکھا جاوے مجھکو اسوقت یاد نہیں ہاں یہ ضرور ہے کہ ایسی چوری کرنے کی میری تو نیت نہیں۔

(**ملفوظ ۱۶۹**) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت اسٹیشنوں پر اکثر بابو لوگ مال کا وزن کرنے میں تساہل کرتے ہیں اُسکی ادا کرنے کی کیا صورت ہے۔ جواب میں فرمایا کہ خود وزن کرلے اور جسقدر زائد ہو قانونی حساب معلوم کرکے اتنے کا ٹکٹ خرید کر چاک کردے یہ صورت ادا کی ہوسکتی ہے۔

(**ملفوظ ۱۷۰**) ایک صاحب کی بے عنوانی پر حضرت والا نے اُنکو خانقاہ میں آنے اور مکاتبت سے منع فرمادیا تھا اُن صاحب نے ایک مولوی صاحب کے واسطے سے معافی چاہی تھی یہ [illegible] کی مجلس میں آج ہی درج ہوچکا ہے جسکا نمبر ۱۶۲ ہے اور جسمیں حضرت وحشی کا

قصہ مذکور ہے اب بعد نماز ظہر کی مجلس میں ان مولوی صاحب نے پھر سفارش فرمائی حضرت والا نے فرمایا ایک صورت ذہن میں آئی ہے جس سے آنے کی اجازت ہوسکتی ہے اسلئے کہ خدانخواستہ مجکو بغض یا عداوت تھوڑا ہی ہے مقصود اصلاح ہے اور وہ صورت یہ ہے کہ اگر کوئی صاحب اسکے ذمہ وار بنیں کہ یہاں پر رہنے کے زمانہ میں انکو اپنے ساتھ رکھیں۔ چلنے میں بیٹھنے میں کھڑے ہونے میں نماز میں کھانے میں اگر مجھسے مصافحہ کرنے آئیں تو نگراں صاحب ساتھ آئیں مجلس میں ساتھ لائیں استنجے جائیں یہ ساتھ جائیں ان شرائط کیساتھ اُن صاحب کو آنے کی اجازت ہوسکتی ہے فرمائیے کون صاحب اس پابندی کیلئے تیار ہیں دیکھوں کون صاحب اُن کے ہمدرد بنتے ہیں یا محض مجھکو ہی تختہ مشق بنایا جاتا ہے۔ مولوی...... صاحب نے عرض کیا کہ فلاں مولوی صاحب اسکو انجام دیسکتے ہیں فرمایا مجھکو اس سے بحث نہیں جو صاحب پابندی کرسکتے ہیں وہ مجھسے کہیں کہ میں کرسکتا ہوں۔ ایک مولوی....... صاحب نے عرض کیا کہ حضرت میں اسکی پابندی کرسکتا ہوں حضرت والا نے دریافت فرمایا کہ معیت فی الاستنجا تک کی پابندی عرض کیا جی ہاں فرمایا بہت اچھا اجازت ہے بلا لیجئے عرض کیا کہ ساتھ رہنے کے علاوہ اور تو کوئی میری ذمہ داری نہ ہوگی فرمایا یہ بھی ذمہ داری ہے کہ اگر وہ کوئی ایسی حرکت کریں جو خلاف قاعدہ ہو یا دوسرے کی اذیت کا سبب ہو آپ بتلاتے رہیں سمجھاتے رہیں میرے لئے اسمیں یہ سہولت ہے کہ اگر اُن سے کوئی غلطی ہوئی تو میں قرین سے باز پرس کرونگا۔ میرا تو جہاں تک ذہن پہونچتا ہے عین مواخذہ کے وقت میں بھی سہولتیں کرنے میں کوتاہی نہیں کرتا اور میں اُنکو عاصی نہیں سمجھتا مگر عدم مناسبت سے جو کلفت ہوتی ہے اُس میں میں بھی معذور ہوں۔

(ملفوظ ۱۷۱) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت شیخ کی طرف دیکھنا یا اُسکی طرف نظر کرنا کیا اس سے برکت حاصل نہیں ہوتی۔ فرمایا ہوتی ہے لیکن طریق اسکا یہ ہے کہ ایسے وقت دیکھے جب یہ دیکھ لے کہ شیخ اسکے دیکھنے کو نہیں دیکھ رہا وجہ اسکی یہ ہے کہ بلا ضرورت کسی شخص کی طرف ٹکٹکی باندھکر دیکھنا اُسکو مشوش کرتا ہے۔ اور یہ بات میرے ہی ساتھ مخصوص نہیں امر طبعی ہے کہ اگر ایک شخص ایک شخص کو برابر دیکھے چلا جارہا ہو تو اُسکو شبہ ہوتا ہے کہ

Marfat.com

خاص بات ہے جو مجھکو گھور رہا ہے ہاں ایسے وقت شیخ کی طرف نظر کرنا کہ جسوقت اس کو علم نہ ہو اسکے دیکھنے کا کوئی حرج نہیں یا خود شیخ اُسکی طرف متوجہ ہو یا کچھ پوچھے یا بتلائے اُسوقت چونکہ شیخ خود متوجہ ہوتا ہے اُسوقت دیکھنے میں بھی کوئی حرج نہیں یہ میں اسلئے کہہ رہا ہوں کہ آجکل فہم اور عقل کا قحط ہے لوگ افراط تفریط میں مبتلا ہیں شاید اس سے بد فہم لوگ شیخ کے متوجہ ہونیکے وقت بھی اس طرف دیکھنے اور بولنے کو ادب کے خلاف سمجھ بیٹھیں ۔

(**ملفوظ** ۱۲۲) ایک مولوی ....... صاحب نے عرض کیا کہ حضرت کیا صاحب کشف کیلئے یہ ضروری ہے کہ ہر وقت انکشاف ہوا کرے۔ فرمایا کہ یہ تو ضروری نہیں مگر یہ احتمال ہر وقت ہے کہ نہ معلوم کسوقت انکشاف ہوجائے ۔

(**ملفوظ** ۱۲۳) فرمایا کہ ایک صاحب کا بڑے مزے کا خط آیا ہے لکھا ہے کہ ایک روپیہ نذرانہ کیلئے منی آرڈر کرونگا آپ چاروں سلسلوں کی اجازت دیکر بندہ کو بہرہ مند فرمائیں۔ فرمایا کہ یہ ایک روپیہ میں خلافت لینا چاہتے ہیں۔ لفافہ پر پتہ ملاحظہ فرما کر فرمایا کہ آپ ماسٹر ہائی اسکول بھی ہیں۔ مزاحاً فرمایا کہ ہائے اسکول تو نے تباہ کر دیا ان لوگوں کو اب بتلایئے اس بد فہمی اور کم عقلی کی کچھ حد ہے۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تمسخر کی راہ سے لکھ رہا ہے۔ فرمایا یہ بات نہیں اصل بات یہ ہے کہ روپیہ لیکر لوگ خلافتیں دیتے ہیں میں نے اس قسم کے اکثر واقعات سُنے ہیں یہ سب بیخبری کی ....... باتیں ہیں یہ قدر رہے طریق کی ان لوگوں کی نظروں میں اور یہ وقعت ہے ان چیزوں کی ان لوگوں کے دلوں میں۔ میں اگر اسپر مطالبات کرتا ہوں اور اس طریق کی حقیقت کو ظاہر کرنا چاہتا ہوں تو مجھکو بدنام کیا جاتا ہے کہ مزاج میں تشدد ہے سختی ہے مجھسے تو بے غیرتی نہیں اختیار کیجاتی میں اگر ایسے کور مغزوں کے ساتھ نرمی برتوں تو اُسکا اثر مجھ ہی تک محدود نہیں رہیگا اسکا اثر طریق پر پڑیگا تو علاوہ بے غیرتی کے دین کے بھی خلاف ہوگا کیونکہ طریق بدنام ہوتا ہے۔ ایسے موقع میں سیاست کرنے پر جو شخص مجھپر اعتراض کرتا ہے میں اسُ معترض ہی سے دریافت کرتا ہوں کہ ایسے شخص کے ساتھ کیا برتاؤ کیا [illegible] جس نے ایکروپیہ میں خلافت چاروں سلسلوں کی اجازت طلب کی ہے حضرت دور [illegible] قائم کرلینا بہت آسان ہے ذرا بھانپ کر واقعات کو دیکھیں تب حقیقت معلوم ہو۔

(ملفوظ ۱۷۴) فرمایا کہ ساری دنیا عقلا ہی سے بھری ہوئی ہے ایک اور صاحب کا خط آیا ہے. لکھتے ہیں کہ حضور بزرگ کامل و مکمل و مدلل ہیں. بطور مزاح فرمایا کہ بہشتی زیور جو مکمل و مدلل چھپا ہے اس وجہ سے بیچارے نے لکھا ہے کہ تم بھی مکمل و مدلل ہو. ایک یہ بھی لکھا ہے کہ حضور مشرق و مغرب جنوب شمال تمام دنیا بھر کے بزرگ ہیں اس نے جو لکھا ہے کہ حضور کامل مکمل و مدلل بزرگ ہیں. میں نے لکھدیا ہے کہ نہ میں کامل نہ مکمل نہ مدلل یہ سب غلط ہے اور اگر تمہارے نزدیک صحیح ہے تو اس دعوے کو مکمل و مدلل کرو پھر اس نے جو لکھا ہے کہ حضور مشرق و مغرب جنوب و شمال تمام دنیا بھر کے بزرگ ہیں میں نے لکھدیا ہے کہ توبہ کرو توبہ فرمایا کہ ایک شخص نے حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو خط میں القاب کی جگہ یہ لکھا تھا کہ رب المشرقین ورب المغربین۔ حضرت نے وہ خط حاضرین کو پڑھنے کے لئے دیا۔ اب جو دیکھتا ہے ہنسی کی وجہ سے بیتاب ہوجاتا ہے۔ حضرت کو پڑھکر کوئی سنا نہیں سکتا تھا آخر وہ میرے پاس آیا میں نے ہنسی کو ضبط کر کے حضرت کو سنایا۔ حضرت بڑے ہی حلیم تھے سنکر فرمایا لاحول ولا قوۃ الا باللہ جہل بھی کیا بری چیز ہے یہ فرماکر اس شخص کی معذوری بیان فرمادی کہ بوجہ بے علمی کے ایسا ہوا۔ ایک مولوی....... صاحب نے عرض کیا کہ دوسروں نے جو حضرت کو پڑھکر سنایا کیا حضرت خود نہیں پڑھ سکتے تھے فرمایا پڑھ سکتے تھے مگر تکلف کے ساتھ اسلئے کہ حضرت کی نگاہ کمزور ہوگئی تھی۔

(ملفوظ ۱۷۵) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت نے ان صاحب کے اس لکھنے پر کہ حضور مشرق و مغرب جنوب و شمال تمام دنیا بھر کے بزرگ ہیں یہ تحریر فرمایا ہے کہ توبہ کرو توبہ اور میں نے ایکمرتبہ ایک صاحب کے سامنے مسجد میں اسپر قسم کھائی تھی کہ دنیا میں حضرت سے بڑھکر اسوقت اصلاح کے لئے کوئی رہبر نہیں تو کیا مجھکو بھی توبہ کرنا چاہئے۔ مزاحاً فرمایا کہ توبہ سے کیا ہوتا ہے کفّارہ کی ضرورت ہے۔ فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا فیصلہ اس بارہ میں بہترین فیصلہ ہے وہ یہ ہے کہ اپنے شیخ کی نسبت یہ عقیدہ رکھے کہ زندہ بزرگوں میں میری کوشش سے اس سے زیادہ مجھکو نفع پہونچانے والا مجھکو نہیں ملسکتا۔ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ اس فن کے امام تھے مجتہد تھے۔ اور وہ شان تھی جسکو مولانا فرماتے ہیں۔

Marfat.com

بینی اندر خود علوم انبیاء ¹ بے کتاب و بے معید و اوستا

(ملفوظ ۱۷۶) ایک مولوی ...... صاحب نے عرض کیا کہ حضرت سمجھ میں نہیں آتا یہاں پر قدم قدم پر قیود اور شرائط ہیں ہر ہر بے عنوانی پر مواخذہ و محاسبہ ہے ڈانٹ ہے ڈپٹ ہے گر لوگ ہیں کہ چپٹے ہیں ٹلتے نہیں۔ فرمایا ایسی حالت میں اہل محبت اور اہل فہم ہی ٹھہر سکتے ہیں اور میرا مقصود ان سب چیزوں سے اپنی اور دوسروں کی راحت ہے اور جو کچھ کہتا سنتا ہوں اسکا منشاء محبت اور آنے والوں کی اصلاح ہے اگر یہ قیود اور شرائط اور ڈانٹ ڈپٹ نہ ہوتی تو یہاں پر ایک ہجوم ہوتا خصوص اہل دنیا کا کوئی تعویذ مانگتا کوئی کچھ کوئی کچھ یہ جو ضروری ضروری کام خدا کے فضل سے ہو گئے ہیں ہجوم کی بدولت ان میں سے ایک بھی نہ ہوتا اسلئے ضرورت تھی ایسے قیود کی اور اس ہی وقت میں آنے والوں کی بھی بحمد اللہ خدمت ہوتی رہتی ہے۔

(ملفوظ ۱۷۷) فرمایا ایک خط آیا ہے اس میں تمام اپنے قصے جھگڑے بھر رکھے ہیں مجھ سے مشورہ چاہا ہے میں نے جواب میں لکھدیا ہے کہ میں کسی کو مشورہ نہیں دیا کرتا۔ خط کے ختم پر لکھا ہے کہ اور کوئی بات قابل تحریر نہیں۔ میں نے لکھا ہے کہ یہ بھی قابل تحریر نہ تھی۔

(ملفوظ ۱۷۸) فرمایا کہ ایک خط آیا ہے لکھتے ہیں کہ اپنے اندر حسد پاتا ہوں۔ میں نے جواب لکھا ہے کہ حسد کی حقیقت کیا سمجھتے ہو اور اُس کے کیا آثار پاتے ہو۔ فرمایا کہ خط و کتابت میں انکا وقت تو ضرور صرف ہوگا مگر انشاء اللہ حقیقت سے واقف ہو جائیں گے۔ کہیں حقیقت حسد کی بے خبری سے غیر حسد کو حسد نہ سمجھ رہے ہو اب جب اُسکی حقیقت لکھیں گے معلوم ہو جائیگا اس طرز سے مجھکو بھی علاج میں سہولت ہو جاتی ہے۔

## ۶ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

## مجلس خاص بوقت صبح یوم جمعہ

(ملفوظ ۱۷۹) ایک صاحب نے عرض کیا کہ شبکو حضرت کی کیسی طبیعت رہی اور کھانسی کا

---

¹ بغیر کسی مددگار اور اوستاد کے علوم نبوت کا مشاہدہ کریگا ۱۲۔

کیا حال رہا۔ فرمایا کھانسی ہی کی وجہ سے راحت نہیں ملی حکیم صاحب کے پاس گیا تھا اب انھوں نے کچھ اور تجویز کیا ہے۔ یہ بھی فرمایا جب ضرورت پیش آتی ہے حکیم صاحب کے پاس خود جاتا ہوں اُن کو نہیں بلاتا۔ ایکروز حکیم صاحب فرمانے بھی لگے کہ مجھکو شرم معلوم ہوتی ہے میں ہی حاضر ہوجایا کرونگا میں نے کہا کہ نہیں شرم کی کیا بات ہے میرا نہ آنا اور آپ کو بلانا عدل کے خلاف ہے۔ محتاج کو چاہیئے کہ وہ محتاج الیہ کے پاس جائے۔ اور بحمد اللہ یہ سب باتیں میری امور طبعیہ ہیں مجھکو کوئی اہتمام یا سوچ بچار کرنا نہیں پڑتا۔

میں رعایت کے متعلق عرض کرتا ہوں کہ میرے جو ملازم تنخواہ دار ہیں اُنکو بھی جب تنخواہ دیتا ہوں یا کبھی کوئی انکی مالی خدمت کرتا ہوں تو روپیہ پیسہ کبھی اُن کی طرف پھینکتا نہیں بلکہ سامنے رکھدیتا ہوں یا ہاتھ میں دیتا ہوں جیسے ہدیہ دیتے ہیں پھینکنے میں اُنکی اہانت معلوم ہوتی ہے کیونکہ یہ ایک تحقیر کی صورت ہے اور ملازم کو حقیر اور ذلیل سمجھنے کا کوئی حق نہیں کیونکہ نوکری ایک قسم کی تجارت ہے تجارت میں کبھی اعیان کا مبادلہ اعیان سے ہوتا ہے کبھی اعیان کا مبادلہ منافع سے ہوتا ہے اور منافع میں منافع بدنیہ ارفع ہیں۔ جسکا حاصل یہ ہے کہ نوکر نے اپنی جان پیش کی جو اس مال سے کہیں افضل و اعلیٰ ہے منافع بدنیہ کو پیش کرنا یہ زیادہ ایثار ہے۔ پس تجارات میں اجارات زیادہ افضل ہیں تو اُسکے تحقیر کی کیا وجہ میں کبھی ان معمولات کو بحمد اللہ بیٹھکر سوچتا نہیں سب امور طبعیہ ہیں خود بخود ذہن میں آتے ہیں۔ جتلانا مقصود نہیں احسان کرنا مقصود نہیں اس لئے اس وقت کہتا بھی نہیں صرف اپنے دوستوں سے اس لئے ظاہر کردیتا ہوں کہ یہ باتیں کانوں میں پڑجائیں کیونکہ ان چیزوں کا تعلق دوسروں سے ہوتا ہے اس سے حقوق العباد کا خیال رکھیں اور عدل کو ہاتھ سے نہ دیں اور کوئی غرض سنانے سے نہیں۔

(ملفوظ نمبر ۱۸۰) ایک مولوی ...... صاحب نے عرض کیا کہ حضرت یہاں پر تو ساری ہی باتیں نرالی ہیں جیسی نماز خانقاہ میں ہوتی ہے ایسی نماز شاید ہی کہیں ہوتی ہو۔ دریافت فرمایا کہ یہ کیوں عرض کیا کہ قریب قریب سب جگہ پر یہ حالت ہے کہ امام کو ذرا دیر ہو فوراً غل مچ جاتا ہے کوئی کچھ کہتا ہے کوئی کچھ کہتا ہے یہاں پر یہ بات نہیں فرمایا

یہ ہے کہ یہاں پر جمہوریت نہیں شخصیت ہے یہ اُس کی برکت ہے۔ فرمایا کہ ہمارے بزرگ بھی اللہ کے فضل سے بڑے ہی حکیم تھے اُنکی ہر ہر بات پر نظر کرنیسے معلوم ہوتا ہے کہ اُنکی کوئی بات حکمت سے خالی نہیں۔ یہاں پر تھانہ بھون میں جو جگہ ممتاز ہے وہ حوض والی مسجد ہے وہاں پر بھائی برادری کے لوگ بھی رہتے ہیں محلہ بھی برادری کا ہے اثر کے لئے بھی جگہ مناسب تھی اور نفع کی بھی امید زائد تھی اسلئے کہ اُن سے کسی بات میں کوئی تکلف ہی نہوتا مگر اسکے ساتھ ہی یہ بات بھی ہے کہ وہ بھی اپنا اثر ڈالنا چاہتے برادری برابری کا معاملہ ہے ہمارے بزرگوں نے رہنے کیلئے اس غریب جگہ کو پسند کیا اُس ممتاز جگہ کو پسند نہیں کیا حکمت یہی ہے کہ یہاں پر کوئی مزاحم نہیں اس محلہ میں زمیندار آباد نہیں غریب لوگ آباد ہیں یہاں زمینداری بزرگوں کی ہے۔ یہاں پر محلہ کے غریب لوگ نماز پڑھنے آتے ہیں یہاں پر بالکل آزادی ہے بس اسکا مصداق ہے۔

بہشت[عہ] آنجا کہ آزارے نباشد ۔۔۔ کسے را با کسے کارے نباشد

(ملفوظ ۱۸۱) فرمایا کہ اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے یہاں پر کوئی روایت کسی شخص کی کوئی نہیں پہونچا سکتا۔ ایک مولوی ...... صاحب نے عرض کیا کہ یہ بات تو یہاں پر خاص ہے ورنہ قریب قریب اکثر بزرگوں کے یہاں سلسلہ حکایت شکایت کا کم و بیش رہتا ہے فرمایا کہ جی ہاں بحمد اللہ میں ان باتوں کا خیال رکھتا ہوں عرض کیا کہ حضرت سُنتے ہی نہیں نیز حضرت کے اصول اور قواعد اس قسم کے ہیں کہ اُسکے خلاف کی کوئی ہمت ہی نہیں کر سکتا اگر ضوابط میں ذرا ڈھیل دیجاتی یہاں پر بھی سلسلہ جاری ہوجاتا۔ فرمایا کہ ڈھیل کے متعلق سُنئے حاجی عبدالرحیم بھائی مرحوم کے ملازم تھے اُن کے متعلق میرے بڑے گھر میں سے ایک معاملہ میں مجھسے شکایت کی میں نے فوراً آدمی بھیجکر حاجی جی کو بُلایا اور دروازہ میں کھڑا کر کے کہا کہ تمہارے متعلق یہ روایت بیان کرتی ہیں۔ حاجی جی نے کہ غلط شکایت ہے اسپر میں نے گھر میں سے کہا کہ یہ انکار کرتے ہیں اور تمنے دعویٰ کیا لہذا ثبوت دو ثبوت تمہارے ذمہ ہے ثبوت ندارد کہنے لگیں کہ توبہ تم تو ذرا سی دیر

عہ وہ ہے جہاں کسی کو کسی کوئی تکلیف نہ ہو۔ اور کسی کو کسی سے کوئی کام نہ ہو ۱۲ ۔

Marfat.com

ہیں آدمی کو فضیحت کردیتے ہو میں نے کہا کہ میں فضیحت نہیں کرتا نصیحت کرتا ہوں یہ سلسلہ روایات اچھا نہیں معلوم ہوتا اس سے دل میں عداوتیں پیدا ہوجاتی ہیں اور جہاں یہ سلسلہ ہے وہاں ہر وقت ہر شخص کو یہ شبہ رہتا ہے کہ نہ معلوم میری طرف سے کسی نے کیا کہدیا ہوگا اور کہنے سے کیا خیالات پیدا ہوگئے ہونگے۔ اور یوں تو ہمارے حضرات سب ہی حکماء تھے مگر ہمارے ان بزرگوں میں سے دو بزرگوں میں خصوصیت کیساتھ یہ صفت یعنی روایات سے متاثر نہ ہونا بہت ہی کامل تھی ایک حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ ہیں اور ایک حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ ہیں مولانا تو سُنتے ہی نہ تھے شروع ہی میں روکدیتے اور حضرت حاجی صاحب رحمہ اللہ کا عجیب معمول تھا کہ سب سُن لیتے تھے دوسرے دیکھنے والوں کو یہ معلوم ہوتا تھا کہ حضرت پر بڑا اثر ہورہا ہے اور جب بیان کرنے والا خاموش ہوا حضرت نے بے تکلف فرمادیا کہ سب غلط ہے وہ شخص ایسا نہیں اور اس کہنے کا یہ مطلب تھا کہ چاہے واقع میں صحیح ہو مگر چونکہ شرعی شہادت نہیں اسلئے اسکے ساتھ کذب کا سا معاملہ کیا جاوے یہی محمل ہے آیت کا جو حق تعالیٰ فرماتے ہیں۔ فاذ لم یأتوا بالشہداء فاولئک عند اللہ ھم الکذبون عند اللہ سے مراد ہے یہاں فی دین اللہ فی قانون اللہ یعنی شریعت کے قانون کی رو سے تم جھوٹے ہو تمہارا کہنا سب غلط ہے پس اس تقریر کے بعد یہ شبہ نہ رہا کہ محتمل لصدق کو جزماً کیسے کاذب فرمادیتے تھے۔ حکیم محمد مصطفےٰ صاحب نے اس آیت سے ایک عجیب مسئلہ استنباط کیا ہے کہ حسن ظن کیلئے تو کسی دلیل کی ضرورت نہیں سوء ظن کیلئے دلیل کی ضرورت ہے۔

(ملفوظ ۱۸۲) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں تو کہا کرتا ہوں کہ بڑوں کو حوصلہ ہوتا ہے وہ درپئے آزار نہیں ہوا کرتے اور نہ ضرر پہونچاتے ہیں چھوٹے ہی نقصان پہونچایا کرتے ہیں اسلئے۔ وسیرائے سے ڈرنے کی اتنی ضرورت نہیں جتنی کانسٹبل سے ڈرنے کی ضرورت ہے۔

(ملفوظ ۱۸۳) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت آجکل تو یہ حالت ہے کہ جہاں عوام نے تعظیم کرنی شروع کردی بس بڑے ہوگئے فرمایا اس ظاہری تعظیم سے کیا ہوتا ہے جبکہ دلوں

؎ سو جس صورت میں یہ لوگ موافق قاعدہ کے گواہ نہیں لائے تو بس اللہ کے نزدیک یہ جھوٹے ہیں

لوگوں کے وقعت نہ ہو تعظیم تو بعض اوقات دفع ظلم کیلئے بھی کرنے لگتے ہیں ایسی تعظیم بھی
ذلت ہی کہلاتی ہے اور اگر بظاہر تعظیم نہو مگر دل میں وقعت ہو عظمت ہو یہ حقیقی تعظیم ہے
دیکھئے محض ظاہری تعظیم کی حقیقت اس مثال سے سمجھ میں آجائیگی مثلاً خدا نہ کرے یہاں پر
اس مجلس میں سانپ نکل آئے تو سب تعظیم کے لئے کھڑے ہوجائیں گے مگر اسکے ساتھ ہی جوتہ
کی بھی تلاش ہوگی بس اس سے زیادہ وقعت نہیں ظاہری تعظیم کی۔

(ملفوظ ۱۸۴) ایک مولوی ...... صاحب نے عرض کیا کہ حضرت گلستان بوستاں بھی
عجیب کتابیں ہیں مگر اس زمانہ میں انکی وہ قدر ہی نہیں رہی لوگوں نے نصاب ہی بدل ڈالے
فرمایا کہ یہ سچ بات ہے یہ اتنی بڑی کتابیں ہیں کہ بجائے بچپن میں پڑھنے کے انکو بڑا ہو کر پڑھے
تب کچھ سمجھ میں آسکتی ہیں مگر اسکا عکس ہورہا ہے کہ جو زمانہ ناسمجھی کا ہوتا ہے اُسوقت پڑھاتے
ہیں تمیز بھی نہیں ہوتی کہ مطلب کتاب کا ہے کیا میری رائے یہ ہے کہ جیسے قرآن شریف
بچپن میں بھی پڑھا جاتا ہے اور بڑے ہو کر بھی اسی طرح یہ کتابیں بھی پڑھی جایا کریں۔ یعنی
قرآن شریف کی بچپن میں تو محض عبارت پڑھتے ہیں اور یاد کرتے ہیں اور بڑے ہو کر اُسکے
معانی و مطالب کو پڑھتے ہیں اسی طرح ان کتابوں کے ساتھ معاملہ کرنا چاہئے کہ بچپن میں
برکت کیلئے محض عبارت سرسری ترجمہ سے یاد کریں اور بڑے ہو کر معانی اور مطالب کو
سمجھیں۔ ادب۔ انقیاد۔ تواضع۔ حیا، شرم۔ یہ سب انہیں کتابوں کی برکت سے
پیدا ہوتی ہے۔ اس نئی تعلیم نے ان چیزوں کا بلکہ علمی استعداد کا بھی ایسا ناس کیا ہے
کہ لوگوں کی اس طرف توجہ ہی نہیں رہی یہی وجہ ہے کہ علمی یا اخلاقی کمال ہی پیدا
نہیں ہوتا بڑے بڑے ڈگری یافتہ ان بابرکت کتابوں کی تعلیم پائے ہوئے طلباء کے
سامنے گرد ہوتے ہیں۔

## ۶ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

## مجلس بعد نماز جمعہ۔

(ملفوظ ۱۸۵) ایک صاحب نے استفتاء پیش کرکے عرض کیا کہ اگلے جمعہ کو اسکا جواب

Marfat.com

لے لیا جائیگا اسلئے کہ جلدی جواب نہیں ہوسکتا۔ فرمایا کہ یہ صحیح ہے مگر اگلے جمعہ تک یہ کاغذ امانت کسکے پاس رہیگا کیونکہ کام کی کثرت کی وجہ سے مجھپر اسکا بار ہوتا ہے۔ عرض کیا کہ حضرت کی سہولت کیلئے ایسا عرض کیا گیا فرمایا یہ بھی صحیح ہے مگر جسوقت لکھکر تیار ہوجائے آخر کسکو دوں تاکہ امانت کا بار نہ رہے۔ عرض کیا کہ حافظ....... صاحب کو دے دیں فرمایا کہ آپ یہی بات اُن سے کہلوادیں کیا خبر اُن کو قبول بھی ہے یا نہیں اگر وہ آگر مجھسے کہدیں میں اُن کو دیدونگا۔ حافظ....... صاحب نے آکر عرض کیا کہ حضرت جواب تحریر فرماکر مجھکو دیدیا جائے۔ فرمایا دیکھئے میں اسقدر احتیاط کرتا ہوں کہ براہ راست اُن سے کہنا نہیں چاہا شاید میرے اثر سے عذر نہ کرتے انتظام ایسا ہونا چاہیئے کہ کسی کو تکلیف نہ ہو اب حافظ صاحب نے اُن کے کہنے سے بار اُٹھایا اگر میں خود اُن کے سپرد کرتا تو اُسوقت میری طرف سے سمجھا جاتا اس صورت میں اُن کا جی چاہتا یا نہ چاہتا قبول کرتے مجھکو اتنا بھی کسی پر بار ڈالنا گوارا نہیں حاصل انتظام کا یہ ہے کہ نہ اپنی طرف سے دوسرے پر بار ہو اور نہ دوسرے کا اپنے اوپر بلاضرورت بار ہو۔ اسقدر تو میں رعایتیں کرتا ہوں اور پھر بھی سخت مشہور کیا جاتا ہوں۔

**(ملفوظ ۱۸۶)** ایک مولوی....... صاحب نے عرض کیا کہ حضرت کے یہاں مہمان بھی آتے ہیں۔ ڈاک کا کام بھی بڑا زبردست ہے اور بھی مختلف کام مختلف لوگوں کے ہوتے رہتے ہیں اور گھر کے تمام معاملات کا بھی انتظام اور پھر اسقدر تصانیف۔ فرمایا کہ یہ حق تعالےٰ ہی کا فضل ہے بات یہ ہے کہ مہمان بیچارے آتے ہیں مگر متبوع ہوکر نہیں آتے اسلئے انتظام سہل ہوجاتا ہے ایک مرتبہ حضرت مولانا....... رحمت اللہ علیہ تشریف لائے میں اسوقت مثنوی کی شرح لکھ رہا تھا وقت معمول پر میں نے مولانا کی آسائش اور راحت کا انتظام کرکے اجازت چاہی کہ میں تھوڑا سا لکھ آؤں فرمایا جی ضرور آپ اپنا حرج نہ کریں۔ میں نے یہ کہا کہ تھوڑا سا کام کرکے فوراً حاضر ہوگیا۔ اگر تھوڑا تھوڑا کام بھی روز ہوتا رہے تو ایک برکت ہوتی ہے مداومت کی اگر سلسلہ ٹوٹ جاتا ہے اُسمیں ایک قسم کی بے برکتی ہوجاتی ہے۔

Marfat.com

(ملفوظ ۲۸۷) فرمایا کہ مجھکو ڈاک کا بڑا اہتمام ہے کہ روز کے روز فارغ ہوجاؤں اسمیں طرفین کو راحت ہوتی ہے اِدہر تو میں فارغ مجھے راحت اُدہر خط کا جواب پہونچ جائے اُسکو راحت انتظار کی تکلیف نہ ہو۔ آج ہی مولوی ...... صاحب سہارنپور سے صرف اس سبب سے آئے کہ اُن کے خط کے جواب میں ایک دن کی دیر ہوگئی تھی اسلئے خود آئے محض اس خیال سے کہ کھانسی کی تکلیف تھی کہیں زیادہ تکلیف تو نہیں بڑھگئی جو جواب نہیں بھیجا اور علاوہ اسکے دور و دراز سے خطوط آتے ہیں جنمیں نئی نئی ضروریات ہوتی ہیں اسلئے روزانہ ڈاک نمٹا دیتا ہوں اپنی طرف سے اسکا انتظام رکھتا ہوں کہ دوسرے کو تکلیف نہ ہو اور انتظار کی تکلیف تو مشہور ہے۔

(ملفوظ ۲۸۸) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت قصبہ ........ میں ایک عالم مدرس کی ضرورت ہے اگر حضرت مولوی ....... صاحب سے فرمادیں اور وہ قبول فرمالیں تو اہل قصبہ کو اُمید ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ بہت نفع ہوگا۔ فرمایا کہ فرمانا تو بڑی چیز ہے میں تو ایسے معاملات میں رائے بھی کسیکو نہیں دیتا بلکہ خود صاحب معاملہ کے مشورہ لینے پر بھی کہدیتا ہوں کہ مجھکو آپ کے مصالح اور حالات کا کما حقہ علم نہیں میں مشورہ سے معذور ہوں آپ خود اپنے مصالح پر نظر کرکے جو اپنے لئے بہتر مناسب خیال کریں عمل کرلیں ہاں دعاء سے مجھکو انکار نہیں عافیت اسی میں ہے میں کسی کے معاملات میں دخل نہیں دیتا ہر شخص کو آزادی ہے البتہ شریعت کے خلاف وہ کام نہ ہو پھر اجازت ہے۔ مولوی ...... صاحب یہاں پر موجود ہیں اُن سے خود تمام معاملات طے کرلئے جاویں۔ میری طرف سے بالکل آزادی ہے میرا معمول ہے کہ اگر دونوں طرف جائز بات ہو تو کسی جانب پر مجبور نہیں کرتا بلکہ دونوں طرف آزادی دیتا ہوں حتیٰ کہ اگر کسی ایک شق میں میری بھی کوئی مصلحت ہو۔ تب بھی اپنے مصالح پر اُن کے مصالح کو ترجیح دیتا ہوں اور نہایت صفائی کے ساتھ اپنی تجنیر کو ظاہر کردیتا ہوں اور اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے اپنے بزرگوں کی دعا کی برکت سے میری کوئی بات اُلجھی ہوئی نہیں ہوتی ہر بات نہایت صاف ہوتی ہے اگر مخاطب ذرا سمجھ ہو فوراً سمجھ میں آجاتی ہے۔

Marfat.com

(ملفوظ ۱۸۹) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بڑے آرام کی چیزیں ہیں پرانی اسپر فرمایا کہ مثلاً یہ فرش ہے اسپر اگر دس کی جگہ گیارہ بارہ تیرہ بھی بیٹھ جائیں تب بھی تنگی نہیں ہوتی اگر کرسیاں ہوں تو ایک بھی زائد نہیں بیٹھ سکتا اسی طرح سب پرانی باتیں بزرگوں کی دنیا اور دین دونوں کی راحت کو جامع ہوتی ہیں آجکل کی باتیں لوگوں کی چکنی چپڑی تو ضرور ہوتی ہیں مگر ان میں نور نہیں ہوتا اور ان حضرات کے کلام میں ایسا نور ہوتا ہے گویا یہ معلوم ہوتا ہے کہ جیسے آفتاب نکل آیا آخر مقبولین اور غیر مقبولین میں کوئی فرق تو ہونا ہی چاہیئے مگر اس نور کے ادراک کیلئے بصیرت کی ضرورت ہے کیونکہ بعض اوقات ظاہراً باطل میں آب و تاب ہوتی ہے اور حق میں ظاہراً کم رونقی اسکی بالکل ایسی مثال ہے جیسے کبھی پیشاب صاف ہوتا ہے اور پانی بمقابلہ اس کے گدلا ہوتا ہے اسی طرح مقبولین اور غیر مقبولین کے اقوال و افعال میں جو فرق ہوتا ہے وہ صورت کا نہیں ہوتا بلکہ بعض مرتبہ صورۃً غیر مقبولین کا کلام اچھا معلوم ہوتا ہے الفاظ نہایت بڑے بڑے اور چست ہوتے ہیں۔ یعجبک قولہ فی الحیوۃ الدنیا[ع] اسکی دلیل ہے بلکہ ان میں فرق جو ہوتا ہے وہ حقیقت کا ہوتا ہے جیسے میں نے پیشاب اور پانی کی مثال بیان کی۔ پیشاب ہے صاف مگر ہے ناپاک۔ پانی گدلا ہے مگر ہے پاک۔

(ملفوظ ۱۹۰) فرمایا کہ ایک صاحب کا خط آیا ہے لکھا ہے کہ مجھ میں عادت بدکاری کی ہے۔ اسپر حضرت والا نے جواب میں تحریر فرمایا اگر چھوڑنا چاہو تو کیا قدرت نہیں۔ ایک مولوی ....... صاحب نے عرض کیا کہ حضرت عادت کی وجہ سے کبھی ہمت نہیں ہوتی اسکے ترک کی گو قدرت ہوتی ہے مقصود یہ تھا کہ ہمت کی تدبیر بتلادی جاوے۔ فرمایا کہ میں نے جو لکھا ہے دیکھوں اسکا کیا جواب دیتے ہیں اول ہی مرتبہ میں تدبیر نہیں بتلاتا اس کی قوت علمی اور ارادہ کو معلوم کرتا ہوں اسکے بعد جب وہ ہمت کے بعد عاجز ہو جاتا ہے تب تدبیر بتلاتا ہوں اور اس تدبیر کی قدر بھی جبھی ہوتی ہے کہ وہ ہمت کرکے مایوس ہو جاوے ورنہ یوں تو ہر امر میں دو درجے ہیں۔ ایک عمل کا درجہ ہے اور ایک سہولت عمل کا۔ ہر شخص کا خود توجی یہ ہی چاہتا ہے کہ سہولت کی تدبیر بتلائی جاوے مگر شیخ کی طرف سے اسکے

ع کیا آپکو اسکی گفتگو جو محض دنیاوی غرض سے ہوتی ہے مزیدار معلوم ہوتی ہے ۱۲

Marfat.com

ہوتا ہے کہ اپنی کوشش ختم کر کے دکھلا دو جب عاجز ہو جاؤ گے تب اہل تصرف تو اپنے تصرف سے اور اہل تدبیر اپنی تدبیر سے اُسکا ازالہ انشاء اللہ کر دیں گے۔ میں نے ایک وعظ میں دلیل سے یہ بتلا دیا ہے کہ رسول اور نائب رسول کا صرف یہ کام ہے کہ وہ یہ بتلا دیگا کہ یہ کام کرو اور اختیار سے کام لو اول ہی سے طالب کے تابع کیسے ہو جائیں۔ ہر کام طریقہ سے ہوتا ہے یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ مریض نے آ کر طبیب سے مرض کو ظاہر کیا ساتھ کے ساتھ مرض کا ازالہ بھی ہو جائے بلکہ اگر مریض مرض کے ازالہ کی مدت بھی طبیب سے دریافت کریگا تو کان پکڑ کر مطب سے باہر نکلوا دیا جائیگا اسی طرح امراض روحانی کے علاج کو سمجھ لیجئے اور مصلح کو تابع بنانا تو بالکل اسکے مشابہ ہے کہ آقا نوکر سے کہے کہ کتنی دیر میں کھانا پک جائیگا اور وہ جواب میں کہے کہ حضور دس بجے تک اسی طرح مصلح سے کام لینا چاہتے ہیں تو اب مصلح کیا ہوئے نوکر ہوئے مجھکو تو اس سے بڑی غیرت آتی ہے کہ عوام کا اتباع کیا جائے ایسے اتباع کی مثال تو بازاری عورت اور شریف عفیف گھرستن کی سی ہے بازاری عورت اپنے اغراض کی وجہ سے ہر قسم کی دلجوئی کا انتظام کرے گی بناؤ سنگار چکنی چپڑی باتیں غرض کہ دل لبھانے کے سب ہی طریق اختیار کرے گی اور شریف عفیف گھرستن ناک پر مکھی بھی نہیں بیٹھنے دیگی اُسکی ایک شان ہوتی ہے اسی طرح شیخ مزور اور شیخ محقق میں فرق ہے۔

(ملفوظ ۱۹۱) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بعضے لوگ اپنے گھروں میں بے پکارے چلے جاتے ہیں بڑی گندی بات ہے نہ معلوم گھر کی عورتیں کس حالت میں ہیں یا کوئی محلہ کی غیر عورت گھر میں ہو اذن لیکر جب بلایا جاوے گھر میں داخل ہونا چاہئے۔

(ملفوظ ۱۹۲) ایک مولوی ........ صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ اگر کوئی اپنے معاملہ میں مباح شق کو اختیار کرے میں اُسکی ساتھ موافقت کر لیتا ہوں اسمیں آدمی بہت ہلکا رہتا ہے میں بحمد اللہ کسی شق کو ترجیح دیکر کسی پر حکومت نہیں کرتا کوئی بات بھی میری ایسی نہیں جس سے دوسرے کو شبہ بھی ہو کہ یہ حکومت کی راہ سے کہہ رہا ہے اور اسکا خیال ہر وقت سوچتا رہتا ہوں کہ نہ معلوم دوسرے کا جی چاہے کرنے کو یا نہ چاہے تو نہ کسی بات کے کرنیکا حکم

دیتا ہوں اور نہ کسی بات سے منع کرتا ہوں نہ معلوم کیا اثر ہو قلب پر گوارا ہو یا نہ ہو۔ مباح کے درجہ تک بالکل آزادی ہے۔ مولوی...... صاحب کے جانے سے اول وہلہ میں خیال ہوا کہ جو کام اُن کے سپرد تھا اُس کام کو کون کریگا مگر میں نے قوت سے اس خیال کی مقاومت کی اور یہ سمجھ لیا کہ ما یفتح اللہ للناس من رحمۃ فلا ممسک لھا وما یمسک فلا مرسل لہ من بعدہ وھو العزیز الحکیم ہو العزیز میں یہ بتلا دیا کہ وہ بڑے قادر ہیں جو کام بند ہو اسکو جاری کر سکتے ہیں اور جاری کو بند کر سکتے ہیں اور اگر اس بند ہونے سے یہ وسوسہ ہو کہ اس سے تو دین میں نقصان ہوگا تو الحکیم میں فرمادیا کہ ہم حکیم بھی ہیں اگر بند ہی کر دیں تو اسی میں حکمت ہوگی

(ملفوظ ۱۹۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ دیوبندیت وہابیت بریلویت کے اختلاف سے سخت نقصان مسلمانوں کو پہونچا مدعی خدا کو کیا پہچانتے ہونگے جنھوں نے ہم لوگوں کو نہیں پہچانا اسلئے کیسی کیسی تہمتیں لگائیں مگر میں تو کسی کو کچھ نہیں کہتا مجھکو قیل وقال سے بڑی وحشت ہوتی ہے یہی وجہ ہے کہ مجھکو جو جس کے جی میں آتا ہے کہہ لیتا ہے اگر میں بھی کہتا تب حقیقت معلوم ہوتی اللہ کا شکر ہے کہ ایسے ہی بزرگوں کی خدمت نصیب ہوئی حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا تھا کہ کسی سے الجھنا نہیں اگر کوئی تمسے خود الجھے تو وہ کرنا جو ایک نائی نے کیا تھا وہ قصہ یہ ہے کہ ایک نائی سے کسی شخص نے خط بنوایا اس نے کہا کہ میرے سفید سفید بال چن دو اُس نے ایک طرف سے اُسترا پھیر اور بال سامنے رکھ یہ کہکر چلدیا کہ مجھکو تو بہت کام ہے چننے کی فرصت نہیں آپ کے سامنے سب رکھ دئے ہیں آپ خود چن لیں فرمایا کہ کوئی اُلجھے تو سب رطب ویابس اُسکے سامنے رکھکر الگ ہو جاؤ اور کام میں لگو۔ واقعی حضرت حکیم تھے کیسی عجیب بات فرمائی اب جب اپنے پر گذرتی ہے حضرت کے ارشاد کی قلب میں قدر ہوتی ہے کہ چند الفاظوں میں کتنی بات فرما گئے بات یہ ہے کہ اس قیل وقال اور ردّ وکد میں نفسانیت ضرور آجاتی ہے۔ اور ایک تو باطل کا رد ہوتا ہے نیک نیتی سے اور حدود کے اندر یہ تو مامور بہ ہے اور ایک ہوتا ہے محض جدال بدنیتی

ع اللہ جو رحمت (بارش وغیرہ) لوگوں کے لئے کھول دے سو اسکا کوئی بند کرنے والا نہیں اور جس کو کر دے سو اسکے بند کرنے کے بعد اس کا کوئی جاری کرنے والا نہیں اور وہی غالب حکمت والا ہے ۱۲۔

Marfat.com

یہ مامور بہ نہیں بلکہ اندیشہ ہے کہ اسپر مواخذہ ہو۔

(**ملفوظ**) فرمایا کہ آجکل طریق کی حقیقت سے عوام تو کیا خواص تک ناواقف ہیں اور اس بے خبری کے سبب ہزاروں غلطیوں میں ابتلا ہو رہا ہے اور غلطی کا سبب اصل یہ ہے کہ اسکی طرف کسی کی بھی توجہ نہیں اور اگر کسی کو توجہ بھی ہوتی ہے تو وہ یہ چاہتا ہے کہ مجھکو کچھ بھی نہ کرنا پڑے اور کام بنجائے جیسے ایک بزرگ کا واقعہ ہے کہ اُن کے پاس ایک شخص بہت عرصہ تک پڑا رہا اس درمیان میں سینکڑوں لوگ آئے اور صاحب نسبت ہو کر چلے گئے مگر یہ اسی خیال میں رہا کہ شیخ اپنے تصرف سے کچھ دیدینگے تو لونگا میں خود کچھ نہ کروں گا شیخ کو اسکی اطلاع ہوئی یا تو کسی کی اطلاع کرنے پر یا بذریعہ کشف اُنھوں نے صاف کہدیا کہ تم خود ہی کروگے تو کچھ ہوگا اور تصرف کا اثر نہ ضروری ہے نہ دیرپا ہے مرید کو وسوسہ ہونے لگا کہ شیخ صاحب تصرف نہیں ہیں اسلئے تاویلات کرتے ہیں شیخ کو اسکی بھی اطلاع ہوئی اُنھوں نے عملی جواب دینا چاہا اس شخص سے فرمایا کہ ایک مٹکا پانی کا بھر کر خانقاہ کے دروازہ پر رکھو اور ایک پچکاری مول لاکر ہمکو دو چنانچہ ایسا کیا گیا شیخ دروازہ پر پچکاری لیکر بیٹھ گئے جو شخص گذرتا تھا پچکاری بھر کر اُسپر پانی پھینکتے تھے ......... جسپر شیخ کی پچکاری کی ایک چھینٹ بھی پڑگئی وہی اشھد ان لا الٰہ الا اللہ و اشھد ان محمدًا عبدہٗ و رسولہ پڑھنے لگا ایک ہی تاریخ میں اپنے تصرف سے شیخ نے ہزاروں کافروں کو مسلمان بنا دیا۔ پھر اس شخص کو بلا کر فرمایا کہ دیکھا شیخ کا تصرف مگر تجھسے چکی ہی پسواؤنگا یا تو پیسو اور نہیں تو منہ کالا کرو تب اس شخص کی آنکھیں کھلیں اور اپنی اس حرکت پر ندامت ہوئی توبہ کی اور کام میں لگ گئے۔ بغیر طلب کچھ نہیں ہوتا طلب ضرور دیکھی جاتی ہے پھر جب طلب ہے تو فرمائشیں کیسی بعد طلب جب عاجز ہو جاتا ہے اُسوقت رحم آتا ہے اور اسوقت عنایت سے کام بنجاتا ہے یہ مضمون ایک مثال سے سمجھ میں آجائیگا مثلاً ایک بچے کو جس نے ابھی چلنا نہیں سیکھا اُسکو ایک پچاس قدم کے فاصلہ پر کھڑا کر کے باپ دور سے اُسکی طرف ہاتھ پھیلا دیتے ہے کہ بیٹا آؤ حالانکہ باپ جانتا ہے کہ یہ ان پچاس قدم کو اس حالت میں جبکہ یہ چلنا بھی

Marfat.com

نہیں جانتا پچاس برس میں بھی طے نہیں کر سکتا مگر اُسکی رغبت اور طلب کا امتحان مقصود ہے۔ اسکے ہاتھ بڑھانے پر بچے کے اندر ایک حرکت پیدا ہوئی اور اس طرف بڑھا اور گر پڑا محض اس طلب اور رغبت پر باپ کا دل رہ نہ سکا دوڑ کر گود میں اُٹھالیا اسی طرح حق تعالیٰ کا معاملہ بندے کے ساتھ ہے کہ جو اُنکی راہ پر چلنے کا ارادہ کرتا ہے لیجئے لنہدینہم سبلنا وہ آغوش رحمت میں لے لیتے ہیں اور اس دشوار گذار راہ کو۔ آن واحد میں طے کرا دیتے ہیں مگر یہ حرکت تو شروع کرے گو وہ حرکت قطع مسافت میں کافی نہیں کیونکہ محبوب میں اور طالب میں جو مسافت ہے وہ محبوب ہی کے قطع کئے ہو سکتی ہے محب کے قطع کئے قطع نہیں ہو سکتی مگر طلب شرط ہے ہمکو اپنا کام کرنا چاہیئے یہ باتیں بدون کام کئے سمجھ میں نہیں آسکتیں جیسے کھانا بدون کھائے اُسکا ذائقہ معلوم نہیں ہو سکتا ذائقہ کا معلوم کرنا کھانے پر موقوف ہے جاننے پر کفایت نہیں ہوتی۔ طلب پر فرماتے ہیں۔ والذین[عہ] جاھدوا فینا لنھدینھم سبلنا اور طلب نہ ہونے پر فرماتے ہیں انلزمکموھا[عہ] وانتم لھا کٰرھون۔

# ۷ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

## مجلس خاص بوقت صبح یوم شنبہ

(ملفوظ ۱۹۵) فرمایا ایک خط آیا ہے لکھا ہے کہ گذشتہ دنوں سے خادم خدام کی حالت نہایت ناگفتہ بہ ہے نہ نماز میں جی لگتا ہے نہ ذکر میں نہ کلام مجید پڑھا جاتا ہے اور دنیا کا کوئی کام بھی نہیں ہوتا بس ایک عجیب گول گول حالت ہو رہی ہے۔ میں نے جواب میں لکھدیا ہے کام تو جسطرح بن پڑے کرنا ضروری ہے خواہ ناقص ہی تکمیل کا یہی طریقہ ہے اگر بدنویس اسلئے مشق کرنا چھوڑ دے کہ اچھا نہیں لکھا جاتا تو اُسکو اچھا لکھنا کبھی نہ آئیگا۔ اسی سلسلہ میں فرمایا کہ عمل ناقص کو بھی چھوڑنا نہیں چاہیئے جیسے بنیاد کے مضبوط ہونے کا تو اہتمام کرتے ہیں مگر اُس کے خوش نما ہونے کے پیچھے نہیں پڑتے اُسمیں روڑے وغیرہ بھر دیتے ہیں اور بعد میں اُسپر بڑے بڑے محلات

---

عہ اور جو لوگ ہماری راہ میں مشقتیں برداشت کرتے ہیں ہم اُن کو اپنے قرب و ثواب یعنی جنت کے راستے ضرور دکھا دیں گے۔ عہ تو میں کیا کروں مجبور ہوں کیا ہم اس دعوے یا دلیل کو تمہارے گلے مڑھ دیں ۱۲

کوٹھیاں تیار ہوتی ہیں اسی طرح عمل ناقص بنیاد ہے عمل کامل کی بنیاد کے کمال اور نقصان پر نظر نہ کی جاوے جو کچھ اور جسطرح ہوسکے کرتا رہے اصول کے موافق ہو چاہے اسمیں نقصان ہی ہو جیسے نماز گو ناقص ہی ہو مگر ہو حدود میں وہ ہو جاتی ہے بلکہ ایسی عبادت پر اجر زیادہ ہوتا ہے جسمیں جی نہ لگے کیونکہ وہ مجاہدہ ہے۔ یہ طریق بہت ہی نازک ہے محض کتابیں پڑھ لینے سے کام نہیں چلسکتا فہم کامل اور ذوق سلیم کی ضرورت ہے اور یہ اسکو عطا ہوتا ہے جسپر حق تعالے اپنا فضل فرمائیں۔

(ملفوظ ۱۹۶) ایک مولوی ........ صاحب نے عرض کیا کہ حضرت دین کے اندر بھی ہمت اور قوت کی ضرورت ہے فرمایا بڑی ضرورت ہے مگر چند ہی روز تعب ہوتا ہے پھر سہولت ہو جاتی ہے اور سہولت کے بعد بھی اجر اس ہی مشقت کی حالت کا ملتا رہتا ہے پھر قوت کی بھی قسمیں ہیں اس تقسیم تو پر یاد آیا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر جو فضیلت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو ہے اس فضیلت کے اسباب میں سے ایک سبب قوت بھی ہے چنانچہ وہ قوت اس طرح ظاہر ہوئی کہ باوجود اسکے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شان قوت دینیہ کی ظاہر ہے مگر جسوقت مانعین زکوٰۃ نے زکوٰۃ دینے سے انکار کیا اور نصوص وجوب زکوٰۃ میں تاویل کی تو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے ان (مانعین زکوٰۃ) سے جہاد کی تیاری کی یہ ایسا وقت تھا کہ اُدھر تو حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی وفات کو زیادہ زمانہ نہ گذرا تھا اِدھر تمام لشکر اسلامی دوسرے مقامات پر جہاد کیلئے گئے ہوئے تھے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے اس ارادہ سے تمام صحابہ میں ہل چل پڑگئی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی رائے بھی اسکے خلاف تھی کہ یہ وقت ان لوگوں سے جہاد کا نہیں مگر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر مدینہ سب خالی ہو جائے اور کوئی بھی میرا ساتھ نہ دے تب بھی میں اکیلا جہاد کرونگا اور زکوٰۃ بدون وصول کئے نہیں رہ سکتا جو چیز حضور کے زمانہ میں جاری تھی اُسکو بند نہیں کرنے دونگا یہ سُنکر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی بھی رائے بدل گئی یہاں پر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی قوت قلبی کا اندازہ ہو سکتا ہے مصالح کی بھی پروا نہیں کی اور زکوٰۃ وصول کی سب ڈھیلے پڑ گئے اور اس ہمت سے تمام عرب پر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا رُعب اور ہیبت چھا گئی کہ ایک دم سے سب کام شروع کر دیئے اور لشکروں کو چاروں طرف منتشر

Marfat.com

کر دیا معلوم ہوتا ہے اُن کے پاس مقامی فوجی قوت بہت زیادہ ہے ورنہ کوئی بیوقوف سے بیوقوف بھی اپنی قوت کو منتشر نہیں کر سکتا تو اس سے رُعب چھا گیا قوت کی ایک اور حکایت سنئے علاء بن حضرمی ایک صحابی ہیں جس وقت اسلامی لشکر لیکر بحرین کو روانہ ہوئے ہیں درمیان میں سمندر حائل تھا کنارے پر پہونچکر سب نے رائے دی کہ کشتیوں کا انتظام کیا جاوے اُنھوں نے فرمایا کہ خلیفہ رسول اللہ نے تاکید فرمائی تھی کہ کہیں ٹھہرنا نہیں میں ٹھہر نہیں سکتا ابھی جاؤنگا۔ اور حق تعالیٰ سے دُعا کی کہ اے اللہ آپ نے موسیٰ علیہ السلام کو سمندر میں راستہ دیا تھا ہم نبی محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے غلام ہیں ہمکو بھی سمندر میں راستہ دیدیجئے یہ کہکر سمندر میں گھوڑا ڈالدیا پھر تو سب ساتھ ہو لئے اور صاف سمندر سے پار ہو گئے دیکھنے کی قابل بات یہ ہے کہ اُسپر اطمینان کسقدر تھا خطرہ تک اسکے خلاف کا قلب پر نہیں گذرا کیا ٹھکانا ہے قوت ایمانیہ کا کون ان حضرات کی ریس کر سکتا ہے آجکل باتیں بگھارتے پھرتے ہیں پہلے اُن جیسا ایمان تو اپنے اندر پیدا کریں نتیجہ اسکا یہ ہوا کہ ہیبت چھا گئی تمام بحرین پر کہ یہ آدمی ہیں یا فرشتے قوت وہ چیز ہے۔

(ملفوظ ۱۹۷) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ یہ مرض عام ہو گیا ہے چاہتے یہ ہیں کہ سہولت پہلے ہو اسکے بعد کام شروع کریں شرائع کی خاصیت یہ ہے کہ پہلے کام شروع کریں اُسکے بعد سہولت ہو گی لوگوں نے اسکا عکس کر رکھا ہے۔ بڑی چیز اس طریق میں شیخ پر اعتماد ہے بدون اسکے کام چل نہیں سکتا پھر سہولت کا انتظار کیسا۔

(ملفوظ ۱۹۸) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ تمام مجاہدات و ریاضات و مراقبات و اشغال سے مقصود یہ ہے کہ توجہ الی اللہ میں قوت ہو جاوے اور اسکے لئے جو کچھ شغل وغیرہ شیخ تعلیم کرتا ہے یہ سب طریق طبی کی طرح ہے جو محض تدابیر کا درجہ رکھتا ہے مقصود کوئی چیز نہیں۔ اسی طرح قلب کا جاری ہو جانا جو مشہور ہے وہ بھی کوئی چیز نہیں بلکہ اہل تجربہ نے اس سے بھی منع کیا ہے کہ محض قلب سے ذکر کا خیال رکھا جاوے اسمیں دھوکہ ہو جاتا ہے وہ فرماتے ہیں کہ ذکر زبان سے جاری رکھو خواہ قلب بھی حاضر نہ ہو۔ کیونکہ قلب سے ذکر کا خیال رکھنا اُسکا دوام مشکل ہے اور دیرپا بھی نہ ہوگا زبان سے ذکر کرنے میں یہ حکمت ہے

Marfat.com

کہ کوئی وقت ذکر سے خالی نہ جائیگا اور قلب چونکہ ایک وقت میں دو طرف متوجہ نہیں ہو سکتا۔ اسلئے اسمیں ذہول ہونا بعید نہیں پس زبان سے بھی ذکر جاری رکھنا احوط و اسلم ہے۔

**(ملفوظ ۱۹۹)** ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل کے جدید تعلیم یافتہ انگریزی خواں اپنے کو بڑا ہی قابل سمجھتے ہیں مگر انہیں خاک بھی قابلیت نہیں ہوتی اکثر سفر میں اتفاق ہوا ان لوگوں سے گفتگو کا تجربہ سے معلوم ہوا کہ چند الفاظ ہیں جو ان لوگوں کو یاد ہیں باقی خاک نہیں آتا جاتا میں جس زمانہ میں سفر کرتا تھا ایک مقام پر بلایا ہوا گیا تھا وہاں پر وعظ بھی ہوا تھا وعظ کے قبل ایک صاحب جنٹلمین صورت آئے اور کہنے لگے کہ میں نے سُنا ہے کہ آپ علیگڈہ کالج کے لوگوں سے نفرت رکھتے ہیں میں نے سوچا اگر کہتا ہوں کہ نفرت ہے تب تو انکی دل آزاری ہوگی اور اگر نہیں کہتا تو چاپلوسی ہے جو واقع کے خلاف ہے اسلئے کہ بعض وجوہ سے نفرت تو ہے ہی۔ اللہ نے دل میں جواب ڈالدیا میں نے کہا کہ علیگڈہ والوں کی ذات سے تو نفرت نہیں مگر افعال سے نفرت ہے کہنے لگے وہ کیا افعال ہیں میں نے کہا ہر خاعل کے افعال جدا ہیں کہنے لگے مثلاً میرے کیا افعال ہیں۔ میں نے کہا کہ مجمع میں ظاہر کرنا مناسب نہیں۔ نیز ابھی نہ مجکو یہ اطمینان کہ آپ نیک نیتی سے پوچھ رہے ہیں نہ آپکو یہ اطمینان ہو سکتا ہے کہ یہ خیر خواہی سے کہہ رہا ہے اسلئے اچھی صورت یہ ہے کہ آپ چند روز میرے پاس خاموشی کے ساتھ رہئے جب جانبین ایک دوسرے سے مطمئن ہو جاوینگے اسوقت تبلانا مفید ہو سکتا ہے۔ پھر کچھ نہیں بولے سمجھ گئے یہ جواب ایسا ہوا کہ نہ وہ مجھکو متعصب کہہ سکتے تھے اور نہ چاپلوسی سمجھی جا سکتی ہے۔ میں ایسے موقع پر اسکا بھی خیال رکھتا ہوں کہ مخاطب کی تو ذلت نہ ہو اور حقیقت واضح ہو جائے اسی سلسلہ میں فرمایا کہ میں ایکمرتبہ سہارنپور کے سفر کے قصد سے قصبہ کے اسٹیشن پر پہونچا اسی گاڑی سے ایک طالب علم جو دہلی سے آئے تھے اُترے مجھسے ملے اور کہنے لگے کہ میں تو آپ ہی سے ملنے کو آیا تھا۔ میں نے کہا کہ میں تو اسوقت سہارنپور جا رہا ہوں میری واپسی تک تم تھانہ بھون ٹھہرو اور اگر جی چاہے بشرطیکہ کسی مصلحت کے خلاف نہ ہو تو سہارنپور چلئے میری طرف سے اجازت ہے دونوں شقوں پر عمل آزادی سے کر سکتے ہو اپنی مصلحت دیکھ لیجئے وہ بولے کہ میں سہارنپور ہی چلتا ہوں میں نے کہا کہ تو ٹکٹ لے لو انھوں نے کوشش بھی کی مگر گاڑی چھوٹنے والی تھی ٹکٹ نہ ملسکا میں نے

Marfat.com

کہا گارڈ سے کہکر سوار ہو جاؤ چنانچہ وہ سوار ہو گئے اسٹیشن نانوتہ پر پہونچکر میں نے اُن سے کہا کہ یہانتک کا کرایہ دیکر رسید لیلو اور یہاں سے سہارنپور تک کا ٹکٹ لیلو وہ گئے ٹکٹ ملگیا آکر کہنے لگے کہ سہارنپور تک کا تو ٹکٹ ملگیا مگر تھانہ بھون سے نانوتہ تک کے ٹکٹ کیلئے گارڈ نے کہا کہ ہم معاف کرتے ہیں۔ میں نے کہا کہ ریل اُنکی ملک نہیں اُنکی حیثیت نوکری کی ہے اُنکو کسی کو معاف کرنیکا اختیار نہیں یہ معافی معتبر نہیں کرایہ ادا کرنا واجب ہے اور میں نے اُنکو ادا کرنیکا طریقہ بتایا کہ تھانہ بھون سے نانوتہ تک کا ٹکٹ لیکر چاک کر دیا جاوے یہ صورت سہل بھی ہے اور مالک کے قبضہ میں بھی پہونچ جائیگا اُسی ڈبہ میں چند آریے بھی سوار تھے کہیں دور سے آ رہے تھے اُن میں ایک انگریزی داں اور لیکچرار تھا اُس نے جو یہ بات سُنی کہنے لگا کہ میں اپنی ایک کمزوری بیان کرنا چاہتا ہوں وہ یہ کہ جب میں نے یہ سُنا کہ انکو معافی دیدی اور ٹکٹ کے دام نہیں لئے تو میں خوش ہوا کہ ایک غریب آدمی کا بھلا ہوا پیسے بچے مگر تمہاری تقریر سے معلوم ہوا کہ میری یہ خوشی بے ایمانی کی خوشی تھی۔ میں نے کہا کہ یہ آپ کی خوبی کی بات ہے کہ آپنے محسوس فرمالیا پھر میں اپنے ہمراہیوں سے ہر طرح کی باتیں کرنے لگا تو وہ ایک دوسرے سے کہہ رہے تھے کہ معلوم نہیں ان لوگوں کی معمولی باتوں میں دل کو اتنی کشش کیوں ہوتی ہے ایک نے جواب دیا یہ ان کے سچے ہونے کی علامت ہے سچ میں خاصیت ہے کہ اُس طرف کشش ہوتی ہے اب اُس لیکچرار آریہ کا اور گفتگو کرنے کو جی چاہا مجھسے کہنے لگا کہ اگر اجازت ہو تو میں آپ سے کچھ پوچھ سکتا ہوں میں نے کہا ضرور پوچھیے معلوم ہوگا عرض کردونگا نہ معلوم ہوگا لاعلمی ظاہر کردونگا۔ اُس نے سوال کیا کہ مثلاً دو شخص ہیں اُنھوں نے ایک نیک کام کیا ایک ہی نیت ہے ایک ہی کام ہے اُس کام کا ایک ہی نفع ہے فرق صرف یہ ہے کہ ایک فاعل مسلم ہے ایک غیر مسلم ہے تو کیا ان دونوں کو اجر و ثواب برابر ہوگا یا نہیں میں سمجھ گیا کہ اس سوال سے مقصود اسکا یہ ہے کہ جواب تو یہ ہی ملیگا کہ مسلم کو اجر و ثواب ہوگا اور غیر مسلم کو نہ ہوگا اس جواب پر اُسکو گفتگو کی گنجائش تھی کہ یہ حکم نرا تعصب ہے حالانکہ اسکا جواب ظاہر تھا کہ اذا فات الشرط فات المشروط مگر میں نے اتنی بھی گنجائش نہیں دی دوسرے طرز پر جواب دیا چنانچہ میں نے کہا کہ مجھے تعجب ہے کہ آپ ایسے شائستہ اور مہذب اور دانشمند ہو کر ایسی بات پوچھتے ہیں۔

Marfat.com

جسکا جواب آپکو معلوم ہے۔ کہنے لگا کہ یہ آپکو کیسے معلوم ہوا کہ اسکا جواب مجھے معلوم ہے، میں نے کہا کہ اس کے مقدمات آپکے ذہن میں پہلے سے ہیں اور مقدمات کیلئے مطلوب لازم ہے جب مقدمات کا علم ہے تو نتیجہ کا بھی علم ہے کہنے لگا یہ آپ کو کیسے معلوم ہوا کہ اس کے مقدمات میرے ذہن میں پہلے سے ہیں۔ میں نے کہا کہ میں ابھی بتاتا ہوں سنئے آپکو معلوم ہے کہ مذاہب مختلفہ سب تو حق نہیں ہو سکتے ضرور ایک ہی حق ہوگا اور باقی سب باطل یہ معلوم ہے آپکو کہا کہ جی معلوم ہے۔ میں نے کہا کہ ایک مقدمہ تو یہ ہوا اب یہ بتلائیے کہ صاحب حق مثل مطیع سلطنت کے ہے اور صاحب باطل مثل باغی سلطنت کے یہ آپکو معلوم ہے کہنے لگا ہاں میں نے کہا ایک مقدمہ یہ ہوا آگے سنئے کہ ایک شخص مطیع سلطنت ہے اور ایک باغی سلطنت اور وہ باغی سلطنت ایک بڑا ڈاکٹر ہے جو بہت بڑا ماہر فن ہے انگریزی کی اعلیٰ درجہ کی قابلیت ہے بیدار مغز ہے دنیا میں اسکا ثانی نہیں مگر باوجود ان سب کمالات کے اسمیں ایک بات ایسی ہے کہ اوسکے یہ سب کمالات گرد ہیں اور وہ یاغی ہونا ہے کہ سلطنت سے بغاوت کرتا ہے اسپر گورنمنٹ اسکو پھانسی کا حکم دیتی ہے اسوقت اگر کوئی کہے کہ ہائے بڑا ظلم ہے محض بغاوت کے الزام میں پھانسی کا حکم دیدیا حالانکہ یہ شخص ایسا تھا ویسا تھا۔ تو کیا عقلاء کے نزدیک یہ اعتراض صحیح ہو سکتا ہے۔ کہا کہ نہیں۔ میں نے کہا کہ بس اسی طرح آپ یہاں بھی سمجھئے دیکھئے یہ آپ کے ذہن میں پہلے سے تھا یا نہیں کہنے لگا ہاں میں نے کہا بس ایسی حالت میں سوال کرنا استفادہ یا افادہ کیلئے نہیں ہو سکتا بلکہ حاصل اس سوال کا صرف یہ نکلتا ہے کہ میں اپنی زبان سے آپکو کافر کہوں۔ اس شخص نے قسم کھا کر کہا کہ واقعی منشا میرا یہی تھا کہ ایسی زبان سے کافر سننا چاہتا تھا ایسی زبان سے کافر سننا میرے لئے لذت کا باعث ہے۔ میں نے کہا کہ آپ کی خوبی ہے مگر میرے لئے نہایت بدنما بات ہے۔ میری اسلامی تہذیب مانع ہے کہ میں بلا ضرورت آپ کو کافر کہوں۔ بلا ضرورت کی قید اس لئے لگائی کہ کافر تو ہم کہتے ہی ہیں۔ مگر بیٹھے ہوئے تسبیح پڑھا کریں یہ بھی نہیں وہ شخص بیحد متاثر ہوا پوچھنے لگا کہ آپ کا مکان کہاں ہے میں نے کہا کہ ایک گانو ہے تھانہ بھون کہنے لگا کہ میری بدقسمتی کہ آپ سے ملاقات نصیب نہ ہوئی میں تو تھانہ بھون سمجھ ہی جایا

Marfat.com

کرتا ہوں لیکچر دینے کیلئے اب کبھی حاضری ہوگی تو ضرور نیاز حاصل کرونگا میں نے کہا کہ ضرور آیئے آپکا گھر ہے پھر آیا گیا تو ہے نہیں۔

(ملفوظ) فرمایا کہ اکثر اہل ظاہر ایک بہت بڑی دولت سے محروم ہیں کہ وہ اس طریق باطن کی حقیقت ہی سے بے خبر ہیں اور اس محرومی کا سبب اکثری انکا تکبر ہے یہ مرض بھی کمبخت روح کیلئے سم قاتل ہے ہر شخص ان میں کا مجتہد بنا ہوا ہے جسکا منشا وہی کبر ہے یعنی اپنے کو بڑا سمجھنا یہی وجہ ہے کہ انکو تقلید سے عار ہے جسکی نوبت یہانتک پہونچی کہ جہلا تک اجتہاد کرنے لگے چنانچہ ایک دوست روایت کرتے تھے کہ ایک غیر مقلد صاحب نماز میں بحالت امامت کھڑے ہوئے جھوما کرتے تھے جب نماز سے فارغ ہو چکے تو ایک صاحب نے جو لکھے پڑھے تھے پوچھا کہ نماز میں یہ حرکت کیسی کہا کہ حدیث شریف میں آیا ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ بھائی ہمنے تو آجتک بھی ایسی حدیث نہ پڑھی نہ دیکھی نہ سُنی جسکا یہ مطلب ہو کہ ہلکے نماز پڑھو لاؤ ہم بھی دیکھیں وہ کونسی حدیث ہے اور کس کتاب میں ہے ایک حدیث کی مترجم کتاب لاکر دکھائی اُسمیں حدیث تھی اذا ام احدکم فلیخفف اور ترجمہ تھا کہ جب امامت کرے تو ہلکی نماز پڑھے آپ نے لفظ ہلکی بمعنی خفیف کو ہلکے بمعنی حرکت پڑھا اور ہلنا شروع کردیا یہ حقیقت تھی ان کے اجتہاد کی۔ فرمایا کہ حضرات فقہا رضی اللہ عنہم کے حق تعالیٰ درجات بلند فرمائیں اُنھوں نے ہمارے ایمانوں کو سنبھال لیا ورنہ چودھویں صدی کے یہ مجتہد ہیں جنکے اجتہاد کی یہ حقیقت اور کیفیت ہے۔

(ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل تو اکثر یہ ہی دیکھا گیا ہے کہ جو لحاظ کرتا ہے اور دبتا ہے اُسکو اور دبایا جاتا ہے یہ بات نہیں رہی کہ جو اپنا لحاظ کرے اُسکا لحاظ کرنا چاہیئے چھوٹوں میں بڑوں میں یہ مرض عام ہو گیا ہے کہ جو کوئی لحاظ کرلے دب کرے اُسی کو پیستے ہیں۔

(ملفوظ) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ آجکل تو اخلاق کے معنی عرف میں یہ ہو گئے ہیں کہ بات نرم ہو چاہے معاملات کیسے ہی سخت اور مضر ہوں نرم بولنے کو اخلاق سمجھتے ہیں جو اس متعارف اخلاق کے عامل ہیں نیک نام مشہور ہیں میرے اندر یہ متعارف اخلاق اور رسمی باتیں ہیں نہیں مجھکو بدنام کر رکھا ہے کہ سخت مزاج ہے اب میں علی سبیل التنزل

Marfat.com

کہتا ہوں کہ اچھا میں سخت مزاج ہی سہی کیوں آتے ہو میرے پاس ہیں بلانے تھوڑا ہی جاتا ہوں خوب کہا ہے

ہاں وہ نہیں وفا پرست جاؤ وہ بے وفا سہی جسکو ہو جان و دل عزیز اُسکی گلی میں جائے کیوں

(ملفوظ ۲۰۱) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ غیر مقلدین میں بدگمانی کا مرض بہت زیادہ ہے دوسروں کو حدیث کا مخالف ہی سمجھتے ہیں اور اپنے کو عامل بالحدیث ان کے عمل بالحدیث کی حقیقت مجھکو تو ایک خواب میں زمانہ طالب علمی میں بتلا دی گئی تھی گو خواب حجت شرعیہ نہیں لیکن مومن کیلئے مبشرات میں سے ضرور ہے جبکہ شریعت کے خلاف نہ ہو بالخصوص جبکہ شریعت سے متاید ہو۔ میں نے یہ دیکھا کہ مولانا نذیر حسین صاحب دہلوی کے مکان پر ایک مجمع ہے اُسکو چھاچ تقسیم ہو رہی ہے ایک شخص میرے پاس بھی لایا مگر میں نے لینے سے انکار کر دیا اھ حدیث میں دودھ کی تعبیر علم اور دین آئی ہے بس اسمیں ان کے مسلک کی حقیقت بتلائی گئی کہ انکا مسلک صورت تو دین کی ہے مگر اسمیں روح اور حقیقت دین کی نہیں جیسے چھاچ میں سے مکھن نکال لیا جاتا ہے مگر صورت دودھ کی ہوتی ہے۔

(ملفوظ ۲۰۲) فرمایا کہ اجتہاد تو آجکل اسقدر سستا ہو گیا ہے کہ ہر شخص مجتہد ہے جیسے دیکھو ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنائے الگ میٹھا ہے اب اجتہاد کیلئے علم کی بھی ضرورت نہیں رہی ایسی حالت ہو رہی ہے جیسے بجنور میں ایک فارسی داں نے ایک عالم کا رد لکھا تھا کسی نے کہا کہ آپ تو عالم نہیں عربی نہیں پڑھی آپنے کیسے ایک عالم کا رد لکھا کہنے لگے کہ ہم فارسی جانتے ہیں اور فارسی جاننے والا سب چیز جانتا ہے ایک نہایت غریب آدمی مگر ذہین وہ بھی اس کو سن رہا تھا وہ گھر پہونچا اور چارپائی کا ایک ڈھانچہ لیا اور ایک بانوں کی لنڈی لی اُن کے مکان کے دروازہ پر پہونچکر آواز دی قاضی صاحب قاضی صاحب مکان سے نکلکر آئے کہتا ہے کہ حضرت میں غریب آدمی ہوں مجھے خود تو بننا نہیں آتا پیسہ پاس نہیں جو مزدوری دیکر بنوالوں میری چارپائی ہے اُسکو اللہ کے واسطے بُن دیجئے قاضی صاحب یہ سُنکر برہم ہوئے اور کہا یہ کیا نامعقول حرکت ہے ہم کیا جانیں چارپائی بُننا کہا کہ حضرت میں نے سُنا تھا کہ فارسی پڑھا ہوا شخص ہر چیز جانتا ہے قاضی صاحب کو اپنی حقیقت معلوم ہو گئی اور سمجھ گئے کہ یہ اُسکا جواب ہے اسپر

Marfat.com

فرمایا کہ شاباش اُس شخص کو بڑی ہمت کی۔ غریب آدمی اور اتنی بڑی ہمت۔ بعض لوگ بڑے ہی باہمت ہوتے ہیں۔ اسی طرح یہ لوگ دین کے سمجھنے کا دعویٰ کرتے ہیں جیسے اُن قاضی صاحب نے محض فارسی کے بوتے پر ایک عالم کا رد لکھنے کی ہمت کی تھی۔

# ۷ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

## مجلس بعد نماز ظہر یوم شنبہ

(ملفوظ ۲۰۵) فرمایا کہ ایک صاحب کا خط آیا ہے لکھا ہے کہ احکام شریعت میں کچھ جانتا ہوں اور جسقدر جانتا ہوں حتی الامکان اُس پر عمل بھی کرتا ہوں۔ مگر وہ چیز نہیں جانتا جو بزرگوں سے ملا کرتی ہے وہ چیز حضرت سے پوچھنا چاہتا ہوں اور اُسکے حصول کا طریقہ۔ فرمایا کہ یہ اگر اپنی ہی ہانکتے رہتے تو چکر ہی میں رہتے اب صاف لکھا اور سلیقہ سے لکھا میں اب انشاء اللہ راہ بتلاؤنگا لوگ مجھکو وہمی کہتے ہیں اگر اس طرح پر کھود کُرید نہ کروں تو مجھکو کس طرح اطمینان ہو کہ جس چیز کو یہ حاصل کرنا چاہتا ہے اسکے ذہن میں اُسکی حقیقت ہے کیا میں تو اس طرح کام لیتا ہوں جیسے بچے کی مثال کہ اُس سے ہر ہر حرف الگ الگ پوچھا جاتا ہے اُس ہی سے ہجے نکلوائے جاتے ہیں میں بھی اسی طرح طالب کو سبق پڑھاتا ہوں اور مطالعہ کراتا ہوں جب وہ خود عاجز ہوجاتا ہے اور تمیز کے ساتھ اپنا عجز ظاہر کرکے پوچھتا ہے تب بتلاتا ہوں قاعدہ سے سب کام ہوجاتے ہیں بے قاعدہ کوئی کام نہیں ہوسکتا یہ ہیں وہ چیزیں جن پر مجھکو بدنام کیا جارہا ہے خیر۔ کریں بدنام اصول صحیحہ کو نہیں چھوڑا جاسکتا میرا تو اسمیں کوئی نقصان نہیں بلکہ نفع ہے کہ بدفہموں سے نجات ملی۔

(ملفوظ ۲۰۶) فرمایا کہ پہلے ایک صاحب کا خط آیا تھا نہایت بھدے خط کا لکھا ہوا تھا میں نے جواب میں لکھدیا تھا کہ میں ابتک یہ سمجھتا تھا کہ میں انگریزی ہی نہیں پہچانتا۔ مگر آج معلوم ہوا کہ بعض اُردو بھی نہیں پہچانتا آج اُنکا پھر خط آیا ہے صاف لکھا ہوا ہے سبب ایسی باتوں کا بےفکری ہے ذہن میں یہ آتا ہی نہیں کہ ہماری اس بات سے دوسرے کو اذیت ہوگی فرمایا کہ اگر یہ صاحب طالب ہیں دو چار مرتبہ کی خط و کتابت میں سیدھے ہوجائینگے۔

Marfat.com

(ملفوظ ۳۰۱) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت بہت سے طالب ایسے ہوتے ہیں کہ ان کے پاس خرچ نہیں ہوتا تو وہ اسقدر خط و کتابت کو کس طرح برداشت کریں فرمایا کہ اسکا بھی علاج ہے میں اطلاع کر دیتا ہوں کہ اگر خرچ پاس ہو مجھسے خرچ منگالو اور یہ میں اسوقت لکھتا ہوں جب وہ ظاہر کرے کہ میرے پاس خرچ نہیں. مگر میرے پاس جو خط آوے وہ ضابطہ اور قاعدے سے آوے اگر کارڈ کے مناسب مضمون ہو جیسے دریافت خیریت درخواست دعا تو کارڈ بھیجدیں اور اگر لفافہ کا مضمون ہو جیسے کسی حکم شرعی کا سوال یا اصلاح کے متعلق استفسار لفافہ بھیجیں اور ایسا ہوا بھی ہے کہ ایک شخص نے خط بھیجا میں نے لکھا کہ جواب کیلئے کارڈ کافی نہیں اس نے لکھا کہ لفافہ کیلئے دام نہیں میں نے لکھا کہ دام ہمسے منگالو اس نے لکھا بھیجدو میں نے ایک روپیہ بھیجدیا اور لکھدیا کہ جب یہ ختم ہو جائے پھر لکھدینا میں اور بھیجدونگا اور یہ بھی معمول ہے کہ ایک روپیہ سے زائد ایک مرتبہ میں نہیں بھیجا جاتا۔ اللہ تعالیٰ نے ہر ایک عذر کا ایک جواب قلب میں پیدا فرما دیا ہے۔

(ملفوظ ۳۰۲) فرمایا کہ میرے جو قواعد اور ضوابط ہیں انکو اپنی اور دوسروں کی راحت رسانی کے واسطے میں نے وضع کئے ہیں اور ایسے اصول اور ضوابط سب اسلام کے ہیں لوگ کہتے ہیں کہ انگریزوں سے سیکھے ہیں بالکل غلط ہے بلکہ خود انگریزوں نے اسلام سے سیکھے ہیں ہمیں خبر نہیں کہ ہمارے گھر میں کیا دولت ہے اس جہل کی کوئی انتہا ہے اتنی خبر نہیں اپنی دولت کو دوسروں کی سمجھتے ہیں اور یہ ہی کیا جسقدر غیر مسلم اقوام ہیں سب وحشی تھیں تواریخ اٹھا کر دیکھو پتہ چل جائیگا یہ سب اسلام کی خوبیاں ہیں جو دوسری قوموں نے اختیار کرلی ہیں ۔ اور ایسے اصول صحیحہ سے ہر شخص منتفع ہو سکتا ہے راحت اٹھا سکتا ہے اسمیں مسلم اور غیر مسلم کی قید نہیں. میں حیدرآباد دکن گیا تھا تفریباً چودہ روز قیام رہا تھا وہاں پر ایک معزز دوست نے ٹکسال کی بھی سیر کرائی تھی وہاں پر ایک انگریز دکھلانے والا تھا جب وہ تمام مقامات دکھا چکا اور میں رخصت ہونے لگا میں نے اس انگریز سے کہا کہ آپ کے اخلاق سے بہت جی خوش ہوا آپکے اخلاق تو مسلمانوں جیسے ہیں میرے اس کہنے کا اس انگریز پر بہت زیادہ اثر ہوا اور بہت خوش ہوا کہ ایک مذہبی شخص نے میری تعریف کی۔ میں نے انھیں

Marfat.com

یہ ظاہر کر دیا کہ یہ تمہارے گھر کی چیز نہیں کبھی اسپر ناز کرو یہ مسلمانوں کے گھر کی چیز ہے جو تمنے اختیار کر لی ہے وہ دوست صاحب جو میرے ہمراہ تھے اور بڑے عہدے پر ممتاز ہیں وہ باہر آکر مجھسے کہنے لگے کہ آپنے عجیب بات فرمائی بہت ہی جی خوش ہوا بالکل نئے طرز سے تعریف کی کہ اُسکی تعریف بھی ہو گئی اور مسلمانوں کو ترجیح بھی ہو گئی میں نے کہا کہ میں نے واقعہ بیان کیا حقیقت یہ ہی ہے حضرت اگر ہمیں اپنے گھر کی خبر ہو تب معلوم ہو کہ کیا کیا دولت گھر میں دفن ہے اور کتنا بڑا خزانہ ہے مگر پھر بھی یہ حالت ہے مسلمانوں کی ؎

یک سبد پر ناں ترا بر فرق سر — تو ہمی جوئی لب ناں در بدر

تا بزانوئی میان قعر آب — وز عطش وز جوع گشتی خراب

یعنی سر پر روٹیوں کا ٹوکرا ہے گھٹنوں تک پانی ہے نہایت پاکیزہ اور لطیف اور دوسروں سے بھیک مانگتے پھرتے ہیں کہ روٹی دیدو پانی دیدو اپنے گھر کی خبر نہیں اُسمیں سب کچھ ہے ان کے پاس کیا چیز نہیں مگر در بدر پھرتے ہیں کہ جرمن سے یہ لیلو اور جاپان سے یہ اور امریکہ سے وہ لیلو ارے کیا رکھا ہے اُن کے پاس اُنھوں نے تو خود تمہارے ہی گھر سے لیا ہے۔ اور ہم تو الحمد للہ اب بھی مالدار ہیں مگر خبر نہیں ہمکو کہ وہ دولت حق تعالیٰ نے عطا فرمائی ہے جو دوسروں کو نصیب نہیں اور یہ تو ظاہری دولت ہے باقی جو اصل دولت ہے اُسمیں تو مسلمانوں کا کوئی بھی شریک نہیں وہ ایمان ہے اور ایمانی اخلاق ۔

**(ملفوظ ۲۰۹)** فرمایا کہ ایک صاحب کا خط آیا ہے اسمیں کچھ حالات باطنی کے متعلق پوچھا ہے اور کچھ مسائل فقہی پوچھے ہیں اور میں بنا بر مصالح خاصہ مختلف مضامین کو ایک ہی خط میں جمع کرنے سے منع کیا کرتا ہوں تو میں جواب میں گو یہ لکھ سکتا تھا کہ جس خط میں احوال باطنی ہوں اُسمیں مسائل مت پوچھا کرو مگر میں نے اسکو احکام کی ساتھ سوء ادب سمجھکر یہ لکھا ہے کہ جسمیں مسائل پوچھنے ہوں اُسمیں دوسری بات نہ لکھنا چاہئے اصل میں تو جمع کرنے سے منع کرنا ہے مگر چونکہ مسائل اہم اور بڑی چیز ہیں اُن کے متعلق اس طرح لکھنا کہ احوال باطنی کے ساتھ مسائل نہ پوچھا کرو ایک قسم کا سوء ادب ہے بحمد اللہ میرے یہاں ہر چیز اپنے اپنے مراتب اور حدود پر رہتی ہے ۔

Marfat.com

(ملفوظ ۲۱۰) فرمایا کہ ایک شخص کا خط آیا ہے لکھا ہے کہ تہجد کے وقت چار تسبیح پڑھنے کا کیا حکم ہے۔ میں نے جواب میں لکھا ہے کہ حدیث کا یا علماء کا یا مشائخ کا کسکا حکم۔ فرمایا کہ سوال کا طریقہ بتایا ہے اور سوال کو ٹھیک کرایا ہے تاکہ جواب میں سہولت ہو۔

(ملفوظ ۲۱۱) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مجکو اسکا تحمل نہیں کہ ایک بے علم جاہل کسی عالم پر اعتراض کرے یا اُسکی اہانت کرے۔ بگھرا ایک قصبہ ہے وہانپر ایک جلسہ ہوا تھا علماء کے احترام کیلئے جلسہ گاہ کو سجایا گیا بلیو نپر کپڑا منڈھا گیا پنڈال بنایا گیا بعض علماء دیوبند یہ حالت دیکھکر وہاں سے واپس ہوگئے اتفاق سے اُسی زمانہ میں مدرسہ دیوبند میں لاٹوس صاحب لفٹنٹ گورنر آئے تھے وہاں اُن کے لیئے اسی قسم کا تکلف کیا گیا تھا اسپر ایک صاحب نے میرے سامنے اعتراض کیا کہ اپنے لئے مولوی سب کچھ جائز کر لیتے ہیں اور دوسروں کیلئے ناجائز۔ میں نے کہا کہ اکرام ضیف کا اس کے مذاق کے موافق کیا جاتا ہے سو وہاں ضیف تھا ایک دنیا دار اسکا احترام یہ ہی تھا اور یہاں ضیف تھے علماء یہاں اُنکا یہ احترام نہ تھا تم کو بالکل فہم نہیں تم دونوں کو ایک ہی بات سمجھتے ہو دونوں میں بڑا فرق ہے اس جواب کا منشاء زیادہ تر یہ تھا کہ عوام کو علماء پر اعتراض کرنے کی جرأت نہ ہو۔ جن صاحب نے اعتراض کیا تھا اُن سے یہ میری گفتگو تھی میں نے یہ بھی کہا کہ میں اسکا اقرار کرتا ہوں کہ یہ میں نے اس نیت سے جواب نہیں دیا ہے کہ یہ اہتمام اچھا ہے متفق میں بھی ہوں تمہارے ساتھ مگر نیت سے قطع نظر دیکھنا یہ ہے کہ جو وجہ میں نے بیان کی وہ صحیح ہے یا نہیں کہنے لگے کہ جی ہاں بیشک وجہ تو بالکل ٹھیک ہے میں نے کہا کہ اصل منشاء اس جواب کا یہ ہے کہ علماء کا اعتقاد عوام کے قلب سے نہ نکلے کیونکہ اس اعتقاد کا کم ہوجانا بڑی خطرناک بات ہے اگر عوام کا عقیدہ علماء سے خراب ہوگیا تو پھر عوام کیلئے کوئی راہ ہی نہیں۔ گمراہ ہو جائیں گے۔ میں تو کہا کرتا ہوں کیسا ہی عالم بدعمل ہی کیوں نہ ہو مگر فتوٰی تو جب دیگا صحیح ہی دیگا۔

(ملفوظ ۲۱۲) فرمایا کہ ایک صاحب کا خط آیا ہے لکھا ہے کہ میں جوتہ بھیجنا چاہتا ہوں جسکی قیمت دس روپیہ ہے۔ اسپر فرمایا کہ دس روپیہ کی قیمت کا جوتہ پہنکر ہمیشہ کیواسطے دماغ سڑ جائیگا اور اسمیں ایک راز اور بھی ہے وہ یہ ہے کہ ہم جیسے طلبہ کو زیادہ فاخرہ لباس

نہیں پہننا چاہیے اور نہ شان و شوکت سے رہنا چاہیے غریبوں کی طرح رہنا مناسب ہے اسلئے کہ انکو سابقہ زیادہ تر غربا ہی سے پڑتا ہے اور ایسی صورت میں رہنے سے اُن پر ایک قسم کا رعب اور ہیبت ہوگی وہ استفادہ نہ کر سکیں گے اسلئے میں اسکا بھی خیال رکھتا ہوں ہاں یہ بھی نہ ہونا چاہیئے کہ بالکل زدہ حالت میں رہیں جس سے کوئی صورت سوال خیال کرے اگر خدا دے تو اوسط درجہ میں اہل علم کو رہنا چاہیے خیر الامور اوساطہا کا عامل بنکر رہنا چاہیئے۔

(ملفوظ ۲۱۰) فرمایا کہ ایک خط آیا ہے لکھا ہے کہ ۲ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ بروز شنبہ بوقت عشاء ایک شخص نے مجھسے حضور کی نسبت کہا کہ رحلت فرما گئے اُسوقت سے طبیعت پریشان ہے۔ بیحد رنج و صدمہ ہے خدا کرے یہ خبر جھوٹ ہو اور حضور کو اللہ تعالیٰ ہمارے سامنے قائم رکھیں۔ میں نے جواب لکھدیا ہے کہ ابھی تو ارادہ نہیں۔ ایک مولوی ....... صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ارادہ سے کیا ہوتا ہے فرمایا یہ میں نے کب کہا ہے کہ ارادہ مؤثر ہے اللہ ہی کے قبضہ میں ہے مگر جی یوں چاہتا ہے کہ ضروری ضروری کام سب ہو جائیں۔ اس پر ایک مولوی ....... صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ہمارے لئے بڑی خوشخبری ہے یعنی ارادہ نہ ہونا فرمایا کہ یہ تو ایک شاعری ہے۔ عرض کیا کہ شاعری ہو یا کچھ بھی ہو خوشخبری سے خالی نہیں۔ ایک اور مولوی ....... صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ایک طالب علم نے مدرسہ دیوبند میں ایک خواب دیکھا اُسمیں حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوئے اُن طالب علم نے حضور صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ حضور۔ حضرت تھانوی کی اور کسقدر حیات ہے حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ابھی اُن سے ایک اور خاص کام لینا ہے اسوقت تک حیات ہے۔ احقر جامع کہتا ہے کہ یہ خواب سُنکر حضرت والا پر ایک خاص اثر ہوا اور کچھ دیر تک حضرت والا پر سکوت کا عالم رہا اُسوقت کی کیفیت کا لطف اہل مجلس ہی سمجھ سکتے تھے۔

(ملفوظ ۲۱۱) فرمایا کہ ایک صاحب کا خط آیا ہے لکھا ہے کہ میں اعتکاف کیا کرتا ہوں اور اب مرض ہو گیا ہے ریح کا ایسی صورت میں مسجد میں بیٹھا یا رہنا اسکے متعلق کیا حکم ہے۔ میں نے جواب میں

Marfat.com

لکھدیا ہے کہ اعتکاف نہ چھوڑو اگرچہ ہوادار ہو۔ اسپر ایک مولوی...... صاحب نے تبسم آمیز لہجے میں عرض کیا کہ حضرت نہ معلوم وہ کیا سمجھیں گے۔ فرمایا اس سے مراد مسجد کی کھڑکیاں بھی تو ہو سکتی ہیں جو کھلی ہوئی ہوں اُن سے ہوا آئیگی اور اعتکاف ہوگا۔ فرمایا کہ اس ہوا پر ایک حکایت یاد آئی یہاں پر ایک حافظ صاحب تھے بچوں کو پڑھایا کرتے تھے اُنھوں نے ایک قاعدہ مقرر کیا تھا اور وہ اسوجہ سے کہ لڑکے وہیں پر بیٹھے بیٹھے بدبو پھیلاتے رہتے تھے حافظ صاحب نے پریشان ہوکر حکم دیا کہ باہر جاکر ایسا کیا کرو اب اسکے لئے ضرورت ہوئی اصطلاح کی کہ کیا کہکر اجازت لیا کریں۔ حافظ صاحب نے یہ تجویز فرمایا کہ یہ کہکر اجازت لیا کرو کہ چڑیا چھوڑ آؤں۔ بس بچوں کو ایک بات ہاتھ آگئی ہر وقت کا اُن کیلئے شغل ہو گیا ایک ادھر سے اٹھتا ہے حافظ جی چڑیا چھوڑ آؤں ایک اُدھر سے اُٹھتا ہے کہ حافظ جی چڑیا چھوڑ آؤں۔ حافظ جی بیچارے دق آگئے تب کہا کہ ابے یہیں چھوڑ دیا کرو۔

(ملفوظ ۲۱۵) فرمایا کہ جن خطوط میں تعویذوں کی فرمایش ہوتی ہے ان سے میرا تو جی گھبراتا ہے۔ ایک صاحب کا خط آیا ہے جسمیں ایک ہی قسم کے دس بارہ تعویذوں کی ایکدم فرمایش ہے واہیات لوگوں کو خالی بیٹھے بیٹھے ایسی ہی سوجھتی ہے اگر اس طرح تعویذ لکھے جایا کریں تو ایک محکمہ قائم کرنے کی ضرورت ہے باقاعدہ ایک دفتر ہو اسمیں منشی رہیں تاکہ ان لوگوں کا یہ کام ہو مجھے اتنی فرصت کہاں ایک تعویذ لکھکر دیدونگا کہ اور جتنی ضرورت ہو۔ آپ خود کسی سے نقل کرالیں۔

(ملفوظ ۲۱۶) خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ حضرت فلاں مقام سے جو صاحب آئے ہوئے ہیں۔ میرے واسطے سے حضرت کی خدمت میں کچھ عرض کرنا چاہتے ہیں۔ فرمایا کہ صبح اُنھوں نے بہت دق کیا جو بات پوچھی گئی ایک کا بھی سیدھا جواب نہ ملا ان سے پوچھئے چاہتے کیا ہیں۔ عرض کیا کہ رہنا چاہتے ہیں۔ فرمایا رہیں میرا کیا حرج ہے مگر رہنا بھی تو کسی نفع ہی کیلئے ہوگا یہ بتلادیں وہ کیا نفع ہے مجھے بھی تو اطمینان ہو کہ ایک شخص اتنی دور سے بال بچوں کو چھوڑ کر روپیہ اور وقت صرف کرکے آیا ہے اسکا مقصود ہے کیا۔ کیا مجھکو اتنا بھی حق نہیں کہ میں یہاں پر اُن کے قیام کی وجہ معلوم کرلوں اُن صاحب نے عرض کیا کہ دین کا نفع مقصود ہے۔ فرمایا یہ ہی تو پوچھ رہا ہوں کہ دین کا کیا نفع سوچا ہے۔ عرض کیا کہ صحبت میں خاموش بیٹھے رہنا اور نیک باتیں سُننا۔ فرمایا اگر میں باتیں نہ کروں تو پھر کیا ہوگا۔ عرض کیا کہ میں خاموش بیٹھے رہنے کو بھی

Marfat.com

دین کا نفع سمجھتا ہوں۔ فرمایا کہ اتنا دق کرکے یہ ذرا سی بات تبلائی اچھا رہے اگر صبح ہی اتنی بات تبلا دیتے تو کونسا قاضی گلا کرتا کچھ نہیں رسمیں ہی خراب ہوگئیں اور اسکا سبب بے فکری اور غفلت ہے اس کا بالکل اہتمام ہی نہیں کہ ہمسے کسی کو اذیت نہ پہونچے سخت تکلیف پہونچاتے ہیں اور پیروں کو تو یوں سمجھتے ہیں کہ یہ تو بے حس ہوتے ہیں جس کا حاصل یہ ہے کہ یہ بُت ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ یہ فانی فی اللہ ہیں انہیں کیا خبر کچھ ہوا کرے کیا لغو خیالات ہیں۔

(ملفوظ ۲۱۷) ایک مولوی صاحب نے مضامین وعظ پر کچھ سُرخیاں تا ئم کیں تھی وہ حضرت والا کو دکھلا کر مشورہ چاہتے تھے اس پر فرمایا کہ پھر آپ ہی کا کیا آرام ملا۔ جب ہر بات میں مجھکو شریک غالب کیا جاتا ہے میں نے اپنی حالت کو دیکھا ہے کہ کام خود کرنا تو آسان اور کرانا کام بہت مشکل یہ میری کچھ طبعی بات ہے اور ہمیشہ سے ہے۔

(ملفوظ ۲۱۸) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک شخص کہتے تھے کہ ایسا ترجمہ ہو کہ ترجمہ سا نہ معلوم ہو۔ میں نے کہا کہ کیوں کیا گناہ ہے اسکی تو ایسی مثال ہے کہ ابا کو ایسے کپڑے پہنا نا کہ ابا سے نہ معلوم ہوں۔

## ۸ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

## مجلس خاص بوقت صبح یوم یکشنبہ

(ملفوظ ۲۱۹) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ یہ طریق بہت ہی نازک ہے اسمیں قدم رکھنے سے پہلے اپنی شان اپنے کمالات سبکو فنا کردے اور مصلح کی ہر بات اور ہر تعلیم پر عمل کرنیکے لئے اپنے کو آمادہ کرلے اس راہ کیلئے پہلی شرط یہ ہے کہ ایسا بن جائے فرماتے ہیں ؎

در رہ منزل لیلیٰ کہ خطرہاست بجاں  شرط اول قدم آنست کہ مجنوں باشی

حتیٰ کہ جوتیاں کھانے تک کو تیار ہو جائے اور جو جوتیں کھانیکو تیار ہوگیا اس نے گویا جوتیاں کھا ہی لیں اور اُسکی اصلاح ہو ہی گئی آمادہ ہونا ہی تو مشکل ہے اسلئے کہ آمادگی دہی

ع۵ عشق لیلیٰ کے راستہ میں جہاں جان کے لئے بہت سے خطرات ہیں۔ اول شرط یہ ہے کہ مجنون بن جاؤ ۱۲

Marfat.com

معتبر ہے جو خلوص دل سے ہو اور خلوص دل سے آمادہ وہی ہوتا ہے جو اپنی شان نہیں رکھتا اور یہ ہی اصل چیز ہے کام کی کہ اپنے کو مٹا دے فنا کر دے ورنہ محض جوتیاں کھانیسے بھی کیا ہوتا ہے۔

(ملفوظ ۲۲) فرمایا کہ ایک مولوی صاحب کی یہ کوشش ہے کہ ندوہ میں ایک ایسے عالم کی ضرورت ہے جو اپنے اخلاق سے وہاں کے طلباء کی اصلاح کر سکے مجھسے بھی انھوں نے ذکر کیا۔ میں نے ایک مولوی صاحب کا نام لیا کہ وہ مناسب ہیں۔ انھوں نے کہا کہ متکبروں کی وہاں کمی نہیں متکبر تو وہاں پر بھی بہت ہیں وہاں ایسے شخص کی ضرورت ہے کہ متکبر نہ ہو پھر فرمایا کہ متواضع بھی ایسا ہو کہ سب کے تکبروں کو توڑ کر نیچا دکھلاوے۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ جب اسکو یہ خیال ہوگا کہ میں دوسروں کے تکبر کو توڑ سکتا ہوں کیا یہ تکبر نہ ہوگا فرمایا کہ یہ تکبر نہیں گو بظاہر صورۃً تکبر معلوم ہو مگر حقیقتاً تکبر نہیں ایسا تکبر اور تواضع دونوں جمع ہو سکتے ہیں اسکی بالکل ایسی مثال ہے کہ کوئی اسکا دعوی کرے کہ میں تکبر کا علاج کر سکتا ہوں تو یہ تکبر تھوڑا ہی ہے پھر فرمایا کہ تکبر کا مرض ایسا عام ہوا ہے کہ انگریزی مدارس تو پہلے ہی سے بدنام ہیں اور بدنام کیا واقعہ ہے کہ ان میں بکثرت متکبر ہوتے ہیں مگر آجکل عربی مدارس میں بھی یہ بلا موجود ہے متکبرین بھرے ہیں الا ماشاء اللہ وجہ یہ کہ بدون خاص انتظام کے اصلاح غیر ممکن ہے چاہے عربی مدارس ہوں یا انگریزی اور انتظام نہ اُن میں ہے نہ ان میں ہے ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت اگر کوئی علیگڈہ میں پڑھے اور طبعی تواضع اسمیں ہو تو کیا وہ باقی رہ سکتی ہے۔ فرمایا کہ نہ رہنا کیا معنی اگر طبعی تواضع بھی نہ ہو وہ بھی کسی کامل کی صحبت سے پیدا ہو سکتی ہے۔ گو اوس درجہ کی نہو جس درجہ کی طبعی ہوتی ہے صحبت اگر کسی کامل کی میسر آجائے بڑے کام کی چیز ہے بڑی دولت ہے اسی کو مولانا فرماتے ہیں ؎

یک زمانے صحبت با اولیا ۔ بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا

(ملفوظ ۲۳) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ میں اہل طریق کے لئے ہمیشہ اسکا خیال رکھتا ہوں کہ ہر کام سہولت سے ہو جائے حتی کہ بڑے بڑے مقاصد سہولت سے

؎ اولیاء اللہ کی تھوڑی ہی دیر کی صحبت سو سالہ اوس طاعت سے جو بے ریا ہو بہتر ہے ۱۲

Marfat.com

حاصل ہو جاتے ہیں اور یہ موقوف ہے صحبت پر مرید کو شیخ کی خدمت میں ایک مدت خاص تک رہنا ضروری ہے۔ اس سے مقصود میں خاص سہولت ہو جاتی ہے۔ رہا یہ کہ کسقدر مدت میں کام ہو جاتا ہے اسکا تعین مشکل ہے یہ مناسبت پر موقوف ہے اگر اہل استعداد ہوتا ہے بہت جلد کام ہو جاتا ہے۔ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کل بیتالیس روز رہے اسکے بعد حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ہم دے چکے جو کچھ دینا تھا۔ حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ اُسوقت کا یہ فرمانا حضرت کا کہ ہم دے چکے جو کچھ دینا تھا سمجھ میں نہ آیا کہ کیا دیا مگر پندرہ برس کے بعد معلوم ہوا کہ یہ دیا تھا پھر اسپر حضرت مولانا گنگوہی نے مزاحاً فرمایا کہ اگر ہم جانتے کہ یہ چیز ہے تو اتنی محنت کیوں کرتے۔ اسپر حضرت والا نے بھی مزاحاً فرمایا کہ ملجانے پر فرماتے تھے ورنہ پندرہ برس تو معلوم ہی ہونے میں لگ گئے۔

(ملفوظ ۲۲۲) فرمایا کہ اس طریق میں مصلح کے ساتھ مناسبت ہونا بڑی چیز ہے بدون مناسبت کے طالب کو نفع نہیں ہو سکتا یہی وجہ ہے کہ میں عدم مناسبت کی بناء پر طالب کو مشورہ دیتا ہوں کہ مجھسے تمکو نفع نہ پہونچیگا اگر تم چاہو تو کسی دوسرے مصلح کا نام بتلا دوں۔

(ملفوظ ۲۲۳) فرمایا کہ جب حضرت حاجی صاحب نے حضرت مولانا گنگوہی کو بیعت کی اجازت دی مولانا نے اُسی وقت عذر فرمایا مگر حضرت نے اصرار سے فرمایا مولانا گنگوہ پہونچے تو ایک بی بی نے مرید ہونیکی درخواست کی۔ حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے انکار فرما دیا۔ اتفاق سے حضرت حاجی صاحب گنگوہ تشریف لائے اُسوقت حاجی صاحب سے اُس بی بی نے شکایت کی حضرت نے مولانا سے فرمایا کہ اسکو بیعت کرو مولانا نے عرض کیا کہ حضرت اب تو آپ تشریف رکھتے ہیں آپ ہی کر لیجئے۔ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اسپر عجیب جواب دیا جسمیں ایک مسئلہ بھی بیان فرما دیا کہ اگر اسکو مجھسے عقیدہ نہ ہو تمسے ہی ہو پھر فرمایا۔ ہمارے سامنے مرید کرو کیا مولانا نے ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت اسمیں مسئلہ کیا ہوا فرمایا مسئلہ یہ ہوا کہ اگر پیر کامل بھی پیر ہو اور اُسکی طرف میلان نہ ہو (یعنی مناسبت نہ ہو) تو اُس سے نفع نہ ہوگا۔

(ملفوظ ۲۲۴) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت یاجوج ماجوج کی غذا کیا ہے فرمایا کہ حضرت

Marfat.com

مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ایکمرتبہ فرمایا تھا (حضرت کتابیں بہت دیکھتے تھے اسلئے باتیں زیادہ معلوم تھیں) کہ غذا یاجوج ماجوج کے لشکر کی ایک سانپ ہے جو آسمان کی جانب سے روزانہ گرتا ہے وہ اتنا بڑا ہوتا ہے کہ سبکو کافی ہوجاتا ہے۔ پھر فرمایا کہ حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ سے سنا ہے کہ یاجوج ماجوج کو تبلیغ ہو چکی ہے اسلئے کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ رات بھر اُس دیوار کو چاٹتے ہیں اور کھودتے ہیں جو اُن کے درمیان حائل ہے جب وقت آویگا تو یہ کہیں گے کہ انشاء اللہ کل اسکو ختم کر دینگے۔ انشاء اللہ کہنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اُنکو اللہ کا نام معلوم ہے اور تبلیغ ہو چکی ہے یہ نئی بات معلوم ہوئی پہلے سے معلوم نہ تھی۔

(ملفوظ ۲۲۵) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت شیشہ میں بھی تصویر ہوتی ہے اُسکو دیکھنا کیوں جائز ہے۔ فرمایا میں اس سوال کو سمجھا نہیں شیشہ میں کیسی تصویر ہوتی ہے۔ عرض کیا کہ جب شیشہ انسان دیکھتا ہے تو اُسکی تصویر اُسمیں نظر آتی ہے۔ فرمایا اُسمیں تصو کہاں ہوتی ہے غلط ہے اُسکی تو صورت یہ ہے کہ یہ آنکی نگاہ کی شعاع جو اسپر پڑتی ہے وہ شعاع واپس ہو کر چہرہ پر پڑتی ہے تو یہ چہرہ نظر آتا ہے اسمیں کچھ بھی نہیں مرئی (دکھائی دینے والی چیز) یہ خود ہی ہوتا ہی۔ عرض کیا آج حضرت کے فرمانے سے سمجھ میں آیا بہت عرصہ سے یہ شبہ دل میں تھا۔ فرمایا کہ احکام میں دخل دینا عوام کو اسیواسطے جائز نہیں نہ معلوم کیا گڑ بڑ کریں غرض اسکو دوسری تصاویر پر قیاس نہیں کر سکتے۔

## ۸ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

## مجلس بعد نماز ظہر یوم یکشنبہ

(ملفوظ ۲۲۶) فرمایا کہ آج ایک صاحب عین آرام کے وقت میرے پاس آئے جس سے مجھکو اذیت پہونچی۔ اوقات راحت میں کسی کے پاس پہونچ جانا بہت ہی بُرا ہے۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت خلاف ادب بھی تو ہے فرمایا سب ہی کچھ ہے مگر لوگوں کو ان باتوں کا مطلق خیال نہیں ان معاملات کو دین کی فہرست ہی سے نکال دیا ہے اسی سلسلہ میں فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے پاس جب حضرت یہاں مقیم تھے ایک شخص ایسے وقت آتا کہ وہ وقت حضرت کے قیلولہ کا ہوتا اور وہ اُسکے آنیکا ہوتا دو چار روز کے بعد حضرت

Marfat.com

حافظ ضامن صاحب رح نے اس شخص کی خوب خبر لی اور خوب ہی ڈانٹا کہ یہ کیا واہیات ہے رات بھر تو بیوی کی بغل میں پڑے سوتے ہو اور دوسروں کے آرام کے وقت میں مخل ہوتے ہو تم کیا جانو درویشوں کی قدر یہ بیچارے رات بھر تو جاگیں دن میں اگر وقت ملتا ہے تو آپ آکو دتے ہیں خبردار اگر ایسے وقت میں میں نے تمکو یہاں دیکھا ٹانگیں توڑ ڈالونگا ایسے بے رحم اور ظالمونکا یہ ہی علاج ہے۔ مگر حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی یہ حالت تھی کہ مجسم اخلاق تھے کوئی آگیا اب بیٹھے ہیں۔

(ملفوظ ۲۲۷) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت وعظ سننے کو جی چاہتا ہے فرمایا کہ اب ہمت نہیں رہی مسلسل بولنے سے طبیعت گھبراتی ہے اور نہ اب ربط عبارت پر قدرت رہی اور بلا ربط مضمون کا لطف ہی کیا ہوگا۔ اس ہی وجہ سے چند روز تک وعظ کی یہ صورت اختیار کی تھی کہ کتاب دیکھکر بیان کر دیا کروں مگر میں دیکھتا ہوں کہ اب دماغ اسکا بھی متحمل نہیں اسلئے اب تو جو کچھ مجلس میں بیٹھکر بولتا رہتا ہوں یہ ہی بہت کچھ ہے۔ فرمایا کہ کتاب دیکھکر وعظ کہنے کا معمول مولانا محمد اسحاق صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا سنا ہے کہ وہ کتاب سے وعظ فرمایا کرتے تھے اس صورت سے وعظ کہنے سے دماغ پر تعب نہیں ہوتا۔

(ملفوظ ۲۲۸) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت نے میری اس شکایت پر کہ کھڑے ہوکر وعظ کہنے میں تعب ہوتا ہے بیٹھکر وعظ کہنے کو فرمایا تھا اس تدبیر پر عمل کرنیسے بڑا فرق معلوم ہوا فرمایا جی ہاں راحت کی تدبیر سے تو راحت پہونچتی ہی ہے۔

(ملفوظ ۲۲۹) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ سنا ہے کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے مکہ معظمہ میں جب کوئی پوچھتا کہ میں مدینہ منورہ سلطانی راستے سے جاؤں یا دوسرے راستے سے حضرت کے جو جی میں آتا فرما دیتے کہ فلاں راستے سے جاؤ اس راستہ سے جانے میں جانے والا مامون و محفوظ رہتا۔ اسی طرح حضرت کے قلب میں ایسے امور میں جو بات آیا کرے فرما دیا کریں۔ فرمایا کہ آتا ہی نہیں۔ عرض کیا کہ حضرت آتا نہیں۔ فرمایا کہ میں عرض کرتا ہوں مجھکو امور تکوینیہ کے مصالح سے مناسبت ہی نہیں قلب کی یہ کیفیت ہے کہ جب تک اللہ رسول کا ذکر رہتا ہے طبیعت خوش رہتی ہے اور جہاں دنیوی قصے شروع

Marfat.com

ہوئے مجھے وحشت شروع ہوئی۔ اسکی وجہ بھی آج ہی قلب میں آئی وہ وجہ یہ ہے کہ میں ایک مجذوب کی دعا سے پیدا ہوا ہوں یہ سبب ہے اس حالت کا اس سے پہلے میرے قلب میں یہ وجہ کبھی نہیں آئی اور آج بھی قلب میں احتمالاً آئی ہے احتمالاً ہی بیان کرتا ہوں کہ شاید یہ وجہ ہو میری اس کیفیت کی اور شاید یہ ہی وجہ ہو کہ مجھکو بکھیڑوں سے الجھن ہوتی ہے جی چاہتا ہے کہ ہر بات صاف ہو خود بھی اسکا اہتمام رکھتا ہوں اور دوسروں سے بھی یہ ہی چاہتا ہوں مگر لوگوں کو اسکی عادت ہی نہیں ہر بات کے الجھانے ہی میں مزا آتا ہے یہی وجہ ہے لوگوں سے لڑائی کی اور بدنامی کی کہ سخت ہے یہ سختی ہے کہ بات صاف کہو معاملہ صاف رکھو تاکہ نہ تمکو تکلیف ہو اور نہ دوسرے کو یہ حاصل ہے میری تعلیم کا۔ لوگ اس طریق کے عادی نہیں رہے گویا اسپر قادر نہیں اور میں اسکے عکس پر قادر نہیں۔ میں بھی مجبور ہوں پھر مزاحاً فرمایا کہ جب معدہ ضعیف ہوتا ہے مختلف چیزیں کھپتی نہیں اور جب معدہ قوی ہوا لا بلا سب ہضم۔ لوگ قوی المعدہ ہیں اور میں ضعیف المعدہ۔

(ملفوظ ۲۳۰) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک رسالہ میں ایک ایسا جامع مضمون لکھا کہ اگر وہ ذہن میں آجائے تو پھر سارے رسالہ کی ضرورت ہی نہ رہے کہتے ہیں کہ شیخ میں دین ہونا چاہئے انبیاء کا سا۔ اور سیاست یعنی دار و گیر محاسبہ معاقبہ سلاطین کا سا۔ تجویز اطباء کی سی کہ وہ ہر شخص کا جدا علاج جدا جدا تجویز کرتا ہے۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت شیخ میں انبیاء کا سا دین کیسے ہو سکتا ہے۔ فرمایا یہ مراد نہیں کہ انکی برابر ہو بلکہ مطلب اخلاص میں تشبیہ ہے یعنی اعمال میں غوائل دنیا اور نفس کی خواہشوں کی آمیزش نہ ہو یہ مراد ہے جسمیں یہ باتیں ہوں وہ شیخ ہو سکتا ہے۔

(ملفوظ ۲۳۱) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مولوی ....... صاحب ذرا بدعت کی طرف مائل تھے اور ہمارے بزرگوں کی نسبت کہا کرتے تھے کہ ان وہابیوں میں اتحاد بہت ہے پھر مزاحاً اسکی وجہ میں کہتے کہ یہ سب اُس بڈھے کی برکت ہے اس سے مراد حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ تھے۔

(ملفوظ ۲۳۲) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت یہاں کے قانون میں داخل ہے کہ کوئی کسی سے

Marfat.com

زیادہ نہ ملے نہ کوئی کسی کے حجرہ میں جائے اپنے کام میں لگا رہے مگر اس پر بھی جب یہ حضرات دوسری جگہ جاتے ہیں اور ایک دوسرے سے ملتا ہے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان میں رشتۂ اخوت کوٹ کوٹ کر بھر گیا ہے۔ فرمایا کہ مجھے تو یہ بھی معلوم نہیں آج ہی سُنا ہے وہ بھی ثقہ راوی سے۔ حضرت میں تو ایک چیز کا اہتمام کرتا ہوں یعنی اللہ سے تعلق کا اور اسکا کہ اُسکے بعد کا ضعیف ہے سبب بھی مرتفع کر دیا جاوے اور دین کو قلوب میں راسخ کر دیا جاوے اسی کی کوشش کرتا ہوں پھر اللہ تو واحد ہیں جب سب اُنکو مانیں گے تو متحد تو خود ہی رہیں گے۔

(ملفوظ ۲۳۳) فرمایا کہ ایک شخص کا خط آیا ہے اپنی تجارت کے قصے جھگڑے لکھکر لکھا ہے کہ میں اب کیا کروں۔ میں نے جواب میں لکھ دیا ہے کہ اب یہ کرنا چاہئے کہ مجھسے ایسی بات نہ پوچھنا چاہئے۔ ہاں دعا کرتا ہوں۔ فرمایا کہ ایک اور صاحب نے اسی طرح لکھا تھا کہ بعضے لوگ مجھکو مشورہ دیتے ہیں کہ بانوں کی دکان کرلو کوئی کہتا ہے کہ دواؤں کی دکان کرلو مجھکو کیا کرنا چاہئے۔ میں نے لکھ دیا کہ میرا باپ نہ کھٹ بنا تھا نہ پنساری مجھے ان چیزوں میں تجربہ نہیں کسی تجربہ کار سے معلوم کر کے عمل کرو۔ میرے دو کام ہیں ایک دعا کرا لو چاہے وہ دنیا ہی کیلئے سہی وہ بھی عبادت ہے دوسرے اللہ کا نام پوچھ لو۔ فرمایا کہ اتنا تو یہ لوگ بھی سمجھتے ہیں کہ اُنکو تجربہ نہیں مگر پھر ایسی بات پوچھنے کی کیا وجہ یوں سمجھتے ہیں کہ اللہ والوں سے اسلئے پوچھا کرنا چاہئے کہ ان کے دل میں وہی آویگی جو ہونے والی ہے اس بناء پر ایسی باتیں ایسے لوگوں سے پوچھی جاتی ہیں حالانکہ یہ غلو ہے حاصل یہ ہے کہ اس مشورہ کا منشاء عقائد کی خرابی ہے میں اس جہل سے بھی لوگوں کو بچانا چاہتا ہوں کہ دھوکے میں نہ رہیں اور بعض حضرات جن کا مجھسے بے تکلفی کا تعلق ہے اُن سے معلوم ہوا کہ عوام کا یہ عقیدہ ہے کہ یہ جو کہتے ہیں وہی ہو جاتا ہے۔ ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت یہی عقیدہ ہمارا ابھی ہے کہ وہی ہو جاتا ہے فرمایا اعتقاد میں بھی درجات ہیں اور بنا جدا جدا ہیں عوام کے اعتقاد کی نوعیت بہت ہی خراب ہے وہ تو یہ سمجھتے ہیں کہ خلاف ہو ہی نہیں سکتا بخلاف اہل علم کے اُن کا اعتقاد اس درجہ کا نہیں ہو سکتا۔

Marfat.com

## ۹ رمضان المبارک سنہ ۱۳۵۰ھ

## مجلس بعد نماز ظہر یوم دوشنبہ

(ملفوظ ۲۲۲) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ کسی کے پاس نرے رہنے سے کیا ہوتا ہے جب تک انسان کو اپنی اصلاح اور تربیت کی فکر نہ ہو۔

(ملفوظ ۲۲۳) فرمایا میں نے طالب علمی کے زمانہ میں حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت کی درخواست کی فرمایا جب تک کتابیں پوری نہ ہو جائیں اُسوقت تک اسکو شیطانی وسوسہ خیال کرو واقعی یہ حضرات حکیم تھے کیسی عجیب بات فرمائی اُسوقت تو یہ بات سمجھ میں آئی مجھکو خیال ہوا کہ حضرت نے ٹالدیا ہے میں نے بذریعہ عریضہ حضرت حاجی صاحبؒ کی خدمت میں درخواست کی کہ آپ حضرت مولانا سے کہ اُسی سال حج کو تشریف لیجارہے تھے فرماویں کہ مجھکو بیعت فرمالیں اور تماشہ یہ کیا کہ حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کی شکایت اُن کے ہی ہاتھ حضرت کی خدمت میں پہونچائی (زیادہ یاد یہی ہے) حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اُسکا جواب دیا اور وہ جواب حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے ہاتھ کا لکھا ہوا تھا کہ ہمنے تمکو بیعت کر لیا اور یہ بھی لکھا تھا کہ بعد فراغ علم اگر شغل کرنا چاہو گے تو مولانا محمد یعقوب صاحبؒ رحمۃ اللہ علیہ یا حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ سے رجوع کرنا۔ اور آخر میں لکھا تھا کہ علمی مشغلہ کو کبھی ترک مت کرنا۔

(ملفوظ ۲۲۴) فرمایا کہ ایکمرتبہ میں گنگوہ حاضر ہوا جسوقت میں حضرت مولانا کی خدمت میں پہونچا اُسوقت حضرت پلنگ پر لیٹے ہوئے آرام فرما رہے تھے مجھکو دیکھکر پلنگ سے نیچے اُتر کر بیٹھ گئے میں نے عرض کیا کہ حضرت اب میں وطن میں مقیم ہوں اسلئے جلدی جلدی حاضری کی نوبت آئیگی حضرت میرے لئے تکلف نہ فرمائیں ورنہ حاضری میں تکلف ہوگا (یہ روایت بالمعنی ہے) فرمایا لیٹے لیٹے طبیعت گھبرا گئی تھی اسلئے بیٹھ گیا مگر اسکے بعد پھر جب کبھی جانا ہوا حضرت نے تکلف نہیں فرمایا میں نے بھی ہمیشہ اسکا خیال رکھا کہ پاؤں کی طرف کبھی نہیں بیٹھا اس خیال سے کہ شاید حضرت کو گرانی ہو اس سلسلہ میں یہ بھی فرمایا کہ حضرت گنگوہی فرمایا کرتے تھے۔

Marfat.com

کہ میرے یہاں دو رنگ ہیں کبھی حضرت حاجی صاحبؒ کا اور کبھی حضرت حافظ ضامن صاحبؒ کا کبھی اُسکا ظہور ہوتا ہے اور کبھی اسکا۔

(ملفوظ ۲۳۷) فرمایا کہ میں جب گنگوہ حاضر ہوتا تو حضرت نہایت ہی شفقت کا برتاؤ فرماتے ہیں تو حضرت کو پیر سمجھتا رہا مگر حضرت سمجھتے رہے پیر بھائی اور مجھکو حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ سے ایک طبعی شغف ہے اور حضرات سے بھی بحمد اللہ عقیدت ہے مگر استدلالی اور حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ سے ضروری غیر استدلالی مجھکو حضرت کے مذاق پر شبہ ہی نہیں ہوا،

(ملفوظ ۲۳۸) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے یہاں ظاہری محاسبہ نہ تھا مگر برکت اتنی زبردست تھی کہ محاسبہ میں وہ کام نہیں بن سکتا جو حضرت کے یہاں بلا محاسبہ ہی بنجاتا تھا یہ محض حضرت کی برکت تھی۔

(ملفوظ ۲۳۹) فرمایا کہ میں نے جو لوگوں کے زعم میں ایک نئی بات جاری کی ہے جو اپنے بزرگوں میں بھی اس درجہ نہ تھی اور وہ محاسبہ ہے اُسکی وجہ یہ ہے کہ اسوقت بغیر اسکے کام چلنا دشوار تھا اسکی نظیر یہ ہے کہ حد خمر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے مقرر اور قائم کی جو نہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد میں تھی نہ حضرت صدیق رضؓ کے عہد میں۔ اگر حضرت عمرؓ پر کوئی بھی اعتراض کرے جو مجھپر کیا جاتا ہے کہ وہ کام کرتا ہے جو بزرگوں نے نہیں کیا تو جو جواب اُسکا حضرت عمرؓ کی طرف سے ہوگا وہی اس عمر کی یعنی میری طرف سے بھی خیال کر لیا جاوے۔ وہ جواب یہی ہے کہ ان حضرات کے زمانہ میں ضرورت نہ تھی اب ضرورت ہے تعزیر کی روک ٹوک کی سیاست کی۔

(ملفوظ ۲۴۰) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ائمہ فقہاء رحمۃ اللہ علیہ نہ ہوتے تو سب بھٹکتے پھرتے وہ حضرات تمام دین کو مدون فرما گئے فرمایا واقعی اندھیر ہوتا یہ غیر مقلد بڑے مدعی ہیں اجتہاد کے ہر شخص ان میں کا اپنے کو مجتہد خیال کرتا ہے میں کہا کرتا ہوں کہ اسکے موازنہ کی آسان صورت یہ ہے کہ قرآن و حدیث سے تم بھی استنباط کرو ان مسائل کو جو فقہاء کی کتابوں میں تم نے نہ دیکھے ہوں اور پھر فقہاء کے استنباط کئے ہوئے اُن ہی مسائل سے موازنہ کرو معلوم ہو جائیگا کہ کیا فرق ہے کام کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ کام کس طرح ہوتا ہے فرمایا کہ یہ غیر مقلدی نہایت خطرناک چیز ہے اسکا انجام سرکشی اور بزرگوں

Marfat.com

کی شان میں گستاخی یہ اسکا اولین قدم ہے۔ اسی سلسلہ میں فرمایا کہ ایک شخص دہلی آیا تھا۔ اسوقت دہلی میں گورنمنٹ نے جامع مسجد میں وعظ کہنے کی ممانعت کردی تھی بہت جھگڑے فساد ہوچکے تھے اس شخص کی کوشش سے وعظ کی بندش ٹوٹ گئی اُس نے خود وعظ کہنا شروع کیا اُسکا عقیدہ تھا کہ نماز تو فرض ہے مگر وقت شرط نہیں میں نے بھی اُسکا وعظ سُنا تھا ٹرا پکا اور کٹر غیر مقلد تھا وعظ میں کہا تھا۔ وجعلنا من بین ایدیھم سدا ومن خلفھم سدا فاغشیناھم فھم لا یبصرون۔ اور یہ ترجمہ کیا تھا کہ کردی ہمنے اُن کے سامنے ایک دیوار یعنی صرف کی اور پیچھے ایک دیوار یعنی نحو کی اور چھالیا ہمنے اُنکو یعنی منطق سے پس ہوگئے وہ اندھے یعنی ان علوم میں پڑکر حقیقت سے بیخبر ہوگئے۔ غرضکہ صرف و نحو و منطق کو بدعت کہتا تھا مگر ایک جماعت اُسکے ساتھ اور اُسکی ہم عقیدہ ہوگئی تھی یہ حالت ہے عوام کی ان پر بھروسہ کرکے کسی کام کو کرنا سخت نادانی اور غفلت کی بات ہے ان کے نہ عقائد کا اعتبار نہ انکی محبت کا اعتبار نہ مخالفت کا اعتبار جو جی میں آیا کرلیا جسکے چاہے معتقد ہوگئے دہلی جیسی جگہ کہ وہ اہل علم کا گھر ہے بڑے بڑے علماء صلحاء بزرگان دین کام کر رہے ہے مگر جہالت کا پھر بھی بازار گرم اور کھلا ہوا ہے کیا اعتبار کیا جائے کسی کا وقت پر حقیقت کھلتی ہے جب کوئی کام آکر پڑتا ہے یا ایسا کوئی راہ زن دین کا ڈاکو گمراہ کرنے کھڑا ہو جاتا ہے ہزاروں برساتی مینڈک کی طرح نکلکر ساتھ ہو لیتے ہیں۔

(ملفوظ ۱۷۱) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت مجذوب اور مجنون میں آجکل امتیاز مشکل ہوگیا۔ فرمایا بالکل صحیح ہے کوئی مجذوب ہوتا ہے کوئی مجنون ہوتا ہے اہل ادراک کو پہچان ہوتی ہے اسپر ایک واقعہ یاد آیا کہ بزرگوں سے سُنا ہے کہ دیوبند میں حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ مجذوبین کی جماعت کے سردار تھے جسکی تائید بھی ایک واقعہ سے ہوتی ہے کہ ایک ولایتی مجذوب دیوبند میں وارد ہوئے اور چھتہ کی مسجد میں ٹھہرے مگر ٹھہرنے سے پہلے حضرت مولانا سے اجازت لی پھر فرمایا کہ ہم لوگ طالب علم اُن مجذوب سے بعض کفار کیلئے بددعا کرایا کرتے تھے مگر وہ کبھی جواب نہ دیتے صرف یہ کہدیتے کہ خیر باشد خیر باشد پھر وہ مرگئے۔ بعد میں اپنے بعض بزرگوں سے معلوم ہوا کہ وہ بعض کفار کے طرفدار تھے۔

Marfat.com

اس طرفداری پر فرمایا کہ مجذوبین کی مثال ملائکہ کی سی ہے کہ وہ کفار کی بھی تربیت کرتے ہیں اور اس سلسلہ میں یہ بھی فرمایا کہ وہ گو اس عالم کے اعتبار سے بے سمجھ ہوتے ہیں مگر اُن کو اس سمجھ کی ضرورت نہیں دوسری سمجھ کی ضرورت ہے وہ ان میں ہوتی ہے اور میں نے جو اس عالم کے اعتبار سے سمجھ کی نفی کی ہے اُس کا خلاصہ یہ ہے کہ اس جماعت میں عقل نہیں ہوتی گو حواس درست ہوں جیسے گھوڑے میں مثلاً عقل نہیں ہوتی مگر حواس ہوتے ہیں یا بچہ کی مثال بلوغ سے پہلے کہ اُس وقت عقل نہیں ہوتی مگر حواس ہوتے ہیں تو سلامت حواس مجذوبیت کے منافی نہیں نیز اس سلامت حواس پر نماز وغیرہ کے فرض ہونیکا مدار ہوتا ہے اسکی فرضیت کیلئے عقل شرط ہے پس مجنون اسی طرح مجذوب عقل نہ ہونیکی وجہ سے احکام شرع کا مکلف نہیں ہوتا باقی ان دونوں جماعت میں فرق کرنا مشکل ہوتا ہے یہ بہت ہی نازک مقام ہے کہ ہر مجذوب اور مجنون میں فرق کر لیا جائے۔ مگر اسکا ایک ظنی معیار یہ ہے کہ اُس مجذوب کے زمانہ کے صلحاء اتقیاء کا جو فیصلہ اُس کے متعلق ہو وہ معتبر ہے عوام کا خیال اس بارہ میں معتبر نہیں یعنی اُس زمانہ کے مشائخ جو اُسکے ساتھ برتاؤ کریں احترام کا یا اعراض کا وہی دوسروں کو کرنا چاہیئے اپنی رائے سے عوام کچھ نہ کریں پھر اسی سلسلہ میں فرمایا کہ۔ اول تو اس جماعت سے کوئی اُمید نفع کی نہیں رکھنا چاہیئے حتی الامکان ان لوگوں سے الگ ہی رہنا مناسب ہے کیونکہ انکو عقل تو ہوتی نہیں اسلئے اُن سے اندیشہ ضرر ہی کا غالب ہوتا ہے ایک مولوی ........ صاحب نے عرض کیا کہ حضرت اسکی حقیقت کیا ہے یہ مجذوب کیسے ہو جاتے ہیں فرمایا کہ حقیقت اسکی یہ ہے کہ کوئی وارد ایسا قوی ہوتا ہے جس سے عقل مسلوب ہو جاتی اور یہ سب مجاہدہ ہی کی برکت ہے کہ یہ درجہ نصیب ہو جاتا ہے پہلے سے کسی کو خبر بھی نہیں ہوتی کہ یہ کرتے کیا تھے اسی وارد سے پیالہ چھلک گیا تب سب نے دیکھ لیا۔ یہ حقیقت ہے مجذوبیت کی اور یہی مجذوب ہیں جنکے سپرد کارخانہ تکوینیہ ہے اور اسکے انتظام کے ذمہ دار ہیں۔ باقی جو اہل ارشاد ہیں وہ نائب رسول ہیں جو ارشان پیغمبر ہیں انکی شان کہیں ارفع و اعلیٰ اصل چیز اللہ رسول کی اطاعت ہے باقی کشف و کرامت وغیرہ یہ چیزیں کوئی کمال نہیں ایسے عجائب اہل باطل سے بھی صادر ہو جاتے ہیں چنانچہ امریکہ یا جرمن میں ایک شخص

Marfat.com

کی بیوی کا انتقال ہوا وہ اُسکو بہت چاہتا تھا اسلئے اُسکو خیال ہوا کہ دفن سے پہلے اسکا فوٹو لیلیا جائے تاکہ دل بہلانیکا مشغلہ باقی رہے اُس نے فوٹو لیا تو بجائے ایک فوٹو کے پانچ فوٹو آگئے ایک تو اسکی بیوی کا تھا اور چار اور تھے پھر ان چار میں دو کو تو پہچانا وہ بھی مردہ تھے اور دو کو نہیں پہچانا انھوں نے اس سے یہ تحقیق کی ہے کہ اور روحیں وہاں موجود تھیں اُنکا فوٹو آگیا ہے مگر نہایت عجیب بات ہے کہ غیر مرئی کا فوٹو آگیا سے گیا دیکھئے یہ چیزیں اہل باطل بھی کر لیتے ہیں اسلئے اہل حق نے کہا ہے کہ اطاعت اللہ و رسول کی ہی اصل چیز ہے۔

# ۱۰ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

## مجلس بعد نماز ظہر یوم سہ شنبہ

(ملفوظ ۲۴۴) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک شخص نے غیر جوابی خط لکھا تھا اسمیں لکھا تھا کہ خدا کا خوف کرو اسقدر دین فروش مت بنو اتنا تو روپیہ کمایا کتابیں چھاپ چھاپ کر اور پھر بھی قناعت نہیں وہ یہی سمجھ رہا ہے کہ کتابوں کی آمدنی اسکو ملتی ہے۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت یہ بہت دن کی بات ہے یا ابھی کی فرمایا بہت دن کی ہے اور اگر ابھی کی ہوتی تب بھی کونسا گناہ کا کام تھا۔ پھر فرمایا کہ اللہ کا شکر ہے کہ اسقدر دین کا کام ہوگیا اگر میں تجارت کرتا کوئی گناہ کا کام نہ تھا مگر اُس مشغلہ میں تو اسقدر رسائل نہ ہوتے پھر بطور شکر فرمایا کہ ایسا بہت کم ہوا ہے کہ کسی کا کلام اُسکی حیات میں اسقدر شائع ہوا ہو۔

(ملفوظ ۲۴۵) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت دوزخ میں کفار بھی جائینگے اور اعمال بد کی وجہ سے مسلمان بھی تو فرق کیا ہوگا مسلم اور کافر کے عذاب میں۔ فرمایا کہتے کی تو بات نہیں مگر آپ نے سوال کیا ہے اسلئے کہنی پڑی مومنین کے بارہ میں مسلم کی حدیث ہے اماتہم اللہ اماتۃ اور اسکا یہ مطلب نہیں کہ جہنم میں مسلمانوں کو عذاب کا احساس نہ ہوگا لیکن کفار کی برابر نہیں ہوگا۔ اسکی بالکل ایسی مثال ہے جیسے کلوروفارم سنگھا کر آپریشن کیا جاتا ہے پھر آپریشن کی بھی دو قسمیں ہیں ایک سخت اور ایک ہلکا بعض دفعہ بہت ہی ہلکا آپریشن ہوتا

Marfat.com

ہے اس لئے ہلکا کلورافارم کافی ہوتا ہے۔ یہی صورت مسلمانوں کے ساتھ دوزخ میں پیش آئیگی۔ عرض کیا گیا کہ حضرت کے یہاں تو بشارت ہی بشارت ہے۔ فرمایا کہ خلاصہ یہ ہے کہ مسلمان صورت جہنم میں جائیں گے حقیقت جہنم میں نہ جائیں گے دوسرا فرق یہ ہے کہ کفار جہنم میں تعذیب کیلئے جائیں گے اسلئے انکو عذاب کا احساس شدید ہوگا اور مسلمان محض تہذیب کیلئے جہنم میں جائیں گے انکو عذاب کا احساس اسقدر نہ ہوگا جہنم مسلمانوں کے لئے مثل حمام کے ہے وہ اسمیں پاک صاف کیے جائیں گے گو تکلیف حمام کے تیز پانی سے بھی ہوتی ہے تیسرا فرق یہ ہے کہ مسلمانوں سے وعدہ انقطاع عذاب کا ہے۔ یہ وعدہ عذاب کا زیادہ احساس نہ ہونے دیگا اسکو اس مثال سے سمجھ لیجئیگا جیسے میعادی قیدی کا ایک وقت آرام کا ہوتا ہے، اور ایک وقت کام کا یہ دونوں حالتیں قید ہی میں ہوتی ہیں تو ایک وقت ہلکا ہوا اور ایک وقت بھاری اس سے بھی آگے توسیع کرتا ہوں ایک وقت قید ہی کی حالت میں سونے کا ہوتا ہے جسمیں کچھ بھی احساس نہیں ہوتا کہ میں کہاں ہوں اور کیا مجھپر عذاب ہے ذرہ برابر بھی محسوس نہیں ہوتا پھر ایک وقت رہائی کا ہوتا ہے کہ وہ قید خانہ کی کلفت کو کم کر دیتا ہے پھر فرمایا کہ جی ڈرتا ہے جی چاہتا نہیں ایسی باتیں کہنے کو محض اس خیال سے کہ کہیں لوگ جری نہ ہو جائیں مگر جب حدیث میں ہے کیا اخفا کیا جائے غرض یہ گھڑت نہیں ہے بلکہ نصوص میں ہے اور وہ بھی مسلم میں جو اصح الکتاب ہے۔

(ملفوظ ۲۲۲) فرمایا کہ آجکل جو مقتدا اور پیشوا کہلاتے ہیں چاہے وہ مذہبی ہوں یعنی علماء یا درویش یا سیاسی ہوں لیڈر شب روز اکثر انکو یہ فکر ہے کہ شہرت ہو مال حاصل ہو بعضے یہ بھی سمجھتے ہیں کہ جتنا بڑا مالدار اتنا ہی بڑا عاقل حالانکہ یہ خیال انکا غلط ہے البتہ ایسا شخص آکل تو ہوگا مگر عاقل ہونا ضرور نہیں ہر وقت اکل کی فکر ہے عقل کی ایک بات بھی نہیں بلکہ اس نے عقل ہونے کے متعلق خود مالداروں کا اقرار ہے میں اپنی طرف سے نہیں کہتا وہ کہتے ہیں کہ اگر کسی کے پاس سو روپیہ ہوں تو اسکو ایک بوتل کا نشہ ہوتا ہے اور یہ ظاہر ہے کہ نشہ میں عقل نہیں رہتی اگر کسی کے پاس ایکہزار روپیہ ہے تو اسکو دس بوتلوں کا نشہ ہوا پھر عقل کا وہاں کیا کام دین کی باتوں کیلئے تو موذن اور ملا ہی کی ماننی چاہئے انکی

ہی رائے معتبر ہے۔

(ملفوظ ۲۲۵) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ افعال اختیاریہ میں صرف ابتداء میں ارادہ کرنا پڑتا ہے پھر اثنائے فعل میں اگر امتداد ہوا تو ہر جزو پر نیت کی حاجت نہیں ہوتی البتہ مضاد (یعنی اسکے خلاف) کی نیت نہ ہونا شرط ہے جیسے کوئی شخص بازار جانا چاہے تو اول قدم پر تو قصد کرنا پڑیگا پھر چاہے کتاب دیکھتے ہوئے یا باتیں کرتے ہوئے چلے جاؤ ہر قدم پر قصد کی ضرورت نہیں دوسری مثال سے سمجھ لیجئے کوئی ستار بجا رہا ہے اول مرتبہ تو قصد کی ضرورت ہے پھر خود بخود انگلیاں چلتی رہتی ہیں بلکہ اگر ہر فرع پر مستقل قصد کیا جائے تو خوش نمائی کی ساتھ بجانے میں کامیابی بھی نہیں ہوسکتی اسی طرح گفتگو ہے اگر ہر فقرہ پر ارادہ کرے تو فرمایئے کہ گفتگو میں کامیاب ہوسکتا ہے ہرگز کامیابی نہیں ہوسکتی۔ پس اسی طرح اعمال حسنہ ممتدہ میں اگر ہر جزو پر نیت مستقل نہ ہو تو وہم میں نہ پڑنا چاہیئے۔

(ملفوظ ۲۲۶) فرمایا کہ ملکات رذیلہ اپنی ذات میں مذموم نہیں ہوتے مثلاً شہوت ہے کیا وہ اپنی ذات میں مذموم ہے ہرگز نہیں مولانا نے اس ہی مضمون کو فرمایا ہے ؎

شہوتِ دنیا مثال گلخن ست　　　که ازو حمام تقوی روشن ست

بلکہ جس شخص کی شہوت قوی ہے اُسکے مقاومت سے زیادہ نور پیدا ہوتا ہے۔ اور جسکی قوت شہوت کمزور ہے اُسکی مقاومت سے وہ نور نہیں پیدا ہوتا تو مدار قرب خداوندی کا افعال اختیاریہ ہوئے جہاں اختیار کا زیادہ استعمال کیا گیا وہاں قرب زیادہ ہوا پھر فرمایا کہ یہاں پر ایک شبہ ہوسکتا ہے وہ یہ کہ نبوت بھی تو افعال اختیاریہ میں سے نہیں حالانکہ اُسپر جو قرب ہوتا ہے وہ کسی فعل اختیاری پر بھی نصیب نہیں ہوسکتا۔ ازالہ اس شبہ کا یہ ہے کہ میں جو قرب کا مدار افعال اختیاریہ کو کہتا ہوں مراد مطلق قرب نہیں بلکہ خاص وہ قرب ہے جو مامور بالتحصیل ہے اور نبوت سے جو قرب ہوتا ہے وہ مامور بالتحصیل نہیں وہ قرب موہوب ہے اسکا مدار محض موہبت ہے اختیار اور اکتساب نہیں حاصل یہ کہ نبوت بھی موہوب اُسپر جو قرب ہے وہ بھی موہوب نبوت افعال اختیاریہ میں سے نہ اُسکا قرب مسبب

؎ شہوت دنیا مثل بھٹی کے ہے کہ اوس سے تقوی کا حمام گرم ہوتا ہے ۱۲ ؁

Marfat.com

افعال اختیار یہ سے ہے اب بحمد اللہ اسکی حقیقت سمجھ میں آگئی ہوگی بعض فلاسفہ کا خیال ہے کہ ہم اعمال کے ذریعے سے انبیاء سے بڑھ سکتے ہیں یہ بالکل غلط ہے جو چیز موہوب ہے وہ کسب سے حاصل نہیں ہو سکتی فرمایا اسکی ایسی مثال ہے کہ کوئی شخص عمدہ لباس اور اچھا زیور پہنکر یہ دعویٰ کرے کہ میں فلاں حسین سے زیادہ خوبصورت ہوں اُسکا یہ دعویٰ غلط ہوگا اس لئے کہ خداداد حسن کا مقابلہ ان خارجی چیزوں سے نہیں ہو سکتا اگرچہ کتنا ہی سنگار اور بناؤ کیا جائے خوب فرماتے ہیں ؎

دلفریبان نباتی ہمہ زیور بستند ؏ دلبر ماست کہ باحسن خداداد آمد ؏

؎ ز عشق ناتمام ما جمال یار مستغنی ست ؏ باب و رنگ و خال و خط چہ حاجت روئے زیبا را ؏

اور اگر اعمال اور کسب پر اسکا انحصار ہوتا تو میں پوچھتا ہوں کہ انبیاء نے کونسا عمل کیا تھا جسکے صلہ میں نبوت ملی اس قسم کے غلو ہوئے ہیں جہلاء کو۔

## ۱۱ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

## مجلس بعد نماز ظہر یوم چہار شنبہ

(ملفوظ ۲۴۲) فرمایا کہ ایک صاحب کو پیشین گوئیوں کا بہت مرض ہے اُن کے متعلق ایک صاحب کا خط آیا ہے اور دریافت کیا ہے کہ فلاں صاحب نے آپ کے متعلق جو پیشین گوئی کی تھی وہ کیا ہے اور پوری ہوئی یا نہیں حضرت والا نے جواب میں تحریر فرمایا کہ تعجب ہے پیشین گوئی تو کریں فلاں صاحب اور دریافت فرمائیں مجھ سے انہیں سے پوچھئے۔ ایک مولوی ........ صاحب نے عرض کیا کہ حضرت کے مدرسہ دیوبند کی سرپرستی سے استعفاء دینے کی خبر تھی اسکی اُن صاحب نے پیشین گوئی کی تھی غالباً یہ وہ ہے حضرت والا نے مزاحاً فرمایا کہ جب استعفاء کے بعد خبر دی یہ تو پسین گوئی ہوئی پیشین گوئی تو نہ ہوئی۔

(ملفوظ ۲۴۳) فرمایا کہ امیر شاہ خانصاحب مرحوم فرماتے تھے کہ مولوی محمد یحییٰ صاحب مرحوم

ع۱ محبوبان مجازی سب بناؤ سنگار کے محتاج ہیں۔ ہمارا محبوب وہ ہے جس کو حسن خداداد حاصل ہے ۱۲

ع۲ حسن یار کو ہمارے عشق ناتمام کی کوئی ضرورت نہیں۔ حسین چہرہ کو بناؤ سنگار کی ضرورت ہی کیا ہے ۱۲

Marfat.com

سے حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ بھائی احمد رضا خاں صاحب کے رسائل آیا کرتے ہیں کہیں سے سناؤ تو کوئی حق بات اگر انہیں ہوگی تو مان لیں گے مولوی یحیی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ان میں تو گالیاں ہی گالیاں ہیں فرمایا کہ دور کی گالیاں لگا نہیں کرتیں سناؤ تو مولوی صاحب نے عرض کیا کہ میں تو نہیں سنا سکتا خاموش ہو گئے اسپر حضرت والا نے فرمایا کہ اللہ رے بے نفسی حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کی کہ ایسے مخالف اور مقابل سے حق بات قبول کرنے میں بھی استنکاف (عار) نہیں بلکہ اس کا اہتمام فرمایا۔

(**ملفوظ** ۳۵۵) ایک مولوی...... صاحب نے عرض کیا کہ حضرت خشوع کیسے حاصل ہو۔ فرمایا کہ خشوع کی حقیقت شرعیہ اسکی حقیقت لغویہ ہی کی ایک فرد ہے یعنی یہ ایک لغت ہے جسکے معنی ہیں سکون پس قلب کے سکون کو خشوع کہتے ہیں اور سکون قلب مقابل ہے قلب کی حرکت کے اور یہ حرکت قلب کی وہی ہے جسکو منطقی حرکت فکریہ کہتے ہیں پس اس حرکت کا مقابل یہ ہے کہ فکر میں حرکت نہ ہو بلکہ سکون ہو یعنی افکار میں حرکت نہ کرے یہ نہایت مناسب عنوان ہے اس عنوان سے مسئلہ کا اختیاری ہونا ظاہر ہوتا ہے آگے افکار میں حرکت نہ کرنیکا طریقہ قابل تحقیق رہ گیا سو وہ طریقہ یہ ہے کہ ایک محمود شئے کی طرف متوجہ ہو جائے اس سے دوسری حرکات غیر محمودہ بند ہو جائیں گی۔ یہ تجربہ ہے اس سے یکسوئی ہو جاتی ہے پھر یہ کہ وہ شئے کیا ہے سو اسکے طرق متعدد ہیں۔ مثلاً یہ سوچ لے کہ خانہ کعبہ سامنے ہے۔ یا اگر الفاظ کی طرف توجہ آسان ہو یہ کرلے۔ یا معانی کی طرف توجہ کرے یا اگر ذات[ع] بحت کی طرف توجہ ہو سکے تو سب سے اولی ہے۔ اب یہ سوال رہا کہ جس چیز کی طرف بھی توجہ کرنا ہو توجہ کس درجہ کی رکھے جس سے خطرات نہ آویں سو اسکے متعلق تجربہ سے معلوم ہوا کہ زیادہ کنج و کاو (کھود کرید) کرنا موجب ثقل ہے معتدل توجہ کافی ہے جسکا درجہ ایک مثال سے بیان کرتا ہوں اور وہ بالکل الدین یسر (دین آسان ہے) کے مطابق ہے باقی اس سے زائد عسر زندگی میں پڑتا ہے سو عسر کیلئے حدیث میں لن تحصوا فرمایا ہے یعنی اسپر عادۃً قدرت نہیں ہے۔ وہ مثال یہ ہے کہ ایک کچا حافظ ہے اسکو استاد کا حکم ہوا کہ نفلوں میں قرآن شریف سناؤ۔ یہ حافظ سنانے کے وقت یقیناً بے توجہی سے تو ہرگز نہ پڑھیگا کیونکہ یاد نہیں سوچ کر پڑھیگا۔

[ع] یعنی حق تعالیٰ کی ذات ۱۲

لیکن اس درجہ کی سوچ بھی نہ ہوگی کہ دوسری شئے کا بالکل تصور ہی نہ آئے بلکہ یہ توجہ وسط درجہ کی ہوگی کہ نہ غفلت ہوگی اور نہ ایسی کاوش کہ اسکا غیر بالکل ہی ذہن میں نہ آئے بس ایسی توجہ عبادت میں تحقق خشوع کیلئے کافی ہے اگر اسی درجہ خشوع کا انتظام و اہتمام ہوجائے تو بس مامور بہ ادا ہوگیا ورنہ حدیث من[عہ] شاق شاق اللہ علیہ کا مصداق ہوگا اب اگر اس درجہ کے ساتھ دوسرے وساوس مستحضر بھی ہوجائیں تو مضر نہیں کیونکہ غیر مامور بہ کا یہ استحضار اس نے نہیں کیا یہ اسکا فعل نہیں لہذا یہ اسکا مکلف بھی نہیں اسکی ایسی مثال ہے کہ جیسے آنکھ سے کسی خاص نقطہ کو قصداً دیکھیں تو اسکی ساتھ اسکے ماحول پر بھی ضرور نظر جاتی ہے مگر چونکہ یہ نظر قصداً نہیں اسلئے یہی کہیں گے کہ فلاں نقطہ خاص دیکھا ماحول کو خود نہیں دیکھا بلکہ نظر آگیا تو جیسے یہ انتشار شعاع بصر میں ہوتا ہے اسی طرح بصیرت میں بھی ہوتا ہے کہ قصد تو ایک خاص چیز کی طرف ہے مگر بلا قصد دوسری چیز پر نگاہ جا پڑی ایکمرتبہ اس مضمون کو میں نے امروہہ کے وعظ میں بہت بسط سے بیان کیا تھا لوگ بہت منتفع اور مسرور ہوئے تھے سو علم تو اس مسئلہ کا کافی طور پر ہوگیا آگے عمل کی ضرورت ہے۔ بہت سے سالک اسمیں مبتلا ہیں کہ تدبیر معلوم ہے اور عمل نہیں کرتے انکو معلوم ہوجانے ہی کو گویا حصول مقصود سمجھتے ہیں۔ حتی کہ بہت سے مشائخ اس بلا میں مبتلا ہیں کہ تدبیر جانتے ہیں اور خود عمل نہیں کرتے مگر ہم ایسی تدبیر کو لیکر کیا چولھے میں ڈالیں جب عمل ہی نہیں۔

(ملفوظ ۲۵۰) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بعض علماء غیر حنفیہ نے لکھا ہے کہ صلوٰۃ جہری میں مقتدی کا فاتحہ پڑھنا حماقت ہے لیکن سری میں پڑھنا چاہئے کیونکہ سکوت شرعاً عبادت نہیں فرمایا کہ ہمکو یہ تسلیم نہیں کیونکہ یہ سکوت مامور بہ ہے اور امتثال مامور بہ عبادۃ ہے نیز یہ ایسا سکوت نہیں جو عمل نہ ہو بلکہ کف عن[عہ] الکلام ہے اور کف عمل ہے پس اسکے عبادت ہونے میں کچھ غبار نہیں جیسے کف عن[سہ] المناہی عبادۃ ہے۔

(ملفوظ ۲۵۱) فرمایا کہ چیونٹیاں جو مٹھائی وغیرہ پر چڑھتی ہیں اگر سانس روک کر وہ شئے رکھی جائے تو اسپر چیونٹیاں نہیں چڑھتیں۔ میں نے خود اسکا تجربہ کیا ہے۔ یہ عمل بھی مسمریزم کی ایک

عہ جو شخص اپنے اوپر مشقت ڈالتا ہے اللہ تعالیٰ اوسکو مشقت میں مبتلا فرمادیتے ہیں ۱۲ عہ کلام سے رکنا ۱۲
سہ گناہوں سے رکنا ۱۲

Marfat.com

قسم ہے ایسے اعمال میں اصل فاعل عامل کی قوت خیالیہ ہے اور خیال کی قوت مسلم ہے، میں نے بلا واسطہ حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے سنا ہے کہ ایک شخص کو یہ خیال ہوتا تھا کہ شیر آیا اور کمر پر پنجہ مار گیا۔ اسکے اس خیال سے پنجہ کا نشان کمر پر ہوجاتا تھا اور اُس سے خون گرتا تھا مسمریزم کی حقیقت یہی ہے باقی ارواح کا آنا وغیرہ سب فضول دعوے ہیں یہ سب صرف خیال کی کرشمہ کاریاں ہیں۔ ایکمرتبہ کانپور میں مسمریزم کے جاننے والے آئے انھوں نے میرے سامنے بعض افعال میز کے ذریعہ دکھلائے اول جلسہ میں تو میں کچھ نہیں سمجھا دوسرے جلسہ میں ایک دلیل سے سمجھ میں آگیا کہ یہ ارواح کا تصرف نہیں محض خیال کے افعال ہیں پھر تیسرے جلسہ میں بطور دلیل الزامی کے میں نے خود زبان سے یہ کہا کہ اگر میز کے اندر روح آتی ہے تو ایک بار پایہ اُٹھ جاوے اور اگر روح نہ آتی ہو تو دو بار اُٹھ جاوے سو دو بار پایہ اُٹھا تب میں نے دیکھنے والوں سے کہا کہ دیکھو ان ہی کے قاعدہ سے ارواح کا آنا باطل ثابت ہوا یہ سب خیالی باتیں ہیں۔

(ملفوظ ۲۵۲) فرمایا کہ امام صاحب کی مجلس میں ایک شخص آیا اور عرض کیا کہ ایک شخص کہتا ہے کہ کوئی کافر جہنم میں نہ جائیگا اسکا کیا حکم ہے۔ امام صاحب نے شاگردوں سے فرمایا کہ جواب دو سب نے عرض کیا کہ یہ شخص کافر ہے اور نصوص کا مکذب ہے۔ امام صاحب نے فرمایا کہ تاویل کرو عرض کیا کہ ناممکن ہے۔ فرمایا یہ تاویل ہے کہ جہنم میں جانے کے وقت کوئی شخص اُسوقت کافر نہ ہوگا یعنی لغوی کافر بلکہ مومن لغوی ہوگا گو شرعی کافر ہو کیونکہ اُسوقت حقائق کا انکشاف اُسپر ہوجائیگا تو کسی امر واقعی کا اُسوقت منکر نہ ہوگا۔ ھٰذہٖ جھنم التی یکذب بھا المجرمون بلکہ بعض جہنم کے انکشافات کافر کو زائد ہونگے مومن کو نہیں ہونگے جو کہ برق خاطف (چمکنے والی بجلی) کی طرح گذر گیا۔ کیا ٹھکانا ہے امام صاحب کی ذہانت اور احتیاط کا۔

(ملفوظ ۲۵۳) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ اگر کسی خارق (کرامت) کے بعد قلب میں زیادت تعلق مع اللہ محسوس ہو تب تو وہ کرامت ہے اور اگر اس میں زیادت محسوس نہ ہو تو ناقابل اعتناء توجہ ہے اور یہ جو آجکل مخترع کشف وکرامت کی بناء پر پیروں کو مریدان می

---

ع یہ ہے وہ جہنم جسکو مجرم لوگ جھٹلاتے تھے ۱۲

پراننہ کا مصداق بناتے ہیں اور لوگوں کو پھنسلاتے ہیں بالکل ہی واہیات بات ہے اسی سلسلہ میں ایک واقعہ بیان کیا کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا ایک بدوی نفاع نام معتقد تھا اُس نے ایک بار کہلا کر بھیجا کہ لڑائی میں میرے گولی لگ گئی ہے تکلیف ہے دعا کیجئے نکل جائے اُس کا بیان ہے کہ دوسرے دن حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ تشریف لائے اور زخم میں انگلی ڈال کر گولی نکال دی حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے سُنکر فرمایا کہ مجھے پتہ بھی نہیں۔ نیز بعض وقت خارق استدراج (ڈھیل) ہوتا ہے اور استدراج کے بعد نفس میں تکبر ہوتا ہے بس ایسے اشتباہ کی حالت میں اگر کوئی چیز راحت اور آرام کی ہے تو وہ ذکر اللہ میں مشغول رہنا ہے اور گمنامی اور اپنے کو فنا کر دینا اور مٹا دینا اس ہی میں لطف ہے۔ بدون اسکے چین ملنا مشکل ہے۔ مولانا فرماتے ہیں

؎ ہیچ کنجے بے دد و بے دام نیست جز بخلوت گاہِ حق آرام نیست

اور کرامت واستدراج میں ایک ظاہر فرق یہ ہے کہ صاحب کرامت متصف بالایمان و العبادہ وغیرہ ہوگا۔ اور صاحب استدراج افعال منکرہ میں مبتلا ہوگا اور پہلا فرق جو مذکور ہوا انکسار و تکبر وغیرہ کا وہ اثر کے اعتبار سے ہے۔

(ملفوظ ۲۹۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے تحریر فرمایا ہے کہ شق قمر کا معجزہ علامات قیامت سے ہے اسمیں وقوع کا انکار نہیں بلکہ معجزہ نہیں مطلب یہ ہے کہ جیسے طلوع شمس من المغرب۔ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا معجزہ نہیں بلکہ علامات قیامت ہے ایسے ہی شق القمر بھی معجزہ نہیں بلکہ علامات قرب قیامت سے ہے جیسے آیت میں اقتراب ساعت کے اقتران سے مفہوم بھی ہوتا ہے عہ اقتربت الساعۃ وانشق القمر۔

(ملفوظ ۲۹۴) ایک مولوی صاحب کے جواب میں فرمایا کہ کذب اخبار میں ہوتا ہے انشاءات میں نہیں ہوتا اور وعید انشاء ہے اگر صیغہ اخبار کا بھی ہو وہ محض صورۃً ہے معنیً انشاء ہی میں داخل ہے اسی سے بعض لوگوں نے کہدیا ہو خلافاً للجمہور کہ خلف فی الوعید وقوعاً بھی جائز ہے اور اسپر جو یہ اعتراض ہوتا ہے کہ یہ قول لو توع الکذب ہے اُسکا یہ ہی جواب دیا ہے کہ کذب اخبار میں ہوتا ہے اور وعید صورۃً اخبار ہے ورنہ حقیقت میں انشاء ہے۔ مگر جمہور کیلئے قاضی ثناء اللہ صاحب

عہ مضمون قرب قیامت کو شق القمر کے ساتھ ملا کر بیان کرنے سے ۱۲ عہ قیامت نزدیک آپہونچی اور چاند شق ہوگیا

Marfat.com

رحمۃ اللہ علیہ نے اس آیت سے استدلال کیا ہے کہ یستعجلونک بالعذاب ولن یخلف اللہ وعدہٗ یہاں وعدہ سے مراد یقیناً وعید ہے بقرینۃ ذکر العذاب تو قرآں کی نص سے خلف فی الوعید کا ممتنع ہونا معلوم ہوگیا۔

# ۱۲ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

## مجلس بعد نماز ظہر یوم پنجشنبہ

(ملفوظ ۲۵۶) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت کو کھانسی کی بڑی تکلیف ہے اور رمضان شریف میں یہ اس قسم کی تکلیف جیسے کھانسی زکام وغیرہ ذرا دیر سے اچھی ہوتی ہے اور وجہ یہ بیان کی کہ روزہ کے سبب تہ تہ بے وقت کھانے پینے کا کچھ نہ کچھ اثر ہوتا ہی ہے اس پر فرمایا ان اللہ یحب ان یوتی رخصۃ۔ کما یحب ان یوتی عزائمہٗ؏ جامع صغیر میں یہ روایت ہے اس روایت سے افطار کی بھی ہمت ہوگئی کہ اگر طبیب شرعی فتویٰ دیدے تو میں افطار کردوں اس لئے مجکو تکلیف سے تنگی نہیں۔

(ملفوظ ۲۵۷) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آداب سماع میں لکھا ہے کہ مجلس میں کوئی شخص دوسرے مذاق کا نہ ہو ورنہ قلب میں تنگی اور اُس سے وجد و حال میں رکاوٹ ہوجاتی ہے۔ اسی طرح ہر شخص کے سامنے بولنے کو میرا دل نہیں کُھلتا۔ اب لوگوں نے سماع کو تماشا بنا لیا ہے حتیٰ کہ لہو و لعب تک نوبت پہونچ گئی ایکمرتبہ بریلی میں ایک عرس کے موقع پر کلکٹر اور سپرنٹنڈنٹ کو مجلس سماع میں بلایا گیا سپرنٹنڈنٹ نے کلکٹر سے کہا کہ میرے بدن میں تو سنسناہٹ معلوم ہوتی ہے کلکٹر نے کہا میری بھی یہی حالت ہے آخر دونوں اُٹھکر چلے گئے اب لوگ کہتے ہیں کہ دیکھو انگریزوں پر بھی اثر ہوا۔ میں نے سُنکر کہا کہ یہ نفسانی اثر ہے اسمیں مؤمن کی بھی تخصیص نہیں چنانچہ سانپ پر بھی بین کا اثر ہوتا ہے۔ یہ تو چیز ہی ایسی ہے آخر شارع کی کوئی تو حکمت ہے کہ ایسی چیزوں کی ممانعت فرمائی گئی وہ حکمت یہی اثر نفسانی ہے۔ ایک

؏ اللہ تعالیٰ جس طرح اصل اعمال کی بجاآوری کو محبوب رکھتے ہیں۔ اگر کسی عذر کی وجہ سے کوئی رعایت شرع میں دی گئی ہو اوس پر عمل کرنے کو بھی محبوب رکھتے ہیں ۱۲ منہ اور یہ لوگ بے سبب غذا کا تقاضا کرتے ہیں حالانکہ اللہ تعالیٰ کبھی اپنا

Marfat.com

صاحب نے مجھ سے ایک حکایت بیان کی تھی کہ ایک باغ والے نے باغ میں سیٹی بجائی ہرنی وحشی اُس آواز سے اس طرح مدہوش ہو کر پاس آ کھڑی ہوئی اسکے بعد بطور لطیفہ کے فرمایا کہ اثر سماع کیلئے غزال ہونا بھی کافی ہے غزالی ہونے کی ضرورت نہیں۔ ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حدیث قرآن شریف سُنکر جو کیفیت پیدا ہو وہ کیسی ہے فرمایا کہ دیکھنا یہ ہے کہ حدود کے اندر ہے یا باہر لوگ ایسی باتوں میں یا ایسے معاملات میں بوجہ بے خبری کے حقیقت کو نہیں پہونچتے اسباب کو دیکھتے ہیں آثار کو نہیں دیکھتے۔ اسباب کا دیکھنا نہیں بلکہ دیکھنا آثار کا ہے جیسے اگر کوئی مجلد اور ضخیم قرآن شریف سے کسی کو ہلاک کر دے۔ کیا یہ جائز ہو جائیگا۔ اب اگر قرآن شریف سُنکر نفسانی کیفیت پیدا ہو تو وہ محمود نہ ہوگی۔ مثلاً کسی امرد سے قرآن شریف سُنا اسکی آواز یا صورت سے قلب میں ایک کیفیت پیدا ہوئی تو یہاں اسباب کو نہ دیکھیں گے آثار کو دیکھیں گے اور ظاہر ہے کہ وہ کیفیت یقیناً نفسانی ہوگی۔ ایسی ہی سماع کو سمجھ لیا جاوے اسکے بھی حدود ہیں ہر شخص کو جائز نہیں جیسا کہ آجکل ہر کس و ناکس کو اسمیں ابتلاء ہے شیخ شیرازی اسی غرق کو کہتے ہیں کہ ؎

سماع[ع] اے برادر بگویم کہ چیست ، گر مستمع را بدانم کہ کیست

مولانا جامی فرماتے ہیں۔ ؎

زندہ[عہ] دلاں مردہ تناں را رواست ، مردہ دلاں زندہ تناں را خطا ست

سلطان نظام الدین قدس سرہٗ اسکے کیلئے چار شرائط بتاتے ہیں۔ سامع مُسمِع مسموع۔ آلہ سماع۔ فرماتے ہیں سامع[سے] از اہل دل باشد از اہل ہوا و شہوت نباشد مُسمِع مرد تمام باشد زن و کودک نباشد مسموع مضمون ہزل نباشد۔ آلہ سماع چنگ و رباب درمیان نباشد۔ میں ایک بار اپنے ایک صاحب سماع بزرگ کو تلاش کرنے سلطان جی کے عرس میں قبل وقت

---

ع؎ اے بھائی سماع کا حکم تو میں تم کو بتا دوں گر کیا ہے۔ مگر پہلے سُننے والے کو معلوم کر دوں کہ کون ہے ۱۲
عہ؎ جن کے دل (بوجہ تعلق مع اللہ کے) زندہ ہوں۔ اور بدن مردہ ہوں اون کے لئے (سماع) جائز ہے۔ اور جن کے دل مردہ اور تن زندہ ہوں اون کو سُننا غلطی ہے ۱۲ سے؎ سُننے والا اہل باطن ہو اہل ہوائے نفسانی و اہل شہوت نہ ہو سُنانے والا پورا مرد ہو۔ عورت یا بے ریش لڑکا نہ ہو۔ سُننے کی چیز کوئی بے ہودہ مضمون نہ ہو۔ آلۂ سماع باجے گاجے نہ ہوں ۱۲

Marfat.com

عرس حاضر ہوا میں اسوقت کانپور میں تھا انکے ملنے دہلی آیا تھا میں سمجھا کہ وہ عرس میں ملیں گے مگر اسوقت تک عرس میں آئے نہ تھے میں قریب نماز ظہر کے لوٹا کہ پھر شہر میں ملونگا وہاں چشتی ہی چشتی جمع تھے انہوں نے مجھکو گھیرا کہ چشتی ہو کر سماع شروع ہونیکے وقت کہاں چلے میں نے کہا کہ اگر میں شریک ہو جاونگا تو حضرت سلطان جی خفا ہو جاوینگے اور میں نے اوپر کا ملفوظ سلطان جی کا پڑھ دیا اور کہا کہ مجھ میں یہ شرائط نہیں سب نے کہا کہ تم تو اسکے اہل ہو مگر ہم اہل نہیں ایسی تبلیغ ہمکو آجتک کسی نے نہیں کی تھی۔

(ملفوظ ۲۵۸) فرمایا کہ اگر پہلا مربی بدعتی ہو تو اول تو اُس سے نکلنا مشکل اور اگر کسی صورت سے نکل بھی جائے تو اکثر اُسکا اثر نہیں جاتا میں تو کہا کرتا ہوں کہ کچی ہانڈی اگر بگڑ جائے اُس کا سنوارنا مشکل ہے اور از سر نو پکانا آسان وہی یصلح العطار ما افسد الدھر۔[1]

(ملفوظ ۲۵۹) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ تین کتابیں البیلی ہیں۔ قرآن شریف۔ بخاری شریف۔ مثنوی شریف ان کا کوئی ایسا ضابطہ نہیں جس سے یہ قابو میں آجائیں البیلی کے یہی معنی ہیں۔

## ۱۳ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

## مجلس بعد نماز جمعہ

(ملفوظ ۲۶۰) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ذات بحت[2] کا تصور کیسے ہو سکتا ہے، فرمایا جب مثلاً اللہ سمیع کہتے ہیں تو محمول کے اثبات کیلئے کچھ نہ کچھ تصور موضوع کا ہوتا ہی ہے بس اتنی مقدار مراقبہ کیلئے کافی ہے۔

(ملفوظ ۲۶۱) عین اصطلاح صوفیہ میں وہ چیز ہے کہ کسی شئے کے تابع اس طرح ہو کہ بدون اُس شئے کے نہ پایا جاوے پس تابع کو اس معنی کر عین متبوع کہیں گے۔ اسلئے یوں تو کہیں گے کہ خلق عین حق ہے یوں نہ کہیں گے کہ حق عین خلق ہے الا تجوزا[3] شیخ اکبر نے فرمایا ہے کہ ھو انت کہنا

[1] جس کو زمانہ (کی آب و ہوا) نے بگاڑ دیا ہو اُسکو عطار بھی درست نہیں کر سکتا ۱۲ [2] خالص ذات حق تعالیٰ ۱۲ [3] مگر مجازاً ۱۲

جائز ہے انت ھو کہنا جائز نہیں کیونکہ ھو شکل ول ہیں موضوع ہے اور محمول تابع ہوتا ہے اور صورت ثانیہ میں بالعکس عام لوگوں کے قلوب میں اصطلاحات منطق کی ہوتی ہیں اور تصوف میں بھی وہی معنی لیکر قائل کی تکفیر کرنے لگتے ہیں حالانکہ عوام الناس خود عین اس معنی میں بولتے ہیں۔ مثلاً کہتے ہیں کہ تم تو اپنے ہی ہو کوئی غیر نہیں ہو تو غیریت کی نفی میں عینیت کا اثبات ظاہر ہے بس اسی طرح صوفیہ کہتے ہیں۔ پھر اُن سے کیوں وحشت ہے۔

(ملفوظ ۲۶۲) فرمایا کہ حضرت حاجی صاحبؒ اپنے زمانہ میں حجۃ اللہ فی الارض تھے جو علوم صدیوں سے مخفی تھے اللہ تعالیٰ نے اُن کی زبان سے ظاہر فرما دیئے اُن کی سب سے بڑی دولت طریق تربیت تھا کوئی آدمی ایسا نہ دیکھا کہ جس نے حضرت سے اپنی حالت بیان کی ہو اور اُسکی پریشانی زائل نہ ہو گئی ہو۔

(ملفوظ ۲۶۳) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت وسوسہ کیا شئے ہے۔ فرمایا کہ جو امر منکر بلا اختیار قلب پر وارد ہو جائے میں اسی کو وسوسہ سمجھتا ہوں مگر چونکہ بلا اختیار ہے اسلئے مضر نہیں۔

(ملفوظ ۲۶۴) فرمایا بزرگوں کو جو خطوط لکھے جائیں اُن میں اشعار کا لکھنا میں خلاف ادب سمجھتا ہوں ہاں بطور جوش نکل جائے تو دوسری بات ہے قصداً ایسا کرنیکا حاصل یہ ہے کہ اُنکو اشعار سے متاثر کر کے کام نکالنا چاہتا ہے نیز اپنی لیاقت کا اظہار ہے طالب کا کوئی فعل معلم کے ساتھ ایسا نہ ہونا چاہئے۔

(ملفوظ ۲۶۵) فرمایا کہ میں پہلے جب حضرت کی خدمت سے نیا نیا آیا تھا اہل طریق کی دیکھا دیکھی توجہ بھی دیا کرتا تھا شاہ لطف الرسول صاحب وغیرہ توجہ میں بیٹھتے تھے اور اُن پر بہت سے مخفیات منکشف بھی ہوتے تھے لیکن میں کورا ہی رہتا تھا۔

(ملفوظ ۲۶۶) فرمایا کہ فقہ اور حدیث سے مجھے مناسبت کم ہے اور گو تفسیر سے بھی پوری تو نہیں لیکن فقہ اور حدیث کی نسبت زائد ہے اور بحمد اللہ تعالیٰ تصوف سے اور زائد مناسبت ہے

(ملفوظ ۲۶۷) فرمایا کہ جب مجھ جیسا کم علم آدمی سب آسان طریقے جانتا ہے تو سمجھ لو کہ تصوف کس قدر سہل ہے چنانچہ حقوق الشیخ کا آسان خلاصہ یہ ہے کہ اُسکی دل آزاری نہ ہو۔

Marfat.com

(ملفوظ ۲۶۸) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت مجدد وقت ہیں فرمایا کہ چونکہ نفی کی بھی کوئی دلیل نہیں اسلئے اسکا احتمال مجھکو بھی ہے مگر اس سے زائد جزم نہ کرنا چاہئے محض ظن ہے اور یقینی تعیین تو کسی مجدد کا بھی نہیں ہوا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ علیٰ هذا الاحتمال جامع ۱۲

(ملفوظ ۲۶۹) فرمایا کہ قطب التکوین کو اپنی قطبیت کا علم ضروری ہے مگر قطب الارشاد کو ضروری نہیں ابدال وغیرہ بھی تکوینیات سے متعلق ہیں۔ قطب الارشاد میں تعدد ضروری نہیں قطب التکوین متعدد ہوتے ہیں مگر قطب الاقطاب تمام عالم میں ایک ہوتا ہے اُس کا نام غوث ہے اہل کشف انکو پہچانتے ہیں۔ قطب التکوین دائماً (ہمیشہ) اور قطب الارشاد احیاناً (کبھی کبھی) متعدد بھی ہوتے ہیں۔ اسی سلسلہ میں فرمایا زمانہ تحریک خلافت میں خانقاہ کے پاس ذرا فصل سے گولر کے نیچے میرے مکان کے سامنے ایک ایک مجذوب رہا کرتے تھے میں سمجھا تھا کہ شاید منجانب اللہ حفاظت کیلئے مقرر ہیں ایسے مجاذیب بدلتے بھی رہتے ہیں جیسے سرکاری حکام گورنمنٹ کے بدلتے رہتے ہیں۔

(ملفوظ ۲۷۰) فرمایا کہ میرا ذوق ہے کہ انبیاء سے معصیت صادر نہیں ہوتی بلکہ جو کچھ بھی ہوتا ہے وہ طاعت ہی ہے گو خفی سہی اور عصیٰ وغویٰ وغیرہ جو صیغے مستعمل ہیں وہ باعتبار الشق مقابل کے ہیں کہ وہ شق مقابل صادر سے افضل ہے نہ یہ کہ یہ معصیت ہے اور تعبیر بالمعصیت محض صورۃً ہے (یہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق ہے)۔

(ملفوظ ۲۷۱) فرمایا کہ معاصی ماضیہ کے تدارک کیلئے استغفار کرے اور آئندہ کیلئے نفس پر جرمانہ مقرر کرے خواہ بدنی ہو یا مالی ہو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث میں مَنْ[عہ] قال تعال اقامرك فليتصدق اسکی لم پر نظر فرمائی ہے مقامرۃ کی وجہ حب مال ہے تصدق سے محبت مال کی نکل جائیگی۔

(ملفوظ ۲۷۲) فرمایا کہ اہل علم کے کام کی ایک بات تبلاتا ہوں کہ دین پر عمل کرنیکا مدار سلف صالحین کی عظمت پر ہے اسلئے حتی الامکان اُن پر اعتراض و تنقیص کی آنچ نہ آنے دینا چاہئے۔

(ملفوظ ۲۷۳) فرمایا کہ یہ طریق بہت ہی نازک ہے اسلئے رہبر کامل کی ضرورت ہے بعض دفعات ماضی پر افسوس کرنا بھی حجاب مستقبل کا ہو جاتا ہے کہ اُس تاسف میں غلو کی ساتھ مشغول ہو کر

عہ جو شخص کسی سے کہے کہ آؤ جوا کھیلیں تو اس کہنے والے کو چاہئے کہ کچھ صدقہ کر دے ۱۲

Marfat.com

آئندہ کیلئے معطل ہوجاتا ہے۔

## ۱۴ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

## مجلس بعد نماز ظہر یوم شنبہ

(ملفوظ ۲۷۴) ایک مولوی صاحب نے اپنی حالت بیان کی جسکے چار اجزاء تھے عـلـ یہ کہ نماز میں اب یہاں رہکر حضرت کی برکت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ذات بحت بے کیف کے سامنے موجود ہوں اور نہایت عاجزی سے قصور کی معافی کی خواستگاری کر رہا ہوں مگر یہ کیفیت مستقر نہیں ہوتی جاتی رہتی ہے اور بعض ارکان میں بالکل خطرات مستولی ہوجاتے ہیں۔ بعض ارکان میں دوسرے کسی خاص خیال محمود پر دل لگتا ہوں۔ بعض دفعہ ارکانی[عـہ] ادعیہ کے معنی کی طرف خیال ہوتا ہے۔ بعض دفعہ نہ معلوم کہاں چلاجاتا ہوں یہ بھی خبر نہیں ہوتی کہ نماز میں ہوں یا نہیں ایک حالت پر استقرار کیسے ہو۔ حضرت والا نے (جواب) میں فرمایا یہ تقلبات[عـہ] سفر ہیں اور تثبت[عـہ] منزل ہے منزل پر رسائی سفر ہی سے ہوتی ہے اور کوئی طریق نہیں یوں ہی چلنے دیجئے انشاء اللہ تعالیٰ ایک روز تثبت بھی عطاء ہوجائیگا جسکی کوئی مدت متعین نہیں ہوسکتی جب تک حاصل نہ ہو اُسکی طلب وقصد بھی قرب وقبول میں بجائے حصول ہی کے ہے (عـ۲) یہ پختہ عہد کرلیا ہے۔ کہ خدا چاہے کوئی گناہ نہ کرونگا اور اگر ہوا تو نفس کو خوب سزا دینی چاہیئے مگر وہ سزا سمجھ میں نہیں آتی جس سے یہ امّارہ مطمئنہ ہوجائے (جواب) میں فرمایا ہر ایک نفس کی جدا سزا ہے جیسے حضرات فقہائے نے شریف کی تعزیر اور لکھی ہے مثلاً محکمہ قضاء میں بلاکر قدرے ملامت کردینا بس آپ کے نفس کیلئے بھی یہ ہی سزا کافی ہے مگر نفس غیر شریف کیلئے دوسری ہے (عـ۳) فکر یہ ہے جب یہاں سے جاکر دوسرے کاموں میں مشغول ہوجاؤنگا تو یہ یادداشت کیسے رہیگی۔ اسکی کیا تدبیر ہے (جواب) میں فرمایا میرے معروضات زبانی یا مکاتبت کو ضبط کرکے پاس رکھنا اور گاہ گاہ مطالعہ فرمالینا انشاء اللہ تعالیٰ ایک بڑی حد تک کافی ہوگا (عـ۴) دو تین روز سے تقریباً ہر وقت یہ حالت رہتی ہے کہ قلب جیسے غمگین وحزین ہو بلکہ جیسے کسی غم میں برداشت

---

عـہ نماز کے ارکان میں جو دعائیں پڑھی جاتی ہیں ۱۲ عـہ مختلف حالات ۱۲ عـہ ایک حالت پر قرار ہوجانا۔ ۱۲

کرنیکے بعد حالت ہوتی ہے زیادہ توضیح سے اسکو بیان نہیں کرسکتا البتہ عجب تاثر کی سی کیفیت ہے مجھکو یہ بھی امتیاز نہیں کہ یہ تکلیف دہ ہے یا لذت بخش یہ حالت کسی وقت زائد ہوتی ہے کسی وقت کم کچھ یہ بھی سمجھ میں آتا ہے کہ شاید یہ حالت جزوی واقعات سے ہو جیسے لڑکے کا بیمار ہوجانا وغیرہ واللہ اعلم بالصواب (جواب) میں فرمایا اسباب کی تشخیص وہاں ضروری ہے جہاں مضرت ہوتا کہ سبب کو مرتفع کیا جاوے اور اس سے کوئی مضرت نہیں اسلئے تشخیص اسباب بھی ضروری نہیں ایسے حالات سبکو پیش آتے ہیں اور خود بخود مضمحل ہوجاتے ہیں بالکل بے فکر رہئے۔

(ملفوظ ۲۷۵) فرمایا اس طریق میں اصل شئے طلب ہے بقدر طلب جو مناسب ہوگا ملیگا اور جہاں ایک نظر میں کامیابی ہوئی ہے وہاں بھی مجاہدہ ہی کی بدولت ہوئی ہے بہت سے مجاہدات اس نظر سے مقدم رہے ہیں یہ مسئلہ بلکہ تمام فن تصوف بہت صاف ہے۔ جہلاء نے غلط قواعد مشہور کئے ہیں جنکی کوئی اصل نہیں چنانچہ ایک نظر میں کامیابی کی توقع میں بیٹھے رہتے ہیں۔

(ملفوظ ۲۷۶) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اتفاقاً ایک صاحب کے خط کے جواب میں جن پر فوجداری مقدمہ تھا محض توکل پر میرے قلم سے نکل گیا کہ انشاء اللہ کچھ نہ ہوگا وہ اتفاقاً اُس مقدمہ سے بری ہوگئے وہ سمجھے کہ مجھکو پتہ چلگیا تھا حالانکہ مجھکو علم بھی نہ تھا۔ میر انند اسی کو کہتے ہیں۔

(ملفوظ ۲۷۷) فرمایا کہ میں اپنے احباب کو مشورہ دیتا ہوں کہ کتاب احیاء العلوم کا باب الخوف نہ دیکھیں امام پر ہیبت غالب ہے اسلئے عنوانات سخت ہیں جنکا تحمل نہیں ہوتا مثلاً لکھا ہے کہ حق تعالیٰ کا ارشاد ہوا اے داؤد مجھسے ایسے ڈرو جیسے کہ درندہ سے ڈرتے ہیں پھر امام علیہ الرحمۃ نے لکھا ہے کہ درندہ مجرم ہی کو نہیں پھاڑتا۔ یہاں پر ظاہر میں شبہ ہوجاتا ہے کہ تعذیب بلاوجہ ہوسکتی ہے حالانکہ مطلب یہ ہے جیسے درندہ سے کہ غیر مجرم بھی ڈرتا ہے کہ وہ محض عظمت کا خوف ہے اسی طرح حق تعالیٰ سے ڈرنا چاہیئے خواہ کوئی جرم نہ کیا ہو تو وجہ تشبیہ صرف یہ ہے نہ یہ کہ حق تعالیٰ غیر مجرم کو بھی عذاب دیتے ہیں امام علیہ الرحمۃ کی عبارت ناکافی ہے غلبۂ حال کی وجہ سے۔

(ملفوظ ۲۷۸) فرمایا کہ میری سختیاں آسان راستہ پر لانیکے لئے ہیں پس یہ یُسر کیلئے عُسر ہے جیسے

چھت کے کنارے پر بچہ آ ئے جس سے اندیشہ نیچے گرنے کا ہو تو گھر والے اسکا ہاتھ پکڑ کر گھسیٹینگے اور دو ایک تھپڑ بھی ماریں گے اس موقع پر نرمی سے وعظ نہ کہیں گے کہ صاحبزادہ ایسے موقع پر نہیں آیا کرتے گر جاؤ گے ہلاک ہو جاؤ گے ادھر آجاؤ اگر یہ وعظ شروع کر دیا تو اتنی دیر میں تو وہ گر کر مر بھی جائیگا۔

## ۱۵ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ
## مجلس خاص بوقت صبح یوم یکشنبہ

(ملفوظ ۲۷۹) فرمایا کہ یہ مثنوی میں مولانا کے اشعار ہیں۔

ؔ ظالم آن قومے کہ چشمان دوختند ۔۔۔ از سخن ہا عالمے را سوختند
نکتہ ہا چوں تیغ پولاد ست تیز ۔۔۔ چوں نداری تو سپر واپس گریز

خلاصہ یہ ہے کہ جیسے صحیح تصوف نے بہت سے لوگوں کے ایمان کی تکمیل کر دی اسی طرح نااہلوں کے ہاتھوں اُسی سے بہت سے لوگوںکا ایمان بھی غارت ہو گیا۔ دیکھئے طعام لطیف جب خراب ہوتا ہے تو عام طعام سے زیادہ خراب ہوتا ہے اور جلد بھی ہوتا ہے۔

(ملفوظ ۲۸۰) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ ایک اہل دل فرماتے ہیں۔

ؔ درون سینہ من زخم بے نشان زدہ ۔۔۔ بحیرتم کہ عجب تیر بے کمان زدہ[ع]

بعض صغائر مثل نظر بد بوسہ وغیرہ کے اپنے آثار کے لحاظ سے کبائر سے بھی زیادہ مضر ہو جاتے ہیں اور معاصی میں گو تفاوت ہے مگر اہل علم کو چاہیئے کہ عوام کیلئے یہ عنوان اختیار نہ کیا کریں کہ شراب میں گناہ کم ہے قتل سے بلکہ یہ عنوان ہونا چاہیئے کہ قتل میں شراب نوشی سے بھی زیادہ گناہ ہے۔ یہ نہ کہنا چاہیے کہ پیشاب ناپاکی میں کم ہے پاخانہ سے بلکہ یہ کہے کہ پیشاب شدید ہے گندگی میں اور پاخانہ اشد ہے عنوانات کو بڑا دخل ہوتا ہے مصلح اور مبلغ کو بڑے فہم کی ضرورت ہے۔

---

ع میرے دل میں تو نے ایک ایسا زخم لگایا ہے کہ جسکا کوئی نشان نظر نہیں آتا۔ لہٰذا حیران ہوں کہ کیسا تیر مارا ہے جسکا وہم و گمان بھی نہ تھا ۱۲ ح

Marfat.com

(ملفوظ ۲۸۱) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ لوگ کہتے ہیں کہ اب ہندو ہندو نہ رہے پہلے ہندو بہت ڈرتے تھے مگر میں کہتا ہوں کہ یہ وجہ نہیں وجہ یہ ہے کہ مسلمان مسلمان نہ رہے اگر مسلمان مسلمان ہوجائیں تو سب ہی پانی بھرتے نظر آئیں ۔

(ملفوظ ۲۸۲) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت کے پاس جو اس وقت تسبیح ہے یہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی عطاء فرمائی ہوئی ہے فرمایا کہ یہ وہ تسبیح نہیں یہ تسبیح امیر عبدالرحمن خان والی کابل نے اپنے کمانڈران چیف کو دی تھی انھوں نے محمد خان صاحب خورجوی کو دی محمد خان صاحب میرے پیر بھائی تھے اُنھوں نے مجھکو دی یہ سنگ مقصود کی تسبیح ہے ۔

(ملفوظ ۲۸۳) فرمایا بعض جگہ اسکی رسم ہے کہ جبہ شریف آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ لوگ ننگے سر اور پا برہنہ پھرتے ہیں اس سے عوام کے عقائد بگڑ جانے کا اور غلو کا اندیشہ ہے ورنہ وہ اپنی ذات میں ایسی بزرگ محترم چیز ہے کہ سر کے بل چلنا بھی کم ہے مگر ایسی باتیں انتظام شریعت کے خلاف ہیں لہذا اجتناب ضروری ہے ۔

## ۱۵ رمضان المبارک سنہ ۱۳۵۰ھ

## مجلس بعد نماز ظہر یوم یکشنبہ

(ملفوظ ۲۸۴) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ بعض صوفیہ سجدہ تعظیمی کے جواز کے قائل ہیں جمہور فقہاء حرام کہتے ہیں ۔ اصل اسکی یہ ہے کہ بعض صوفیہ مجتہد ہیں اگر کسی کو اون کا اجتہاد تسلیم نہ ہو تو کم از کم اُنکا یہ خیال ضرور ہے کہ ہم مجتہد ہیں جیسے سلطان جی ۔ عرض کیا کہ اگر صوفیہ کو کوئی مجتہد سمجھے تو کیا وہ خدا کے یہاں معذور ہوگا ۔ فرمایا ہاں اگر اُنکے پاس سامان اجتہاد موجود ہو جیسے سلطان جی کہ وہ عالم بھی ہیں اور اصل تو یہ ہے کہ ہم حسن ظن کی وجہ سے کہتے ہیں کہ مجتہد تھے اسی سلسلہ میں کسی نے عرض کیا کہ کیا سالک پر بھی غلبۂ حال ہوتا ہے یہ تو جذب کی حالت ہے ۔ فرمایا کہ سالک پر جو غلبۂ حال ہوتا ہے وہ خاص حالت میں ہوتا ہے اور احیاناً ہوتا ہے ۔ عرض کیا گیا کہ اگر رونا آئے تو روئے یا

ضبط کرلے۔ فرمایا اکثر حضرات ضبط کو کہتے ہیں لیکن چشتی کہتے ہیں کہ خوب روؤ ہرگز نہ رکو۔ یہ واردات اضیاف (مہمانان غیبی) ہیں کس کی قسمت کہ رونا آئے۔ نقشبندی کہتے ہیں کہ ضبط کرنا چاہئے کہ انکا اصل مشرب اخفا ہے۔ حضرت جامی فرماتے ہیں ۔

نقشبندیہ عجب قافلہ سالا رانند　　کہ برند از رہ پنہاں بحرم قافلہ را

حضرت والا نے بطور لطیفہ کے فرمایا کہ ایک نقشبندی نے چشتی سے کہا کہ ہمنے سُنا ہے کہ تم ذکر جہر کرتے ہو۔ چشتی نے کہا کہ ہمنے سنا ہے کہ تم ذکر خفی کرتے ہو یعنی خفی بھی پوشیدہ نہ رہا چنانچہ ہمنے سن لیا اس اعتبار سے ذکر خفی اور ذکر جہر دونوں برابر ہوگئے ۔

(ملفوظ ۲۸۵) فرمایا کہ ایک عجیب شعر ہے فرماتے ہیں

انیست کہ خوں خوردہ و دل بردہ بسے را　　بسم اللہ اگر تاب نظر ہست کسے را

میں اس شعر کو فذلکن الذی لمتننی فیہ کی تفسیر میں پڑھا کرتا ہوں ۔

(ملفوظ ۲۸۶) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ظہور و حلول میں کیا فرق ہے۔ فرمایا جیسے صورت کا عکس کہ آئینہ میں اُسکا ظہور ہے نہ کہ حلول یا ظل انسانی (انسان کا سایہ) کہ انسان کا ایک ظہور ہے انسان اُسمیں حلول کئے ہوئے نہیں صوفیہ کی ایسی مثالوں سے نادانوں کو شبہ حلول کا ہوجاتا ہے اسی لئے مولانا اس سے تبریہ فرماتے ہیں کہ وہ اس مثال سے بھی بالاتر ہے۔

اے بروں از وہم و قال و قیل من　　خاک بر فرق من و تمثیل من

بندہ نشکیبد ز تصویر خوشت　　ہر دمت گوید کہ جانم مفرشت

(ملفوظ ۲۸۷) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک صاحب نے خوب کہا کہ جتنے لوگ بے پردگی کے حامی ہیں سب میں دو چیزیں مشترک ہیں۔ بیحیائی اور عیاشی۔ واقعی ایسے ہی لوگ بے پردگی کے حامی بنے ہوئے ہیں جنکو دین سے بے تعلقی ہے لیکن اگر اُنمیں دین نہیں تب بھی آخر غیرت بھی تو کوئی چیز ہے

---

عہ نقشبندیہ حضرات بھی عجب قافلہ سالار ہیں کہ پوشیدہ راستہ سے قافلہ کو حرم تک پہونچا دیتے ہیں ۱۲ عہ یہی ہے جس نے کسی کا (یعنی میرا) خون پی لیا ہے اور دل اڑا لیا ہے۔ اگر کسی کو تاب نظارہ ہے تو ذرا اوسکی طرف دیکھ کر دیکھو ۱۲ (اس کا گویا ترجمہ مومن خان مرحوم نے بھی خوب کیا ہے۔ کہتے ہیں۔ اے ناصحو آ ہی گیا وہ فتنۂ ایام ۔ لو ۔ ہمکو تو کہتے تھے بھلا اب تم ہی دل کو تھام لو ۱۲ عہ (حضرت مولانا رومی رح اوپر سے بعض تمثیلات سے حق تعالیٰ کی بعض شانوں کو بیان فرمارہے ہیں مگر چونکہ مثالوں سے پوری حقیقت کا انکشاف نہیں ہوسکتا اسلئے فرماتے ہیں کہ) اے (مراد حق تعالیٰ) وہ ذات جو میرے وہم و گمان اور قیل و قال سے بالاتر ہے (صرف مثالوں سے تیری معرفت کرانا ممکن نہیں لہذا) مجھ پر اور میری تمثیلات پر

خاک میں ملا دینے والی ہیں ۔ (مگر چونکہ یہ بندہ آپکی تصویر خوش کو دیکھے بغیر صبر نہیں کرتا اور ہر دم آپکی جان آپ پر قربان کرنا چاہتا ہے اس لئے مجبوراً تم کہ لئے مثالیں عرض کرتا ہوں ۱۲

Marfat.com

(ملفوظ ۲۸۸) ایک صاحب نے حضرت والا سے بذریعہ خط بیعت کی درخواست کی تھی دو چار دفعہ کی مکاتبت کے بعد حضرت والا نے تحریر فرمایا کہ کیا کچھ دنوں آپ میرے پاس خاموشی سے رہ سکتے ہیں اگر نہیں رہ سکتے تو فرمائیں میں اسکا بدل لکھوں۔ انھوں نے عذر لکھا اور بدل پوچھا۔ حضرت والا نے جواب میں تحریر فرمایا کہ احقر کی کتابیں کثرت سے دیکھنا اور کوئی کام بدون پوچھے نہ کرنا۔

(ملفوظ ۲۸۹) فرمایا کہ شورش عشقی کو محض اس شبہ سے فنا کرنا نہ چاہیے کہ شاید اسکے عواقب اور احوال کا تحمل نہ ہو سکے۔ لیکن اگر عدم تحمل پیش آوے تو اسکو تحت شیخ سے اور اگر شیخ قریب نہ ہو تو خود اپنی تحقیق سے اسکی تعدیل کی تدبیر کی جاوے۔

(ملفوظ ۲۹۰) فرمایا کہ ظاہری علماء کو کوئی مشکل نہیں کہ ظاہر دلائل پر فتویٰ دیدیا اور کہدیں کہ ہمیں حال کی خبر نہیں۔ مشکل جامع بین الحقیقۃ والطریقۃ کو ہے جسکی یہ حالت ہے کہ ہر پہلو کی رعایت کرنا اسپر ضروری ہے حتے کہ بعض لوگوں نے ایسے اشکالات سے تنگ آکر یہانتک کہدیا ہے گرچہ ایسا کہنا سخت سوء ادب ہے ۵

القاہ فی الیم مکتوفا وقال لہ ایاک ایاک ان تبتل بالماء

ترجمہ ۵ درمیان قعر دریا تختہ بندم کردئی باز می گوئی کہ دامن تر مکن ہوشیار باش

اور یہ تنگی عدم تحقیق کے سبب ہے ورنہ سب حقائق اپنے حدود پر ہیں۔

## ۱۶ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

### مجلس بعد نماز ظہر یوم دوشنبہ،

(ملفوظ ۲۹۱) فرمایا کہ ایک صاحب کا خط آیا ہے لکھا ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو جو مغیبات کثیرہ کا علم حاصل ہے اسکے اعتبار سے عالم الغیب کہنا صحیح ہے یا نہیں۔ اور کچھ تقویۃ الایمان کی عبارتیں نقل کی تھی۔ حضرت والا نے جواب میں تحریر فرمایا۔ السلام علیکم۔ جواب ہر سوال کا ہے اور سلیس و نفیس ہے لیکن میرا معمول اس باب میں یہ ہے کہ سائل

۵ ہاتھ پیر باندھ کر دریا میں ڈالکر کہا جاتا ہے کہ خبردار پانی کی نمی بھی لگنے نہ پاوے ۱۲

Marfat.com

کی نسبت جب تک دوام کا اطمینان نہ ہو جاوے سکوت کرتا ہوں۔ وہ دو امر یہ ہیں ایک سائل کی استعداد علمی تاکہ جواب کے رائیگاں جانیکا احتمال نہ رہے دوسرا امر سائل کی نیت کہ بجز تحقیق کے اسکا کوئی مقصود نہیں چونکہ آپ کے متعلق دونوں امر کے معلوم ہونیکا میرے پاس کوئی ذریعہ نہیں لہذا جواب سے معافی کا طالب ہوں۔

**(ملفوظ ۲۹۵)** فرمایا کہ مجھکو تعبیر خواب سے بالکل مناسبت نہیں نیز اسلئے دلچسپی بھی نہیں کہ خواب واقعات کا اثر ہے نہ کہ واقعات خواب کا ...... اثر ہوں خواب حقیقۃً میں ایک قسم کی حکایت ہے جو محکی عنہ کو چاہتی ہے۔ خواب کی مثال مجاذیب کی پیشینگوئیاں ہیں کہ واقعات کی خبر ہوتی ہے واقعات انکا اثر نہیں ہوتے۔ البتہ حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو بہت مناسبت تھی لیکن اگر اول وہلہ میں ذہن منتقل نہ ہوا تو تکلف نہ فرماتے تھے اور یہی معمول درسیات میں بھی تھا خود فرمایا کرتے تھے کہ کتاب کا مقام اگر اول وہلہ میں سمجھ میں آجائے تو آجائے ورنہ میں مایوس ہو جاتا ہوں اور ایسے موقع پر بہت مرتبہ اثناء ..... درس میں فرمادیتے تھے کہ بھائی اس مقام میں شرح صدر نہیں ہوا بعض مرتبہ تو ماتحت مدرسین سے اُنکے حلقہ درس میں تشریف لیجا کر دریافت فرما لیا کرتے تھے کہ یہ مقام سمجھ میں نہیں آیا اسکی تقریر کر دیجئے جو مطلب وہ مدرس بتاتے اُسکو آکر نقل فرما دیتے تھے کہ فلاں صاحب نے اسکا یہ مطلب بیان فرمایا ہے اللہ اکبر کیا ٹھکانا ہے اس بےنفسی کا آج تو کوئی کر کے دکھلائے بڑے بڑے دعوے دار موجود ہیں اسی طرح حضرت مولانا کو باوجودیکہ فن تعبیر سے بہت مناسبت تھی لیکن اسپر بھی بعض مرتبہ صاف عذر فرما دیتے تھے کہ سمجھ میں نہیں آیا گذشتہ علماء میں تعبیر سے حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو بہت زیادہ مناسبت تھی اور حضرت ابن سیرین تابعی ہیں وہ اسمیں بہت زیادہ کمال رکھتے تھے بعض کو فن تعبیر سے فطری مناسبت ہوتی ہے اسمیں بزرگی شرط نہیں حتی کہ اسلام بھی شرط نہیں چنانچہ علماء نے ابوجہل کو بھی معبرین کی فہرست میں شمار کیا ہے۔ فرمایا کہ ایک شخص نے حضرت شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ سے اپنا خواب بیان کیا کہ میں نے یہ دیکھا ہے کہ میں جبرئیل علیہ السلام کی زبان پر نماز پڑھ رہا ہوں فوراً فرمایا کہ تمہاری جانماز کے نیچے معلوم ہوتا ہے قرآن شریف کی کوئی آیت پڑی ہوئی ہے

Marfat.com

قرآن شریف لسان جبریل ہے۔ حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے ایک شخص نے کہا کہ میں نے خواب دیکھا ہے کہ میری گود میں ایک بہت وزنی لڑکی ہے اور میں ثقل کی وجہ سے اسکو کہیں رکھنا چاہتا ہوں ایک کتیا نظر آئی اسکا پیٹ چاک کر کے اس لڑکی کو اسمیں رکھ دیا وہ کتیا میرے ساتھ ہو لی چونکہ میری لڑکی اسکے پاس ہے میں بار بار اسکو مڑ کر دیکھتا ہوں اور یہ اندیشہ ہے کہ یہ کہیں چل نہ دے تھوڑی ہی دور چلا تھا وہ کتیا غائب ہو گئی۔ مولانا نے فرمایا کہ میری سمجھ میں تعبیر نہیں آتی پھر دوسرے وقت آنا اگر سمجھ میں آگئی بیان کر دونگا۔ وہ شخص دوسرے وقت آیا فرمایا کہ نماز میں قلب پر تعبیر وارد ہوئی کہ تمکو شہوت کا تقاضہ ہوا ہے تمنے کسی بازاری عورت سے منہ کالا کیا اسکو لڑکی کا حمل ٹھہر الڑکی پیدا ہونیسے تمکو اس سے تعلق زائد ہوا۔ پھر اس نے بیوفائی کی۔ سبحان اللہ ان حضرات کے کیسے علوم تھے اب سنکر تو تعبیر کی مناسبت سمجھ میں آتی ہے لیکن ابتداءً تو شاید ہی ہے کہ ذہن کی رسائی وہاں تک ہوتی۔

(ملفوظ ۲۹۲) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مجھکو مدرسہ سے سند نہیں ملی مدرسہ نے دی نہیں ہمنے مانگی نہیں کیونکہ یہ اعتقاد تھا کہ ہمکو کچھ آتا نہیں پھر سند کیا مانگتے بلکہ میں مع چند ہم سبقوں کے زمانہ جلسہ میں حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے پاس گیا اور عرض کیا کہ یہ معلوم ہوا ہے کہ مدرسہ سے ہم لوگوں کو سند ملنے والی ہے مگر چونکہ ہمکو کچھ آتا جاتا نہیں اسلئے اسکو موقوف کر دیجئے۔ جوش میں آکر فرمایا کون کہتا ہے کہ تمکو آتا نہیں یہ خیال اپنے اساتذہ کو دیکھکر ہوتا ہے لیکن باہر جہاں جاؤگے تم ہی تم ہوگے اللہ اکبر کیسے توکل کے ساتھ فرما دیا تھا۔

## ۱۷ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

## مجلس خاص بوقت صبح یوم سہ شنبہ،

(ملفوظ ۲۹۳) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ احادیث میں جو مغالاۃ عہ

عہ نکاح کے وقت مہر بڑھا کر باندھنا ۱۲

مہر کی ممانعت ہے اسکا یہ مطلب نہیں ہے کہ سب قوم کے خلاف ایک شخص قلیل مہر مقرر کرے ورنہ فقہاء تو اس راز کو سمجھتے دیکھئے فقہاء نے مسئلہ لکھا ہے کہ اگر غیر اب وجد کسی لڑکی کا نکاح مہر مثل سے کم پر کر دے تو نکاح ہی منعقد نہ ہوگا۔ اس سے معلوم ہوا کہ اگر ساری قوم مغالاۃ کراتی ہو تو اپنی اولاد کیلئے مہر مثل کی مراعات واجب ہے۔ ممانعت مغالاۃ مہر کا مطلب یہ ہے کہ سب قوم کو چاہیے کہ مہر میں مغالاۃ کو رفع کرے۔

(ملفوظ ۲۹۵) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بعض احمقوں نے زمانۂ تحریک خلافت میں مجھپر یہ بہتان باندھا کہ اسکو گورنمنٹ سے تین سو روپیہ تنخواہ ملتی ہے ایک شخص نے بڑا معقول جواب دیا کہ اس سے یہ تو معلوم ہو گیا کہ گورنمنٹ سے خوف زدہ تو نہیں ورنہ گورنمنٹ دباؤ سے کام لیتی اور تنخواہ نہ دیتی لیکن اس سے طمع معلوم ہوتی ہے اب طمع کی جب یہ حالت ہے تو تم تین سو سے زائد دیا کرو جب تو تمہارے ساتھ ہو جائیں گے ورنہ حقانیت معلوم ہو جائیگی۔ ایک صاحب سے ایک اور شخص نے میرے متعلق یہ ہی کہا کہ تنخواہ پاتے ہیں انھوں نے دریافت کیا کہ کیا تمکو اسپر یقین۔ ہے کہ یہ صحیح ہے ایمان سے کہنا کہا کہ بلکہ یقین ہے کہ یہ بالکل جھوٹ بات ہے اُنھوں نے کہا کہ پھر کیوں ایسا کہتے ہو کہنے لگے کہ اپنی آواز کو زوردار بنانے کیلئے یہ دین ہے ان لوگوں کا اللہ تعالیٰ اپنا رحم فرمائیں

(ملفوظ ۲۹۶) فرمایا کہ جسطرح میں اپنی راحت وآرام کی فکر کرتا ہوں ایسے ہی دوسروں کی بھی پہلے بعض احباب بذریعہ ریلوے پارسل بعض اشیاء پھل وغیرہ کی قسم سے بکثرت میرے نام بھیجدیتے تھے میں نے اشتہار کے ذریعہ اطلاع کر دی کہ کوئی صاحب میرے پاس کوئی شئے میوہ وغیرہ ریلوے پارسل سے نہ بھیجیں کیونکہ ملازمین وغیرہ کو اسٹیشن بھیجنے سے مجھکو تکلیف ہوتی ہے اسپر بعض احباب نے لکھا کہ ہمارا جی چاہتا ہے اب کیسے بھیجیں میں نے لکھا کہ یہاں کے رہنے والوں میں سے خود کسی کو راضی کر لو اُس کے نام بھیجو اور اسٹیشن سے وصول کر کے مجھے یہاں پر بیٹھے ہوئے دیدے اگر یہ انتظام کر سکو اجازت ہے حاصل یہ ہے کہ میں کسی کی ایذا کا سبب نہ بنوں۔ اسپر مجھکو سخت مشہور کیا جاتا ہے۔

(ملفوظ ۲۹۷) فرمایا اپنے کو بڑا سمجھنے سے قہر الٰہی نازل ہوتا ہے۔ ۵

Marfat.com

ہر کہ گردن بدعوی افرازد خویشتن را بگردن اندازد

(ملفوظ ۲۹۸) فرمایا کہ اولیاء اللہ کو جو شخص تکلیف پہونچاتا ہے اُس سے انتقام لیا جاتا ہے اور یہ اولیاء اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں لیکن قسم لے لیجئے انکو وسوسہ بھی نہیں آتا کہ یہ ہماری وجہ سے ایسا ہو رہا ہے یہ لوگ تو فنا میں ڈوبے ہوئے ہوتے ہیں۔

# ۱۷ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

## مجلس بعد نماز ظہر یوم سہ شنبہ

(ملفوظ ۲۹۹) ایک مولوی صاحب نے تفسیر کے متعلق کچھ سوال کیا فرمایا کہ میں اپنی تفسیر بیان القرآن منگاتا ہوں پہلے اُسکو دیکھ لیجئے اگر وہ کافی ہو تو خیر ورنہ پھر کچھ سوچونگا۔ اسی سلسلہ میں فرمایا کہ میں نے گو تفسیر لکھی ہے لیکن لکھا ہوا یاد نہیں جب ضرورت ہوتی ہے تو پھر وہی سوچنا۔ اور دیکھنا پڑتا ہے یہ بھی قرآن شریف کا اعجاز ہے کہ اس طرح بھی مخلوق کو عاجز کر دیا ہے۔

(ملفوظ ۳۰۰) فرمایا کہ ایک صاحب نے لکھا تھا کہ مجھکو سلوک کی تعلیم دیجئے میں نے لکھدیا کہ سلوک کی حقیقت کیا ہے۔ پھر فرمایا کہ ایک صاحب نے خوب لکھا تھا کہ مجھکو مطلوب کی حقیقت معلوم نہیں مگر اتنا معلوم ہے کہ کوئی شئے ایسی ہے جو بزرگوں سے طلب کیجاتی ہے وہ شئے اور اُسکے طلب کرنیکا طریقہ بتادیجئے۔ مجھکو یہ طرز بہت پسند آیا یہ سلیقہ اور فہم کی بات ہے،

(ملفوظ ۳۰۱) فرمایا کہ ایک صاحب نے جو کہ اور بزرگ سے مرید ہیں لکھا تھا کہ میں بڑا خوش قسمت ہوں کہ مجھسے وہ بھی راضی ہیں اور آپ بھی خوش ہیں دونوں طرف سے مطلوب حاصل ہو سکتا ہے میں نے انکی غلطی پر متنبہ کیا کہ مقصود کیلئے شیخ ہی سے تعلق ہونا چاہئے اُسکے تعلق کی تو یہ شان ہونا چاہئے۔ ع

ع۵ ہمہ شہر پر ز خوبان منم و خیال ماہے چہ کنم کہ چشم بدخو نکند بکس نگاہے

(ملفوظ ۳۰۲) فرمایا کہ نقل الروح من امر ربی میں جہلا صوفیہ نے عجب گڑبڑ کی ہے جبھی تو

---

ع جو شخص تکبر کرتا ہے وہ (حقیقت میں) اپنے کو ذلیل کر رہا ہے ۱۲ ع۵ سارا شہر حسینوں سے بھرا ہوا ہے مگر میں اپنے ہی چاند کے خیال میں ہوں کیا کروں یہ کمبخت آنکھ کسی اور کی طرف دیکھتی ہی نہیں ۱۲

ابن تیمیہ وغیرہ صوفیہ پر خفا ہوتے ہیں۔ ایک اصطلاح ہے کہ عالم دو ہیں۔ عالم امر یعنی مجردات اور عالم خلق یعنی مادیات۔ اس اصطلاح پر آیت کی تفسیر کرلی کہ روح عالم امر سے ہے یعنی مجرد ہے تو اسکا تجرد قرآن سے ثابت کیا مگر یہ استدلال محض لغو ہے کیونکہ اصطلاح خود مقرر کی اور پھر قرآن کو اسکا تابع بنایا۔ قل الروح من امر ربی سے تو مقصود یہ ہے کہ تم روح کی حقیقت نہیں سمجھ سکتے اتنا سمجھ لو کہ روح اللہ تعالیٰ کے امر سے پیدا ہوئی بس اس سے آگے کسی تفسیر کا دعویٰ محض گھڑت ہے۔

(ملفوظ ۳۰۸) فرمایا کہ ایک صاحب نے لکھا تھا کہ کافر سے سود لینا کیوں حرام ہے۔ میں نے لکھا کہ کافر عورت سے زنا کرنا کیوں حرام ہے۔ اسکا تو کوئی جواب نہیں دیا شکایت کا خط آیا لکھا تھا کہ علماء کو اتنی خشکی نہ چاہیئے۔ جواب کیلئے ٹکٹ نہ تھا اسلئے جواب نہیں دیا گیا اگر ٹکٹ ہوتا تو یہ جواب دیتا کہ جہلاء کو بھی اتنی تری نہ چاہیئے کہ اسمیں ڈوب ہی جائیں پھر ان صاحب سے اتفاقاً قصبہ رامپور میں ملاقات ہوئی وہ وہاں سب انسپکٹر پولیس تھے۔ کہنے لگے کہ آپنے تو مجھکو پہچانا نہ ہوگا میں نے کہا کہ نہیں کہا کہ میں فلاں شخص ہوں جس نے یہ سوال کیا تھا میں نے کہا کہ آہا آپ سے تو پرانی دوستی نکل آئی کہنے لگے کہ آپ نے ایسا خشک جواب کیوں دیا تھا میں نے کہا کہ تم تھانہ دار ہو کیا مخصوصین اور عوام سب سے برتاؤ برابر ہے یا فرق ہے انھوں نے کہا کہ نہیں بلکہ فرق ہے۔ میں نے کہا کہ یہی حق ہمکو ہے آپ سے پہلے خاص تعلق نہ تھا اسلئے ایسا لکھا اب تعلق ہوگیا ہے اب ایسا نہ لکھوں گا لیکن جب تعلق کا اثر مجھ پر ہے اور میں ایسا جواب نہ دونگا ایسا ہی اثر آپ پر ہوگا کہ آپ بھی ایسا سوال نہ کریں گے۔ میں نے سوچا کہ جب میں بندہ رہا ہوں انکو کیوں نہ باندھوں تاکہ پھر ایسا بیہودہ سوال ہی نہ کریں۔

(ملفوظ ۳۰۹) فرمایا کہ سود لینے والے اگر ابتدائی حالت میں غور کریں تو ایک ذلت اور شرمندگی محسوس ہوتی ہے یہ ذوقی دلیل ہے معلوم ہوا کہ سود ہندوستان میں کفار سے اگر حلال بھی ہو تب بھی اسکی یہ خاصیت ہے جیسے کوئی لطیف المزاج اوجھڑی کھائے تو گو جائز ہے لیکن تکدر ضرور ہوگا۔ میں اس بارہ میں مستفتی کو لکھدیا کرتا ہوں کہ میری رائے

تو عدم جواز کی ہے باقی دوسرے علماء کا قول جواز پر ہے لہٰذا اختلاف سے فی الجملہ گنجائش ہے ۔

(ملفوظ ۲۹۹) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اصل ادب تعظیم نہیں ہے بلکہ راحت رسانی ہے اگرچہ صورۃً ادب میں قلت ہی ہو ادب حقیقی اور بے ادبی صوری کے اجتماع کے متعلق فرماتے ہیں ؎

گفتگوئے عاشقاں در کار رب عہ — جوشش عشق است نے ترک ادب
بے ادب تر نیست زو کس در جہاں — با ادب تر نیست زو کس در نہاں

(ملفوظ ۳۰۰) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ قبول دعاء کرامت نہیں اسلئے کہ دعاء تو عوام کی بلکہ کفار کی بھی قبول ہوتی ہے۔ دیکھو اکفر الکفرہ عہ افجر الفجرہ شیطان تک کی دعاء قبول ہوئی اور دعاء بھی کیسی جو ممتنع عادی ہے اور حسب تصریح فقہاء سوء ادب ہے شیطان نے کہا تھا۔ انظرنی الی یوم یبعثون۔ اور وہ دعاء قبول ہو گئی۔ پھر ایسے وقت میں جبکہ عتاب ہو رہا تھا۔ مگر کمبخت عارف تھا سمجھتا تھا کہ یہ حالت بھی مانع قبول عرض نہیں۔

(ملفوظ ۳۰۱) فرمایا کہ میں حضرت مولنا فضل الرحمن صاحب کی خدمت میں کانپور سے زیارت کیلئے حاضر ہوا رات کو عشاء کے بعد پہونچا۔ کیونکہ راستہ بھول گیا بڑی پریشانی ہوئی۔ اسی وقت رات کو ملا۔ ڈانٹ کر فرمایا کون ہو کہاں سے آئے ہو کیوں آئے ہو۔ میں نے کہا کہ طالب علم ہوں کانپور سے زیارت کیلئے آیا ہوں۔ فرمایا یہ آنے کا وقت ہے میں نے خیال کیا کہ واقعی اتنی رات کو جانا خلاف سنت ہے۔ فرمایا بتلاؤ اسوقت کھانا کہاں سے لاؤں تمہارے پاس کچھ پیسے ہیں میں نے کہا کہ ہیں فرمایا کہ کچھ لیکے کھالو اور صبح کو چلے جاؤ۔ اور خادم سے فرمایا کہ فلاں جگہ ٹھہرا دو پھر تھوڑی دیر میں بلایا میں نے دل میں سوچا کہ کچھ اور یاد آیا ہوگا مگر میرے دل میں کوئی رنج نہ تھا۔ میں پہونچا اور چٹائی پر بیٹھ گیا فرمایا کہ یہاں تخت پر بیٹھو خادم سے فرمایا کہ کھانا لاؤ۔ کھانا آیا۔ ایک پیالہ میں

عہ حق تعالیٰ کی شان میں عشاق کی باتیں جوش عشق کی وجہ سے ہوتی ہیں نہ کہ ترک ادب کی وجہ سے بظاہر تو اس عاشق سے بڑھکر کوئی بے ادب نہیں ہوتا مگر باطن میں اوس سے بڑھکر کوئی با ادب نہیں ہوتا ۱۲

عہ سب کافروں سے بڑھکر کافر اور سب فاجروں سے بڑھکر فاجر ۱۲

حضرت مولانا فضل رحمٰن کا واقعہ

Marfat.com

دال اور اسی پر روٹی خادم سے فرمایا تو بڑا بدتمیز ہے اس طرح مہمان کیلئے کھانا لایا کرتے ہیں پھر مجھسے دریافت فرمایا کہ کیا کھانا ہے میں نے عرض کیا کہ ارہر کی دال اور روٹی ہے فرمایا کہ آہا بڑی نعمت ہے تم تو لکھے پڑھے ہو مولانا محمد یعقوب سے پڑھا ہے اچھے آدمی تھے دیکھو صحابہ کیسی کلفت میں رہتے تھے ہم تو بہت نعمت میں رہتے ہیں ذکر صحابہ کے جوش میں اُٹھے میرے پاس آئے اور میری کمر پر ہاتھ رکھ کر جوش میں اشعار و احادیث پڑھتے رہے پھر مجھسے دریافت فرمایا کہ بیر لاؤں میں نے کہا کہ تبرک ہے فرمایا تبرک کیا ہوتا یہ بتاؤ بیر کھاکر تمہارے پیٹ میں درد تو نہیں ہوتا میں نے کہا کہ نہیں بیر لائے اسکے بعد فرمایا کہ عشاء کی نماز پڑھکر سو جاؤ اور پھر صبح کو ملنا میں نے اسوقت تک عشاء کی نماز نہ پڑھی تھی میں نماز عشاء پڑھکر سو رہا صبح کی نماز اٹھکر پڑھی اور بعد نماز ہماری طرف منہ کرکے اور مراقبہ کرکے بیٹھے جمعہ کا دن تھا ایک اور مہمان تھے اور امیر شخص تھے اُن کی جانب متوجہ ہوئے دریافت فرمایا کب جاؤ گے عرض کیا کہ جمعہ کی نماز کے بعد فرمایا کیا ہو گا۔ جمعہ کی نماز کے بعد اُنھوں نے عرض کیا کہ پھر نماز جمعہ کہاں پڑھونگا فرمایا ہم کوئی تمہاری نماز جمعہ کے ذمہ دار ہیں غرض اُنکو نکالدیا۔ میں سمجھا کہ اب تیرا نمبر ہے میں نے خود ہی اجازت لے لی فرودگاہ تک مجھکو پہونچانے تشریف لائے پھر میں واپس آگیا۔ اسکے بعد کانپور میں سلام کہلا کر بھیجا کرتے تھے۔ میں نے حج کو جاتے وقت دعا کیلئے لکھا اُسپر اپنے قلم سے یہ جواب دیا از فضل الرحمٰن سلامٌ علیکم۔ دعائے خیر نمودم۔ ایکمرتبہ اور جانا ہوا تو شروع ہی سے اچھی طرح پیش آئے گرمیوں کے رمضان شریف تھے دوپہر کا وقت تھا لطف کی باتیں شروع کیں کہ ہم جب سجدہ میں جاتے ہیں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے پیار کر لیا۔ اور فرمایا کہ ہماری تمنا ہے کہ ہمکو قبر میں نماز کی اجازت ملجاوے۔ عجیب و غریب باتیں ہوتی تھیں جذب غالب رہتا تھا مگر اسپر بھی اتباع سنت کا نہایت اہتمام فرماتے تھے۔ ایکمرتبہ ایک جذامی کو اپنے ساتھ کھانا کھلایا کیونکہ سنت ہے فرماتے تھے کہ وہ اتباع سنت کی برکت سے اچھا ہوگیا اس دفعہ ہم لوگوں کو کئی دن تک اپنے پاس ٹھہرایا اور دونوں وقت میں کھانا امیرانہ آتا تھا۔ ایک واقعہ اس بارے میں یہ ہوا

Marfat.com

کہ حضرت کے پوتے گھر میں پٹاخے چھوڑ رہے تھے دریافت فرمایا کہ یہ آواز کس چیز کی ہے عرض کیا گیا کہ پٹاخے کی آواز ہے آپ کے پوتے چھوڑ رہے ہیں فرمایا ہمنے نہیں دیکھا پٹاخا ہمکو بھی دکھلاؤ کیا ٹھکانا ہے کبھی پٹاخا بھی نہ دیکھا تھا پٹاخے لائے گئے جب ایک چھوڑا گیا تو ڈر گئے فرمایا ہائے ری۔ پھر دوبارہ چھوڑا گیا تو نہیں ڈرے پانچ چھ چھوٹ جانیکے بعد فرمایا کہ بس جاؤ اب ہمکو ڈر لگتا ہے۔

(ملفوظ ۳۰۸) فرمایا کہ سلیم چشتی سے جہانگیر ملنے آئے انھوں نے جوں دیکھنے کیلئے اپنی گدڑی مرید کو دی تھی اور خود حجرہ میں تشریف رکھتے تھے کواڑ حجرہ کے بند تھے خادم نے دروازہ کھٹکھٹایا دریافت فرمایا کیا ہے عرض کیا کہ بادشاہ آئے ہیں فرمایا لاحول ولا قوۃ میں تو سمجھا تھا کہ کوئی بڑی سی جوں نکل آئی اسکو دکھلانے کے لئے بلاتا ہے۔

(ملفوظ ۳۰۹) فرمایا کہ مشائخ صوفیہ کے تذکرہ سے میرے بدن میں حرارت پیدا ہو جاتی ہے چنانچہ اسوقت بھی پسینہ آرہا ہے اور علماء کے تذکرہ سے ٹھنڈک ہوتی ہے اس سے معلوم ہوا کہ علماء اقرب الی الرحمۃ ہیں جیسے صوفیہ اقرب الی المحبۃ ہیں۔ گرمی عشق پر نور جہاں کا شعر یاد آیا

ے در دلم بسکہ گرمی عشق است ع موئے بر سینہ ام نمی روید

جہانگیر نے اسپر اشکال کیا کہ پس بر سر تو چگونہ روئیدہ۔ اس نے جواب دیا ے

این موئے نیست بر سر من بلکہ خار عشق عہ در پائے من خلیدہ واز سر برآمدہ

(ملفوظ ۳۱۰) فرمایا کہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے شیعہ کے اثبات نسب بلواطت پر ظرافۃً لکھا ہے کہ ان صاحبوں کے پاس کوئی منتر ہوگا کہ نطفہ پیچھے سے آگے چلا جاتا ہے اور یہ شعر لکھا ہے ے

جو تھے مژگانِ پُرخوں سب وہ خار دل نشیں نکلے جنوں یہ نشتر کیسے کہیں ڈوبے کہیں نکلے

(ملفوظ ۳۱۱) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ سردی میں رساول رات کو تندرست کو بھی نہ کھانا چاہیئے۔ اگر نمونیہ نہ ہوگا تو نمونیہ کا نمونہ تو ہو سکتا ہے۔

ع میرے سینہ میں بے حد گرمی عشق کی ہے۔ اسی لیے میرے سینہ پر بال نہیں اُگتے ۱۲ عہ میرے سر پر یہ بال نہیں ہیں بلکہ راہ عشق میں پیروں میں جو کانٹے چبھے تھے وہ سر پر نکل آئے ہیں ۱۲

(ملفوظ ۳۱۲) فرمایا کہ یہ آجکل لوگوں کی بڑی غلطی ہے کہ بعض مشائخ اکابر کے ملبوسات وغیرہ کو اُنکی وفات کے بعد صرف جانشین سجادہ نشین رکھ لیتا ہے حالانکہ اُسمیں سب ورثاء کا حق ہے اسمیں بڑی احتیاط اور توجہ کی ضرورت ہے۔

(ملفوظ ۳۱۳) فرمایا کہ اہل علم کو بھی چاہیے بخصوص اہل مدارس کو کہ زکوٰۃ کا روپیہ جو مدرسہ میں دیا جاتا ہے اسکو فوراً تملیک کرکے مدرسہ میں داخل کرنا چاہئے ورنہ بصورت عدم تملیک اگر مزکی (زکوٰۃ دینے والا) مرگیا تو اُس مال زکوٰۃ میں میت کے ورثاء کا حق متعلق ہو جائیگا۔ نیز حولان حول کے بعد اسپر زکوٰۃ بھی واجب ہوگی اگر وہ بقدر نصاب ہوا۔

(ملفوظ ۳۱۴) فرمایا کہ میں نے شرح مثنوی میں ان امور کا التزام کیا ہے کہ نہ شریعت سے خروج ہو۔ نہ فن تصوف سے خروج ہو۔ اور توجیہ میں تکلف نہ آنے پائے۔

(ملفوظ ۳۱۵) فرمایا حدیث جبرئیل جو مشکوۃ میں ہے عجبنا له یسأله و یصدقه اسمیں شبہ یہ ہے کہ اُستادرات دن شاگردوں کے سوال پر تقریر کرتا ہے اور شاگرد بجا وغیرہ کہتا ہے تو اس اجتماع میں تعجب کی کیا بات ہے جواب یہ ہے کہ لہجہ کا فرق منشاء تعجب کا ہے شاگرد کا بجا کہنا اور لہجہ سے ہے اور اُستاد کا یہ کہنا کہ ٹھیک ہے اور لہجہ سے ہے یعنی شاگرد کا لہجہ نیاز مندانہ ہوتا ہے اور اُستاد کا حاکمانہ لہجہ ہوتا ہے تو وہاں حدیث میں لہجہ اُستادانہ تھا اسلئے تعجب ہوا کہ جب معلوم ہے تو پوچھتے کیوں ہیں۔

(ملفوظ ۳۱۶) فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ میرے اشکالات باطنی مثنوی مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ سے حل ہوجاتے ہیں اور حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ میرے ایسے اشکالات مکتوبات قدوسیہ سے حل ہوتے ہیں اور اسی سلسلہ میں یہ بھی فرمایا کہ تجربہ سے معلوم ہوا کہ مثنوی سے خالی الذہن شخص کا استنباط گمراہی ہے۔ صحیح طریق یہ ہے کہ مسائل دوسری جگہ سے معلوم کرلے پھر اُسپر مثنوی کو منطبق کرلے یہ مثنوی دانی کا بڑا کمال ہے۔ اس اصل کو پیش نظر رکھو تو فائدہ کامل ہوگا۔

(ملفوظ ۳۱۷) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ جس شخص کو داخل طریق ہو کر تواضع میسر نہیں ہوئی۔

---

ع ہمکو تعجب تھا کہ یہ شخص سوالات بھی کرتا ہے اور جوابات کی تصدیق بھی کرتا ہے ۱۲

وہ بالکل محروم ہے جیسے ایک امیر کبیر کی لڑکی سے کسی نے شادی کی لیکن وہ رتقاء (بانجھ) تھی۔ تو مقصود نکاح حاصل نہ ہوا۔ خاوند کی نظر میں دو کوڑی کی نہیں اسی طرح بدون تواضع داخل طریق ہونا بیکار ہے۔ فرماتے ہیں ؎

اینہمہ ہا ہست لیکن ہست نیست　　تا فرشتہ لانشد اہریمنے ست

(ملفوظ ۳۱۸) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت یہ کیسے معلوم ہو کہ مجھ میں تواضع ہے فرمایا کہ اگر یہ خیال ہوا کہ مجھ میں تواضع ہے تو یہ کبر ہے۔ اسکی تواضع ہونیکی طرف خیال نہ کرے اپنے کو مٹاتا رہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ بہترین علاج اسکا یہ ہے کہ اپنے امراض و حالات کی اطلاع اپنے شیخ کو دیتا رہے وہ جو تعلیم کرے اُسپر عمل کرتا رہے اُسکی تعلیم اور اسکے اقوال میں مزاحمت نہ کرے۔ اگر فرضاً اپنے امراض کسی کو معلوم نہ ہوں جس سے اطلاع کر سکے تو وہ فضائل کا اکتساب کرلے جیسے شکر توکل وغیرہ بس کسی نہ کسی طرح لگا رہے انشاء اللہ ایک روز ایسا آئے گا کہ یہ بالکل رذائل سے پاک وصاف ہو جائیگا۔ اسی لگے رہنے کو فرماتے ہیں ؎

اندریں رہ می تراش و می خراش　　تا دمِ آخر دمے فارغ مباش

(ملفوظ ۳۱۹) فرمایا کہ جی یوں چاہتا ہے کہ دنیا اپنی اصلاح میں لگی رہے اور جب خدا تعالے بصیرت دوسروں کی اصلاح کی عطا فرمادیں تو پھر دوسروں کی اصلاح میں بھی مشغول ہو جاؤ مجھے تو بڑی مسرت ہوتی ہے جب کوئی مسلمان اپنی اصلاح کی جانب توجہ کرتا ہے۔

(ملفوظ ۳۲۰) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ اظہار عیوب میں شیخ سے شرمانیکی دو ہی وجہ ہو سکتی ہیں یا تو اُسکے متعلق یہ خیال ہے کہ وہ امراض کو سنکر اسکو حقیر سمجھیگا یا یہ کہ کسی سے کہیگا۔ تو شیخ میں یہ دونوں احتمال بالکل مفقود ہوتے ہیں اگر ایسا نہیں تو وہ شیخ نہیں۔

(ملفوظ ۳۲۱) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ میں نے بہت سے لوگوں کو مشورہ دیا ہے کہ میرے اصلاحی خطوط جمع کرکے مطالعہ کرتے رہا کرو یہ بہت ہی مفید ہے۔

---

عہ یہ تمام چیزیں موجود ہیں مگر وجود حقیقی انکا نہیں ہے۔ جب تک فرشتے کو درجہ خدا کا حاصل نہ ہو تو شیطان ہے ۱۲

عہ اس راستہ میں آتار چڑھاؤ ہیں آخر دم تک ایک دم کے لئے غافل مت ہو ۱۲

Marfat.com

(ملفوظ ۳۲۲) فرمایا حدیث میں جسکے یہ الفاظ ہیں من صلی صلوتنا واستقبل قبلتنا واکل ذبیحتنا فذلک المسلم الخ اکل ذبیحتنا سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ذبیحہ جو مخصوص ہو اہل اسلام کے ساتھ اُسکا کھانا بھی شعائر اسلام میں داخل ہے. نیز ایک لطیف اشارہ ہے اس طرف کہ آئندہ ایک زمانہ میں بعض لوگ نماز نہیں پڑھیں گے صرف گوشت کھانیکے مسلمان ہوں گے اُن کے اسلام کی یہی علامت ہوگی ورنہ صلّے صلوتنا کے بعد اس کی کیا ضرورت تھی. غرض ایسوں کو بھی حقیر نہ سمجھے۔

(ملفوظ ۳۲۳) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ علی التعاقب اپنے امراض کا علاج کرے اس طرح کہ جو اُسکے نزدیک اہم ہو اُسکو مقدم کرے. اسی طرح ایک ایک کو مصلح سے دریافت کرے جب ایک مرض کے علاج میں رسوخ ہو جائے. تو دوسرا شروع کرے اور اول کی مقاومت بھی نہ چھوڑے پھر تیسرا شروع کر دے اور پہلے دو کو نہ بھولے. آخری بات یہ ہے کہ امراض کا معالجہ شروع کر دے اور اتفاقی تقصیر پر استغفار کرتا رہے اس فکر میں نہ پڑے کہ کتنا نفع ہوا اور کتنا باقی رہا ورنہ اسی حساب میں رہیگا اسکو چھوڑ کر کام میں لگے اور یوں سمجھے کہ میں کچھ بھی نہیں ہوا روز اول ہی جیسا اہتمام رکھے اور اپنے کو معالجہ اور استغفار ہی میں ختم کر دے۔

(ملفوظ ۳۲۴) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مجھ پر ایک وقت ایسا گذرا ہے کہ میں جہل کی تمنا کرتا تھا. پھر معلوم ہوا کہ یہ تمنا غلط تھی کیونکہ حقیقت بھی اس علم ہی سے سمجھ میں آتی ہے لوگ کہتے ہیں کہ تبحر فی العلوم فرض کفایہ ہے وظنی[عہ] انہ فی ہذا الزمان زمان مفسد و قحط الرجال فرض عین معقول و فلسفہ بھی جسپر اعتقاد نہ ہو محض استعداد کیلئے پڑھا جائے خدا کی نعمت ہیں ان سے دینیات میں بہت معاونت و مدد ملتی ہے لطیف فرق ان ہی سے سمجھ میں آتے ہیں فلسفہ. سفہ سے تو اچھا ہے۔

(ملفوظ ۳۲۵) فرمایا کہ بعض لوگ انا جلیس من ذکرنی[عہ] سے استدلال کرتے ہیں کہ صرف ذکار

---

عہ جس نے ہماری نماز پڑھی ہمارے قبلہ کی طرف رُخ کیا ہمارا ذبیحہ کھایا تو وہ مسلمان ہے ۱۲ عہ میرا گمان یہ ہے کہ اس فساد اور قحط الرجال کے زمانہ میں فرض عین ہے ۱۲ عہ جو مجھے یاد کرے میں اوسکا ہم مجلس ہوں ۱۲

Marfat.com

ہی اصلاح کیلئے کافی ہیں کیونکہ ذکر سے قرب ہوگا اور قرب سے معاصی سے نفرت و اجتناب ہوگا پس اور تدابیر کی ضرورت نہیں حالانکہ یہ بالکل غلط ہے کیونکہ ذکرِ کُلّی میں خود تدابیر اصلاح بھی داخل ہیں تو بدون معالجہ امراض کے ذکر ہی متحقق نہیں۔ دیکھو حصن حصین میں ہے بلکہ[ع] کل مطیع اللہ فھو ذاکر سنئے ذکر کے معنی ہیں یاد۔ تو یاد تو سب طریقہ سے ہوتی ہے نہ یہ کہ محض زبان ہی سے نام لیلئے۔ کیا یہ یاد ہے کہ جسکی یاد کا دعویٰ ہے نہ اُس سے بات کرے نہ اُسکے خط کا جواب دے۔ نہ اُس سے ملے نہ اُسکا کہنا مانے نہیں یہ ہرگز یاد نہیں۔ تو جو ذکر بدون اصلاح کے ہو وہ ایسی ہی یاد کی طرح سے ہے۔

(ملفوظ ۳۲۶) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اس طریق میں نفع کا مدار مناسبت پر ہے پہلے مناسبت پیدا کرنیکا اہتمام کرنا چاہئے میں جو لوگوں کو مشورہ دیتا ہوں کہ کچھ روز یہاں پر آکر قیام کرو اور زمانۂ قیام میں مکاتبت مخاطبت نہ ہو اُسکی صرف یہ ہی وجہ ہے کہ مناسبت پیدا ہو جائے لوگ اسکو بہت ہی سخت شرط بتلاتے ہیں حالانکہ اسکی ہی سخت ضرورت ہے جب تک یہ نہ ہو مجاہدات ریاضات مراقبات مکاشفات سب بیکار کوئی نفع نہ ہوگا۔ ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت کیا اگر طبعی مناسبت نہ ہو اور عقلی پیدا کرلیجاوے فرمایا کہ کوئی بھی ہو ہونا چاہئے نفع اسی پر موقوف ہے۔

(ملفوظ ۳۲۷) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ اچھا کھانا اچھا پہننا فی نفسہٖ مذموم تھوڑا ہی ہے مگر شیخ کا بعض کو ان چیزوں سے منع کرنا ایسا ہے کہ جیسے طبیب مرض کے وقت کسی مریض کو اچھی غذاؤں سے مثلاً دودھ گھی سے منع کردیتا ہے تو اس ممانعت سے ان چیزوں کا بُرا ہونا تھوڑا ہی سمجھا جائیگا۔

## ۲۰ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

### مجلس خاص بوقت صبح یوم جمعہ

(ملفوظ ۳۲۸) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت میرے لڑکے بہت ہی بدشوق ہیں تعلیم

ع جو اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرتا ہے وہ بھی ذکر کرنے والا ہے ۱۲

Marfat.com

کی طرف اُنکو قطعاً التفات اور رغبت نہیں اس سے میرا قلب پریشان رہتا ہے فرمایا کہ قلب کے پریشان اور مشوش رکھنے کی کیا ضرورت ہے مومن کو پریشانی کرنے والی چیز بجز ایک چیز کے اور کوئی چیز نہیں وہ حق تعالیٰ کی عدم رضا ہے اس سے تو مؤمن کے قلب میں جتنی بھی پریشانی ہو اور جو بھی حالت ہو وہ تھوڑی ہے اور جبکہ رضا کا اہتمام ہے اپنی وسعت اور قدرت کے موافق تو کوئی وجہ نہیں کہ مومن کا قلب پریشان اور مشوش ہو۔ اسلئے کہ تدبیر ہمارے ذمہ ہے مثلاً تعلیم اولاد کے لئے شفیق اُستاد کا تلاش کر دینا کاغذ قلم دوات کا مہیا کر دینا کتابیں قرآن شریف کا خرید دینا اور مزید براں علم کے منافع اور علم دین کے فضائل سنا کر ترغیب دیدینا وقتاً فوقتاً نگرانی اور دیکھ بھال کر لینا بس اگر یہ سب کچھ ہے تو ہم صرف اسی کے مکلف تھے آگے ثمرہ کے ہم ذمہ دار نہیں اسلئے کہ ثمرہ کا مرتب ہونا نہ ہونا یہ ہمارے اختیار سے باہر ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ اختیاری کاموں کو انسان کر لے اور غیر اختیاری کے پیچھے نہ پڑے اصل سبب پریشانی کا غیر اختیاری کاموں کے درپئے ہونا ہے بھائی اکبر علی مرحوم بہت ہی دانشمند تھے اپنے بچوں کی تعلیم کے اسباب جمع کر دیئے تھے۔ اور کہا کرتے تھے کہ اسباب سب جمع ہیں اب یہ پڑھیں یا نہ پڑھیں تشدد سے کام نہ لیتے تھے اور یہ بھی کہا کرتے تھے کہ اب یہ پڑھیں یا نہ پڑھیں انکو اختیار ہے مجھے کوئی حسرت نہیں واقعی بڑے ہی کام کی اور سمجھ کی بات ہے۔ بھائی مرحوم کی باتیں قریب قریب دانشمندی کی ہوتی تھیں یہ بھی کہا کرتے تھے کہ زیادہ کاوش اچھی نہیں معلوم ہوتی صاحب علم ہونا ضروری نہیں مسلمان ہونا ضروری ہے۔ فرمایا کہ ایک اور تدبیر نافع اسوقت ذہن میں آئی وہ یہ کہ علماء صلحاء کی صحبت میں کبھی کبھی بچوں کو بھیجدیا جایا کرے۔ بحمد اللہ علماء صلحاء کی صحبت سے اتنا ضرور ہو جائیگا کہ دین اور اہل دین سے تعلق اور مناسبت پیدا ہو جائے گی پہلے بزرگ بچوں کی بیعت کا اہتمام نہ کرتے تھے لیکن حضور مجالس اکابر کا اُنکو بہت اہتمام تھا۔

(ملفوظ ۴۲۵) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ غیر مقلدوں میں بدگمانی کا مرض بہت زیادہ ہے۔ ایک غیر مقلد صاحب محض اسوجہ سے مقلد ہو گئے کہ ان میں حقیقی دین نہ دیکھا اور یہ کہتے تھے کہ میں نے غیر مقلدوں کو دیکھا کہ ان میں تقویٰ طہارت

Marfat.com

تو ہے ہی نہیں پکے دنیادار ہیں بس نماز روزہ ہی کے پابند ہیں معاملات بہت ہی گندے ہیں حقوق العباد کا تو ذرہ برابر ان لوگوں کو خیال نہیں الا ماشاء اللہ اور فرمایا کہ اکثر پکے محب دنیا ہیں بزرگوں سے بدگمانی اسقدر بڑھی ہوئی ہے جسکا کوئی حد وحساب نہیں اور اس سے آگے بڑھکر یہ ہے کہ بدزبانی تک پہونچے ہوئے ہیں ادب اور تہذیب انکو چھو بھی نہیں گئے۔ ہاں بعضے محتاط بھی ہیں وقلیل ماہم ۔

(ملفوظ ۳۳۲) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ مبتدی کو مختلف اہل حق کے پاس بیٹھنا بھی مضر ہے چہ جائے کہ اہل باطل یا اہل بدعت کے پاس بیٹھے ہاں اگر اہل حق کا مذاق متحد ہو تو مضائقہ نہیں جنکے مذاق متحد نہیں میں اپنے لوگوں کو ایسے بزرگوں کے پاس بیٹھنے سے بھی منع کرتا ہوں چاہے وہ اپنے ہی بزرگوں میں سے کیوں نہ ہوں نہ اسلئے کہ یہ معصیت ہے بلکہ اسلئے کہ اسمیں طالب کا قلب مشوش ہو جاتا ہے ۔

(ملفوظ ۳۳۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا۔ کہ یہ جو بیکاری ہے یہ سب خرابیوں کی جڑ ہے شیطان غیر مشغول شخص کو اپنی طرف مشغول کر لیتا ہے۔ ایک بزرگ مع اپنے خادم کے چلے جارہے تھے ایک شخص راستہ پر بیکار بیٹھا ہوا تھا وہ بزرگ بدون سلام کئے ہوئے گذر گئے۔ واپسی پر پھر اُس ہی راستہ سے تشریف لائے دیکھا کہ وہ شخص تنکا لئے ہوئے زمین کرید رہا ہے آپ نے سلام کیا۔ خادم نے وجہ پوچھی فرمایا کہ یہ پہلے خالی بیٹھا ہوا تھا تو شیطان کو اس سے زیادہ قرب تھا اب زمین کرید رہا ہے اس سے شیطان کو بہ نسبت اُس حالت کے بُعد ہے اگرچہ یہ فعل بھی مفید نہیں مگر بیکاری سے اسلم ہے ۔

(ملفوظ ۳۳۴) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ یہ قول محققین کا نہیں کہ تمام ماسوا کو دل سے نکالکر تب اللہ کی یاد دل میں جمائے جو ایسا کرتے ہیں سخت دھوکہ میں ہیں تمام ماسوا سے قلب کا خالی ہو جانا نہایت مشکل ہے ایسا سمجھنا سخت غلطی ہے اسکی نافع تدبیر یہ ہے کہ جتنا خالی کر تار ہے اتنا ہی خیر سے بھرتا رہے اور ایسی خیر بہت سی چیزیں ہیں مثلاً دین کیلئے علماء صلحاء سے تعلق اور دوستی سو یہ مضر نہیں بلکہ مقصود کی معین ہیں لوگ ان باتوں کو سمجھتے نہیں ان باتوں کو صاحب بصیرت سمجھتا ہے امام شافعی رحمۃ اللہ کا قول ہے کہ جب سے

Marfat.com

یہ معلوم ہوا کہ جنت میں دوستوں سے ملاقات ہوگی جنت کی تمنا ہوگئی۔ سو ایسے ہی دوست مراد ہیں۔

(ملفوظ ۴۳۳) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ یہ کیا ضرور ہے کہ جو آپ کے فتوے میں بدعت ہے وہ عند اللہ بھی بدعت ہو یہ تو علمی حدود کے اعتبار سے ہے باقی عشاق کی تو شان ہی جدا ہوتی ہے اُن کے اوپر اعتراض ہو ہی نہیں سکتا خصوص جبکہ حالت غلبہ کی وجہ سے وہ معذور بھی ہوں مگر ایسا ہر وقت نہیں ہوتا اسلئے دیکھنا یہ ہے کہ عادت غالبہ کیا ہے اگر عادت غالبہ اتباع سنت ہے اور پھر غلبۂ حال کی وجہ سے کوئی ایسی بات بھی ہو جائے کہ جو بظاہر لغزش سمجھی جا سکے اسمیں تاویل کریں گے اور اگر عادت غالبہ خلاف سنت ہے وہاں تاویل نہ کریں گے معیار یہ ہے۔ غلبۂ حال کی وجہ سے جو عذر ہو اس کے بارہ میں فرماتے ہیں ؎

مرعسس را دید و در خانہ نہ شد  او ست دیوانہ کہ دیوانہ نہ شد[ع]

ما اگر قلاش و گر دیوانہ ایم  مست آں ساقی و آں پیمانہ ایم ؎

ایسے بدعتیوں کو آپ دیکھیں گے کہ وہ جنت میں پہلے داخل کئے جائیں گے اور لوگ پیچھے جائینگے

(ملفوظ ۴۳۴) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ وساوس کے دفع کی طرف اگر متوجہ رہے اسمیں کوئی ضرر تو نہیں فرمایا وسوسہ سے قلب کو خالی کرنے کی طرف متوجہ ہونا یہ خود ایک مستقل وسوسہ ہے بلکہ اُس سے بھی زیادہ مضر ہے اسلئے کہ پہلے جو وساوس قلب میں آ رہے تھے وہ تو محل تفصیل ہیں کہ آیا اختیار سے آرہے ہیں یا بدون اختیار کے اور اُسکی طرف دفع کیلئے متوجہ ہونا قصد سے ہے گو دفع ہی کا قصد ہو مگر توجہ بقصد تو ہوئی اسلئے ضرر رساں ہوا اسکی مثال بجلی کے تار کی سی ہے کہ اگر دفع کی نیت سے بھی ہاتھ لگائیگا تب بھی وہ لپٹے گا اس فکر ہی میں نہ پڑنا چاہیئے۔ مثلاً کسی کے قلب میں کفر کا وسوسہ آئے اور وہ اُسکے دفع کی فکر کرے یہ تدبیر نافع نہ ہوگی بلکہ اُسوقت توجہ الی اللہ کی تجدید کر دے یا توجہ الی القرآن کرلے تو جہ الی الشیخ کرلے

---

ع وہی دیوانہ ہے جو آپ کا دیوانہ نہیں ۱۲ ؎ ہم اگرچہ مفلس اور دیوانے ہیں۔ مگر مست اوسی ساقی اور پیمانہ کے ہیں ۱۲

یہ تدبیر انشاء اللہ نافع ہوگی۔

(ملفوظ ۳۳۵) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ یہ جو آجکل ہر شخص چاہتا ہے کہ جیسی میں چاہوں ویسی میری حالت ہو یہ طلب شان عبدیت کے خلاف ہے بلکہ یہ ہونا چاہئے کہ جیسا خدا چاہیں (یعنی مشیت تشریعیہ و رضا) ویسا ہوں اسی میں بندہ کیلئے رحمت اور حکمت ہے اب رہی یہ بات کہ وہ بندہ کا کیسا ہونا چاہتے ہیں سو خدا کا چاہنا حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے طریقہ سے معلوم ہوتا ہے اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم کا طریقہ صحابۂ کرام سے معلوم ہوتا ہے اور صحابۂ کرام کا طریقہ آئمہ مجتہدین سے معلوم ہوتا ہے اور آئمہ مجتہدین کا طریقہ علماء وقت سے معلوم ہوتا ہے بس اُسکا اتباع خدا کے چاہنے کی موافقت ہے اور اس موافقت کے بعد اگر کوئی حالت طبعاً اسکو پسند نہ ہو مگر اُس موافقت کے تحت میں ہو تو اُسکا فیصلہ یہ ہے کہ وہ حالت مبارک حالت ہے کہ اپنے کو پسند نہ ہو خدا کو پسند ہو اور وہ حالت غیر مبارک ہے کہ اپنے کو پسند ہو خدا کو پسند نہ ہو حاصل یہ ہو کہ حالت وہی پسندیدہ اور مطلوب ہے جو حق تعالیٰ کو پسند ہو اسی میں بندہ کیلئے مصلحت اور حکمت ہے اور وہی بہتر بھی ہے حضرت یہاں قیل و قال یا تجویز سے کام نہیں چلتا تسلیم و رضا درکار ہے فرماتے ہیں ؎

فہم و خاطر تیز کردن نیست راہ ۔ جز شکستہ می نگیرد فضل شاہ ؏

اور فرماتے ہیں ؎

آزمودم عقل دور اندیش را ۔ بعد ازیں دیوانہ سازم خویش را ؏

ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت یہ شعر تو اس موقع پر خوب ہی چسپاں ہوئے۔ بطور مزاح فرمایا کہ شیر کا چسپاں ہونا غضب ہے زخمی ہی کر دیتا ہے۔ (یعنی زخمی عشق)

(ملفوظ ۳۳۶) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں کہا کرتا ہوں کہ کیفیات اور ذوق گو لذیذ ہیں مگر مقصود نہیں البتہ مقصود کے معین ہیں اور مقصود میں لذت ضرور نہیں۔ جیسے حکیم اجمل

---

؏ عقل کو تیز کرنا راہ سلوک نہیں ہے۔ حق تعالیٰ کا فضل اوسی کی طرف متوجہ ہوتا ہے جو شکستگی اختیار کرتا ہے ۱۲ ؏ میں عقل دور اندیش کو آزمانے کے بعد دیوانہ بنتا ہوں ۱۲

خاں صاحب کے نسخہ پر کسی کو وجد نہیں ہوتا مگر نافع ہے اسی طرح مقصود جو سیدھی سیدھی بات ہوتی ہے اسمیں یہ کیفیات نہیں ہوتے اور جہاں یہ کیفیات اور شورش ہیں وہ باوجود محمود ہونے کے نفسانی حظ ہے روحانی نہیں اور مقصود میں روحانی حظ ہوتا ہے مگر لوگ بڑی قدر کرتے ہیں چیخ پکار کی کود پھاند کی اسکے محمود ہونے میں شبہ نہیں مقصود ہونے میں کلام ہے۔ انبیاء علیہم السلام میں سکون اور اطمینان کی کیفیت راسخ تھی شورش کا غلبہ نہ تھا اسلئے اسکو سنت نہ کہیں گے میں کہا کرتا ہوں کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم سے کسی امر کا منقول ہونا سنت ہونے کیلئے کافی نہیں بلکہ جو عادت غالبہ ہو وہ سنت ہے اور جو کسی عارض کی وجہ سے صادر ہو گیا ہو وہ سنت نہیں۔ ان کیفیات کی یہ حقیقت ہے کہ ایک شخص کو نماز میں تیس ۳۰ برس تک کیفیت رہی وہ شباب کا وقت تھا ضعیفی میں وہ کیفیت جاتی رہی تب وہ شخص سمجھے کہ حرارت غریزیہ کے سبب وہ کیفیت ذوق و شوق کی تھی نماز کی ہوتی تو اب بھی ہوتی اب فرمایئے تیس ۳۰ برس تک اسکو نماز کی کیفیت سمجھتے رہے اسی لئے اس طریق میں شیخ کامل کی ضرورت ہے تنہا ٹکریں مارنے سے کیا ہوتا ہے اور نفسانی و روحانی کے معیار کے متعلق یہ بات ہمیشہ یاد رکھنے کی ہے کہ افعال اکثر روح کی طرف سے ہوتے ہیں اور انفعالات نفس کی طرف سے۔

(ملفوظ ۳۳۷) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ انفعالات کو قرب میں دخل نہیں جیسے اگر نماز میں کوئی کیفیت نہ ہو نہ وجدی ہو نہ استغراقی تو نماز میں کیا نقص وہ نماز کامل ہے۔ ان انفعالات کی بالکل ایسی مثال ہے جیسے کوئی شخص حسین ہو اور سرکاری دفتر میں ملازم ہو تو اس کو حسن کی وجہ سے تنخواہ تھوڑا ہی مل رہی ہے اور نہ حسن کی وجہ سے تنخواہ میں ترقی ہوئی وہ تو جو کچھ بھی ہے کام کی بدولت ہے وہاں دفتر میں کوئی نمائش تھوڑا ہی ہے بلکہ نمائش کی ممانعت ہے۔

(ملفوظ ۳۳۸) ایک نو وارد مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ آپکو زیادہ بولنے کا مرض معلوم ہوتا ہے بدون اظہار علم کے نہ بیٹھا رہا گیا آخر کیا دنیا سے فہم رخصت ہی ہو گیا آپکو بولنے کی کس نے اجازت دی اور کیا آپکو یاد نہیں رہا کہ آنے کی اجازت کے خط میں یہ شرط

Marfat.com

ہے کہ بشرطیکہ یہاں پر زمانہ قیام میں مکاتبت مخاطبت نہ کیجاوے مجلس میں خاموش بیٹھے رہو۔ اس شرط کیساتھ آنیکی اجازت تھی اسکے خلاف آپنے اول ہی دن کیا جسکا حاصل یہ ہے کہ اول ہی روز سے مخالفت شروع کردی آخر میں کہاں تک آپ لوگوں کے افعال اقوال میں تاویل کروں کیا تکلیف دینے ہی کیلئے یہ سفر آپنے کیا تھا اور جو سوال آپنے کیا ہے اگر اس کے متعلق آپکو تحقیق ہو بھی گئی تو آپکا کیا نفع اور صاحب ایسی علمی تحقیقات تو اسکا حق ہے۔ جو بے تکلف ہو ایک دن کا آنے والا اسکی برابر کیسے ہو سکتا ہے آپنے فضول اور عبث سوال کرکے طبیعت منقبض کردی کیا آپ یہاں پر تحقیق علوم کیلئے تشریف لائے ہیں اگر آپ کا مقصود تحقیق علوم ہے تو میں صاف ظاہر کئے دیتا ہوں کہ یہ سفر آپکا بیکار ہے مطلب یہ کہ یہاں پر آنا آپکا بیکار رہا سکے لئے تو آپ کو دیوبند یا سہارنپور کے مدارس کا سفر کرنا چاہئے تھا وہاں پر یہ کام بحمد اللہ بہت ہی نظم کیساتھ ہو رہا ہے۔ میں آپکو خیر خواہی سے مشورہ دیتا ہوں کہ فضول سوالات کرنیسے ہمیشہ بچنا چاہئے بخصوص ایسے شخص سے جس سے اصلاح کا تعلق ہو ایسی باتوں سے انقباض و تکدر رہوتا ہے اور انقباض و تکدر اس طریق میں مہلک چیز ہے اسلئے کہ نفع کا مدار بشاشت قلب پر ہے یہ ہی وجہ ہے کہ میں آنے والوں کے ساتھ یہ شرط کرتا ہوں کہ یہاں پر زمانہ قیام میں مکاتبت مخاطبت نہ کیجاوے میری اسمیں کوئی مصلحت نہیں آنے والوں ہی کی مصلحت ہے آپکے اسوقت کے فضول سوال سے طبیعت منقبض ہو گئی آئندہ احتیاط رکھئے گا عرض کیا کہ غلطی ہوئی حضرت سے معافی چاہتا ہوں فرمایا کہ معاف ہے خدانخواستہ انتقام تھوڑا ہی لے رہا ہوں آپ تو سمجھدار ہیں آپ سے ایسی بات ہو تعجب ہے یہ یاد رکھئے کہ زیادہ بولنا یہ بھی ایک مرض ہے پھر دوسروں کی طرف خطاب کرکے فرمایا کہ جو سوال مولوی صاحب نے کیا ہے ایک غیر اختیاری امر کے متعلق سو ایسے امر میں کسی کو کیا دخل ہمیں تو یہ کرنا چاہئے کہ جو حکم ہے اسکے ادا کرنے کی فکر میں لگے رہیں اور ان ہی چیزوں کی طلب کرنا چاہئے جو اختیاری ہیں اور مامور بہ ہیں اور جو مامور بہ نہیں انکی فکر ہی عبث ہے ایسی چیز کے ملنے نہ ملنے کی مصلحت کسکو معلوم اسکو تو حق تعالیٰ ہی جانتے ہیں کہ کسکے لئے کیا مفید ہے اور کس کیلئے کیا مضر ہے جو عطا فرماویں۔

Marfat.com

وہی اُسکے لیے مفید ہے حق تعالیٰ نے ہر چیز کے اندر حکمت اور مصلحت رکھدی ہے خواہ عطار ہو یا منع ہو اسی لئے فرماتے ہیں ولا تتمنوا ما فضّل اللہ بہ بعضکم علی بعض یہ مسئلہ قرآن پاک نے طے فرما دیا ہے یعنی تم ایسے کسی امر کی تمنامت کیا کرو جس میں اللہ تعالیٰ نے بعضوں کو بعضوں پر (وہبی طور پر) فوقیت بخشی ہے آگے فرماتے ہیں للرجال نصیب مما اکتسبوا وللنساء نصیب مما اکتسبن یعنی مردوں کیلئے اُن کے اعمال کا حصہ ثابت ہے اور عورتوں کیلئے اُن کے اعمال کا حصہ ثابت ہے پس جب موہوب میں دخل نہیں تو کیوں پیچھے پڑے اور فرماتے ہیں وَاسْئَلُوا اللہ من فضلہ یعنی اللہ تعالیٰ سے اُس کے فضل کی درخواست کیا کرو یہ فرما کر تعب سے بچایا ہے کہ اگر ایسی چیز کو جی ہی چاہے تو مانگ لو تحصیل کے درپے مت ہو اِنّ اللہ کان بکل شیٔ علیما یعنی بلاشبہ اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جانتے ہیں دیکھئے جذبات کو روکا نہیں یہ بھی گوارا نہ فرمایا کہ جذبات کو روکا جائے کیا ٹھکانا ہے حق تعالےٰ کی اس رحمت کا یعنی اگر جی چاہے مانگ لو اگر مناسب ہوگا دیدیں گے ورنہ خیر۔ تو دیکھئے تعب سے کیسا بچالیا۔

(ملفوظ ۳۹۲) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ عارفین کا مذاق ہی جدا ہوتا ہے دوسروں کی نظر وہاں تک کام نہیں کرتی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کسی نے پوچھا کہ آپکو نابالغی کی حالت میں مرجانا پسند ہے جسمیں کوئی حساب کتاب نہیں گناہوں سے پاک صاف جنت نصیب ہو یا حالت بلوغ کو پہونچنا کہ اُسکے بعد بڑے خطرات اور مواخذات میں پڑجاویں۔ فرمایا یہی حالت پسند ہے کہ بلوغ کے بعد خطرہ میں پڑیں اسلئے کہ عدم بلوغ میں حق تعالیٰ کی معرفت نہ تھی جو عین مطلوب ہے کیا ٹھکانا ہے ان عارفین کی وسعت نظر اور تعلق مع اللہ کا بات یہ ہے کہ ایسے ہی لوگوں سے وعدہ ہے حق تعالیٰ کا کیونکہ استقامت اور پوری اطاعت معرفت ہی سے ہو سکتی ہے پس فرماتے ہیں انّ الذین قالوا ربنا اللہ ثم استقاموا تتنزل علیہم الملٰئکۃ الا تخافوا

---

ع جن لوگوں نے دل سے اقرار کرلیا ... کہ ہمارا رب اللہ ہے پھر اوس پر مستقیم رہے اُن پر فرشتے اتریں گے کہ تم نہ اندیشہ کرو نہ رنج کرو اور تم جنت کے ملنے پر خوش رہو جسکا تم سے پیغمبروں کی معرفت وعدہ کیا جایا کرتا تھا اور ہم تمہارے رفیق تھے دنیاوی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی رہیں گے اور تمہارے لئے اس جنت میں جس چیز کو تمہارا جی چاہے گا موجود ہے اور نیز تمہارے لئے اس میں جو مانگو گے موجود ہے ۱۲

ولا تحزنوا وابشروا بالجنۃ التی کنتم توعدون ٭ نحن اولیاؤکم فی الحیوۃ الدنیا وفی الاخرۃ ٭ ولکم فیہا ما تشتھی انفسکم ولکم فیہا ما تدعون ٥ اور فرماتے ہیں ومن یطع اللہ والرسول فاولئک مع الذین انعم اللہ علیہم من النبیین والصدیقین والشہداء والصلحین وحسن اولئک رفیقا پھر دوسری آیت کا شان نزول فرمایا کہ ابورافع ایک صحابی ہیں انکو ایک بار یہ غم ہوا کہ یہاں تو جب چاہتے ہیں حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے دیدار سے مشرف ہوجاتے ہیں مگر جنت میں آپ بڑے درجہ میں ہونگے اور ہم چھوٹے درجہ میں جہاں ہماری رسائی کبھی نہ ہوگی وہاں کس طرح دیدار میسر ہوگا اور اس خیال سے انکو بیحد قلق ہوا اسپر یہ آیت نازل ہوئی جب انھوں نے یہ سُنا تو بیحد خوش ہوئے کہ الحمد للہ جنت میں بھی حضور کی زیارت کیا کرینگے اسی طرح دوسرے دوستوں سے جنکا ذکر صدیقین و شہداء و صالحین میں ہے ملا کرینگے ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت اس صورت میں تو کم درجہ والے بڑے درجوں میں پہونچ جائیں گے فرمایا کہ پہونچ جائینگے تو حرج اور حرج اور نقص اور نقص کیا واقع ہوا یہاں پر بھی تو ایسا ہوتا ہے کہ کم درجہ والے بڑے درجوں والوں کے پاس ملنے کیلئے پہونچ جاتے ہیں۔ یہاں پر معیت کے وہ معنی نہیں جو آپ سمجھے کہ اس درجہ پر مستقلاً پہونچ جائیں گے اب فرمایئے کیا شبہ ہے عرض کیا کہ اب کوئی شبہ نہیں رہا۔ عرض کیا کہ کیا جنت میں پہونچکر حسرت ہوگی اور جی چاہے گا کہ ہم بھی بڑے درجوں میں ہوتے فرمایا کہ جی ہی نہیں چاہیگا جو جسکے لئے تجویز ہوگی اُسپر دل سے راضی رہیگا۔

(ملفوظ ۳۴۲) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ تفویض کے یہ معنی نہیں کہ مانگے نہیں تفویض کے معنی یہ ہیں کہ یہ عزم رکھے کہ اگر مانگنے پر بھی نہ ملا اُسپر بھی راضی رہونگا تفویض کی حقیقت اگر نہ مانگنا ہوتا تو مانگنے کا امر نہ فرمایا جاتا یہ کوئی بہت باریک مسئلہ نہیں ہے مانگنے کیلئے نص موجود ہے البتہ عین دعاء کے وقت بھی اسکا استحضار رہے کہ اگر مانگنے پر بھی نہ ملا تو میں اسپر دل سے راضی رہوں گا یہ وہ مسئلہ ہے کہ بڑے بڑے فضلا کو شبہ ہوگیا کہ دعاء

---

ع۵ اور جو شخص اللہ اور رسول کا کہنا مان لیگا تو ایسے اشخاص بھی اون حضرات کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا ہے۔ یعنی انبیا اور صدیقین اور شہدا اور صلحا اور یہ حضرات بہت اچھے رفیق ہیں ۱۲ ؎

Marfat.com

اور تفویض کیسے جمع ہوں گے۔ مگر میں کہتا ہوں کہ خوب مانگے اور خوب الحاح وزاری کرے۔ مانگنا ہرگز تفویض کے منافی نہیں مانگنے کو کون منع کرتا ہے اپنے بزرگوں کا بھی یہ ہی معمول رہا ہے جو میں اسوقت بیان کر رہا ہوں اور ایک کام کی بات بیان کرتا ہوں جو یاد رکھنے کے قابل ہے وہ یہ کہ اسمیں عبدیت زیادہ ہے کہ یہ سمجھکر مانگے کہ یہ چیز ضرور ہمکو ملیگی اور ضرور ہی دیں گے یہ بھی شان عبدیت کیلئے ایک لازم چیز ہے اور مانگنے کے آداب میں سے ہے آگے اُنکو اختیار ہے کہ اگر بندہ کیلئے وہ مصلحت اور حکمت دیکھیں گے عطا فرما دیں گے ایک اور بات بیان کرتا ہوں مانگنے کے متعلق جب حق تعالیٰ نے حکم فرمایا ہے تو خود اُسکو بھی مقصود سمجھو تو مقصود دو ہوئے ایک وہ چیز جو مانگ رہے ہو دوسرے خود مانگنا بھی بلکہ نہ مانگنے پر اندیشہ ہے اسلئے کہ حکم مانگنے کا تھا اُسمیں استغناء سے کام لیا بعض لوگ خود دعا کو مقصود سمجھتے ہیں اور حاجت کو مقصود نہیں سمجھتے غلطی ہے۔ خود حضور صلے اللہ علیہ وسلم بعد طعام کے دعا میں یہ اضافہ فرمایا کرتے تھے غیر مودع ولا مستغنے عنہ ربنا یعنی ہم اس کھانیکو رخصت نہیں کرتے اس سے مستغنی نہیں اور صدہا حدیثیں ہیں جنمیں حضور سے حاجتیں مانگنا ثابت ہے تو ایسی چیز تفویض کے خلاف کیسے ہوسکتی ہے مانگنے کو تفویض کے خلاف سمجھنا سخت غلطی ہے گو اجتہادی ہے جسکا سبب غلبہ حال ہے اُنہیں بعضے اہل دعا کی نسبت حافظ کا یہ شعر پڑھ دیتے ہیں ؎

شب تاریک[ع] و بیم موج و گردابے چنیں ہائل، کجا دانند حال ما سبک ساران ساحل ہا

مگر خوب سمجھ لو کہ محققین اہل دعا جس ساحل پر ہیں وہ اُدہر کا ساحل مراد ہے جو عبور دریا کے بعد ملا ہے اِدہر کا نہیں جو خوض فی البحر سے پہلے ملتا ہے اُسکو تو وہ طے کر چکا ہے وہ کجا دانند میں نہیں آسکتا اگر اُس طرف والے کا حال کھل جائے تو خود معترض یہ کہنے لگے ؎

جملہ[عہ] عالم زیں سبب گمراہ شد، کم کسے ز ابدال حق آگاہ شد

---

[ع] اندھیری رات ہے موج کا خوف ہے اور ایک ہولناک گرداب ہے۔ (ان حالات میں ہم دریا کا سفر کر رہے ہیں تو) جو لوگ آرام سے کنارۂ دریا پر کھڑے ہیں اون کو ہماری حالت کا کیا اندازہ ہوسکتا ہے ۱۲ [عہ] تمام عالم عارفین کو نہ پہچاننے کیوجہ سے ہی گمراہ ہوا۔ (کہ انھوں نے ان حضرات کی صرف ظاہری حالت پر نظر کرکے کہدیا کہ) یہ بھی بشر ہیں اور ہم بھی بشر ہیں اور یہ بھی خواب و خور کے اسی طرح محتاج ہیں جیسے ہم۔ (مگر اون حضرات کے باطنی حالات کو نہ سمجھ سکے) ۱۲

Marfat.com

گفت اینک ما بشر ایشان بشر ما و ایشان بستۂ خوابیم و خور

تو خواص کی بعض انتہائی حالتیں مبتدی کی ابتدائی حالتوں کے مشابہ ہوتی ہیں اس بناء پر یہ سب ملکر تین ہی حالتیں ہوتی ہیں اسکی مثال ہانڈی کی مثال ہے کہ اول جب اسکو چولہے پر رکھا جاتا ہے تو بالکل سکون ہوتا ہے اور جب پکنا شروع ہو جاتی ہے تو جوش خروش ہوتا ہے اور جب پک کر تیار ہو جاتی ہے تو پھر وہی سکون عود کر آتا ہے ایک مبتدی کی مثال ہے ایک منتہی کی ایک بیچ والے کی منتہی کی حرکات سکنات بالکل مشابہ مبتدی کے ہوتے ہیں مگر زمین آسمان کا فرق ہوتا ہے۔ مبتدی بھی بیوی سے ہمبستر ہوتا ہے اسکو صرف حظ نفس مقصود ہوتا ہے اور بیچ والا غلبۂ حال سے اس طرف کم ملتفت ہوتا ہے اور منتہی کو حظ نفس بھی ہوتا ہے مگر غالب نیت یہ ہوتی ہے کہ اسکا حکم ہے سو ظاہری اشتغال سے اسکی حالت مبتدی جیسی معلوم ہوتی ہے مگر زمین آسمان کا فرق ہے مگر خفی اور یہ سب باتیں سمجھنا کام کرنے پر موقوف ہے ورنہ محض باتیں بنانے سے یا لمبی چوڑی تحقیقات بیان کرنے سے یا نیت کے دعوے سے کچھ حاصل نہیں ہوتا اسکی بالکل ایسی مثال ہے جیسے کوئی نابالغ کہے کہ میں نیت کرتا ہوں بالغ ہونیکی تو کیا وہ بالغ ہو جائیگا۔

(ملفوظ ۳۲۳) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت آجکل بعض خشک علماء بھی طریق اصلاح کے بعض اجزاء کو بدعت کہتے ہیں جیسے بعض ریاضات یا بعض اشغال فرمایا کہ بدعت کی حقیقت تو یہ ہے کہ اسکو دین سمجھکر اختیار کرے اگر معالجہ سمجھکر اختیار کرے تو بدعت کیسے ہو سکتا ہے پس ایک احداث للدین ہے[عہ] اور ایک احداث فی الدین ہے[عہ]۔ احداث للدین معنیً سنت ہے اور احداث فی الدین بدعت ہے اسپر بحمد اللہ کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا یہ زیادہ تر جہلاء صوفیہ کی بدولت طریق بدنام ہوا ہے محض گدی نشین ہونا اُن کے یہاں مقصود طریق ہے حالانکہ گدی نشین ہیں گھوڑی نشینی اُنکو کہاں نصیب۔

(ملفوظ ۳۲۴) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حق تعالیٰ کو ہر وقت اختیار ہے کہ اگر وہ چاہیں تو دوزخیوں کو جنت میں اور جنتیوں کو دوزخ میں بدل دیں اُن کے اختیار میں ہے۔

---

عہ دین حاصل کرنے کے لئے کوئی جدید بات پیدا کرنا ۱۲ ش۔ عہ دین کے اندر کوئی نئی بات پیدا کرنا ۱۲

اور اگر وہ ایسا کریں تو وہی حکمت ہو یہی نہیں کہ فقط ضابطہ کی وجہ سے مان لیا جائے کہ وہ حاکم ہیں یہ تو بہت گھٹا ہوا عقیدہ ہے۔ یہ عقیدہ بھی ہونا چاہئے کہ حکیم بھی ہیں پھر کبھی کوئی اعتراض ہی قلب میں پیدا نہیں ہو سکتا۔ اور اسپر بھی قادر ہیں کہ اگر چاہیں تو دوزخیوں کو جنت میں بھیجکر تکلیف دیں اور جنتیوں کو دوزخ میں بھیجکر راحت دیں آرام دیں اختیار اور حکمت کو یوں سمجھ لیجئے گا کہ جیسے کسی کے یہاں الماری ہے اوپر کے درجہ میں کپڑے رکھے ہیں اور نیچے کے درجہ میں برتن اب وہ کسی مصلحت سے کپڑوں کو اٹھا کر نیچے کے درجہ میں رکھدے اور برتنوں کو اوپر کے درجہ میں رکھدے تو اسکو اختیار بھی ہے اور حکمت بھی ہوگی ایسے ہی اللہ میاں کی دو الماری ہیں ایک جنت اور ایک دوزخ وہ جب چاہیں اور جسکے لئے چاہیں بدل دیں اسمیں کسی کو مزاحمت کا کیا حق اگر اس میں کوئی مزاحمت کرے تو وہ الماری کی مزاحمت اللہ ماری ہے۔

## ۲۰ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

## مجلس بعد نماز جمعہ

(ملفوظ ۲۴۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں نے فلاں مولوی صاحب کو لکھا تھا کہ اس طریق میں افعال مقصود ہیں انفعالات مقصود نہیں میں نے ان دو ہی جملوں میں تمام تصوف کی حقیقت اور روح بتلا دی تھی اور بیان کر دی تھی مگر ان مولوی صاحب نے کوئی قدر نہ کی تعجب ہے کہ صاحب علم ہو کر بھی نہ سمجھے۔ بات وہی ہے جو میں کہا کرتا ہوں کہ ہر شخص چاہتا ہے کہ کام کچھ نہ کرنا پڑے بزرگ اپنے سینوں میں سے دیدیں پہلے یہ تو معلوم کرلو خود انکو یہ چیز کیسے ملی ہے تمکو گھر بیٹھے بٹھلائے کہ کچھ کرنا دھرنا نہ پڑے کیسے ملجائیگی کسی کی جوتیاں سیدھی کرو ناک رگڑو اسپر بھی اگر ملجائے تو بسا غنیمت ہے اس راہ میں تو مٹ کر فنا ہو کر کچھ ملتا ہے اسی کو مولانا فرماتے ہیں۔ ؎

قال را بگذار مرد حال شو ۔ پیش مردے کاملے پامال شو

(ملفوظ ۲۴۴) ایک مولوی صاحب نے سوال کیا کہ حضرت استعداد کتنے دنوں میں پیدا ہو سکتی

Marfat.com

ہے فرمایا کہ قد مختلف ہوتے ہیں بچپن میں قد پستہ ہوتا ہے رفتہ رفتہ بڑھتا ہے کیا یہ کوئی بتلا سکتا ہے کہ اسقدر قد کتنے دنوں میں ہو جائیگا نہیں بتلا سکتا اس فکر ہی میں آدمی کیوں پڑے اور فی کل واد یھیمون ـ[ع۱] کا مصداق کیوں بنے میں دعوے سے نہیں کہتا مگر اللہ نے ایسے اصول دل میں ڈال دیئے ہیں کہ بڑی سے بڑی بات آسان اور سہل ہو جاتی ہے اور اسی ہی لئے کہا کرتا ہوں کہ اگر بڑی سے بڑی سلطنت بھی محققین کے ہاتھوں میں ہو تو اسکا انتظام ہو سکتا ہے اور کوئی بدنظمی بحمد اللہ نہ ہو۔

(ملفوظ ۳۴۲) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ حالت محمودہ غیر اختیاریہ کو وجد کہتے ہیں جو محمود ہے مگر مامور بہ نہیں انھوں نے عرض کیا یبکون ویزیدھم خشوعا[ع۲] فرمایا گیا ہے کیا یہاں پر قصد سے رونا مراد ہے فرمایا کہ اسمیں صرف فضیلت بکا کی مذکور ہے۔ اسکا امر نہیں اسلئے قصد سے رونا مراد نہیں ایک صاحب نے عرض کیا کہ جسکو رونا نہیں آتا فرمایا اُس کو بھی آتا ہے عرض کیا کہ کہاں آتا ہے فرمایا کہ رونا آنے پر افسوس ہونا یہ بھی رونا ہی ہے بعض کو فلیضحکوا قلیلا و لیبکوا کثیرا[ع۳] سے بکا کے مامور بہ ہونیکا شبہ ہو گیا ہے مگر وہ صورۃً امر ہے مگر معنیً خبر ہے قیامت میں کفار کے وقوع بکا کی خبر دے رہے ہیں۔

(ملفوظ ۳۴۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل جاہل صوفیوں کے نہایت لچر استدلالات ہوتے ہیں وہ فن کو ثابت کرنا چاہتے ہیں مگر جاہل ہیں ثابت کرنے پر قادر نہیں۔ ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت وہ تو یہ کہتے ہیں کہ مغز ہمارے پاس ہے فرمایا کہ جی ہاں مگر کونسا مغز ایک قسم مغز کی کوڑ مغزی بھی ہے۔

(ملفوظ ۳۴۴) ایک صاحب نے سوال کے کہ حضرت اگر کی بتی قصداً مسجد میں ایام رمضان المبارک میں ذکو جلا دی جاتی ہے اس سے روزہ میں تو خرق نہیں آتا فرمایا کہ قصداً تو اُسکو نہیں سونگھتے عرض کیا کہ نہیں فرمایا کہ روزہ میں تو خرابی نہیں آتی مگر اچھا نہیں تسکو جلا لیا جاوے۔

(ملفوظ ۳۴۵) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ آجکل تو ہر شخص مصنف بنا ہوا ہے

---

ع۱ وہ شاعر لوگ خیالی مضامین کے ہر میدان میں حیران پھر رہے ہیں ۱۲ ع۲ اور یہ قرآن اُن کا خشوع بڑھا دیتا ہے ۱۲
ع۳ تھوڑے دنوں دنیا میں ہنس لیں اور بہت دنوں آخرت میں روتے رہیں ۱۲

بعض بعض مصنفین میرے پاس رسائل بغرض تنقید بھیجتے ہیں دیکھکر حیرت ہوتی ہے کہ کیوں اس شخص نے تکلیف اٹھائی اور وقت بیکار کھویا نام تک رکھنے کا تو سلیقہ ہوتا نہیں حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کا مقولہ سنا تھا کہ سب سے پہلے کتاب کا نام دیکھو اگر اسکا نام موضوع کے مناسب ہو تو کتاب دیکھو ورنہ کیوں وقت بھی ضائع کیا واقعی کام کی بات فرمائی یہ حضرات مبصر ہیں انکی نظر حقیقت پر پہونچتی ہے انکی معمولی معمولی باتوں میں علوم ہوتے ہیں۔

(ملفوظ ۳۴۹) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ اسکا کون دعویٰ کر سکتا ہے کہ میری تصنیف میں کوئی لغزش یا کوتاہی نہیں بشریت ہے سہو نسیان ساتھ لگا ہوا ہے لیکن اسی کے ساتھ مدعی النسیان کے متعلق یہ بھی معلوم ہوجاتا ہے کہ یہ واقعی نسیان ہے یا قصد سے ایسا دعوے کیا گیا ہے سو اگر کوئی محض حسد کی راہ سے کسی پر اعتراض ہی کرنا چاہے وہ بھی معلوم ہوجاتا ہے اور اسکا کسی کے پاس کوئی علاج نہیں بہت سے لوگوں کا یہ ہی مشغلہ ہے کہ عیب جوئی میں لگے رہتے ہیں۔ عیب چین کی مثال ایسی ہے جیسے باغ میں کوئی پھول سونگھنے کی غرض سے کوئی پھل کھانے کی غرض سے کوئی سیر و تفریح کی وجہ سے جاتا ہے اور سؤر جو جاتا ہے سونگھتے سونگھتے جہاں پاخانہ ہوگا وہیں پہونچ جائیگا اسی طرح حاسد کی کسی خوبی پر نظر نہیں پڑتی اگرچہ کتنی ہی خوبیاں ہوں ہمیشہ عیب ہی کی جستجو میں رہتا ہے۔

(ملفوظ ۳۵۰) فرمایا کہ ایک خط آیا ہے لکھا ہے کہ بواپسی ڈاک اس عریضہ کا جواب دو اور اگر نہ دیا تو حشر میں دامن گیر ہونگا اور اسمیں جواب کے لئے ٹکٹ بھی نہ تھے فرمایا کہ ٹکٹ نہ رکھنے پر اس شخص کا یہ خیال نہ ہوا کہ کہیں میں ہی دامن گیر نہ ہوں کہ خواہ مخواہ کی اذیت دی۔

(ملفوظ ۳۵۱) ایک خط کے سلسلہ میں فرمایا کہ حضرت اگر میں طالبین کی غلطیوں کی تاویلیں کرلیا کروں تو اصلاح اور تربیت ہی نہیں ہوسکتی ان کے امراض سے اگر چشم پوشی کیجائے تو اعلیٰ درجہ کی خیانت ہے برا ماننے والوں میں حس نہیں ...... رہا چشم پوشی کی فرمائش کرنیوالے مجھ پر ایک قسم کا دباؤ ڈالنا چاہتے ہیں مگر مجھکو دبنے کی کیا ضرورت ہے کیا کوئی میرا کام ہے یا کوئی میری غرض ہے ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ایسا تو کوئی نہیں سمجھتا فرمایا کہ یہ تو میں بھی جانتا ہوں۔

Marfat.com

کہ اسکا قصد تو نہیں ہوتا مگر آخر عنوان بھی ایسا کیوں اختیار کیا جائے جس سے اس قسم کا شبہ پیدا ہو سکتا ہے اصل میں ان باتوں کا تعلق فہم سے ہے فہم بڑی دولت ہے اللہ تعالیٰ کی جسکو عطاء فرمادیں۔ میں مشقت سے نہیں گھبراتا جسقدر چاہے خدمت لیجائے ہاں بدسلیقگی اور بے اصولی سے گھبراتا ہوں کہ میں تو اسکی اصلاح کرنا چاہوں اور اس سے لوگ گھبرائیں پھر یہ کہ میں دوسرے کو بدون اسکی طلب کے کبھی کوئی تعلیم نہیں کرتا تو تعلیم کی درخواست کے بعد اس سے گھبرانا کیا معنیٰ حاصل یہ کہ میں تعلیم کے متعلق کسی کو خطاب خاص نہیں کرتا البتہ طلب پر خطاب خاص کرتا ہوں اور یوں تو بحمد اللہ ہر وقت ہی عام اصلاحی تعلیم میرے یہاں ہوتی رہتی ہے جسپر بھی لوگوں سے لڑائی ہو جاتی ہے میں تو چاہتا ہوں کہ بندوں کا تعلق اللہ تعالیٰ سے صحیح رہے اور لوگ اسکا احساس نہیں کرتے۔

(ملفوظ ۳۵۲) فرمایا کہ ایک خط آیا ہے اسمیں لکھا ہے کہ میں بہت سوچتا ہوں کہ ایسا کونسا گناہ مجھ سے ہوا کہ جو اسقدر مصائب میں مبتلا ہوں جواب میں فرمایا کہ جب پریشانی نہ تھی اسوقت نہ سوچا کہ میرا ایسا کونسا عمل صالح تھا جسکی وجہ سے خوش عیش بنا رہا۔ اعمال حسنہ کو تو سبکو مقبول ہی سمجھتا رہا اور خوش عیشی میں مؤثر سمجھتا رہا وہاں نہ سوچا کہ کونسا عمل اسکا سبب ہو گیا تھا اور گناہوں میں امتیاز ڈھونڈتا ہے کہ کونسا گناہ سبب مصائب کا ہوا لوگ گناہ صغیرہ کی تو کوئی اصل ہی نہیں سمجھتے حالانکہ وہ صغیرہ کبیرہ کے مقابلہ میں صغیرہ ہے اپنی ذات میں تو صغیرہ نہیں مثال سے سمجھ لیجئے جیسے چنگاری اسمیں کیا چھوٹی کیا بڑی چھپر پھونکدینے کیلئے تو چھوٹی بھی بہت ہے۔

(لطیفہ) فرمایا کہ ایک مولوی صاحب کا خط آیا ہے عجیب نام ہے قیاس گل۔ پھر فرمایا کہ گل بھی دو ہیں ایک پھول اور ایک حقہ کا گل ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ایک چراغ گل بھی تو ہے فرمایا ہاں صحیح ہے پھر اسی پر بنی کر کے فرمایا کہ ان مولوی صاحب نے جو حرف کے اتباع میں مجھ سے باتیں پوچھی ہیں ان میں مجھکو دوسروں پر قیاس کر کے قیاس کو گل کیا ہے۔

(ملفوظ ۳۵۳) فرمایا کہ ایک خط آیا ہے لکھا ہے کہ ایک عورت کو اپنا کرنا چاہتا ہوں اُس کے لئے کوئی وظیفہ براہ نواجش (نوازش) رحانی بتلادو تاکہ میری سرخبی (سرسبزی) نکل آئے جواب میں فرمایا کہ نواجش (نوازش) یہی ہے کہ توبہ کرو سرخبی (سرسبزی) ہی اسی میں ہے۔ ایک صاحب

نے عرض کیا کہ توبہ کس بات سے فرمایا کہ عورتوں کے مسخر کرنے سے (اسی سلسلہ میں (حرف زکو حرف ج سے بدلنے کے بارہ میں) فرمایا کہ کبھی کبھی طبیعت میں طالب علمی کی شوخی آجاتی ہے مگر وہ ایسی ہی ہے کہ جیسے کسی نے کہا ہے کہ ؂

وقت پیری شباب کی باتیں، ایسی ہیں جیسے خواب کی باتیں

(ملفوظ ۳۵۴) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک معترض نے مجھ پر اعتراض کیا ہے کہ رخص پر عمل کرتا ہے مگر ہم رخص کو تو تمام عمر انشاء اللہ تعالیٰ نباہ دیں گے اور دعوے سے عزائم پر عمل کرنے والونکی چار دن کی چاندنی ہے اور بھائی صاف بات یہ ہے کہ عزیمت میں محنت ہے اور محنت ہوتی نہیں اور کبھی کی بھی نہیں بس عملی حصہ تو بہت ہی کم ہے رہا علم تو یہ بھی خدا تعالیٰ کی عنایت ہے کہ دو چار باتیں آگئیں دوسروں کو بتلادیتا ہوں۔ کمال اسمیں بھی نہیں۔

(ملفوظ ۳۵۵) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ واعظ کے لئے باعمل ہونا شرط نہیں ہے بے عمل پر بھی واعظ ہونا واجب ہے جیسے طبیب کا پرہیزگار ہونا شرط نہیں بد پرہیز پر بھی واجب ہے کہ مریضوں کا علاج کرے۔

(ملفوظ ۳۵۶) ایک مولوی صاحب کے ایک بے اصول سوال کے جواب میں فرمایا کہ یہ اصطلاحات آپکو مبارک ہوں یہ ہی چیزیں تو اس طریق میں سد راہ ہیں آپنے اسوقت ایک بیکار اور فضول سوال کر کے طبیعت کو منقبض کر دیا اب اگر متنبہ کرتا ہوں تو بدخلق مشہور ہوتا ہوں نہ متنبہ کروں تو اصلاح کیسے ہو۔ آخر کیوں آپکو بیٹھے بٹھلائے ایسی بات سوجھی جسکے سر نہ پیر بے جوڑ ہانکدی معلوم بھی ہے کہ اصطلاحات کا نام علم نہیں حقائق کا نام علم ہے مولوی صاحب میں آپ کو ہمیشہ کیلئے متنبہ کرتا ہوں کہ کبھی ایسا فضول اور لغو سوال نہ کیا کیجئے ایسی باتوں سے اجتناب کی ضرورت ہے ایسی باتوں سے طبیعت مکدر ہوجاتی ہے اور پھر نفع خاک بھی نہیں ہوتا ایسا شخص جیسا آتا ہے ویسا ہی کورا لوٹ جاتا ہے۔

(ملفوظ ۳۵۷) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ہمارے بزرگوں میں بحمد اللہ ہمیشہ حقائق ہی رہے مخالفین کو بھی اسکا اقرار ہے۔ ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے حقائق کو مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے بکثرت



Marfat.com

ظاہر فرمایا ہے۔ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا تھا کہ ہر ایک بزرگ کو ایک خاص لسان دیجاتی ہے میری لسان مولوی محمد قاسم صاحب رح ہیں۔

(ملفوظ ۳۵۸) ایک دیہاتی شخص نے آکر تعویذ مانگا اور یہ نہیں بتلایا کہ کس چیز کا تعویذ حضرت والا نے فرمایا کہ میں سمجھا نہیں اس نے ذرا بلند آواز سے کہا کہ تعویذ کو آیا ہوں فرمایا کہ میں بہرا نہیں ہوں سُن لیا مگر سمجھا نہیں ذرا باریک بات کو کم سمجھتا ہوں (یہ مزاحاً فرمایا) اسپر بھی اس نے یہ نہیں تبلایا کہ کس چیز کا تعویذ چاہئے فرمایا کہ جاؤ باہر سہ دری سے اور کسی سے معلوم کر کے آؤ کہ یہ میری بات پوری ہے یا ادھوری وہ شخص گیا اور دریافت کر کے آیا اور کہا کہ ستاؤ (یعنی آسیب) کا تعویذ دیدو فرمایا کہ اب بتلاؤ کہ میں بدون تبلائے ہوئے کس چیز کا تعویذ لکھتا۔ تھی بھی ادھوری بات اتو کبھی ادھوری بات کہیں کسی کے پاس جاکر نہیں کہوگے کہا کہ نہیں پھر حضرت والا نے مزاحاً فرمایا کہ ایک کو تو جن ستا رہا ہے اُسکے لئے تعویذ کی ضرورت ہے اور تو مجھے ستا رہا ہے ایک تعویذ میں اپنے لئے کروں تیرے ستاؤ سے بچنے کیلئے فرمایا کہ اسوقت جاؤ اور ایک گھنٹے کے بعد آکر پوری پوری بات کہنا کیونکہ پریشانی میں تعویذ لکھنے کو دل نہیں چاہتا اور مؤثر بھی نہیں ہوتا اسکے بعد فرمایا کہ یاد آگیا آج جمعہ ہے تعویذ نہیں ملیگا کل ظہر کے بعد آنا اور آکر پوری بات کہدینا آج کے واقعہ کے بھروسہ نہ رہنا مجھکو آج کی بات یاد نہ رہیگی وہ شخص چلا گیا۔ فرمایا کہ اسوقت ذرا سی گڑبڑ تو ہوئی مگر اس شخص کو سبق ملگیا اب کبھی ادھوری بات نہ کہیگا یہاں پر تو جو آتا ہے بحمد اللہ خالی نہیں جاتا کچھ لیکر جاتا ہے تعویذ ملا تعلیم ملگئی یہ سب کچھ خرابیاں رسمی اخلاق کی بدولت ہو رہی ہیں مجھ میں یہ رسمی اخلاق ہیں نہیں اس ہی لئے میں بدنام ہوں خیر بدنام ہی کریں اصول کو کیسے چھوڑ دیا جاوے آج کل لوگ اہل وصول سے خوش ہیں اور اہل اصول سے خفا اچھا ہے ایسے بدفہم اور کور مغزوں کا خفا ہونا ہی اچھا ہے۔ نجات تو ملجاتی ہے ورنہ سوائے ستانے کے ایسے شخصوں سے اور کیا امید ہو سکتی ہے۔

(ملفوظ ۳۵۹) ایک شخص نے عرض کیا کہ حضرت میں بے روزگار ہوں ایک تعویذ دیدیجئے فرمایا کہ ابھی ایک واقعہ تمہارے سامنے ہو چکا ہے جس سے تمکو معلوم ہو گیا کہ جمعہ کے روز تعویذ نہیں دیا جاتا پھر بھی تمکو سبق نہ ملا خیر روزگار کیلئے تعویذ نہیں ہوتا میں پڑھنے کیلئے بتاتا ہوں وہ پڑھ لیا

Marfat.com

کرو یا باسط ذوا دہ بزشتر مرتبہ پانچوں نمازوں کے بعد پڑھ لیا کرو انشاء اللہ تعالیٰ بہتر ہوگا۔ اسی سلسلہ میں فرمایا کہ آجکل لوگ وظائف کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں اور اصل چیز یعنی دعاء کو اختیار نہیں کرتے جو روح ہے اور مغز ہے تمام عبادات کی اور ایک کام کی بات بیان کرتا ہوں وہ یہ ہے کہ وظائف پڑھنے سے غلب میں ایک دعوے کی شان پیدا ہوتی ہے کہ ہم ایک تدبیر کر رہے ہیں بس ثمرہ گویا ہمارے قابو میں ہے اور دعاء سے شان عبدیت کا غلبہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ سے مانگ رہے ہیں وہ چاہیں گے تو دینگے بس دعاء بڑی چیز ہے۔ ؎

بس ہے اپنا ایک بھی نالہ اگر پہونچے وہاں + گرچہ کرتے ہیں بہت سے نالہ و فریاد ہم

(ملفوظ ۳۲۵) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اُن کی رحمت کا کیا ٹھکانا ہے وہ تو ہر وقت اپنے بندوں پر رحمت فائض فرمانیکو تیار ہیں حتیٰ کہ مایوسین کی بھی امیدیں و مرادیں برلاتے ہیں فرماتے ہیں وھو الذی ینزل الغیث من بعد ما قنطوا وینشر رحمتہ[عہ] وہاں کیا دیر ہے مگر اتنا ضرور ہے کہ دیکھتے ہیں کہ یہ بھی کچھ کرتا ہے وہاں پر عطاء کیلئے قاعدہ سے طلب شرط ہے عدم طلب کے متعلق فرماتے ہیں انلزمکموھا وانتم لہا کٰرھون[عہ] اور اس طلب کی استعداد تام پیدا ہوتی ہے کسی کامل کی جوتیاں سیدھی کرنے سے اس راہ میں راہ زن بہت ہیں بدون رہبر کے بہت سے خطرات ہیں اکثر ایسا ہوتا ہے کہ جان تک جاتی رہتی ہے اور ہلاک ہو جاتا ہے شیخ اس خطرہ سے نکالکر منزل مقصود پر پہونچانے کی تدابیر کرتا ہے اور دعاء کرتا ہے اور اس دشوار گذار گھاٹی سے نکالکر لیجاتا ہے بدون رہبر کے ایک قدم رکھنا بھی نہایت خطرناک بات ہے اسی کو فرماتے ہیں ؎

یار باید راہ را تنہا مرو[عہ] ، بے قلاوز اندریں صحرا مرو

(ملفوظ ۳۲۶) آیت ماکنت تدری ما الکتاب ولا الایمان[عہ] الآیۃ کے متعلق ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ جی ہاں یہ تو ٹھیک ہے کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے متعلق

---

عہ اور وہ ایسا ہے جو لوگوں کے ناامید ہو جانے کے بعد مینہ برساتا ہے اور اپنی رحمت پھیلاتا ہے ۱۲ ؛

عہ تو میں کیا کروں مجبور ہوں کیا ہم اس دعوے اور دلیل کو تمہاری سر مڑھ دیں ۱۲ ؛

عہ راستہ کے لئے ساتھی چاہئے۔ تنہا مت چلو۔ بغیر رہبر کے اس جنگل میں مت جاؤ ۱۲ ؛

عہ آپکو نہ یہ خبر تھی کہ کتاب اللہ کیا چیز ہے اور نہ یہ خبر تھی کہ ایمان کا انتہائے کمال کیا ہے ۱۲ ؛

یہ فرمایا کہ ایمان کی بھی خبر نہ تھی اس سے بڑا اندیشہ اس غلط فہمی کا ہو سکتا ہے کہ ایمان کوئی مہتم بالشان چیز نہیں جب نبی بھی اس سے ایک زمانہ میں بے خبر رہ چکے ہیں مگر چونکہ خدا کا کلام ہے لے ڈر کر فرماتے ہیں کہ کوئی ہمارا کیا کریگا پھر اسکی ساتھ یہ بھی ہے کہ جانتے ہیں اگر کوئی گڑبڑ ہوگی تو ہم خود سنبھال لینگے

(ملفوظ ۱۳۲۲) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ بڑی تدبیر معاصی اور امراض باطنی سے بچنے کی بھی یہی ہے کہ کسی کامل کی طرف رجوع کرلے اسکی تبلائی ہوئی تدابیر پر استقامت کیساتھ عمل کرے اس تدبیر سے انشاء اللہ تعالیٰ چند روز میں تمام رذائل سے پاک ہو جائیگا اور اعمال صالحہ کی توفیق ہو جائیگی اسی کو فرماتے ہیں۔ ؎

عاشق کہ شد کہ یار بحالش نظر نکرد ۔ اے خواجہ درد نیست گرنہ طبیب ہست[عہ]

اور فرماتے ہیں ؎

بے عنایات حق و خاصان حق ۔ گر ملک باشد سیہ ہستش ورق[عہ]

# ۲۱ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

## مجلس خاص بوقت صبح یوم سہ شنبہ

(ملفوظ ۱۳۲۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ علماء کو عوام اور جہلاء کا تابع بنکر نہیں رہنا چاہئے اس سے دین کی عظمت و احترام ان لوگوں کے قلوب سے نکل جانیکا اندیشہ ہے آج جو عوام کی ہمت اور جرأت بڑھ گئی کہ وہ اہل علم کو حقیر سمجھتے ہیں اُسکا سبب یہ اہل علم ہی ہوئے ہیں مجھے جو عوام کی حرکت یا اُن کے کسی فعل پر اسقدر جلد تغیر ہو جاتا ہے اُسکا سبب زیادہ تر وہ فعل نہیں ہوتا بلکہ اُسکا منشاء اُسکا سبب ہوتا ہے یہ خیال ہوتا ہے کہ اسکی کیا وجہ ہے کہ اہل دنیا جو مال کی وجہ سے بڑے ہیں یا حکام جو جاہ کی وجہ سے بڑے ہیں یہ عوام اُن کے ساتھ یہ بیفکری کا برتاؤ کیوں نہیں کرتے جو اہل علم سے کرتے ہیں اُن کے سامنے جا کر کیوں بھیگی بلی بنجاتے ہیں یہ سب علماء کے ڈھیلے پن کی بدولت ہے میں کہا کرتا ہوں کہ نہ تو ڈھیلے بنو اور نہ ڈھیلے (کلوخ) ہو جس سے دوسرے کے چوٹ لگے

---

عہ ایسا کون ہے جو عاشق ہوا ہو اور محبوب نے اوسکے حال پر عنایت نہ فرمائی ہو میاں درد ہی نہیں ہے ورنہ طبیب تو موجود ہے ۱۲

عہ حق تعالیٰ کی اور خاصان خدا کی عنایت کے بغیر اگر فرشتہ بھی ہو تو اوسکا بھی نامۂ اعمال سیاہ ہو ۔ ۱۲

Marfat.com

توسط کے درجہ میں رہو نہ تو اسقدر کڑوے بنو کہ کوئی تھوک دے اور نہ اسقدر میٹھے کہ دوسرا نگل ہی جائے۔ آجکل تو یہانتک نوبت آگئی ہے کہ بعض علماء مسائل کے جواب میں عوام کے مذاق کی رعایت کرنے لگے مجھکو تو اس طرز پر بیحد افسوس ہے یہ اہل علم کی شان کے بالکل خلاف ہے مسائل کے جواب کے وقت اہل علم کی یہ شان ہونی چاہئے جیسے حاکم کی اجلاس پر ہونیکے وقت شان ہوتی ہے۔ فرمایا کہ اسپر یاد آیا کہ کانپور میں ایک کوتوال صاحب نے ایک معمولی مولوی صاحب سے جو اُن کے بچوں کی تعلیم پر اُن کے ملازم تھے سوال کیا کہ نبی میں اور ساحر میں فرق کیسے معلوم ہو۔ مولوی صاحب نے جواب دیا کہ آپ کوتوال ہیں جسوقت کسی معاملہ کی تحقیق کیلئے اپنے علاقہ میں جاتے ہیں تو اُن لوگوں کے اطمینان کا کیا ذریعہ ہے کہ آپ کوتوال ہیں ممکن ہے بھروپیہ یا ڈاکو ہو لور اس وردی میں چلا آیا ہو۔ اب کوتوال صاحب چپ ہیں کچھ نہیں بولتے۔ واقعی ان متکبروں کا دماغ اسی طرح سیدھا کرنا چاہئے۔ ایسے جاہلوں کے سامنے دیکر جواب دینا مفید نہیں ہو سکتا یہ مولوی صاحب تھے بڑے جری نہ کسی انگریز سے ڈریں نہ ہندوستانی سے۔ ایکمرتبہ یہی حضرت ایک انگریز لفٹنٹ گورنر کے پاس پہونچے اور جاکر کہا کہ کیا کچھ تمہاری حکومت میں علماء کا حق نہیں رہا کیا یہ تمہاری رعایا میں نہیں اُس نے جواب میں کہا کہ ضرور ہے فرمائیے آپ چاہتے کیا ہیں۔ کہا کہ روزگار چاہئے۔ اُس انگریز نے جواب دیا کہ روزگار بہت مگر آپ کی علم کی شان کیخلاف ہے اسکے لئے تو یہی زیبا ہے کہ آپ کسی مسجد میں بیٹھکر درس و تدریس کا کام کریں جس سے خدا کی دین کی خدمت ہو اور خدا تمہاری ضروریات کا کفیل ہوگا اُنھوں نے جواب میں کہا کہ میں آپ کا بہت شکر گذار ہوں آپنے مجھکو نیک مشورہ دیا اور اُس انگریز نے خدمتگار کو اشارہ کیا وہ فوراً ایک کشتی میں پچاس روپیہ رکھکر لایا اس انگریز نے خود اپنے ہاتھ میں کشتی لیکر ان کے سامنے پیش کئے کہ یہ آپ کی نذر ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ میں آپکی نصیحت پر یہیں سے عمل شروع کرتا ہوں۔ ایسم حضرت والا نے فرمایا کہ لے لینے اُسنے یہی تو کہا تھا کہ خدا کفیل ہوگا تو یہ خدا ہی نے تو بھیجے تھے اور مسجد ہی کے بیٹھنے کی نیت کا ثمرہ تھا۔ ایک بزرگ خلوت نشین تھے لفٹنٹ گورنر ملاقات کو گئے جاکر سلام کیا۔ جب رخصت ہونے لگے عرض کیا کہ حضور کی گذر کا کیا ذریعہ ہے۔ بزرگ نے فرمایا کہ کل جواب دونگا اگلے روز لفٹنٹ گورنر پھر بزرگ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ایکہزار روپیہ

کی تھیلی ہمراہ لیگئے اور پیش کی اور عرض کیا کہ حضور آج جارہا ہوں اور کل کے جواب کا انتظار ہے بزرگ نے فرمایا یہ کل کا جواب ہے۔ تم میرے مرید نہیں حتیٰ کہ مسلمان بھی نہیں میرا تم سے تعلق کیا پھر کیوں دیتے ہو حق تعالیٰ اسی طرح عطا فرماتے ہیں گذر ہوتی ہے تو جسطرح ان بزرگ نے خدا کا عطیہ سمجھکر لے لیا تھا اسی طرح ان مولوی صاحب کو بھی خدا کی عطا سمجھکر لے لینا تھا۔

(ملفوظ ۲۴۳) ایک مہمان پنجاب سے حاضر ہوئے انکا حضرت والا سے بیعت کا تعلق تھا بعد مصافحہ کرنیکے عرض کیا کہ کچھ پکی ہوئی مچھلی اور روغنی روٹی بطور ہدیہ پیش کرتا ہوں حضرت والا نے دیکھکر فرمایا اسقدر زائد لانیکی کیا ضرورت تھی تھوڑی لے آتے عرض کیا کہ حضرت یہ تو تھوڑی ہی ہے بطور مزاح فرمایا کہ اب یہ اعتراض ہے کہ تھوڑی کیوں لائے زائد کیوں نہیں لائے یہاں پر تو دونوں شقوں پر اعتراض ہے۔ اس سلسلہ میں حضرت والا نے فرمایا کہ ایسے ہدایا میں سے ضرور کھانا چاہئے اسمیں ایک نور ہوتا ہے۔ ہمارے حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا معمول تھا کہ ایسی چیز میں سے ضرور کچھ تھوڑا بہت کھا لیتے تھے حضرت کا رنگ تو عجیب تھا یہ معلوم نہ ہوتا تھا کہ حضرت لذائذ سے بچے ہوئے ہیں آپ کھاتے تھے اور بہت قلیل یہ بڑی مشکل بات ہے کہ کھائے اور کم کھائے اس سے یہ آسان ہے کہ بالکل نہ کھائے مگر حضرت کا یہ معمول تھا کہ کیسی ہی کوئی چیز آ گئی مثلاً انگور وغیرہ بس ایک دانہ اٹھا کر نوش فرمالیا اور باقی کو تقسیم کرا دیا یہ بہت ہی دقیق زہد تھا حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ ایسی چیزوں کی نسبت یوں بھی فرمایا کرتے تھے کہ جو چیز حب فی اللہ کی وجہ سے آوے اُسے ضرور کھائے اُس میں نور ہوتا ہے چنانچہ ایک بزرگ دوسرے بزرگ کی ملاقات کو چلے راستہ میں خیال آیا کہ بزرگ کی خدمت میں جارہا ہوں کچھ ہونا ضرور چاہئے پاس کچھ نہ تھا اکثر ایسا ہوتا ہے کہ درختوں کی پتلی پتلی کچھ شاخیں خشک ہو کر نیچے زمین پر خود بخود گر جاتی ہیں ان بزرگ نے خیال کیا کہ یہ ہی لے چلو حضرت کے یہاں ایک وقت روٹی ہی پک جائے گی لکڑیاں جمع کر اور سر پر رکھ حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ حضرت یہ کچھ لکڑیاں لایا ہوں فرمایا بہت اچھا اب ان بزرگ کی قدر دانی کو ملاحظہ فرمایئے خادم کو بلایا اور فرمایا کہ یہ لکڑیاں لیکر حفاظت سے رکھو اور جب ہم مر جائیں ان لکڑیوں سے ہمارے غسل کا پانی گرم کیا جائے اسکی وجہ سے ہمیں امید اپنی نجات کی ہے انکی برکت سے انشاء اللہ

Marfat.com

ہماری بخشش ہوجائیگی غرض ایسی چیز میں نور ہوتا ہے جو حب فی اللہ کی وجہ سے آتی ہے واقعی دنیا کی راحت بھی اہل اللہ ہی کو میسر ہے کیونکہ جب اس خیال سے اسکا استعمال رغبت سے کریں گے راحت ہی راحت ہے۔ میں تو بطور اشارہ کے ایک تاویل یہ بھی کیا کرتا ہوں۔ ولمن[ع] خاف مقام ربہ جنتٰن کی کہ ایک آخرت میں جنت اور ایک دنیا میں جنت۔ یہاں کی جنت راحت ہے ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت یہاں کیسی جنت۔ فرمایا کہ ہاں میرا مطلب یہ ہے کہ دنیا دار جو تصنع اور جاہ کی وجہ سے تشویش میں پڑتے ہیں یہ حضرات اُس سے بری ہیں خلاصہ یہ ہے کہ فضولیات میں پڑنے سے جو دنیا داروں کو گرانی ہوتی ہے وہ ان حضرات کو نہیں ہوتی یہ ہے جنت۔

(**ملفوظ** ۳۶۵) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت کسی شخص پر حق کا واضح ہوجانا خدا ہی کے قبضہ میں ہے انسان کی قدرت سے باہر ہے فرمایا کہ ہاں حق تعالیٰ حق کو قلب پر وارد اور واضح کردیتے ہیں عادت اللہ یہ ہی ہے پھر یہ شخص بہ تکلف رد کردیتا ہے۔ فرمایا کہ حق واضح ہونے پر یاد آیا کہ یہاں ایک شخص میر منصب علی تھے اُن کا گھرانا کٹر شیعی تھا یہ بھی شیعی تھے پھر سنی ہوگئے تھے مجھ سے خود کہتے تھے کہ ان میں بعضے لوگ ایسی شرارتیں کرتے ہیں کہ بچپن میں ہم سے کہا گیا تھا کہ خلفاء ثلثہ کے نام سڑک پر لکھا کرو تاکہ لوگ اُس پر سے راستہ چلیں۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت روشنائی سے فرمایا نہیں انگلی سے ریت میں یا مٹی پر اور کہتے تھے کہ ہم لکھتے پھرا کرتے تھے حق واضح ہونے کا قصہ اس طرح بیان کرتے تھے کہ ایک بار انکو شبہ ہوا اپنے مذہب میں اور یہ حالت ہوئی کہ کبھی سنیوں کے طریقہ پر نماز پڑھتے اور کبھی شیعوں کے طریقہ پر عجب کشمکش کی حالت میں تھے اسی تغیر میں ایکمرتبہ پیران کلیر جانا ہوا وہاں پر حضرت مخدوم علاؤالدین صابرؒ کا مزار ہے وہاں حاضر ہوکر عرض کیا کہ میں نے سنا ہے کہ آپ مقبولین میں سے ہیں میں آپ سے عرض کرتا ہوں کہ آپ دعا فرماویں کہ مجھ پر حق واضح ہوجائے اگر ایسا نہ ہوا تو قیامت کے روز آپکو پیش کرکے الگ ہوجاؤنگا کہ ان سے عرض کیا تھا انھوں نے توجہ نہ کی یہ کہکر چلدیئے پھر خیال ہوا کہ شاید خواب وغیرہ میں کوئی بات معلوم ہوجائیگی اسکے یہ قائل نہ تھے لوٹ کر پھر مزار پر آئے اور عرض کیا حضرت خواب میں اگر کوئی بات نظر آئی میں نہیں مانونگا میں یہ چاہتا ہوں کہ بلا کسی سبب ظاہر کے قلب مطمئن ہوجائے اور سکون واطمینان میسر ہوجائے وہاں سے جو لوٹے ہیں قلب میں یہ ہی

[ع] اور جو شخص اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرتا رہتا ہے اوسکے لیے جنت میں دو باغ ہوں گے ۱۲

Marfat.com

واضح ہوا کہ مذہب سنی حق ہے اپنے سنی ہونیکا اعلان کر دیا۔ ایک صاحب نے یہ خبر نا تو نہ اُنکی والدہ کو پہونچائی کہ تمہارے بیٹے سنی ہوگئے وہ ایسی سخت تھی کہ اول تو اُسکو یقین نہیں آیا اور کہا کہ میرا بیٹا ایسا نہیں کہ وہ سنی ہو جائے اُس شخص نے کہا کہ تم بیٹھی یہ ہی کہے جانا وہ سنی ہو چکے اُنکی والدہ نے اپنے اطمینان کی غرض سے سفر کیا اور تحقیق کیلئے یہاں آئیں بیٹے کو بلوایا اور کہا کہ مجھکو ایک بات معلوم کرنا ہے اوپر کوٹھے پر الگ چلو آگے اُنکو کیا اور پیچھے خود ہوئی کہ کبھی بھاگ نہ جائیں برداشت نہ کرسکی زینہ ہی میں سوال کر بیٹھی کہ میں نے سُنا ہے کہ تم سُنی ہوگئے انھوں نے کہا کہ یہ بات صحیح ہے میں سنی ہو چکا یہ سُنکر اُس عورت کو اسقدر صدمہ اور رنج ہوا کہ زینہ ہی میں بیہوش ہو کر گر گئی اور لڑھکتی ہوئی نیچے آگر پڑی جب ہوش آیا بولی کمبخت میں دودھ نہ بخشوں گی ایسا کہنے کی عورتوں کو عادت ہوتی ہے انھوں نے جواب میں کہا کہ تو کیا دودھ نہ بخشے گی میں ہی نہیں بخشونگا مجھکو ایسا ناپاک دودھ پلایا کہ اُسکے اثر سے میں اتنے زمانہ تک گمراہ رہا۔ ماں نے کہا کہ تو مجھسے مر گیا میں تجھسے مر گئی انھوں نے کہا کہ میں بھی سب سے مر گیا اور مجھسے سب مر گئے حق کو نہیں چھوڑ سکتا تمام عمر اُن کی ماں نے صورت نہیں دیکھی۔ دیکھو ان میر صاحب نے بھی دعا کی تھی کہ بلا کسی تدبیر کے حق واضح ہو جائے۔ حضرت ساری تدبیریں ایک طرف اور خدا سے تعلق اور دعا کرنا ایک طرف اسکو لوگوں نے بالکل چھوڑ ہی دیا مگر دعا خشوع کی ساتھ ہونا چاہئے اسکے لئے۔ فقہا نے لکھا ہے کہ دعا میں کسی خاص دعا کی تعیین نہ کرے اس سے خشوع جاتا رہتا ہے۔ ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ اب غور کرنیسے معلوم ہوتا ہے کہ عدم تعیین میں بڑی حکمتیں ہیں۔ فرمایا جی ہاں صوفیہ اور فقہا یہ دونوں جماعتیں حکماء ہیں دین کو جسقدر انھوں نے سمجھا ہے اور کسی نے نہیں سمجھا اصل محققین صوفیہ اور فقہا ہی ہیں۔ ایکمرتبہ مجکو خیال ہوا با وجود ان کے حکماء اور محقق ہونیکے پھر ان میں لڑائی کیوں ہوتی ہے۔ میں نے تو یہ ہی فیصلہ کیا کہ غیر محققین میں لڑائی ہوتی ہے اور دونوں جماعتوں کے محققین میں کبھی لڑائی نہیں ہوتی یہ تو جامع ہوتے ہیں تو کیا کوئی اپنے سے بھی لڑا کرتا ہے۔

**ملفوظ ۳۶۶** فرمایا کہ خاصان حق کی ہر بات میں حکمتیں ہوتی ہیں چنانچہ بزرگوں سے جو لذیذ کھانے ثابت ہیں اُن میں مختلف حکمتیں ہوتی ہیں حسب استعداد ناظرین کے کبھی معلوم ہو جاتی ہیں امام مستغفری

Marfat.com

نے ایک حکایت لکھی ہے کہ حضرت غوث اعظم کیخدمت میں ایک عورت اپنے لڑکے کو سپرد کر گئی کچھ روز کے بعد آکر دیکھا کہ لڑکا نہایت لاغر اور دبلا ہو رہا ہے اسکو بیحد رنج ہوا وہ حضرت کی خدمت میں اسکے متعلق کچھ عرض کرنے آئی کیا دیکھتی ہے کہ حضرت مرغ کا گوشت کھا رہے ہیں اور بھی جل بھن گئی عرض کیا کہ حضرت آپ تو مرغ کھائیں اور میرے بچے کو سکھا دیا۔ آپنے یہ سنکر جو ہڈیاں کھائے ہوئے مرغ کی آپکے سامنے رکھی تھیں اُنکی طرف انگلی سے اشارہ کر کے فرمایا کہ قُومی باذن اللہ۔ وہ مرغ بنکر چلدیا۔ اسوقت حضرت نے اُس عورت سے فرمایا کہ جسوقت تیرا بیٹا اس قابل ہو جائیگا اسکو بھی مرغ کھلایا جائیگا۔ یہاں سائل کی استعداد ناقص تھی اُسکو اُسکے فہم کی موافق جواب دیا۔ دوسرا واقعہ حضرت غوث پاک کا اور ہے۔ ایک سوداگر خلیفۂ وقت کے پاس بہت قیمتی کپڑا لایا جسکو خلیفہ نہ خرید سکا یہ سوداگر خلیفۂ وقت کے جواب دیدینے پر بہت مایوس ہوا اور خلیفۂ وقت کے پاس سے حضرت کی زیارت کو خانقاہ میں حاضر ہوا حضرت نے سوداگر سے آنیکی وجہ دریافت کی اُس نے بیان کیا کہ اسلئے آیا تھا مگر ناکامیاب رہا حضرت نے اُسکی مایوسی دیکھکر فرمایا کہ ہم خریدیں گے خادم کو حکم دیا کہ اسکی قیمت دیدیجائے اور اسمیں ہمارا چوغہ تیار کراؤ وہ کپڑا خرید لیا گیا اسکی اطلاع خلیفۂ وقت کو ہوئی اُسکو سخت ناگوار ہوا کہ اس فقیر نے ہمیں بھی ذلیل کیا یہ سوداگر جہاں جائیگا کہتا پھریگا کہ خلیفۂ وقت میرا کپڑا نہ خرید سکا اور ایک فقیر نے خرید لیا وزیر سے کہا کہ ان سے باز پرس کرو وزیر دانشمند تھا عرض کیا کہ جلدی نہ کیجیے میں جا کر پہلے دیکھتا ہوں اُسکے بعد دیکھا جائیگا وزیر خانقاہ میں حاضر ہوا دیکھا کہ حضرت اُس کپڑے کا چوغہ پہنے بیٹھے ہیں وزیر کو بھی ناگوار ہوا کہ واقعی خلیفۂ وقت کی بھی رعایت نہ کی اسمیں خلیفۂ وقت کی بڑی اہانت ہوئی مگر وزیر کی پھر جو نظر پڑی دیکھا کہ ایک دامن میں اُس چوغہ کے ٹاٹ یا کمبل کا ٹکڑا بھی لگا ہوا ہے وزیر نے حضرت کی خدمت میں عرض کیا کہ حضرت یہ کیا فرمایا کہ قطع کرنے کے وقت کپڑے میں کمی رہگئی تھی میں نے کہا کہ ٹاٹ یا کمبل کا ٹکڑا لگا دو مقصود تو کپڑے سے بدن ڈھانکنا ہے وزیر نے جا کر خلیفۂ وقت سے بیان کیا کہ یہ قصہ ہے جس شخص کی نظر میں وہ کپڑا اور ٹاٹ یا کمبل ایک ہے اُس سے تعرض کرنا خدا کے قہر کو خریدنا ہے یہاں تاجر کو نفع پہونچانا ایک ظاہری حکمت تھی۔ تیسرا واقعہ حضرت غوث پاک ہی کا اور ہے ایک بادشاہ نے آپکے پاس بہت قیمتی چینی آئینہ بطور ہدیہ کے بھیجا حضرت اُسکو شانہ وغیرہ کرنے کے وقت دیکھا کرتے تھے ایک روز

عہ اللہ کے حکم سے کھڑا ہو جا ۱۲

Marfat.com

خادم کو حکم دیا آئینہ لاؤ وہ لیکر چلا اتفاق سے ہاتھ سے چھوٹ گیا گر کر چور چور ہو گیا خادم نے آکر عرض کیا۔ از قضاء آئینہ چینی شکست۔ آپ نے فی الفور جواب میں فرمایا۔ خوب شد اسباب خود بینی شکست عجیب بات فرمائی یہاں اسکی ساتھ قلب کا تعلق نہ ہونا ظاہر فرمایا کہ یہ بھی ایک سبق ہے اسباب خود بینی شکست۔ فرمایا کہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے پاس ایک گاؤں کا شخص ایک ٹوپی لایا جسپر گوٹ تو سُرخ قند کی تھی اور باریک باریک گوٹے کی دھاری سلی ہوئی تھی۔ آپ نے اپنی ٹوپی اُتار کر وہ ٹوپی اوڑھ لی جب وہ چلا گیا تب کسی بچہ کو دیدی اور فرمایا کہ یہ خوش ہو گا کہ میری ٹوپی اوڑھ لی تو یہ حضرات اپنے ہی دل خوش کرنیکو نہیں پہنتے بلکہ کبھی دوسروں کے دل خوش کرنیکو بھی پہنتے ہیں پس ان حضرات کی خوش پوشاکی اور خوش لباسی صرف اپنے ہی حظ کے لئے نہیں ہوتی حکمتیں ہوتی ہیں چنانچہ ایک حکمت یہ ہے کہ انکو یہاں کی نعمتوں میں مشاہدہ ہوتا ہے وہاں کی نعماء کا اُن کے استحضار کے لئے ان کا استعمال کرتے ہیں۔ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے یہ نکتہ بیان فرمایا تھا اور اس سے بڑھ کر یہ کہ منعم کے مشاہدہ کیلئے استعمال کرتے ہیں عجب نہیں حضرت کا مقصود اصلی یہی مراقبہ ہو کیونکہ حضرت پر توحید کا بہت زیادہ غلبہ تھا وحدۃ الوجود تو حضرت کے سامنے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ مشاہد ہے عینی ہے ایکمرتبہ سورہ طٰہٰ سنتے رہے اس آیت پر پہونچکر اللہ لا الٰہ الا ھو لہ الاسماء الحسنیٰ حضرت پر اسکا غلبہ ہو گیا بطور تفسیر کے فرمایا کہ پہلے جملہ پر سوال وارد ہوا کہ جب سوا اللہ کے کوئی نہیں تو یہ حوادث کیا ہیں جواب ارشاد ہوا لہ الاسماء الحسنیٰ یعنی سب اُسی اسماء وصفات کے مظاہر ہیں اسی کو کسی نے کہا ہے۔ ؎

ہرچہ بینیم در جہاں غیر تو نیست یا توئی یا خوئے تو یا بوئے تو،

کسی کا قول ہے۔ گلستان میں جا کر ہر ایک گل کو دیکھا۔ نہ تیری سی رنگت نہ تیری سی بو ہے، ماموں صاحب نے جن پر توحید وجودی غالب تھی اسپر فرمایا کہ شاعر ظاہر بیں تھا اگر عارف ہوتا تو یوں کہتا

؎ گلستان میں جا کر ہر ایک گل کو دیکھا تیری ہی سی رنگت تیری ہی سی بو ہے

مگر ان اسرار کا اظہار یا نقل ہر شخص کا کام نہیں۔

(ملفوظ ۲۶۳) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ لوگ طرق کو مقاصد سمجھ گئے یہ بڑی غلطی ہے اور فرمایا کہ اسپر ایک حکایت یاد آگئی جو ایک عزیز سے سُنی تھی کہ ایک شخص تھے اُن کو اسمیں

Marfat.com

کمال تھا کہ وہ آنکھ میں سرمہ تلوار سے ڈالدیتے تھے ایک مجمع میں اپنے لڑکے کو کھڑا کیا کہ اسکی آنکھ میں تلوار سے سرمہ ڈالونگا اُس شخص نے تلوار کی دھار پر سرمہ لگایا اور نیچے سے بدستا ہوا آیا اور اس صفائی سے ہاتھ آنکھوں پر چلایا کہ دونوں آنکھوں میں سرمہ لگ گیا اور تلوار پر سرمہ نہیں رہا وہ لڑکا بھی ذرا نہیں جھجکا وہ بھی مشاق معلوم ہوتا تھا لیکن ظاہر ہے کہ اصل مقصود سرمہ لگانا ہے اور یہ خاص ہیئت محض ایک طریق ہے اگر کوئی اسی کو مقصود سمجھنے لگے تو عجب نہیں کہ کبھی دھوکہ کھائے اسی طرح بعضے ناواقف تلوار سے سرمہ ڈالتے ہیں جسمیں خطرہ بھی ہے اور میں سلائی سے ڈالتا ہوں جسمیں کوئی خطرہ نہیں ۔ دیکھئے اگر یہ طرق مقاصد میں داخل ہوتے تو سلف زیادہ مستحق تھے کہ وہ اسپر عمل کرتے اور دوسروں کو تعلیم فرماتے مگر اسکا کہیں بھی پتہ نہیں۔ میں ایک اور مثال عرض کرتا ہوں اگر کوئی شخص لندن جانا چاہے تو ہوائی جہاز کی ضرورت ہے اور اگر کوئی جلال آباد جانا چاہے جو یہاں سے دو یا ڈھائی میل جگہ ہے تو کیا اُسکو بھی ہوائی جہاز کی ضرورت ہے نہیں وہ چھکڑے سے بھی جاسکتا ہے مقصود اُس سے بھی حاصل ہوسکتا ہے اور بلا خطر بلکہ موٹر ہوا ریل ہوئی یہ سب خطرہ کی چیزیں ہیں اسپیشل جو جاتا ہے تو وہ دھائیں دھائیں کرتا چلا جاتا ہے اگر خدانہ کرے ٹکرا جائے تو پھر خیر نہیں اور اکثر ایسے واقعات ہوتے رہتے ہیں اسلئے چھکڑا ہی رحمت ہے دوسری بات یہ ہے کہ ہوائی جہاز موٹر اسپیشل یہ تو بعید منزل کیلئے ہیں اور میں جس منزل کے طے کرانے کیلئے عرض کر رہا ہوں وہ تو جلال آباد سے بھی قریب ہے اور ایسی قریب ہے کہ اُس سے زیادہ قریب کسی چیز کو بھی نہیں حق تعالیٰ فرماتے ہیں ونحن اقرب الیہ من حبل الورید ۔ع

(ملفوظ ۴۳۶) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ جاہل فقرا بھی عجیب و غریب بڑیں ہانکتے ہیں کچھ خبر نہیں ہوتی کہ ہم کیا منہ سے نکالتے ہیں یہ کلمہ کفر ہے یا شرک ہے جو منہ میں آیا کہدیا۔ ایک شاہ صاحب کانپور میں میرے پاس آئے اور مجھسے دس روپیہ کی ضرورت ظاہر کی اور ایک سلسلہ گفتگو میں فرماتے کیا ہیں کہ ہمیں کیا پرواہ ہے جنت کی میں نے کہا کہ شاہ صاحب توبہ کرو دس روپیہ پر تو رال ٹپکی جاتی ہے اور جنت سے استغنا ذرا دس روپیہ ہی سے استغنا فرما کر دکھا دیجیگا اور میں نے کہا کہ وجہ اسکی یہ ہے کہ دس روپیہ تو آپ نے دیکھے ہیں اور جنت دیکھی نہیں اگر جنت کی ادنیٰ سے ادنیٰ چیز

ع اور ہم انسان کے اسقدر قریب ہیں کہ اُسکی رگ گردن سے بھی زیادہ قریب ہیں ۱۲

Marfat.com

بھی نظر آجائے بیہوش ہو کر گر جاؤ مر جاؤ کیا جنت سے استغناء ظاہر کرتے پھرتے ہو شاہ صاحب بیچکے چپکے سنتے رہے کچھ بولے نہیں یہ حالت ہے جہل کی ۔

(ملفوظ ۳۶۹) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ اگر سارے جہاں کے خطرات ہمارے قلب میں رہیں مگر ان کے اقتضاء پر عمل نہ ہو نیز وہ ہمارے لائے ہوئے نہ ہوں تو کوئی حرج نہیں اور یہ غیر محقق صوفی تو نظام حیدر آباد دینا چاہتے ہیں جیسے جسوقت نظام حیدر آباد کی سواری چلتی ہے تو وہ تمام سڑک روک دی جاتی ہے جسپر سے اُن کا موٹر گذرتا ہے ۔ میں ایکمرتبہ حیدر آباد ہی تھا معلوم ہوا کہ فلاں سڑک سے موٹر گذرنے والا ہے وہ سڑک پہلے سے بند تھی اسی طرح یہ صوفی چاہتے ہیں کہ تمام سڑکیں صاف ہو جائیں جب ہم چلیں باقی ہم غریب لوگ تو غریب آدمی بھنگی چماروں سب میں ملے چلے جا رہے ہیں مگر گاڑی کے وقت انشاء اللہ اسٹیشن پر سب ایک ہی جگہ ہونگے غریب آدمیوں کی ساتھ گذرنے کے مناسب یاد آگیا کہ میں ریل کے تیسرے درجہ میں سوار ہونیکو ترجیح دیتا ہوں اور اسکی وجہ یہ ہے کہ تیسرے درجہ میں بے تکلف سفر ہوتا ہے نہ اس درجہ میں خصوصیت کیساتھ کوئی ایسا شخص ہوتا ہے کہ جسکی وجہ سے تکلف کیا جائے بلکہ ہر قسم کے ہر مذاق کے لوگ ہوتے ہیں کوٹ پتلون والے بھی دھوتی بند بھی پاجامہ والے بھی کوئی ہنس رہا ہے کوئی رو رہا ہے کوئی گا رہا ہے کوئی بجا رہا ہے ایک عجیب و غریب منظر ہوتا ہے بخلاف فرسٹ کلاس سکنڈ کلاس انٹر کلاس کے کہ سب منہ چڑھائے بیٹھے رہتے ہیں ایک سے ایک کلام نہیں کر سکتا ۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت تیسرے درجہ میں بعض گنوار ایسے ہوتے ہیں کہ وہ ننگے ہوتے ہیں گھٹنے اور زانو کھلے ہوتے ہیں فرمایا پھر کیا ہوا اگر بلا قصد نظر پڑ بھی جائے تو ہمکو کوئی گناہ تھوڑا ہی ہوتا ہے خود اُس ننگے کو ننگا آنا چاہئے ایکمرتبہ میرے بھائی اکبر علی مرحوم نے مجھسے کہا کہ اب تمہاری ہستی ایسی نہیں رہی کہ تم ریل کے تیسرے درجہ میں سفر کرو میں نے کہا کہ فلاں وزیر اعظم انگریز سے کسی نے سوال کیا تھا کہ آپ تیسرے درجہ میں کیوں سفر کیا کرتے ہیں کیا عجیب جواب دیا بڑے دماغ کا آدمی تھا دنیا کے کاموں میں ایک خاص ملکہ رکھتا تھا کہتا ہے کہ چونکہ چوتھا درجہ نہیں ہے اسلئے تیسرے درجہ میں سفر کرتا ہوں اسکے بعد تجربات کی بناء پر بھائی صاحب کی رائے بھی بدل گئی تھی اور وہ خود بھی تیسرے درجہ میں سفر کرنے لگے تھے ایک بات یہ ہے کہ تیسرے درجہ میں وہ لوگ ہوتے ہیں جو ہماری رعایت کرتے ہیں اور سکنڈ فرسٹ میں

Marfat.com

وہ ہوتے ہیں جنکی ہمیں رعایت کرنی پڑتی ہے بڑی ہی کلفت ہوتی ہے جیسے کوئی قید کردیتا ہے۔ تو ان صوفیوں کے اور ہمارے سفر میں بس فرق یہ ہے کہ ہمارا سفر بے تکلف اور بانمک بامزہ۔ اور انکا سفر با تکلف اور بے نمک بے مزہ۔

(ملفوظ ۲۸۲) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ فرسٹ سکنڈ کلاس کے درجوں میں بعض اوقات بڑے بڑے شریر لوگ سفر کرتے ہیں ایک صاحب مجھ سے اپنا واقعہ بیان کرتے تھے کہ ایکمرتبہ میں کسی بڑے درجہ میں لکھنؤ جارہا تھا ایک انگریز بھی اسمیں سوار ہوا جسوقت اسٹیشن سے گاڑی چھوٹ لی چلتی گاڑی میں مجھے آچپٹا اور گھوسم گھوسا ہونے لگا یہ شخص بھی تنومند تھے کہتے تھے کہ کبھی وہ اوپر اور میں نیچے اور کبھی میں اوپر وہ نیچے اور اسقدر چالاک اور شریر کہ جہاں اسٹیشن آیا چپکے سے سیدھا ایکطرف جا بیٹھے جس سے معلوم ہوتا تھا کہ کچھ نہیں جانتا اور جہاں اسٹیشن سے گاڑی چلی اور پھر آچپٹا اور پھر گھوسم گھوسا ہونے لگا۔ شاید اس روز سے ان درجوں میں بیٹھنے سے میں نے توبہ کرلی ہوگی۔

(ملفوظ ۲۸۳) فرمایا کہ مجھکو بھی بعض اوقات اتفاق سفر میں ہوا ہے انگریزوں کے ساتھ سفر کرنیکا مگر کبھی کوئی شریر نہیں ملا ایکمرتبہ میں کلکتہ سے ایک دوست کے اصرار سے سکنڈ میں سوار ہوا ایک انگریز آیا جو ریلوے کا افسر تھا اسکو اوپر کا تختہ ملا کہنے لگا کہ ہمکو نیچے کے تختہ پر تھوڑی سی جگہ کھڑکی کیطرف آپ دیدیں ہمکو بار بار ریلوے کے انتظام کیلئے باہر جانا آنا پڑتا ہے میں نے کہا کہ بہت اچھا ہمارا کوئی حرج نہیں آپ بیٹھ جائیں وہ بیٹھ گیا۔ جب کھانیکا وقت آیا میں نے ان دوست کے ذریعہ سے دریافت کیا کہ آپ کھانا کھائیں گے کہا کہ مجھکو کیا عذر ہے ہم نے کھانا بازار سے خریدا تھا اسمیں کچھ کھانا پتوں پر بھی تھا ہمنے اسکو برتن تو دئے نہیں کہ کون دھوتا پھریگا پتوں ہی پر رکھکر دیدیا اس نے بڑی خوشی سے لیکر کھالیا۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت برتن میں کھانا کیوں نہیں دیا فرمایا حق جوار ادا کیا پڑوسی تھا حق احترام ادا نہیں کیا اسلئے کہ اسلام سے محروم تھا اسٹیشن بردوان پر آکر اتر گیا بہت ہی شکریہ ادا کیا کہ آپکو بہت تکلیف ہوا ہماری وجہ سے اور ہمکو آپکی وجہ سے بہت آرام ملا۔ ڈاکٹر ...... صاحب نے عرض کیا کہ اگر حضرت برتن میں کھانا دیدیتے تو اور زیادہ شکریہ ادا کرتا۔ فرمایا کہ یہ بھی تو ممکن تھا کہ نہ کرتا برتن میں کھانا دینے سے اپنے کو بڑا سمجھتا کہ ہمارا احترام کیا گیا پھر شکریہ کی ضرورت ہی کیا محسوس ہوتی۔ اسپر حضرت والا نے بطور مزاح کے فرمایا کہ آپ ڈاکٹر ہیں انگریزوں

Marfat.com

کے بھی دانت بناتے ہیں آپ پیالیوں میں چار پلایا کرتے ہیں کیونکہ منع تو ہے نہیں۔ ڈاکٹر...... صاحب نے عرض کیا کہ حضرت کو کیا خبر میں ایسا کرتا ہوں فرمایا کہ میں بھی تو اسی عالم میں ہوں عالم برزخ میں تو نہیں ہوں۔

**(ملفوظ ۳۴۲)** فرمایا کہ میں غیر مسلم قوموں کی نہ تحقیر کرتا ہوں ورنہ احترام جی یوں چاہا کرتا ہے کہ ہر چیز اور ہر کام ہر بات اپنی اپنی حد پر رہے اس اصل پر جو عین موقع پر جی میں آتا ہے وہی برتاؤ کرتا ہوں اور وہی مناسب ہوتا ہے۔

**(ملفوظ ۳۴۳)** فرمایا کہ میں حیدر آباد گیا تھا قریب چودہ روز کے وہاں پر قیام رہا چند وعظ بھی ہوئے ایک صاحب وہاں پر ہیں جو ارکان سلطنت میں سے ہیں بڑے عہدے پر ممتاز ہیں انھوں نے مجھ سے کہا کہ دار الضرب (ٹکسال) کی بھی سیر کر لیجئے میں گیا وہاں ایک انگریز نے تمام جگہ کی سیر کرائی جب میں واپس ہونے لگا تو اس انگریز کا میں نے ان لفظوں میں شکریہ ادا کیا کہ آپ کے اخلاق سے بہت جی خوش ہوا آپ کے اخلاق تو ایسے ہیں جیسے مسلمانوں کے ہوتے ہیں میں نے اس سے یہ ظاہر کر دیا کہ یہ سب تم نے ہمارے ہی گھر سے لیا ہے یہ کوئی تمہارا کمال نہیں نہ تمہاری قوم کا یہ بھی مسلمانوں ہی کا صدقہ ہے مسلمانوں جیسے اخلاق کوئی پیدا کرے حقیقی اخلاق مسلمانوں ہی کے ہیں کیونکہ مسلمانوں کے اخلاق عرف کے تابع نہیں حقیقت کے تابع ہیں۔ اور حقیقت بدلتی نہیں اسلئے اسلامی اخلاق حقیقی اخلاق ہیں۔

**(ملفوظ ۳۴۴)** ڈاکٹر...... صاحب نے عرض کیا کہ حضرت کیا فرسٹ کلاس سکنڈ کلاس اور انٹر کلاس میں سفر کرنا چاہیے فرمایا کہ بلا ضرورت کیا ضرورت ہے تیسرے ہی درجہ میں سفر کرنا مناسب ہے البتہ ضرورت کے وقت اگر ان میں بھی سفر کیا جائے تو کوئی حرج نہیں۔

**(ملفوظ ۳۴۵)** ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ایک صاحب نے ایک رسالہ لکھا ہے اسمیں لکھا ہے کہ تقویۃ الایمان مولانا محمد اسمٰعیل صاحب شہید رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب نہیں اور وہ مصنف یہ بھی کہتے ہیں کہ تقویۃ الایمان کے مضامین صحیح ہیں لیکن عنوان سخت ہے۔ اسپر حضرت والا نے فرمایا کہ بھائی عنوان تم بدل دو ہم تمہارے ساتھ متفق ہو جائیں گے۔ جیسے حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ نے شاہجہاں پور میں ابطال الوہیت مسیح پر یہ کہا تھا کہ وہ خدا کیسے ہو جسکو کھانے کی ضرورت ہو گئے موتنے کا محتاج ہو اسپر پادری نے اعتراض کیا کہ گوہ موت کہنا بے ادبی ہے مولانا نے فرمایا گوہ موت نہ سہی بول و براز سہی بات ایک ہی ہے پھر فرمایا کہ یہ بھی علی سبیل التنزل ہیں

عرض کرتا ہوں ورنہ عنوان بھی کوئی سخت نہیں حقیقت میں غور نہ کرنے سے ایسا معلوم ہوتا ہے۔ چنانچہ مثال کے طور پر کہتا ہوں کہ تقویۃ الایمان میں ایک مقام پر اس عنوان کی عبارت ہے کہ اگر خدا چاہے تو محمد جیسے سیکڑوں بناڈالے اس پر ایک مولوی صاحب نے حضرت مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری رحمۃ اللہ علیہ سے عرض کیا کہ حضرت اسمیں حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی تحقیر ہے کہ بناڈالے یہ محاورہ میں تحقیر پر دال ہے مولانا نے جواب میں فرمایا کہ صحیح ہے مگر یہ فعل کی تحقیر ہے مفعول کی تحقیر نہیں یعنی بنانا سہل ہے کہنے لگے کہ حضرت یہ تو تاویل ہے فرمایا بہت اچھا تاویل ہے تو رہنے دیجئے یہ بڑا نے حضرات زیادہ ردوکد کو پسند نہ فرماتے تھے عجیب اتفاق ہوا کہ ایک روز یہی معترض صاحب حضرت مولانا احمد علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے عرض کرنے لگے کہ حضرت آپ کے مطبع میں مشکوٰۃ شریف بھی چھپ چکی ترمذی شریف بھی چھپ چکی اب تو بیضاوی شریف بھی چھاپ ڈالئے اسوقت حضرت مولانا نے فرمایا کہ یہ وہی ڈالنا ہے جس پر مولانا شہید کی تکفیر کیجاتی ہے اب اس سے تم نے بیضاوی شریف کی تحقیر کی اور اسمیں آیات کلام اللہ بھی ہیں اور کل کی تحقیر مستلزم ہے جزو کی تحقیر کو اور قرآن پاک کی تحقیر کفر ہے اسوقت ان مولوی صاحب کی آنکھیں کھلیں اور عرض کیا کہ حضرت واقعی اسکا مطلب تو خود میرے ہی ذہن میں یہی تھا کہ چھپوا دینا آسان ہے تحقیر ہرگز مقصود نہ تھی معلوم ہوا کہ حضرت مولانا محمد اسماعیل صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا مقصود بھی تحقیر نہیں یہ ایک بہت بڑا سخت عنوان ہے جس پر اعتراض ہے اور اسکی یہ حقیقت ہے جو حضرت مولانا احمد علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے جواب سے واضح ہوئی۔

**ملفوظ** ۲۷۳ فرمایا کہ ایک خط آیا تھا پتہ پر لکھا تھا اشرف علی خاں بعض خطوط پر میرے نام کے ساتھ خاں لکھا ہوا آتا ہے اور واقع میں مزاج بھی میرا پٹھانوں ہی کا سا ہے ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ مزاج تو پٹھانوں جیسا نہیں ہاں ہمت پٹھانوں جیسی ہے فرمایا کہ ہمت ہی سہی اور ہمت تابع ہے مزاج کے تب بھی مزاج پٹھانوں جیسا رہا فرمایا ایسے مزاج کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ میں مجذوب صاحب کی دعا سے پیدا ہوا ہوں ان ہی کی روحانی توجہ سے وہی رنگ میرے مزاج کا بھی ہو گیا اور اتفاقی بات کہ انھوں نے اول میرا نام اشرف علی خاں ہی رکھا تھا بطور پیشین گوئی کے یہ فرمایا تھا کہ دو لڑکے پیدا ہونگے ایک کا نام اشرف علی خاں اور دوسرے

کا نام اکبر علی خاں رکھنا ایک میرا ہوگا وہ مولوی حافظ ہوگا اور دوسرا تمہارا مجذوب صاحب سے عرض کیا گیا کہ اشرف علی خاں آپنے نام تجویز کیا وہ پٹھان ہوگا ہنسکر فرمایا نہیں نہیں اشرف علی اکبر علی۔

(ملفوظ ۳۶۷) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت۔ علی کے نام پر ہندوستان میں بہت نام رکھے جاتے ہیں اسکی کیا وجہ ہے۔ فرمایا کہ میرے ایک دوست مولوی صاحب اسکی وجہ یہ فرماتے تھے کہ ہندوستان پر شیعوں کا اثر زیادہ ہے اسوجہ سے علی پر نام زیادہ رکھے جاتے ہیں واللہ اعلم۔ فرمایا ایک اور بات بھی ایسی ہی ہے مثلاً امام حسین علیہ السلام امام حسن علیہ السلام امام جعفر صادق علیہ السلام کہتے ہیں مگر یہ کوئی نہیں کہتا کہ امام ابوبکر صدیق علیہ السلام امام عمر فاروق علیہ السلام حتی کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے نام کے ساتھ بھی امام کا لقب نہیں استعمال کرتے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حضرات اہل بیت کی ساتھ اسکو مخصوص سمجھتے ہیں اور حضرت علیؓ اسمیں دوسرے صحابہ کے شریک رہے اس شرکت پر ایک قصہ یاد آگیا کہ ایک جاہل شیعی نے مسجد کی محراب پر لکھا دیکھا۔

چراغ و مسجد و محراب و ممبر ابوبکر و عمر عثمان و حیدر

غصہ میں آکر کہا کہ ہمتو تمہاری وجہ سے لڑتے پھرتے ہیں اور تمکو جب دیکھتے ہیں ان ہی کے ساتھ بیٹھا دیکھتے ہیں یہ کہکر غصہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے نام مبارک کو چھری سے چھیل ڈالا۔

(ملفوظ ۳۶۸) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے نام کیساتھ کرم اللہ وجہہ کیوں مخصوص ہے فرمایا کہ عمر بن عبد العزیز نے جو عمر ثانی سے ملقب ہیں یہ صیغہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے نام کے ساتھ شائع کرایا تھا اسلئے کہ خوارج آپ کے نام کے ساتھ سود اللہ وجہہ کہا کرتے تھے یہ میں نے بعض اہل علم سے سُنا ہے۔

## ۱۲ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ
## مجلس بعد نماز ظہر یوم شنبہ

(ملفوظ ۳۶۹) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت غلام احمد قادیانی کو نبوت کا دعوی کرتے ہوئے ذرا بھی تو خیال نہیں ہوا کہ میری عاقبت خراب ہوگی خدا کو کیا منہ دکھلاؤنگا فرمایا کہ آپ تو

Marfat.com

نبوت کے دعویٰ پر اسقدر تعجب کر رہے ہیں لوگوں نے خدائی کے دعوے کئے ہیں مگر حسین بن منصور پر شبہ نہ کیا جاوے کہ انھوں نے انا الحق میں خدائی کا دعویٰ کیا کیونکہ اُن پر ایک حالت تھی ورنہ وہ عبدیت کے بھی معترف تھے چنانچہ وہ نماز بھی پڑھتے تھے کسی نے پوچھا کہ جب تم خدا ہو نماز کسکی پڑھتے ہو جواب دیا کہ میری دو حیثیتیں ہیں۔ ایک ظاہر اور ایک باطن۔ میرا ظاہر میرے باطن کو سجدہ کرتا ہے۔ یہ بھی رمز غامض ہے۔

(ملفوظ ۳۰۳) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ حسین بن منصور حلاج جو ایک مشہور بزرگ تھے اُن کے حلاج کہنے کیوجہ یہ ہوئی کہ اُنکی ایک نداف سے دوستی تھی اُسکے یہاں کپڑے بھرائی کیواسطے بہت زیادہ آگئے۔ روئی زیادہ جمع ہو جانے کی وجہ سے یہ پریشان تھا اتفاق سے یہ بزرگ تشریف لے آئے دریافت فرمایا کہ پریشان کیوں ہو عرض کیا کہ حضرت کپڑے بھرائی کیلئے بہت آگئے ہیں روئی اسقدر دُھنکنا مشکل ہے اسوجہ سے پریشان ہوں یہ سُنکر آپ نے ایک نظر اس روئی کے ڈھیر کی طرف کی تمام روئی خود دُھنکی گئی اسوجہ سے یہ حلاج مشہور ہو گئے۔

(ملفوظ ۳۰۴) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت پنجاب میں ایک بہت بڑے پیر ہیں اُن سے کسی نے کہا کہ آجکل تصوف کی خدمت کہیں بھی نہیں ہو رہی مگر باوجود مسلک اور مشرب کے اختلاف کے اُن پیر صاحب نے حضرت والا کا نام لیکر فرمایا کہ وہاں کافی خدمت تصوف کی ہو رہی ہے فرمایا کہ یہ اُن کی حق پسندی کی بات ہے میں بیچارہ کیا تصوف کی خدمت کر سکتا ہوں ہاں اسکے نام سے جہلا صوفیہ نے جو مخلوق کو گمراہ کرنیکا بیڑا اُٹھا رکھا تھا اُسکو اپنے بزرگوں کی دعا کی برکت سے اور حق تعالیٰ کے فضل و کرم سے اصل صورت میں مخلوق کے سامنے پیش کر دیا بڑی ہی گمراہی اسکی وجہ سے پھیلی تھی ان جہلا نے بُری طرح تصوف کو عوام کے سامنے پیش کیا میں تو کہا کرتا ہوں کہ اگر خشک روٹی بگڑے تو گرم کر کے کام میں لا سکتا ہے کھا بھی سکتا ہے اور لطیف غذا اگر خراب ہو تو محلہ بھر کو پاس نہ آنے دے روٹی تو زائد سے زائد سوکھ ہی جائیگی اور لطیف غذا میں بدوں کیڑے پڑے رہ نہیں سکتے۔ اب ایک مسئلہ وحدۃ الوجود ہی کا ہے اُسکی وہ گت بنائی ہے الامان الحفیظ مکہ معظمہ میں ایک عالم صاحب تھے اُن سے مسئلہ وحدۃ الوجود پر گفتگو ہوئی وہ کہنے لگے کہ جناب وحدۃ الوجود کا مسئلہ ایسا ہے کہ اسکے ماننے سے ایمان سلامت نہیں رہ سکتا میں نے کہا کہ حقیقت

Marfat.com

سے بے خبر ہو اگر معلوم ہو جائے کہ وحدۃ الوجود یہ ہے اور اُسکی حقیقت یہ ہے تو یہ کہو گے کہ بدون وحدۃ الوجود کے تسلیم کئے ہوئے ایمان کامل نہیں ہو سکتا کہنے لگے میں اسکے متعلق گفتگو سُننے کو تیار ہوں اس گفتگو کیلئے جمعہ کا دن تجویز ہوا میں نے اول فن تصوف کے مطابق اصطلاحی الفاظ میں وحدۃ الوجود پر ایک جامع تقریر کی اور اُن سے میں نے یہ کہدیا تھا کہ میری تقریر کو اچھی طرح آپ سنکر ذہن نشین کرتے رہیں پھر اجازت ہے کہ دل کھولکر آپکے ذہن میں جو اشکال آویں کریں وہ سنبھلکر بیٹھے اور غور سے سُننا شروع کیا بعد ختم اشکالات کئے مگر اُسی تقریر کے اجزاء سے سب اشکال ختم ہو گئے اور تمام شبہات رفع ہو گئے کہنے لگے کہ واقعی میں وحدۃ الوجود کی حقیقت ہی سے بے خبر تھا آج اللہ نے تمہاری بدولت اسکی حقیقت کو منکشف کرا دیا اب کہتا ہوں کہ اسکے بدون ایمان کی تکمیل ہی مشکل ہے۔ فرمایا کہ لوگ بے سوچے سمجھے جو جی میں آتا ہے اعتراض کر بیٹھتے ہیں پہلے اُس چیز کی حقیقت سمجھ لو اگر خود سمجھ میں نہ آوے دوسرے سے سمجھ لو لیکن پھر بھی اگر وہ چیز قالی نہ ہو بلکہ حالی ہو تو کیا علاج ایک حافظ صاحب کی حکایت ہے گو فحش ہے مگر توضیح کیلئے کافی مثال ہے وہ یہ ہے کہ شاگردوں نے کہا کہ حافظ جی نکاح میں بڑا مزہ ہے حافظ جی نے کوشش کر کے ایک عورت سے نکاح کر لیا شبکو حافظ جی پہونچے اور روٹی لگا لگا کر کھاتے رہے بھلا کیا خاک مزا آتا صبح کو خفا ہوتے ہوئے آئے کہ سُسرے کہتے تھے کہ نکاح میں بڑا مزہ ہے ہیں تو کچھ بھی مزہ نہ آیا لڑکے بڑے شریر ہوتے ہیں۔ کہنے لگے اجی حافظ جی یوں مزہ نہیں آیا کرتا مارا کرتے ہیں تب مزہ آتا ہے اگلے دن حافظ جی نے بیچاری کو خوب ہی زدو کوب کی مارے جوتوں کے بیچاری کا بُرا حال کر دیا غل مچنے پر اہل محلہ نے حافظ جی کو بہت بُرا بھلا کہا بڑی رسوائی ہوئی صبح کو پہلے دن سے بھی زیادہ خفا ہوتے آئے اور شاگردوں سے شکایت کی انھوں نے کہا کہ حافظ جی مارنیکے یہ معنی ہیں اُسکے موافق عمل کیا تب حافظ جی کو معلوم ہوا کہ واقعی مزہ ہے حقیقت سے بے خبری کا یہ نتیجہ ہوتا ہے۔

**ملفوظ** ۳۸۲؎ ایک صاحب نے شرائط بیعت کا پرچہ مانگا اسپر ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت میں بھی پرچہ دیکھنا چاہتا ہوں حضرت والا نے دونوں صاحبوں کو پرچے دیکر فرمایا کہ یہ سب کام کم کرنے کی تدابیر ہیں اس پرچہ کی بدولت ہلکا پھلکا رہتا ہوں پرچہ کو دیکھکر اکثر لوگ بیعت تو مجھسے چاہتے ہیں اور تعلیم دوسروں سے جنکو میں تعلیم کیلئے تجویز کر دوں سو بیعت کو اسقدر مقصود

Marfat.com

بالذات سمجھتے ہیں کہ تعلیم پر ترجیح دیتے ہیں اور بیعت کو تعلیم پر ترجیح دینا یہ مستلزم ہے کم فہمی کو تو اسکی بدولت ایسے کم فہموں سے نجات ہو جاتی ہے ورنہ سوائے پریشان کرنیکے کوئی نتیجہ نہ تھا کیونکہ جنکو یہ بھی خبر نہ ہو کہ اصل چیز تعلیم ہے آگے اُن سے کیا اُمید کہ یہ فہم سے کام لیں گے اسلئے میں خوش ہوتا ہوں کہ خوب جان بچی۔

(ملفوظ ۳۸۳) فرمایا کہ بعض احباب رحم دل ہیں منجملہ اُن کے ایک مولوی صاحب بھی ہیں ہر شخص کی سفارش اور معافی دلوانے کی سعی کرتے رہتے ہیں بات یہ ہے کہ نفع کی دو قسمیں ہیں۔ نفع عام اور نفع تام احباب نفع عام چاہتے ہیں اور میں نفع تام چاہتا ہوں حضرت مولانا شہید صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے طرز میں یہی فرق تھا کہ حضرت شاہ صاحب کے یہاں کھلم کھلا روک ٹوک کم تھی اور حضرت شہید صاحبؒ کے یہاں روک ٹوک تھی تو یہاں لوگ بہت کم ٹھہرتے تھے مگر جو رہ جاتے وہ ہوتے تھے پختہ تو وہاں نفع عام تھا اور یہاں نفع تام۔

(ملفوظ ۳۸۴) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت کتب اخلاق میں یہ لکھا ہے کہ لسان کی مزاح سے بھی حفاظت کرو فرمایا ٹھیک تو ہے مگر وہ مزاح مراد ہے کہ جسمیں انہماک کا درجہ ہو یا کسی کی تحقیر ہو۔

(ملفوظ ۳۸۵) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت تمسخر اور استہزاء میں کیا فرق ہے فرمایا کہ بظاہر تو کوئی ایسا فرق نہیں معلوم ہوتا۔

(ملفوظ ۳۸۶) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت مولانا رشید احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ایک بار مولانا محمد یحییٰ صاحب سے فرمایا کہ یہ جو لڑکی کوس رہی ہے اللہ کرکے اسکا بھائی مرلے اسمیں کرکے کا کیا مطلب ہے پھر خود ہی فرمایا اللہ منادی ہے اور کر دعا کا صیغہ اور کے بیانیہ اسکو بڑھا کر کے کر دیا آگے اُس دعا کا بیان ہے یعنی اے اللہ تو یہ کر کہ اسکا بھائی مرے۔ فرمایا کہ چھوٹی بات بھی بڑوں کے پاس جاکر بڑی بنجاتی ہے۔

(ملفوظ ۳۸۷) فرمایا کہ مولوی رضی الحسن صاحب کاندھلوی نے مجھسے کہا کہ فلاں شخص نے مولوی محمد یحییٰ صاحب مرحوم سے پڑھا ہے بہت دنوں تک یہ شخص گنگوہ رہا ہے میں نے خود دیکھا ہے اب اپنے بزرگوں کے مسلک کے بالکل خلاف طرز اختیار کر رکھا ہے دنیا کمانے میں اس شخص کو

Marfat.com

خاص ملکہ ہے دین رہے یا جائے اسکی کچھ پرواہ نہیں ابن الوقت ہے جدھر کی ہوا دیکھتا ہی اسیطرف ہوجاتا ہے اگر ہندوؤں کے ساتھ ملکر نفع کی امید دیکھتا ہے اُن کے ساتھ ہوجاتا ہے انگریزوں کے ساتھ دیکھتا ہے اُن کے ساتھ ہوجاتا ہے کہنے لگے کہ اسنے مجھسے بھی پڑھا ہے میں نے بطور مزاح کے کہا کہ آہا آپ اُن کے بھی اُستاد ہیں۔ بہت محجوب ہوئے کچھ بولے نہیں حالانکہ اُن کے پاس جواب تھا کہ اس سے یہ تو لازم نہیں آیا بلکہ یہ لازم آیا کہ آپ بھی اُن کے اُستاد ہیں۔

(ملفوظ ۳۰۳) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت عرب میں ایک قوم ہے رفاعی وہ لوگ سانپ کو کھاتے ہیں فرمایا کہ جی ہاں یہ لوگ حضرت سید احمد کبیر رفاعی رحمۃ اللہ علیہ کی طرف اپنی نسبت کرتے ہیں مگر بگڑ گئے ہیں جیسے مداری لوگ بگڑ گئے یہ بھی حضرت شاہ بدیع الدین مدار کی طرف اپنی نسبت کرتے ہیں یہ بہت بڑے بزرگ گذرے ہیں مدار ایک لقب ہے جیسے قطب غوث وغیرہ حضرت شاہ بدیع الدینؒ شامی ہیں ہندوستان تشریف لے آئے تھے انکے چہرے پر نقاب رہتا تھا اسکی وجہ یہ تھی کہ جو شخص انکا چہرہ دیکھتا تھا اُسکی آنکھوں کی روشنی مسلوب ہوجاتی تھی مشہور یہ ہے کہ انپر تجلی موسوی تھی مگر یہ سنا ہی ہے کسی کتاب میں نہیں دیکھا واللہ اعلم۔ حضرت شیخ نجم الدین کبریٰ کے متعلق بھی ایک بزرگ سے سُنا ہے کہ انکی نسبت موسوی تھی مگر خود انکو اپنی نسبت کا علم نہ تھا ان کے کسی معاصر بزرگ کے پاس انکے ایک مُرید زیارت کیلئے جارہے تھے آپنے چلتے وقت فرمایا کہ اُن حضرت سے میرا بھی سلام عرض کرنا مُرید نے جاکر پیر کا سلام پہونچایا اُنھوں نے جواب میں فرمایا کہ اپنے یہودی پیر سے ہمارا بھی سلام کہنا ان مُرید صاحب کو بیحد ناگوار ہوا کہ پیر صاحب نے تو یہ احترام کیا کہ سلام بھیجا اور اُنھوں نے یہ قدر کی کیسی بُری طرح یاد کیا جب واپس پیر کی خدمت میں حاضر ہوئے پیر نے دریافت کیا کہ میرا سلام بھی پہونچایا تھا عرض کیا کہ پہونچایا تھا پھر کیا جواب ملا عرض کیا کہ عرض کرنیکے قابل نہیں بہت ہی ثقیل کلمہ تھا اعادہ نہیں کرسکتا فرمایا کہ تم کہو جو کچھ فرمایا ہے عرض کیا کہ یہ فرمایا ہے کہ اپنے یہودی پیر سے ہمارا بھی سلام کہدینا یہ سُنکر حضرت شیخ نجم الدین کبریٰ پر وجد طاری ہوگیا اور فرمایا کہ الحمد للہ مجھے اپنی نسبت معلوم ہوگئی کہ موسوی ہے اسپر حضرت والا نے فرمایا کہ کسی کو حق نہیں کسی کی نسبت کچھ اعتراض کرنے کا کیونکہ بعض اوقات ایسی نسبت والے سے بعض ایسے اقوال صادر ہوجاتے ہیں جو یہودیت کے موہم ہوتے ہیں مثلاً مرتے وقت لا الہ الا اللہ موسیٰ کلیم

Marfat.com

اللہ پڑھنے لگتا ہے اور درحقیقت وہ معنیً محمد رسول اللہ کی ایک تعبیر ہوتی ہے کیونکہ یہ نسبتیں موسوی و عیسوی وغیرہما سب حضور صلے اللہ علیہ وسلم ہی کی نسبتیں ہیں حضور جامع ہیں حضور میں شان موسوی بھی ہے اور شان عیسوی بھی ہے پس یہ سب القاب حکماً حضور ہی کے ہیں یعنی موسیٰ کلیم اللہ بھی آپکا لقب ہے عیسیٰ روح اللہ بھی آپکا لقب ہے ابراہیم خلیل اللہ بھی آپ کا لقب ہے پس جو شخص محمدی موسیٰ کلیم اللہ کہتا ہے وہ آپ کی اُس خاص شان کے اعتبار سے آپکو اس لقب سے ذکر کرتا ہے پس یہ سب شانیں آپ ہی کی شان جامعیت کے مظاہر اور شعبے ہیں جیسے سَو کا عدد ہے تو اٹھانوے بھی اُسی کا جزء ہے اور ستانوے بھی اسی کا جزء ہے آخر تک سب سَو کے ہی اجزاء ہیں۔

(ملفوظ ۴۸۹) ایک مولوی صاحب نے ایک پرچہ پیش کر کے حضرت والا سے عرض کیا کہ حضرت مباہلہ اخبار کے اڈیٹر نے دُعا کے لئے لکھا ہے فرمایا دل سے دعا کرتا ہوں دریافت فرمایا کہ اب کیا حالت ہے بیچاروں کی جان وغیرہ کا تو خطرہ نہیں عرض کیا کہ بہت زیادہ خطرہ ہے فرمایا کہ آجکل اگر کوئی دین کی خدمت کیلئے کھڑا ہو جاتا ہے تو اُسکا کوئی ساتھ نہیں دیتا بلکہ یہ کہتے ہیں کہ کہا تھا کس نے کہ تم ایسا کرتا یہ تعلق لوگوں کو دین سے رہگیا ہے ایسی باتیں سُنکر بیحد دل دکھتا ہے حق کی نصرت پر کوئی آمادہ نہیں ہوتا ویسے شور و غل کرنیکو فتنہ فساد پھیلانیکو سب تیار ہیں خالص حق کی حمایت سے جان چراتے نظر آتے ہیں جو کام کرنیکے ہیں اُن کیلئے کوئی بھی آمادہ نہیں وہاں تو یہ کہنا بالکل حسب حال ہوتا ہے کہ آمادہ۔

(ملفوظ ۴۹۰) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت آج صبح جو ذکر تھا کہ تیسرے درجہ میں سفر کرنا مناسب ہے تو ڈاکٹر...... صاحب آج بجائے سکنڈ کے انٹر کلاس ہی میں سوار ہوئے فرمایا چلو کچھ تو نفع ہوا یہ تو سکنڈ کلاس میں سفر کرتے تھے اسپر فرمایا کہ ایسے مسلمانوں کی بھی ضرورت ہے تاکہ کفار کو یہ تو معلوم ہو کہ مسلمانوں میں بھی ایسے موجود ہیں میں نے تو محض مسلمانوں کی عظمت دیکھنے کیلئے حیدرآباد دکن کا پہلا سفر اس ہی نیت سے کیا تھا یہاں تو جس عالیشان عمارت کو دیکھو اور پوچھو کسکا ہے کسی چند کا کسی داس کا وہاں پر پہونچکر یہ تو کانوں میں پڑ گیا کہ یہ محل فلاں جنگ کا یہ عمارت فلاں دولہ کی یہ بڑے لوگوں کے وہاں پر لقب ہیں گو دنیا کو میں مسلمانوں کیلئے پسند نہیں کرتا اور نہ اچھا سمجھتا ہوں لیکن کفار کے مقابلہ میں جی چاہتا ہے کہ مسلمانوں کے پاس اُن سے بھی زائد ہو اور مسلمانوں میں بھی ایسے لوگ ہوں اُن کے مقابلہ کی وجہ سے پسند کرتا ہوں بشرطیکہ حدود میں رہیں۔

Marfat.com

(ملفوظ ۵۹) ایک مولوی صاحب کے کسی سوال کے جواب میں فرمایا کہ اگر بالفرض آدم علیہ السلام سے بھی لغزش نہ ہوتی تب بھی چونکہ مادہ تو ایسی لغزش کا اُن میں تھا ہی جس سے بلزوم عادی اُن کی اولاد میں سے جنت میں کوئی نہ کوئی گڑبڑ کرتا اور اُسکو نکالا جاتا اُس وقت وہ کسی کا بیٹا ہوتا کسی کا پوتہ کسی کا بھتیجا کسی کا بھانجا کسی کا بھائی تو روزانہ جنت میں کہرام مچا رہتا اسوجہ سے باپ ہی آگئے۔ ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت جنت میں رنج کیسے ہوتا۔ فرمایا کیوں شبہ کیا ہے آخر آدم علیہ السلام کو حکم ہوا کہ جنت سے نکلو اُسوقت آدم علیہ السلام کو رنج ہوا ہوگا یا نہیں گو وہ رنج طبعی ہی عقلی نہ سہی اُسوقت وہ دنیا میں تھے یا جنت میں عرض کیا کہ جنت میں فرمایا بس ثابت ہوگیا کہ جنت میں بھی رنج ہو سکتا ہے۔ اور یہ تو پیشتر ہی حق تعالیٰ نے فرشتوں سے ظاہر فرما دیا تھا کہ انی[عہ] جاعلٌ فی الارض خلیفہ اس سے بھی یہ معلوم ہو گیا تھا کہ یہ ارض میں خلیفہ ہونگے جنت سے نکلجانا آدم علیہ السلام کا اُسی وقت فرشتوں کو معلوم ہو چکا تھا اسی سلسلہ میں فرمایا کہ اتجعل[عہ] فیہا من یفسد فیہا کی تفسیر جو حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمائی عجیب و غریب ہے بہت سی تفسیریں دیکھیں مگر وہاں تک کسی مصنف کی رسائی نہیں ہوئی وہ یہ کہ یہ امر فطری ہے کہ اپنی بنی ہوئی چیز کے بگڑنے سے رنج ہوتا ہے اور خلافت کیلئے تصرف لازم ہوگا اور تصرف کا حاصل یہی تحلیل و ترکیب ہے اور تحلیل یہی توڑ پھوڑ ہے پس فساد سے یہی تحلیل مراد ہے فساد بمعنی معصیت مُراد ہونا ضروری نہیں اس طرح سفک[عہ] دماء سے سفک[للعہ] محرم مراد ہونا ضروری نہیں چونکہ فرشتوں کا کام تھا پرورش کرنا شجر کو مویشی وغیرہ کو اور یہ آدمی کسی درخت کو کاٹے گا کسی میں کڑیاں بنائیگا کسی میں تختے جانوروں میں کسی پر سواری کریگا کسی سے کھیتی کا کام لیگا کسی کو ذبح کریگا فرشتوں کو یہ گراں ہوا اب یہ شبہ بھی نہ رہا کہ فرشتوں نے بنی آدم کی طرف معصیت کو کیسے منسوب کر دیا عجیب تحقیق ہے یہ ہیں علوم اور حقائق و معارف یہ حضرات ہیں محقق پھر باوجود ان کمالات کے نہ دعوی ہے نہ ناز ہے نہایت مسکین لہجہ نہایت نرم سیدھے سادے الفاظ۔ اور خود بھی نہایت سیدھی سادی وضع میں رہنے والے۔ مگر بات وہ کہتے ہیں کہ ہر شخص نہ کہہ سکے۔ پیدا تو بعد میں ہوئے مگر انمیں روح پہلوں کی تھی

عہ ضرور میں بناؤنگا زمین میں ایک نائب ۱۲ عہ کیا آپ پیدا کرینگے زمین میں ایسے لوگوں کو جو فساد کریں گے عہ خون بہانا ۱۲ للعہ حرام طریقہ سے خون بہانا ۱۲

(ملفوظ نمبر ۳۹۲) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں کم عمری میں جب دیوبند پہلی مرتبہ گیا تو میں نے ان حضرات کو دیکھا اور یہ سمجھا کہ یہ کیا علماء ہونگے محض پڑھنے پڑھانے کے ہونگے اسلئے کہ چھوٹے چھوٹے قد معمولی لباس۔ نہ چوغہ ہے نہ عمامہ ہر طرح پر سادگی یہ خیال اسوجہ سے ہوا تھا کہ میں نے یہاں پر مولانا شیخ محمد صاحب کو دیکھا تھا جو بہت قد آور اور وجیہ بزرگ تھے مگر پھر رہنے پر معلوم ہوا کہ وہ حضرات کیا چیز تھے کیا ٹھکانا تھا اُن کے علوم ظاہرہ اور علوم باطنہ کا بحمد اللہ ایسے بزرگوں کی خدمت میسر ہو گئی یہ اللہ کا فضل اور والد صاحب کا احسان ہے اول تو انھوں نے مجھکو عربی کیلئے تجویز کیا اور پھر اسپر یہ احسان کہ دیوبند تعلیم کا سلسلہ رکھا ورنہ میرٹھ میں بھی ممکن تھا کیونکہ وہاں پر والد صاحب کا قیام بھی تھا اور ایک مرتبہ میرٹھ ہی میں مجھکو ایک مدرسہ میں داخل کرنے کے لئے لے بھی گئے تھے شہر میں ایک مدرسہ بھی تھا مگر نہ معلوم کیا اسباب وہاں پر ہوئے داخل نہیں فرمایا اور پھر دیوبند ہی کو تجویز فرمایا۔ والد صاحب مرحوم کے لئے دل سے دعا نکلتی ہے۔

(ملفوظ نمبر ۳۹۳) ایک شخص شیر خوار لڑکی کو گود میں لیکر حاضر ہوا اور عرض کیا کہ حضرت اسپر دم کر دیجئے فرمایا کہ بندۂ خدا جہاں جایا کرتے ہیں پہلے وہاں کا قانون تو معلوم کر لیا کرتے ہیں مریض کے لانیکی یہاں پر ضرورت نہیں ہیں کوئی طبیب تھوڑا ہی ہوں کہ نبض دیکھکر نسخہ لکھونگا تعویذ لکھدوں گا۔ پانی لے آنا وہ پڑھ دونگا۔ بچوں کے لانے میں ایک بہت بڑی خرابی یہ ہے کہ اگر پیشاب کر دے یہ تو لیکر چلتے ہونگے اور مصیبت ہمکو پڑیگی تمام فرش اٹھاؤ سامان اٹھاؤ سب چیزیں پاک کرتے پھرو کوئی معمولی کپڑا وغیرہ ہو تب بھی خیر بڑا فرش ہے اب سکو کون پاک کرتا پھر دریافت فرمایا کہ اسکو لایا تھا کیوں عرض کیا کہ لوگ بہکا دیں ہیں کہ لیکر جاؤ فرمایا کہ لوگ بہکا دیں ہیں اور ہم بھگا دیں ہیں جاؤ اسکو گھر پہونچا کر پھر تعویذ لیجاؤ۔

(ملفوظ نمبر ۳۹۴) فرمایا کہ ایک صاحب کا خط آیا ہے عجب بیہودہ سوال کیا ہے لکھتے ہیں کہ میرے لئے میری اصلاح بہتر ہے یا میرے اہل و عیال کی۔ میں نے لکھدیا ہے کہ کلیات لکھکر سوال کرنا خلاف اصول ہے جزئیات ظاہر کر کے اپنی پوری حالت لکھو اور پھر رائے معلوم کرو۔

(ملفوظ نمبر ۳۹۵) قبل از نماز مغرب حضرت والا نے وضو فرمایا اور بعد اذان مغرب روزہ افطار فرما کر حوض کے کنارے پر کلی فرما رہے تھے۔ ایک صاحب ایسی ہیئت سے جا کر حضرت والا کے پاس کھڑے ہوئے

Marfat.com

جس سے حضرت والا کو یہ محسوس ہوا کہ یہ میرے ہٹ جانیکے انتظار میں ہیں اور ساتھ ہی یہ بھی حضرت کو شبہ ہوا کہ یہ میرے وضوء کے بچے ہوئے پانی کو بطور تبرک استعمال کریں گے اس سے حضرت والا کے قلب پر بار اور گرانی ہوئی اور لوٹے کے پانی کو گرا دیا اسلئے کہ ایک تو بعض اوقات اپنے سامنے ایسا اظہار عقیدت کرنا حضرت والا کو ناگوار ہوتا ہے دوسرے اس موقع پر خصوصیت سے انتظار کی صورت بنا کر کھڑا ہونا حضرت والا کو موجب اذیت ہوا اس شخص نے محض حصول تبرک کی دُھن میں ایذا کا خیال نہ کیا اسلئے حضرت والا تبرکات وغیرہ میں ایسے شغف کو ناپسند فرمایا کرتے ہیں۔ چنانچہ یہی خیال سبب ہوا لوٹے کے پانی گرانیکا ۱۲ جامع ؕ حضرت والا فارغ ہو کر حوض پر سے تشریف لے آئے تو یہ صاحب اُسجگہ پر پہونچے اور پہونچکر لوٹے کو جھانکا حضرت والا انکی اس حرکت کو برابر ملاحظہ فرماتے رہے اور یہ شبہ جو احتمال کے درجہ میں تھا لوٹے کے جھانکنے پر یقین کے درجہ میں ہو گیا اسپر حضرت والا نے مواخذہ فرمایا کہ مجھکو تمہاری اس حرکت سے اذیت پہونچی تم کیوں وہاں پر کھڑے تھے اور بعد میرے چلے آنیکے لوٹے کو کیوں جھانکا اسپر یہ صاحب خاموش رہے اور بولے بھی تو نہایت آہستہ سے کوئی صاف جواب نہیں دیا جواب میں تاخیر حضرت والا کے زیادہ تکدر کا سبب ہوا دو تین مرتبہ کے مطالبہ کے بعد عرض کیا کہ پانی لینا مقصود نہ تھا بلکہ کلی کرنا مقصود تھا فرمایا کہ کیا بلا پانی کے کلی ہوا کرتی ہے عرض کیا کہ کلی کیلئے پہلے سے منہ میں پانی تھا فرمایا تو پھر لوٹے کو کیوں جھانکا تھا عرض کیا کہ لوٹے کو تو نہیں جھانکا فرمایا کہ مجھکو اندھا بناتے ہو میں نے خود جھانکتے ہوئے دیکھا جھوٹ بھی بولتے ہو اسپر اور حضرت والا کے لہجے میں تغیر ہو گیا پھر فرمایا کیا کلی کرنے کو وہی جگہ رہ گئی تھی اور جگہ نہ رہی تھی اتنا بڑا مدرسہ اور خانقاہ ہے جہاں پر میں کھڑا تھا وہی ایک جگہ تھی۔ عرض کیا کہ مجھکو کلی کرنا تھی۔ فرمایا بندۂ خدا اپنی ہی ہانکے چلے جاتے ہو دوسرے کی سُنکر سمجھ کر تو جواب دینا چاہیئے آخر مجھکو تو تمہاری اس حرکت سے اذیت پہونچی بار ہوا گرانی ہوئی آخر تمکو کیا حق تھا مجھکو اذیت پہونچانیکا چھینٹ چھینٹکر تمام احمق میرے ہی حصہ میں آ گئے ہیں دنیا بھر کے بیوقوف میرے پاس آتے ہیں فہم کا نام نہیں ہوتا کھڑا ہے بت کی طرح جواب کیوں نہیں دیتا کیوں مجھکو ستایا کیا اپنی غلطی کا اقرار کرنا جرم ہے کیا تو نے لوٹوں کو جھانکا نہیں۔ عرض کیا کہ جھانکا تھا فرمایا کیا اس انتظار میں نہیں کھڑا تھا کہ یہ ہٹے تو میں اسجگہ پر کلی وغیرہ کروں عرض کیا جی فرمایا اب اقرار کرتا ہے اپنی

Marfat.com

غلطی کا جب مجھے اچھی طرح پریشان کر چکا بد تمیز بد تہذیب پھر فرمایا کہ خاموش کھڑا ہے خوب تاویلیں سوچ لے اور اپنے ارمان نکال لے اسپر بھی یہ صاحب خاموش رہے فرمایا بندہ خدا معافی تو چاہ لی ہوتی۔ عرض کیا میں حضور سے معافی چاہتا ہوں فرمایا کہ کہنے ہی سے تو چاہی خود تو معافی چاہنے کی توفیق نہ ہوئی فرمایا کہ بلا کہے معافی کیوں نہیں چاہی اسمیں کیا مصلحت تھی عرض کیا کہ ڈر کی وجہ سے فرمایا معافی چاہنے میں تو ڈر تھا اور نہ چاہنے میں ڈر نہ ہوا جو بات بھی ہے ہر بات بد تمیزی کی کوئی بات بھی تو عقل کی نہیں بلا وجہ مجھکو اذیت پہونچائی کیا ہوا تم لوگوں کو کیا ہاتھ میں تسبیح لینا اور تہمد باندھنا ہی آتا ہے آخر انسان میں اور جانور میں کوئی فرق بھی ہونا چاہئے یا نہیں فرمایا چپ کیوں ہے نالائق جواب دے نماز کو دیر ہوئی جاتی ہے منہ کھولکر صاف بات کہو اسپر یہ صاحب کچھ بولے جسکو حضرت والا نہ سمجھ سکے فرمایا کہ یہ شخص نہ معلوم کیا انگریزی سی بولتا ہے عرض کیا کہ قصور ہوا فرمایا اب کہتا ہے قصور ہوا قصور جب اچھی طرح ستا لیا گیا جب سے زبان سل گئی تھی فرمایا کہ میں اپنی ضرورت سے کھڑا تھا یہ شخص برابر کھڑا رہا مجھپر اسقدر بار ہوا اور اذیت پہونچی کہ میں پریشان ہوگیا اسی وجہ سے میں نے لوٹے کا پانی پھینکدیا کہ شاید اس لالچ میں کھڑا ہے اب تو ٹلے گا مگر ٹلا نہیں اُسپر یہ کیا کہ لوٹے کو جھانکا اب تاویلیں کرتا ہے اور اگر مان ہی لیا جائے کہ سب تاویلیں صحیح ہیں تو ابہام کا اسکے پاس کیا جواب ہے لیے لیسے آتے ہیں ستانے کو عین نماز کے وقت میرے قلب کو پریشان کیا یہ فرماتے ہوئے حضرت والا نماز مغرب پڑھانے کیلئے مصلے پر تشریف لیگئے۔

## ۲۲ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

## مجلس خاص بوقت صبح یوم یکشنبہ

(ملفوظ ۳۹۶) فرمایا کہ کل مغرب کے وقت اُن صاحب نے ایک چھوٹی سی بات پر کسقدر ستایا اور پریشان کیا مجھے اپنے پر بھی تعجب ہے کہ میں نے کیوں ذراسی بات پر اُن سے اسقدر مواخذہ کیا اور انپر بھی ہے کہ ذرا سے مقصود کیلئے اسدرجہ مجھکو اذیت پہونچائی جب مجھے معلوم ہوا کہ بلا ضرورت میرے انتظار میں کھڑے ہیں تو کیا اسپر مجھکو کلفت اذیت نہ ہوتی اور خیر یہ بیچارے تو نئے آدمی ہیں ان سے ایسا ہوجانا کوئی زیادہ تعجب بھی نہیں پرانے بھی ستاتے ہیں اور بعد میں یہ معلوم کرکے کہ طالب علم نہیں

Marfat.com

ہیں اور بھی رنج ہوا اسلئے کہ اگر طالب علموں کو کچھ کہہ لوں تو ان پر تو میں اپنا ایک قسم کا حق سمجھتا ہوں اور غیر طالب علم پر ناخوش ہونے سے دل کڑھتا ہے۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت انکو اس کا رنج ہو رہا ہے کہ میری وجہ سے حضرت کو تکلیف ہوئی اور اذیت پہونچی حضرت مجھ سے خفا ہوگئے۔ فرمایا کہ واقعہ ختم ہونیکے ساتھ ہی بحمد اللہ میرا قلب صاف ہو جاتا ہے میں خفا نہیں ہوں نیز میں خفا تو جب ہوتا کہ اس سے میری کوئی مصلحت فوت ہوتی مگر اسمیں کچھ میری مصلحت تھوڑا ہی ہوتی ہے طالب ہی کی مصلحت سے ایسا کرتا ہوں تاکہ آئندہ کو کان ہوں پھر ایسی نالائقی کی حرکت نہ کریں جس سے دوسرے کو اذیت ہو اور میں سچ عرض کرتا ہوں کہ عین غصہ کی حالت میں بھی میرے قلب میں اسکی محبت ہوتی ہے اسی وجہ سے اکثر درگذر کر جاتا ہوں اسکی بنا محبت ہی ہوتی ہے۔ ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ ڈاکٹر ...... صاحب نے بڑی اچھی بات کہی وہ یہ کہ جب حضرت کی طرف سے کسی کو ذرا تکلیف نہیں پہونچتی تو پھر لوگ کیوں تکلیف پہونچاتے ہیں۔ فرمایا بالکل ٹھیک کہا میں اگر دوسرے کی راحت کی رعایت نہ کرتا تو مجھکو دوسروں کی عدم رعایت کی بھی بالکل شکایت نہ ہوتی لیکن جب میں ہر طریق اور ہر صورت سے اسکا اہتمام کرتا ہوں کہ میری ذات سے کسی پر ذرہ برابر گرانی اور بار نہ ہو ایسی حالت میں میرا یہ بھی مطالبہ ہوتا ہے اور حق ہوتا ہے کہ مجھکو بھی کوئی مت ستاؤ۔ پھر فرمایا کہ یہ اس قسم کی حرکتیں اور گڑبڑیں خود رائی سے ہوتی ہیں خود رائی بہت ہی بری اور مذموم چیز ہے گو رائی ہی کی برابر ہو صوفیہ کے یہاں اسکے مٹانے اور فنا کرنیکا بڑا اہتمام ہے یہ سب خرابیوں کی جڑ ہے اسی سے تمام امراض روحانی کا نشو و نما ہوتا ہے۔ پھر فرمایا کہ یہ باب تو بالکل مسدود بلکہ مفقود ہی ہوگیا کہ اپنے سے کسی کو تکلیف نہ پہونچے میں اپنے ہی لئے نہیں کہتا کہ مجھکو تکلیف نہ پہونچاؤ مجھکو اذیت نہ پہونچاؤ سب کے لئے کہتا ہوں کسی کو بھی کسی قسم کی تکلیف کسی سے نہ پہونچے اسکا بڑا اہتمام رکھنا چاہئے نہ معلوم اسکو دین کی فہرست سے کیوں نکالدیا گیا اسکا اہتمام ہی نہیں اسکو کسی نے لیا ہی نہیں کہ کسی کو تکلیف نہ ہو نہ قول سے نہ فعل سے نہ رفتار سے نہ گفتار سے نہ نشست سے نہ برخاست سے بطور مزاح کے حضرت والا نے فرمایا کہ یہ کلی (مضمضہ) کی ایسی جزئی ہوئی کہ کچھ کہا نہیں جاتا۔ ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت وہ صاحب معتکف ہیں شاید اسوجہ سے آگے نہ بڑھے ہوں فرمایا کہ یہ سب کچھ سہی اگر ایسا تھا تو ان کو اس طریق سے کھڑا ہونا چاہئے

Marfat.com

تھا جس سے مجھے شبہ نہ ہوتا کہ یہ میرے انتظار میں کھڑے ہیں میرا گمان یہ ہوا اور یہ میرا گمان قرین قیاس تھا کہ یہ تبرک کے انتظار میں کھڑے ہیں مجھے ایسی باتوں سے گرانی ہوتی ہے میں پیر پرستی کرانا نہیں چاہتا خدا پرستی کرانا چاہتا ہوں پیر پرستی اگر کرنی ہے تو ایسے پیر دنیا میں بکثرت ہیں وہاں جائیں ان کے یہاں نہ تعلیم ہے نہ روک ٹوک ہے نہ محاسبہ ہے نہ مواخذہ ہے صرف چوما چاٹی ہے میں نے نہ اپنے بزرگوں کو ایسی باتیں پسند فرماتے ہوئے دیکھا نہ مجھکو پسند ہیں آج صبح یہ معلوم کرکے کہ طالب علم نہیں ہیں اور بھی رنج ہوا بیچارے کسی دفتر میں ملازم ہیں بطور مزاح کے فرمایا کہ اسی واسطے آواز صاف نہ تھی منہ میں پانی تھا دف تر ہوگیا تھا دیکھئے ایک ذرا سی بات خود بھی اتنے پریشان ہوئے کہ اتنی دیر تک منہ میں پانی لئے کھڑے رہے اور مجھکو بھی پریشان کیا۔

(ملفوظ ۳۹۷) فرمایا کہ دف تر ہونے پر یاد آیا ایک گروہ ہے عورتوں کا یعنی ڈومنیاں اُنکا پیشہ ہی گانے بجانے کا ہے یہ دف بجاتی ہیں آگ پر سکھا کر بجاتی ہیں یہ بھی ایک عجیب گروہ ہے۔ یہاں بحمد اللہ اب اس قسم کی رسومات کا بہت کچھ انسداد ہوگیا ہے میں نے سنا ہے کہ یہ گروہ گانے بجانے والی عورتوں کا مجھکو کوستا ہے کہ جس طرح گانے بجانے سے منع کرکے ہماری جائداد کھودی اسی طرح انکی بھی جائداد جاتی رہے۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت انکے کوسنے کا کوئی اثر ہوتا ہے فرمایا جی نہیں کیا خاک اثر ہوتا کوسنا نیک کام تھا کہ جسکی وجہ سے حق تعالیٰ مواخذہ فرمائیں کہ کیوں انپر ظلم کیا گیا۔

(ملفوظ ۳۹۸) فرمایا کہ میاں محمد مظہر (سب سے چھوٹے بھائی) کی شادی بالکل سادی ہوئی تھی صرف ایک بہلی تھی اُسمیں ایک میں ایک مظہر ایک مولوی شبیر علی جو اُسوقت بچے تھے اُنکو اسلئے ساتھ لیلیا تھا کہ شاید گھر میں آنے جانے یا کسی بات کے کہلانیکی ضرورت ہو۔ وہاں پر پہونچکر معلوم ہوا کہ وہاں بھی کوئی گڑبڑ نہیں صرف خاص خاص عزیزوں کی دعوت ہے جنکی تعداد چھ سات سے زائد نہ تھی اور یہ لوگ بھی وہ تھے جو خاندان میں شمار تھے مگر یہ لوگ بھی خفا تھے محض اسوجہ سے کہ رسوم کیوں نہیں کیگئیں مجھکو جب یہ معلوم ہوا میں نے لڑکی والوں سے کہا کہ صاف کہدو اگر جی چاہے شریک ہو جائیں ورنہ اپنے گھر بیٹھے رہیں ہمیں ضرورت نہیں شریک کرنیکی ان لوگوں نے دعوت ہی قبول نہ کی تھی مگر میرا یہ صفائی کا جواب سنکر سیدھے ہوگئے اور سب ہاتھ دھو دھو کر دسترخوان پر آبیٹھے بعد میں معلوم ہوا کہ لڑکی کی ماں اس اختصار سے بڑی ہی شکر گذار ہوئیں اور کہنے لگیں کہ اگر زیادہ بکھیڑا ہوتا تو ایک سوئی کا بار

Marfat.com

تھا میرے پاس وہ بھی جاتا اور قرض لینا پڑتا اس پر حضرت والا نے ہار کی مناسبت سے مزاحاً فرمایا گلوگیر بھی ہوتا اور برادری کی جیت ہوتی اور انکی ہار۔ یہ لڑکی کی ماں میرے بڑے گھر میں کی حقیقی خالہ ہوتی تھیں اسلئے میں بھی انکو عرفاً خالہ ہی کہتا تھا میں نے ان سے پوچھا کہ لڑکی کو رخصت کس وقت کرو گی کہنے لگیں بھائی صبح کو جلدی تو رخصت نہیں ہو سکتی اسلئے کہ جلدی میں نہ کچھ کھاؤ گے اور نہ کچھ ٹھیرو گے میں نے کہا کہ کھانا تو پکاکر ساتھ کر دو جہاں بھوک لگیگی کھا لینگے اور ٹھیرنیکی کوئی ضرورت نہیں۔ جب انھوں نے پھر اپنی رائے کا اعادہ کیا تب میں نے کہا بہت اچھا جب تم رخصت کرو گی ہم اسیوقت چلے جائینگے لیکن یہ بات یاد رکھو کہ اگر دیر سے رخصت کیا تو نماز ظہر کا وقت راستہ میں ہوگا اسلئے کہ نو کوس جگہ ہے اور میں اپنے اہتمام میں لڑکی کی نماز قضا ہونے نہ دونگا اور بلا عذر کے بہلی میں نماز ہو نہیں سکتی تو لڑکی کو بہلی سے اترنا پڑیگا اور یہ بھی تم سمجھتی ہو کہ لڑکی نئی نویلی ہوگی پہنے اوڑھے ہوگی عطر تیل خوشبو وغیرہ بھی لگا ہوگا اور یہ مشہور ہے کہ کیکر وغیرہ کے درخت پر چھتنی دغیرہ رہا کرتی ہیں سو اگر کوئی چھتنی چپٹ گئی تو میں ذمہ دار نہیں چونکہ عورتوں کے مذاق کے موافق گفتگو تھی سمجھ میں آ گئی کہنے لگیں نہ بھائی میں نہیں روکتی جب تمہارا جی چاہے جا سکتے ہو۔ میں نے کہا کہ بعد نماز فجر فوراً ہی سوار کر دو انھوں نے قبول کر لیا اب جب صبح ہوئی چلنے کا وقت ہوا تو ایک رسم ہے بکھیر کی دلہن کی رخصت کیوقت بستی کے اندر اندر کچھ روپیہ پیسہ کی بکھیر کیجاتی ہے میں نے یہ کیا کہ کچھ روپیہ مساکین کو تقسیم کر دیا اور کچھ مساجد میں دیا محض اسوجہ سے کہ لوگ بخل و دناءت کا شبہ نہ کریں اس سادگی کے متعلق یہ روایت سنی گئی کہ لوگ کہتے ہیں کہ شادی اسکو کہتے ہیں قلب کے اندر تازگی شگفتگی انشراح معلوم ہوتا ہے یہ دنیاداروں نے کہا واقعی شریعت پر عمل کرنے سے ایک نور پیدا ہوتا ہے۔ اب ولیمہ کا قصہ سنئے میں نے کسی کی دعوت نہیں کی کھانا پکوا کر گھروں پر بھیجدیا ایک بی بی نے کھانا واپس کر دیا کہ یہ کیسا ولیمہ میں نے کہا نہیں قبول کرتی انکی قسمت جانے دو انکا خیال یہ تھا یہ منائینگے خوشامد کریں گے مگر ہمیں ضرورت ہی کیا تھی گھر سے کھلائیں اور الٹی خوشامد کریں صبح کو وہی بی بی آئیں کہنے لگیں کہ رات کا کھانا لاؤ میں نے کہا کہ وہ تو رات ہی ختم ہو گیا یہ سنکر بڑی ہی دلگیر ہوئیں کہ میری ایسی قسمت کہاں تھی کہ ایسی برکت کا کھانا نصیب ہوتا ان دنیاداروں کا دماغ یونہی درست ہوتا ہے اہل دین کو تو ذرے استغنا برتنا چاہیئے انکو جتنا چمٹو یہ زیادہ اینٹھ مروڑ کرتے ہیں۔

(ملفوظ ۴۹۳) فرمایا کہ میری علاتی ہمشیرہ کی جو شادی ہوئی تھی اسمیں سب رسوم مروجہ ہوئیں تھیں۔

Marfat.com

اسکا قصد یہ ہے کہ اُسکی والدہ کو عورتوں نے بہکایا اور یہ سمجھایا کہ تمہاری ایک ہی تو بچی ہے دل کھولکر شادی کرو باقی اگر یہ اندیشہ ہے کہ وہ (یعنی میں) شرکت نہ کریگا تو نکاح میں تو شرکت ہوہی جائیگی اور جن رسموں کو بُرا کہتے ہیں اسمیں شرکت نہ کرینگے نکاح تو سنت ہے اسمیں تو ضرور ہی شریک ہونگے والدہ بیچاری بہکائے میں آگئیں۔ برات آنیکا دن جمعہ کا تھا میں نے بھینسانی (ایک گانوٴ ہے) والوں سے کہلا بھیجا کہ جب جمعہ پڑھنے آوٴ ایک بہلی لیتے آنا اور قصبہ سے باہر کھڑی کر دینا میں بعد جمعہ تمہارے یہاں آؤنگا وہ لوگ جمعہ کی نماز کو آنے ہی تھے تو ایک بہلی ہمراہ لیتے آئے میں نے نماز جمعہ کی جامع مسجد میں پڑھی اور باہر ہی سے باہر بہلی میں بیٹھکر بھینسانی پہونچ گیا یہاں پر کسی سے ذکر نہیں کیا حتی کہ گھر والوں تک کو بھی خبر نہ کی برات آگئی دن ختم ہوا یہی خیال رہا سبکو کہ ہوگا یہیں مسجد وغیرہ میں جب مغرب کا بعد ہوگیا تب نکاح پڑھانیکے لئے تلاش ہوئی میں نہ ملا تو بھائی صاحب نے مختلف اطراف میں آدمی بھیجے ایک آدمی بھینسانی بھی آیا میں عشاء کی نماز پڑھکر لیٹ گیا تھا جس مقام پر میں ٹھہرا ہوا تھا ایک آنے والیکی آہٹ معلوم ہوئی میں نے کہا کہ غالباً تھانہ بھون کا آدمی آیا اسلئے کہ خیال تو تھا ہی وہ آدمی آیا مجھسے ملا میں نے کہا وہاں جاکر کہدینا کہ میں زندہ ہوں اطمینان رکھو اور اگر اور وں پر اختیار نہ تھا تو اپنے نفس پر تو اختیار تھا خود اپنے کو بچالیا اور میں صبح کو آجاؤنگا انشاء اللہ تعالی اسکو وہیں پر رہا صبح کو بھی دیر کرکے چلا اس خیال سے کہ ایک براتی کی بھی صورت نہ دیکھوں پھر تو میری شرکت نہ کرنے کی وجہ سے سارے خاندان نے توبہ کی کہ بڑی واہیات ہوئی اب آئندہ کبھی ایسا نہ کرینگے جب سے اللہ کا فضل ہی خاندان میں کبھی کوئی رسم نہیں ہوتی۔ گانوں والوں کا خیال سنئے یہاں سے بھینسانی دوسو مالئے روپیہ گھی خریدنے کیلئے بھیجے گئے تھے وہ لوگ کہتے تھے کہ ہم لوگوں کو خیال ہوا تھا جب مولویوں کے گھر دوسو مالئے روپیہ کا گھی ایک گانوں سے جارہا ہے اور دوسری جگہ سے بھی ضرور آیا ہوگا جب گھی کا اتنا صرفہ ہے اور اجناس میں نہ معلوم کسقدر صرفہ ہوگا تو اب ہم بھی دل کھولکر شادیاں کیا کریں گے چاہے گھر کی جائدادیں فروخت ہو جائیں سو اگر اسوقت آپ یہاں نہ آتے تو ہمارے یہاں بھی شادیوں میں ایسا ہی ہوتا جسکا انجام گھر کی بربادی ہوتی آپنے یہاں آکر ہمارا گانوں بچالیا اور ایسا ہوگیا جیسے اپنے پاس سے گانوں ہمکو دیا ہو واقعی اگر میں وہاں نہ جاتا اور یہاں پر رہتا گو شریک نہ ہوتا مگر کسکو معلوم ہوتا کہ شرکت کی یا نہیں کی عوام پر بہت بڑا اثر ہوتا۔ اب یہاں پر قصبہ میں یہ حالت ہے کہ کسیکو

ان رسوم کی پابندی نہیں رہی اب اگر کوئی صرف بھی زائد کرے تو اسکا نام نہیں نہ کرے کچھ ملامت نہیں اور رسوم مباحہ کے متعلق یہی درجہ مقصود ہے ۔

(ملفوظ ۳۸۳) فرمایا کہ قصبہ رامپور میں ایک رئیس مولوی صاحب کے لڑکے کی ختنہ تھی اپنے سب حضرات بھی اسمیں مدعو تھے مجھکو بھی بلایا گیا تھا میں بھی چلا گیا اصلاح الرسوم اس سے پہلے لکھ چکا تھا میں نے پہلے سے طے کر لیا تھا کہ میں قاضی انعام الحق صاحب کے مکان پر ٹھہرونگا اور وجہ میں نے یہ بیان کی تھی کہ مجمع میں بعضے بڑے ہونگے میں اُن کے ادب میں رہونگا اور بعضے چھوٹے ہونگے وہ میرے ادب میں رہیں گے نہ مجھکو راحت ملیگی نہ انکو اور اس تقریب میں حضرت مولانا محمود حسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت مولانا خلیل احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ بھی تشریف لائے تھے ۔ میں قاضی انعام الحق صاحب کے مکان پر ٹھیرا عشا کے وقت میں نے دیکھا کہ نائی عام بلاوا دیتا پھرتا ہے میں نے دریافت کیا کہ یہ بلاوا کیسا ہے اُس نے کہا کہ تمام برادری کی دعوت ہے میں کھٹک گیا کہ گڑبڑ معاملہ ہے اور ظاہر تفاخر ہے ساتھ ہی اسکے یہ خیال ہوا کہ تو اصلاح الرسوم لکھ چکا ہے اگر شرکت کی تو کتاب کا خاک اثر نہ رہیگا میں نے قاضی انعام الحق صاحب سے مشورہ کیا کہ یہ معاملہ کی صورت ہے اسمیں کیا کرنا چاہئے اُنھوں نے جواب دیا کہ برادری کا معاملہ ہے میں اسمیں کوئی مشورہ نہیں دیسکتا مجھ پر سب الزام آپڑیگا میں نے خود سوچکر تجویز کیا کہ میں آپ کے باغ میں جاتا ہوں وہاں کسی کا خیال بھی نہ جائیگا اور وہیں شریک ہونیسے بچ جاؤنگا نہ ہونگا نہ شریک ہونگا گو اسمیں مجھکو بعض کلفتیں ہونگی مگر کچھ بھی ہو شرکت مناسب نہیں میں اُس زمانہ میں تصانیف کا کام کر رہا تھا سفر میں سامان تصنیف کا بھی ساتھ رکھتا تھا اُسوقت بھی ضروری سامان ساتھ تھا اُسکو لیکر اخیر شب میں مشروط باغ میں پہونچگیا ۔ یہ باغ قصبہ سے قدرے فاصلے پر ہے بڑی فضا کی جگہ ہے نہر بھی اُسکے قریب ہے ایک کنواں بھی اسمیں ہے غرضکہ بڑی ہی تفریح کی جگہ ہے وہاں بیٹھا ہوا لکھتا رہا ۔ یہ باغ (عہد قضاء) کی وجہ سے شاہی عطیہ تھا اصل میں اسکا نام تھا مشروط بالقضا اب صرف مشروط رہگیا ۔ اب صبح کو میری تلاش ہوئی قاضی انعام الحق صاحب سے دریافت کیا کہ وہ کہاں ہے انھوں نے جواب دیا مجھکو معلوم ہے مگر بتلانیکی اجازت نہیں اس پر بیحد زور دیا کہ بتلاؤ اُنھوں نے کہا کہ اس سے میرا تعلق دینی کا ہے بتلا نہیں سکتا چاہے کچھ بھی ہو لیکن یہ اطمینان رکھیے کہ میری شرکت مشورہ وغیرہ کی کچھ نہیں

لوگ کہنے لگے کہ گھر میں ہے انھوں نے کہا کہ میں پردہ کرائے دیتا ہوں آپ خود دیکھ لیں مگر وہ مکان میں نہیں ہے خواہ مخواہ خود بھی تکلیف اٹھاؤ گے اور مجھے بھی تکلیف دوگے مختلف سڑکوں پر بھی ڈھونڈا گیا مگر میں کہاں ملتا جھلا کر رہ گئے میں ریل کے وقت بارغ ہی سے باہر باہر اسٹیشن پر پہونچ گیا اسٹیشن پر مولوی معین الدین صاحب نانوتوی ملے وہ بھی اس ہی تقریب کی شرکت کے لئے آئے تھے کہنے لگے کہ میں تو تم سے لڑنے آیا تھا یہ انھوں نے اس وجہ سے کہا کہ انھوں نے بھی ایک مرتبہ ایک تقریب میں مدعو کیا تھا میں نے انکار کردیا تھا کہنے لگے کہ یہ سوچکر چلا تھا یہ کہونگا کہ غریب آدمیوں کے یہاں شرکت سے انکار کرتے ہو اور امیروں کے یہاں شرکت کرتے ہو مگر جب تم کو نہ پایا اب لڑائی ہی کی گنجائش نہ رہی اور کہنے لگے کہ اب میں بھی شریک نہ ہونگا جب تم ہی شریک نہ ہوئے غرضکہ گاڑی آگئی میں تو اسمیں بیٹھکر یہاں پر آگیا ۔ وہاں پر بڑی گڑبڑ ہوئی اسلئے کہ ایک جماعت وہاں بدعتیوں کی بھی ہے دریہ سنا ہے کہ جہاں جہاں حضرت سید صاحب کے قدم پہونچگئے وہاں پر بدعت کا زور نہیں رہا اور جہاں پر نہیں پہونچے وہاں پر بدعت کا زور ہے واللہ اعلم) یہاں پر تھانہ بھون میں بھی حضرت سید صاحب تشریف لائے ہیں بحمد اللہ یہاں پر کوئی جماعت بدعتیوں کی نہیں ہے ویسے ہی لوگ کچھ معمولی طریق پر اس خیال کے ہیں باقی کوئی خاص جماعت نہیں قصبہ رامپور میں بدعت کا قدرے زور ہے سو بدعتیوں نے ایک مضمون تیار کیا اُس مضمون کا خلاصہ یہ تھا کہ مصنف اصلاح الرسوم نے اپنی رائے سے رجوع کر لیا ہے اور رسوم میں شرکت کی ہے اور مشورہ یہ ہوا کہ اسکی دستی نقلیں کرکے کوچہ و برزن میں جابجا چسپاں کردو بوڑھوں نے منع کیا بوڑھوں میں عقل ہوتی ہے تجربہ ہوتا ہے کہ جلدی مت کرو رات درمیان میں ہے صبح کو دیکھ لوکہ شرکت کرتے ہیں یا نہیں کہیں قبل از وقت کوئی کام کر گذرو پھر ذلت اٹھانی پڑے صبح کو دیکھا جائیگا صبح کو انکو یہ معلوم ہوا کہ اُس نے شرکت نہیں کی کہنے لگے کہ بات رکھ لی (یعنی میں نے) یہاں کے بھی بعض حضرات تقریب میں شریک تھے اُنھوں نے بھی میرے متعلق بڑے بڑے لیکچر دیئے یہاں ایک لطیفہ ہوا میں قرآن شریف سورۂ نمل پڑھ رہا تھا۔ اسمیں ہدہد کا قصہ آیا میں نے ایک دوست کو بلا کر کہا کہ

Marfat.com

دیکھو قرآن شریف میں میرے اس واقعہ کی نظیر اور تائید موجود ہے ان آیات میں وتفقد الطیر فقال مالی لا اری الھدھد ام کان من الغائبین لاعذبنہ عذابا شدیدا او لاذبحنہ او لیاتینی بسلطن مبین۔ فمکث غیر بعید فقال احطت بمالم تحط بہ وجئتک من سبا بنبا یقین انی وجدت امراۃ تملکھم واوتیت من کل شئ ولھا عرش عظیم وجدتھا وقومھا یسجدون للشمس من دون اللہ وزین لھم الشیطن اعمالھم فصدھم عن السبیل فھم لایھتدون جیسے وہاں ہدہد کی تلاش ہوئی تھی میری تلاش ہوئی۔ ہمارے محاورہ میں ہُدہُد بیوقوف کو کہتے ہیں اور میں بھی بیوقوف ہی سا ہوں مثل ہُدہُد کے ام کان من الغائبین۔ ہُدہُد سلیمان علیہ السلام کے لشکر سے غائب ہوا میں بھی اس مجمع تقریب سے غائب ہوگیا تھا اسکی سزا لاعذبنہ او لاذبحنہ تجویز کیگئی تھی مجھکو بھی برا بھلا کہا گیا ملامت کی گئی کہ یہ بھی ذبح نفس ہے ہُدہُد نے ایک ایسی چیز کی خبر دی جسکا علم حضرت سلیمان علیہ السلام کو نہ تھا اس سے معلوم ہوا کہ کسی واقعہ حسیہ کا علم اگر ناقص کو ہو کامل کو نہ ہو ممکن ہے اسی طرح اگر مفاسد عوام کی مجکو خبر ہو اور اکابر کو نہ ہو تو مستبعد نہیں اور جیسے وہاں بلقیس عورت کی سلطنت تھی ایسے ہی یہاں پر بھی عورتوں کی حکومت تھی جن کیوجہ سے یہ رسوم ہوئیں اور حیات میں کسی کے علم کا زائد ہونا یہ کوئی کمال نہیں واقعات جزئیہ میں ممکن ہے کہ چھوٹوں کا علم بڑوں سے بڑھا ہوا ہو جیسے ایک جانور ہُدہُد کا علم ایک نبی سے جزئی خاص میں بڑھا ہوا تھا سو جیسے اس علم

ع اور ایک بار یہ قصہ ہوا کہ سلیمان نے پرندوں کی حاضری لی تو ہُدہُد کو نہ دیکھا فرمانے لگے کہ یہ کیا بات ہے کہ میں ہُدہُد کو نہیں دیکھتا کیا کہیں غائب ہوگیا۔ میں اوس کو غیر حاضری پر سخت سزا دوں گا یا اوس کو ذبح کر ڈالوں گا یا وہ کوئی صاف حجت اور عذر غیر حاضری کا میرے سامنے پیش کرے سو تھوڑی ہی دیر میں وہ آگیا اور سلیمان سے کہنے لگا کہ میں ایسی بات معلوم کرکے آیا ہوں جو آپ کو معلوم نہیں ہوئی اور اجمالی بیان اوس کا یہ ہے کہ میں آپکے پاس قبیلہ سبا کی ایک تحقیق خبر لایا ہوں میں نے ایک عورت کو دیکھا کہ وہ اون لوگوں پر بادشاہی کر رہی ہے اور اوس کو سلطنت کے لوازم میں سے ہر قسم کا سامان میسر ہے اور اوس کے پاس ایک بڑا اور قیمتی تخت ہے۔ میں نے اوس کو اور اوس عورت کی قوم کو دیکھا کہ وہ خدا کی عبادت کو چھوڑ کر آفتاب کو سجدہ کرتے ہیں اور شیطان نے اون کے ان اعمال کفریہ کو اون کی نظر میں مرغوب کر رکھا ہے اور اون کو راہ حق سے روک رکھا ہے سو وہ راہ حق پر نہیں چلتے۔ ۱۲

Marfat.com

سے سلیمان علیہ السلام پر ہُد ہُد کو فضیلت نہیں ہو سکتی ایسی ہی مجھکو بھی اپنے اکابر پر فضیلت نہیں ہو سکتی البتہ ہمارے حضرات علوم مقصودہ میں بڑھے ہوئے ہیں اور یہ علوم مقصودہ میں سے نہ تھا۔ ایک مولوی صاحب محض اصلاح الرسوم کے متعلق گفتگو کرنیکے لئے تشریف لائے بڑے جوش میں تھے کہنے لگے کہ مجھکو اصلاح الرسوم کے بعض مقامات پر شبہات ہیں اُن میں گفتگو کرنا چاہتا ہوں۔ میں نے کہا کہ بڑی خوشی سے مگر معاف کیجئیگا میری بے ادبی اور بے تہذیبی آپکو تین باتوں پر قسم کھانا ہوگی۔ ایک تو یہ کہ واقعی میرے دل میں شبہ ہے محض تصنیف نہیں کیا گیا دوسرے یہ کہ اس شبہ کا جواب میرے ذہن میں نہیں۔ تیسرے یہ کہ صرف تحقیق مقصود ہے اپنے کسی بڑے کی نصرت مقصود نہیں۔ ان تینوں باتوں پر قسم کھائیےگا پھر جو شبہ ہو فرمائیے حضرت اس سے سب شبہات ختم ہوگئے سمجھے کہ قسم بڑی ٹیڑھی کھیر ہے۔ اپنی ہی جماعت کے ایک بزرگ نے بذریعہ خط مشورہ دیا کہ آپ اصلاح الرسوم پر نظر ثانی فرمادیں میں نے جواب میں لکھا کہ میں نظر ثانی نظر ثالث نظر رابع سب کر چکا ہر نظر کا وہی نتیجہ نکلا جو نظر اول کا تھا آپ اصلاح فرمادیں میں اُسکو شائع کردونگا لیکن اگر اُس سے لوگوں کو ان رسوم میں ابتلا ہوگیا تو آپ ذمہ دار ہونگے پھر اُن بزرگ نے اسکا کوئی جواب نہیں دیا۔ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے عرض کیا کہ حضرت آپنے تو اس تقریب میں شرکت فرمائی اور فلاں شخص نے (یعنی میں نے) شرکت نہیں کی یہ کیا بات ہے۔ جواب میں فرمایا کہ بھائی ہمنے فتوے پر عمل کیا اُس نے تقوے پر عمل کیا یہ تو تواضع کا جواب تھا مگر اسی طرح کا ایک صاحب نے حضرت مولانا محمود حسن صاحب رح سے سوال کیا حضرت نے محققانہ جواب دیا کہ عوام الناس کے مفاسد کی جیسی اُسکو خبر ہے ہمکو خبر نہیں حضرت نے حقیقت ہی کو ظاہر فرمادیا۔ ایک صاحب نے آکر مجھسے یہ بھی کہا کہ فلاں صاحب نے تمہاری نسبت ایسے ویسے الفاظ بھی کہے اگر آپ چاہیں تو میں نام بھی بتلا سکتا ہوں۔ میں نے کہا کہ نہیں بھائی مجھکو کیوں لوگوں سے بدگمان کرتے ہو اور ایسے موقع پر اکثر یہ شعر پڑھ دیا کرتا ہوں ؎

تو بھلا ہے تو برا ہو نہیں سکتا اے ذوق ہے برا وہ ہی کہ جو تجھکو برا جانتا ہے
اور اگر تو ہی برا ہے تو وہ سچ کہتا ہے پھر برا کہنے سے کیوں اُسکے برا مانتا ہے

اور ایسے موقع پر یہ شعر بھی پڑھا کرتا ہوں ؎

دوست کرتے ہیں ملامت غیر کرتے ہیں گلہ کیا قیامت ہے مجھی کو سب برا کہنے کو ہیں

اور فرمایا کہ میری تو یہ حالت ہے ؎

خود گلہ کرتا ہوں اپنا تو نہ سُن غیروں کی بات ہیں یہی کہنے کو وہ بھی اور کیا کہنے کو ہیں

یعنی جب میں خود اپنی ردی حالت کو لوگوں پر کھولتا رہتا ہوں اور کسی بات کو مخفی نہیں رکھتا تو دوسروں کو کہنے سُننے کی تکلیف اُٹھانیکی کون ضرورت ہے یہ تو عیب گوئی کے متعلق میرا مذاق ہے باقی عیب شوئی اور جواب دہی کے متعلق یہ مذاق ہے کہ میں تو اپنے دوستوں سے بھی اپنی نصرت کا خواہاں نہیں یہ سب غیر ضروری چیزیں ہیں ان سے بچکر آدمی ضروری کام میں لگے۔

## ۲۳ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

## مجلس خاص بوقت صبح یوم دوشنبہ

(ملفوظ ۴۸۷) فرمایا کہ ریت سے حروف خشک کرنیکی پُرانی رسم ہے اور مجھکو بھی یہ ہی پسند ہے اس سے حروف پھیکے نہیں پڑتے جاذب سے حروف پھیکے پڑجاتے ہیں اور بھی کھانے اتنک بھی ریت ہی سے خشک کیے جاتے ہیں اس سے حروف کی حفاظت رہتی ہے۔

(ملفوظ ۴۸۸) حضرت والا کو کسی دوسری جگہ اپنے ایک عزیز کے یہاں کچھ سامان بھیجنا تھا وہ سامان ایک چھوٹی سی گٹھڑی کی شکل میں بندھا ہوا تھا اتفاق سے ایک صاحب اُس مقام پر جانیوالے تھے حضرت والا نے اپنے خادم نیاز سے فرمایا کہ یہ صاحب تشریف لیجارہے ہیں آپکے وہ سامان سپرد کر دیا جاوے بوقت سپرد کرنیکے حضرت والا نے فرمایا کہ اگر آپ پر ذرہ برابر بھی گرانی ہو تو آدمی پہلے سے تجویز کر لیا گیا ہے وہ اس سامان کو لیکر چلا جائیگا اُن صاحب نے نہایت لجاجت کے لہجہ میں عرض کیا کہ مجھ کوئی گرانی نہ ہوگی اور وہ صاحب سامان اُٹھا کر اسٹیشن کے ارادہ سے چلدیئے حضرت والا نے فرمایا کہ اسٹیشن تک اس سامان کو پہونچانیکے لئے نیاز جائیں گے یہ ہی کیا تھوڑا ہے کہ وہاں جانیسے یہ بچا اور کفایت بھی ہوئی اُن صاحب نے اسپر اصرار کیا کہ میں خود ہی اسٹیشن تک اس سامان کو لیجاؤنگا کوئی زیادہ وزن نہیں حضرت والا نے فرمایا کہ آپکو وزن نہیں معلوم ہوتا میرے قلب سے اسوقت پوچھیے کہ اسمیں کتنا وزن ہے اور ایسا ہرگز نہیں ہوسکتا کہ اسٹیشن پر بھی آپ ہی لیجائیں ریل سے آگئے تو آپ ہی لیجائیں گے مجبوری ہے

Marfat.com

مگر یہاں تو کوئی مجبوری نہیں وہ صاحب خاموش ہو گئے اور نیاز جا کر اسٹیشن پر وہ سامان پہونچا آئے۔

(ملفوظ ۳۴۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے مکتوبات میں قسم کھا کر لکھا ہے کہ میں کچھ نہیں ہوں بعضے مخالف کہتے ہیں کہ ہم تو حضرت کو سچا سمجھتے ہیں ہمارا بھی یہی عقیدہ ہے کہ وہ کچھ نہ تھے (استغفر اللہ) ایک مولوی صاحب اپنے ہی مجمع کے اور حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے جاں نثاروں میں سے انکو ایک شبہ ہو گیا اعتقاد تو نہیں گیا مگر یہ کہنے لگے کہ ہمارے اعتقاد میں اور حضرت کے فرمانے میں تعارض ہے اگر حضرت کے ارشاد کو صحیح سمجھیں تو ہمارا معتقد ہونا باطل ہے اور اگر معتقد رہتے ہیں تو حضرت کیطرف خلاف واقع کی نسبت لازم آتی ہے۔ میں نے کہا کہ مولوی صاحب ایسی بات آپ جیسے شخص سے تعجب ہے میں اسکی حقیقت آپ سے عرض کرتا ہوں وہ یہ ہے کہ کمالات کی دو قسمیں ہیں۔ ایک کمالات واقعہ اور ایک کمالات متوقعہ سو ہم حضرت کے جن کمالات کے معتقد ہیں وہ کمالات واقعہ ہیں اور حضرت جن کمالات کی نفی فرماتے ہیں وہ کمالات متوقعہ ہیں۔

(ملفوظ ۳۴۴) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت اپنے بزرگوں کے متوسلین میں جسقدر اتباع سنت اور احکام کی پابندی دیکھی یہ بات کسی اور بزرگوں کے متوسلین میں دیکھنے میں نہیں آئی فرمایا کہ اپنے بزرگوں کے متوسلین میں بھی انہی میں یہ بات دیکھی جاتی ہے جنکو صحبت میسر ہو گئی ورنہ بہت کم یہ بات پیدا ہوتی ہے یہ ایک رنگ ہے بدون صحبت کے یہ رنگ ہو نہیں سکتا جیسے مشہور ہے کہ خربوزہ کو دیکھکر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے یہ مقولہ بالکل صحیح ہے دیکھکر بھی رنگ بدل جاتا ہے۔

(ملفوظ ۳۴۵) فرمایا کہ جو شان تحقیق کی حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ میں دیکھی وہ کسی میں نہیں دیکھی مولوی شاہ بہاؤالدین صاحب امروہی نے طائف میں چلہ کھینچا حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے شکایت کی کہ کوئی نفع نہیں ہوا معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ناراض ہیں فرمایا کہ اگر ہم ناراض ہوتے تو تمہیں چلہ ہی کی توفیق نہ ہوتی اسمیں حضرت نے یہ مسئلہ بتلا دیا کہ شیخ کی کدورت موجب خذلان ہوتی ہے ایک صاحب ذاکر شاغل تھے اپنے حالات پیش کر کے حضرت حاجی صاحب سے عرض کیا کہ یہ سب حضرت ہی کا فیض ہے فرمایا نہ بھائی میں کچھ نہیں دیتا یہ سب تمہارے ہی اندر ہے اسی کا ظہور ہو جاتا ہے اور اسپر مثال فرمائی کہ جیسے نائی کے سر پر خوان ہوتا ہے اور اسمیں ہر چیز ہوتی ہے جسکے پاس وہ خوان آتا ہے وہ اسمیں سے کوئی چیز اٹھا کر نائی کو دیدیتا ہے تو وہ اپنے پاس سے دینا تھوڑا ہی ہے بلکہ سب کچھ اسکے ہی پاس تھا اسکو خبر نہ تھی اب خبر ہو گئی

Marfat.com

حضرت کی یہ شان تو تھی عرفان کی اب شان شیخت سنئے کہ اسی کی ساتھ یہ بھی فرمایا کہ مگر تم ایسا نہ سمجھنا
ایک اور واقعہ بیان فرمایا کہ ایک شخص نے حضرت سے کہا کہ اللہ اللہ کرنیسے کوئی نفع نہیں ہوا فرمایا کہ یہ
کیا تھوڑا نفع ہے کہ اللہ اللہ کرتے ہو عجیب بات فرمائی اسی سلسلہ میں صاحب ملفوظات نے فرمایا کہ ایک
شخص اپنی بیوی سے کہا کرتا تھا کہ تو بہت نماز پڑھتی ہے نماز پڑھنے سے تجکو کیا ملا مجھے اگر کہتا تو میں جواب
میں کہتا کہ نماز ملتی ہے۔ سودا بڑا گستاخ تھا اپنی بیوی سے کہا کرتا کہ تم نماز پڑھتی ہو کیا ملیگا وہ کہتی کہ
جنت ملیگی اسپر کہتا کہ اچھا وہاں بھی ان ہی ملانوں کے اور مؤذنوں کے غریبوں ہی کیساتھ رہیگی دیکھ ہم دوزخ
میں جائینگے وہاں پر بڑے بڑے رئیس ہونگے بڑے بڑے لوگ ہونگے شداد نمرود فرعون قارون ہم اُنکے
ساتھ ہونگے مسخرہ پن تھا کوئی عقیدہ تھوڑا ہی تھا مگر ایسا تمسخر بھی سخت بیہودگی ہے۔ ایک مولوی صاحب نے
کسی بات پر عرض کیا کہ حضرت کفر کا اندیشہ ہے اس پر فرمایا کہ کفر بڑی مشکل سے آتا ہے ہاں اندیشہ کفر
میں میں بھی متفق ہوں باقی کفر کو تو کوئی ہاتھ جوڑ جوڑ کر بلاوے تب بھی مشکل ہی سے آتا ہے۔

(ملفوظ ۲۸۷) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا
مذاق اسقدر محققانہ اور مربیانہ ہے کہ کبھی کسی کو پریشانی ہوہی نہیں سکتی حضرت اس فن کے مجدد تھے
امام تھے کیسی پاکیزہ اور تسلی بخش تعلیم ہے جو اوپر کے ملفوظ میں گذری کہ کیا یہ نفع نہیں ہے کہ اللہ تعالی کا نام
لیتے ہو اسکا حاصل یہ ہوا کہ یہ سوال کہ اللہ کا نام لینے سے کیا نفع ہوا جب کر وجب کہ ذکر اللہ مقصود
بالغیر ہو اب تبلایئے کہ جو شخص ذکر کو مقصود سمجھیگا اُسکو کیا پریشانی ہوگی اسلئے کہ پریشانی تو
مقصود حاصل نہ ہونے پر ہوا کرتی ہے۔

(ملفوظ ۲۸۸) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت آجکل جاہل صوفی کہا کرتے ہیں کہ ہمکو جنت کی
خواہش نہ دوزخ سے ڈر فرمایا کہ حقیقت سے بے خبری اسکا سبب ہے اور صریح مخالفت ہے نصوص کے احکام
کی یہ بیہیں باتیں بگھارتے ہیں مرجانیکے بعد اگر جنت نہ ملے تب حقیقت معلوم ہوگی۔ باقی مغلوبین کے
کلام میں اگر ایسا مضمون پایا جاوے اُسکا منشاء دوسرا ہے۔

(ملفوظ ۲۸۹) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ جنت سے استغنا نہیں ہوسکتا اُسکی
تمنا بھی جائز اُسکی طلب بھی جائز۔ بلکہ مامور بہ۔

(ملفوظ ۲۹۰) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ایک مناجات منظوم ہے چھپی ہوئی جسمیں جگہ جگہ

Marfat.com

یہ مصرعہ ہے۔ کہ میری بار کیوں دیر اتنی کری۔ فرمایا کہ جی ہاں سُنا ہے نہایت گستاخی کا طرز ہے اور جناب اسکا تو کوئی جاہل مصنف معلوم ہوتا ہے بعض کو اہل علم ہونیکا دعویٰ ہے اُنکی تصانیف میں ایسی خرافات ہیں جن کو دیکھنے اور پڑھنے سے رونگٹا کھڑا ہوتا ہے اور ایسے مضامین اکثر فضائل نبویہ میں بیان کئے جاتے ہیں جو دوسرے انبیاء علیہم السلام کی تنقیص کے موہم ہو جاتے ہیں۔ اور حضور کو اور انبیاء پر فضیلت دینے میں اکثر عنوان نہایت گستاخانہ ہو جاتا ہے بات یہ ہے کہ انبیاء میں اور حضور میں کامل اور اکمل بلکہ اکمل اور اکمل الکاملین کا تفاوت ہے، کامل و ناقص کا تفاوت نہیں بات یہ ہے کہ ایک فضائل تو ہیں منصوص اُنکے بیان کرنے میں کوئی حرج نہیں اور ایک ہیں مستنبط اسمیں سخت احتیاط کی حاجت ہے انبیاء علیہم السلام کے تفاضل کا مسئلہ نہایت ہی نازک ہے اور مصنفین اسی کو بڑے زور سے قیاس کی بناء پر بگھارتے ہیں میں اسکے متعلق ایک معیار بیان کیا کرتا ہوں کہ اگر فرضاً تمام انبیاء علیہم السلام مع حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے سب ایک جگہ جمع ہوں تم یہ سوچو کہ وہ اپنے مضامین تفاضل کے متعلق اُس مجلس میں بھی سب حضرات کے سامنے پڑھ سکتے ہو یا کہہ سکتے ہو اس معیار کو مستحضر کر کے وہی کلام منہ سے نکالو جسکو سب کے سامنے بلکہ حساب کے روز حق تعالیٰ کے سامنے بھی عرض کر سکو یہ ایک مراقبہ ہے یہ میں نہیں کہتا کہ نیت بھی تنقیص کی ہے مگر دیکھ لیجئے کہ اُسکا مدلول کیا ہے اسی سلسلہ میں فرمایا کہ ہمارے حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ ایک چشتی اور ایک قادری میں جھگڑا ہوا کہ حضرت غوث پاک کا مرتبہ افضل ہے یا خواجہ اجمیری صاحب کا حضرت نے فیصلہ فرمایا کہ بھائی یہ جھگڑے کی بات نہیں قادریوں کے تو حضرت غوث پاک باپ ہیں اور خواجہ صاحب چچا اور چشتیوں کے حضرت خواجہ صاحب باپ ہیں اور حضرت غوث صاحب چچا تعلق خواہ باپ سے زیادہ ہو مگر تنقیص چچا کی بھی جائز نہیں۔ اُن قادری صاحب نے کہا کہ جب حضرت غوث پاک نے فرمایا قدمی ھٰذہ علیٰ رقاب اولیاء اللہ تو حضرت خواجہ صاحب نے گردن جھکا دی اور فرمایا بل علی راسی وعینی تو اسمیں خود خواجہ صاحب نے اقرار فرمایا اُنکی افضلیت کا حضرت نے جواب میں فرمایا کہ اس سے تو اسکے عکس پر بھی استدلال ہو سکتا ہے کہ انکا عروج بڑھا ہوا تھا اور انکا نزول اور طریق میں نزول افضل ہے عروج سے پھر فرمایا یعنی صاحب ملفوظ نے کہ اگر ان بزرگوں میں کسی وجہ سے لڑائی بھی ہو تو ایسا ہے جیسے دو شیر لڑتے ہیں اور گیدڑ

Marfat.com

صاحب فیصلہ کے لئے بیچ میں کودیں اسی تفاضل کے سلسلہ میں فرمایا کہ ایک شخص حضرت حافظ صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے مرید تھے اور حضرت حاجی صاحب کی مجلس میں حاضر تھے اُنکے دل میں خطرہ ہوا کہ معلوم نہیں حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت حافظ صاحب رحمۃ اللہ علیہ میں سے بڑا کون ہے اللہ کے نزدیک حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ اس خطرہ پر مطلع ہوئے فرمایا کہ میاں ایسا خیال بہت بُری بات ہے تمہیں سیراب کرنیکے لئے تو دونوں کافی ہیں تمہیں اسکی کیا ضرورت کہ کون بادل بڑا ہے اور کس میں پانی زیادہ ہے۔

(ملفوظ ۴۱۳) فرمایا کہ آج ایک جگہ سے افطار کی دعوت آئی ہے مگر میں معذور ہوں کہیں آنے جانیسے اس آنت کی تکلیف کی وجہ سے ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت یہ تو بڑی تکلیف ہے فرمایا اس سے زائد نہیں یہی محل شکر ہے ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ جب مجھ پر کوئی مصیبت آتی ہے تو تین وجہ سے شکر واجب سمجھتا ہوں ایک تو یہ کہ اس سے زائد نہ ہوئی دوسرے یہ کہ دین پر کوئی آفت نہ آئی تیسرے یہ کہ جزع فزع نہ کیا اللہ تعالیٰ نے صبر عطا فرمایا۔ فرمایا کہ سبحان اللہ بالکل صحیح ہے۔

(ملفوظ ۴۱۴) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میرا مذہب یہ ہے کہ سب مسلمان بزرگ ہیں اور ولی ہیں اللہ ولی الذین آمنوا[ع] سے تمام اہل ایمان کی ولایت عامہ ثابت ہوتی ہے اور بڑا گروہ یہی ہے انکا نور ایمان اگر ذرہ برابر بھی متشکل ہو جائے تو چاند اور سورج ایکدم اُسکے سامنے ماند ہو جائیں۔

(ملفوظ ۴۱۵) ایک مولوی صاحب کے ایک سوال کے جواب میں فرمایا کہ ہر مسلمان میں نور ایمان ہے گو اُسکے آثار پورے طور پر ظاہر نہ ہوں اسکی ایسی مثال ہے جیسے کوئی حسین اپنے چہرہ کو سیاہی مل لے اور اُسکا حسن مستور ہو جائے مگر جس وقت صابن سے دھوئیگا چاند سا مکھڑا نکل آئیگا ایسے ہی بعض مسلمانوں کا نور ایمان بوجہ معصیت کے مستور ہے مگر جس وقت توبہ کریگا اور کثرت استغفار کریگا انشاء اللہ تعالیٰ قلب منور نظر آنے لگیگا۔

(ملفوظ ۴۱۶) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک صاحب مجھسے کہنے لگے کہ وسوسے آتے ہیں قلب میں میں نے کہا کہ وہ اندر نہیں ہوتے باہر ہوتے ہیں کیونکہ اندر تو صرف عقائد ہوتے ہیں اور میں نے یہ مثال

[ع] اللہ تعالیٰ ساتھی ہے اون لوگوں کا جو ایمان لائے ۱۲

بیان کی کہ جیسے آئینہ پر مکھی بیٹھے تو بظاہر تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ اندر ہے مگر حقیقت میں وہ اندر نہیں ہوتی باہر ہوتی ہے مگر جو حقیقت سے بے خبر ہے وہ یہ ہی سمجھیگا کہ اندر ہے باقی تکلیف میں خیال کو بہت بڑا دخل ہے مگر خیالی ایذاؤں کا علاج خیال ہی سے ہوتا ہے خیال کو بدل دینے سے بڑی تکلیف سے نجات ملجائیگی بس یہ خیال کیا کرو کہ وساوس قلب کے اندر نہیں باہر ہیں اور اگر اندر ہی فرض کرلیا جاوے تو یہ مت سمجھو کہ وساوس باہر سے اندر آرہے ہیں بلکہ یہ سمجھو کہ اندر سے باہر نکل رہے ہیں اسلئے کہ نکلنے کے وقت بھی تو گھر کے دروازہ پر ہجوم نظر آتا ہے اور اصل علاج تو یہ ہے کہ چاہے آرہے ہوں یا جارہے ہوں اُنکی طرف التفات ہی نہ کرو نہ جلبًا نہ سلبًا اکثر لوگ خطوط میں وساوس کی شکایت لکھتے ہیں میں اُن سے پوچھتا ہوں کہ اختیار سے آتے ہیں یا بدون اختیار اور اُن کو بُرا سمجھتے ہو یا اچھا وہ لکھتے ہیں بدون اختیار کے آتے ہیں اور ہم بُرا سمجھتے ہیں میں لکھدیتا ہوں کہ بس بفکر رہو۔ ایکمرتبہ حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو ایکبار وضو کے بعد یہ وسوسہ ہوا کہ تو موزوں کا مسح کرنا بھولگیا حضرت نے دوبارہ مسح کرلیا اگلے وقت پھر وہی وسوسہ اب ایک بلا پیچھے لگ گئی اسپر حضرت فرماتے تھے کہ ایکبار عین مصلے پر وہی وسوسہ ہوا خیال ہوا کہ یقینًا یہ شیطانی وسوسہ ہے آج اسپر عمل نہ کرنا چاہئے شیطان سے مکالمہ شروع ہوگیا وہ کہتا ہے کہ مسح نہیں ہوا کر تو مولانا فرماتے ہیں نہیں ہوا نہ سہی وہ کہتا ہے جب مسح نہیں ہوا تو وضو نہ ہوا مولانا کہتے ہیں وضو نہیں ہوا نہ سہی کہتا ہے کہ جب وضو نہ ہوا تو نماز نہ ہوگی مولانا کہتے ہیں کہ نماز نہ ہوگی نہ سہی کہتا ہے کہ گنہگار ہوگے مولانا کہتے ہیں کہ میں آپ کی خیرخواہی سے باز آیا جہاں اور بہت سے گناہ ہوتے ہیں ایک یہ بھی سہی بس ترکی ختم پھر کبھی وہ وسوسہ نہ آیا تو ایسی صورت میں یہ ہی مناسب ہے بعض مرتبہ رکعت کی تعداد میں نماز پڑھتے ہوئے گڑبڑ کردیتا ہے اُسکی طرف التفات نہ کرنا چاہئے ورنہ ہمیشہ کے لئے ایک مرض لگ جائیگا۔ ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ ایسا کرنا حضرات فقہا کی تفصیل کے خلاف ہوگا۔ فرمایا کہ فقہا فرماتے ہیں اُن لوگوں کے متعلق جو وساوس کے مریض نہیں اور صوفیہ اُن کے متعلق تجویز کرتے ہیں جو وساوس کے مریض ہیں اسمیں کوئی تعارض نہیں اور نہ کوئی شبہ وارد ہوتا ہے بلکہ خود روایات فقہیہ حضرت مولانا کے عمل درآمد

Marfat.com

کے موافق پائی جاتی ہیں فی الدر المختار شک ھل کبر للافتتاح اولا او احدث اولا او مسح راسہ اولا استقبل ان کان اول مرۃ والا لا فی رد المحتار عن الذخیرۃ فی آخر العبادۃ ان کان ذلک اول مرۃ استقبل الصلاۃ والا جاز لہ المضی ولا یلزمہ الوضوء ولا غسل الثوب اھ وعن الخلاصۃ شک فی بعض وضوئہ وھو اول شک غسل ماشک فیہ وان وقع لہ کثیرا لم یلتفت الیہ ھذا اذا شک فی خلال وضوئہ فلو بعد الفراغ منہ لم یلتفت الیہ اھ آخر باب سجود السہو اسی سلسلہ میں حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ایک خادم کا قصہ بیان فرمایا کہ اُسکو اسقدر وہم تھا کہ غسلخانہ میں پاجامہ اُتار کر استنجا پاک کیا کرتا تھا حضرت اُس سے مزاحًا فرمایا کرتے تھے کہ ؎

سگ بہ دریائے ہفتگانہ بشوئے چوں کہ تر شد پلید تر باشد

دوسرا یہ واقعہ بھی دیوبند ہی کا ہے مدرسہ کے ایک فارغ التحصیل کو وہم ہوگیا تھا کہ میرے سر نہیں۔ حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ سُنکر پہونچے اور دریافت فرمایا کہ تمہارے سر نہیں۔ عرض کیا کہ حضرت نہیں۔ حضرت نے جوتہ نکالکر سر پر مارنا شروع کیا اوس نے واویلا مچایا کہ حضرت مرگیا چوٹ لگتی ہے فرمایا کہ کہاں چوٹ لگتی ہے عرض کیا کہ حضرت سر میں فرمایا کہ سر تو ہے ہی نہیں چوٹ کے کیا معنی عرض کیا کہ حضرت سر ہے فرمایا کہ اب تو کبھی نہ کہو گے کہ نہیں عرض کیا کہ نہیں چھوڑ دیا وہ وہم جاتا رہا اور ساری عمر بھی یہ مرض وہم کا نہ ہوا یہ حضرات حکیم تھے حقیقت کو سمجھتے تھے۔ حضرت مولانا غصیار ے مشہور ہیں مگر نہایت ہنس مکھ اور نہایت خوش اخلاق تھے۔

## ۲۳ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

### مجلس بعد نماز ظہر یوم دوشنبہ،

(ملفوظ ۱۹۴) فرمایا کہ ایک صاحب کا خط آیا ہے اُسمیں میرے نام کتابوں کی فرمائش لکھی ہے ایسے

---

ع اگر شک ہوا کہ تکبیر تحریمہ کہی ہے یا نہیں یا وضو ٹوٹ گیا ہے یا نہیں یا سر کا مسح کیا ہے یا نہیں۔ تو اگر یہ شبہ اول بار ہوا ہے تو اسپر عمل کرے اور اگر بار بار ہونے لگے تو اوس شبہ پر عمل نہ کرنا جائز ہے ۱۲ ؛

Marfat.com

بیہودہ لوگ ہیں اور جواب کیلئے کارڈ بھی نہیں یہ سمجھے ہونگے کہ جب کتابیں منگا رہا ہوں تو جوابی کارڈ کی کیا ضرورت ہے بندہ خدا نے یہ خیال نہیں کیا کہ کیا انھوں نے میرے نام کا کوئی اشتہار دیکھا تھا کہ جو میرے نام کتابوں کی فرمایش بھیجی کچھ نہیں نہ کوئی اصول ہے نہ کوئی قاعدہ جو جی میں آتا ہے کرتے ہیں مجھکو اسکا بھی تلق ہے کہ یہ تین پیسے اُن کے فضول ہی خراب گئے۔

(ملفوظ ۴۹۱) فرمایا کہ ایک وکیل صاحب ہیں اُن کا خط آیا ہے لکھا ہے کہ میرا اتنا روپیہ بنک میں ہے اب یہ تحقیق ہوا کہ ناجائز ہے دین کا خسارہ ناقابل برداشت ہے دنیا کا خسارہ گوارا کرلونگا فرمایا کہ جب دین کا خیال ہوتا ہے انسان سب کچھ کرلیتا ہے مگر لوگونکی کچھ عادت ہوگئی ہے کہ بلا تحقیق کام کر بیٹھتے ہیں پھر مشکل ہوتی ہے بعض طبیعتیں بکھیڑا پسند ہوتی ہیں۔ صفائی طبیعتوں میں بہت کم رہگئی ہے خواہ مخواہ لوگ جھگڑے مول لیتے ہیں اور بعض تو ایسی طبیعت کے لوگ ہیں کہ دوسروں کے کاموں میں گھستے پھرتے ہیں یہ ہی صاحب جنکا خط آیا ہے ان کی بھی یہ ہی حالت ہے ایسی باتوں سے بعض اوقات دین برباد ہوجاتا ہے ایسے شخص کو ضرورت ہے کہ تھوڑے دنوں کیلئے تو بالکل بیکار ہو کر کسی مصلح کے پاس رہ لے لوگ دونوں کندھے ہاتھ رکھنا چاہتے ہیں مگر کیسے ہو سکتا ہے مولانا اسی کو فرماتے ہیں ؂

ع۵ ہم خدا خواہی وہم دنیائے دوں — ایں خیال است ومحال است وجنوں

خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ حضرت مجھکو اس تصور سے وحشت ہوتی ہے کہ پھر نوکری پر چلے جائینگے وہاں جا کر پھر وہی بکھیڑا سر پڑیگا فرمایا کہ جو چیز غیر اختیاری ہے یا ضرورت کی ہے وہاں تو بندہ مجبور ہے اور اُس سے دین پر بھی کوئی اثر نہیں پڑتا اور جو اختیار میں ہے اور ضروری بھی نہیں اس سے تو بچنا چاہیئے۔ کام کرنے والوں کی تو یہ حالت ہوتی ہے کہ ایک وزیر تھا بادشاہ کا وہ کسی بزرگ کی زیارت کو حاضر ہوا بزرگ نے وزیر سے بادشاہ کا مزاج دریافت کیا وزیر نے عرض کیا کہ حضرت بادشاہ کا مزاج معلوم کرتے کرتے تو عمر گذر گئی یہاں پر تو آیا تھا اپنا مزاج معلوم کرنے مگر یہاں پر بھی بادشاہ ہی کے مزاج کی پرسش ہوئی بزرگ صاحب نے فرمایا کہ میں نے تمہاری دلجوئی

ع۵ تم حق تعالیٰ کا قرب (بدرجہ کمال جسقدر بندہ کی قدرت میں ہے) بھی چاہتے ہو۔ اور دنیا کو بھی (بدرجہ کمال) حاصل کرنا چاہتے ہو تو یہ محض خیال اور جنون ہے ۱۲

Marfat.com

کی غرض سے پوچھ لیا تھا پھر کبھی ایسا نہیں ہوا اور وزیر کی اصلاح و تربیت شروع فرمادی دیکھئے وزیر کو طلب صادق تھی کیسی خوش فہمی کی بات کہی۔

(ملفوظ) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت التقصیر فی التفسیر کی تسہیل اگر ہو جائے تو بہت نافع ہو فرمایا کہ نافع تو سب ہی کچھ ہے مگر آجکل تو وہ گڑبڑ مچی ہوئی ہے کہ کس کس چیز کی اکیلا انسان اصلاح کرلے بہت ہی مشکل ہے اسکے لئے تو ایک خاص اور مستقل محکمہ کی ضرورت ہے۔

(ملفوظ) ایک صاحب نے حضرت والا کی خدمت میں پرچہ پیش کیا حضرت والا نے ملاحظہ فرماکر فرمایا کہ مسان کا تعویذ مجھے نہیں آتا اگر کہو تو ایک اور مولوی صاحب ہیں جو مسان کا تعویذ جانتے ہیں انکا پتہ لکھدوں بذریعہ خط ان سے تعویذ منگا لینا۔ عرض کیا کہ حضرت پتہ لکھدیں حضرت والا نے پتہ لکھدیا اسی سلسلہ میں فرمایا کہ یہ کام عاملوں کا ہے مجھے ان چیزوں سے مناسبت نہیں اور تعویذ سے تو میں بہت ہی گھبراتا ہوں ویسے کوئی آجاتا ہے لکھدیتا ہوں مگر اس باب میں عوام کو بڑا غلو ہوگیا ہے اور یہ عاملوں کی بدولت کہاںتک کسی کی اصلاح کیجاوے اور کس کس چیز کی اصلاح کیجائے اونٹ رے اونٹ تیری کونسی کل سیدھی کروں سر سے پیر تک ایک سے ہوگئے وظائف و عملیات کی یہی حالت ہے اس سے تو لوگوں کے عقائد تک خراب ہوگئے اثر نہ ہونے پر سمجھتے ہیں کہ اللہ کے کلام میں بھی اثر نہیں اور ان باتوں پر اگر روک ٹوک کیجاوے تو بدنام کرتے ہیں مگر کریں بدنام حق کو کیسے مخفی رکھا جا سکتا ہے۔

(ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ کشمیر کے مسلمانوں کو تو خود ہندوؤں نے مشتعل کیا ہے وہ بیچارے تو امن و امان سے بیٹھے تھے اب انصاف ملاحظہ ہو کہ تمام ہندو اخبارات مسلمانوں ہی کے سر الزامات تھوپ رہے ہیں مسلمانوں کا سوائے خدا کی ذات کے اور کوئی حامی اور مددگار نہیں اور انکو اور کسی کی ضرورت بھی نہیں میں سچ عرض کرتا ہوں کہ اگر مسلمانوں میں نظم ہو اور دین ہو تو تمام دنیا کی غیر مسلم اقوام اس ضعف کی حالت میں بھی انکا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں لیکن مسلمان ویسے بہت کچھ گڑبڑ کرتے ہیں مگر جو اصل تدبیر ہے اور کام کی تدبیر ہے جس سے پہلوں کو کامیابی میسر ہو چکی ہے وہ نہیں کرتے وہ تدبیر یہ ہے کہ اپنے خدا کو راضی کرنے کی فکر کریں اب تو بڑی تدابیر انکی مشرکوں کی تعلیم پر عمل کرنا ہے اُن کو لوگ عاقل سمجھتے ہیں بھلا ایسا شخص کیا عاقل ہوگا جسکو انجام کی خبر نہیں گرایسے

Marfat.com

لوگ عاقل ہوتے تو آخرت کی فکر کرتے پہلے ایمان لاتے ہاں آجکل ہیں روپیہ اور ملک کی فکر ہے سو ایسے پہلے بھی بڑے بڑے گذر چکے ہیں جو خدائی تک کا دعوی کر گئے شداد نمرود فرعون قارون وہ کون چیز ہے جو نہ تھی جسکے نہ ہونے سے بدعقل اور بدفہم کہلائے بس یہی دین نہ تھا تو ان لوگوں کو تو دنیا میں بھی اتنی ثروت اور جاہ نصیب نہیں جیسی پہلوں کو نصیب ہو چکی کما قال تعالیٰ و لقد مکنا ھم فیما ان مکنا کم الآیہ مگر انکا جو انجام ہوا خسر الدنیا و الآخرۃ وہ اظہر من الشمس ہے اور ایسے لوگوں کی طرف جو کچھ بھی مسلمانوں کو میلان ہوا ہے یہ سب بددین لیڈروں کی بدولت اور وہی اسکے ذمہ دار ہیں ہزارہا مسلمانوں کے ایمان کو خراب و برباد کردیا انا للہ و انا الیہ راجعون ۔

(ملفوظ ۴۹۱) فرمایا فیروز پور چھاؤنی سے ایک وکیل صاحب کا خط آیا ہے اسمیں لکھا ہے کہ وکالت جائز ہے یا نہیں میں نے جواب لکھا ہے کہ کیا آپ کے پاس کوئی اور ذریعہ معاش ہے اب دیکھئے کیا جواب آتا ہے جیسا وہاں سے جواب آئیگا ویسا یہاں سے جواب جائیگا کسب حلال کے سلسلہ میں فرمایا کہ حضرت احمد بن حنبل سے ایک عورت نے مسئلہ پوچھا کہ حضرت ایک روز گھر میں تیل نہ تھا ایک رئیس کی سواری شب کو مکان کے سامنے سے گذری سلسلہ دراز تھا میں نے اپنے دروازہ میں بیٹھکر اس روشنی میں چرخہ چلایا نہ معلوم وہ تیل حلال تھا یا حرام اس سوت سے نفع حاصل کرنا جائز ہے یا نہیں ۔ دریافت فرمایا کہ تم کون ہو عرض کیا کہ میں بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ کی بہن ہوں فرمایا کہ اگر کوئی اور ہوتا تو اجازت دیدیتا بشر حافی رحمۃ اللہ کی بہن کو اجازت نہیں دیسکتا ۔

(ملفوظ ۴۹۲) ایک سلسلۂ گفتگو میں فرمایا کہ واجد علی شاہ شاہ اودھ عیش و نشاط میں پڑ کر واجد علی نہ رہا تھا فاقد علی ہو گیا تھا مگر بعضی باتیں اسکی بڑی ظرافت کی ہوتی تھیں بعض انگریزوں نے اس سے پوچھا کہ تم اپنی حیات تک وظیفہ چاہتے ہو یا بعد مرنیکے بھی پس ماندوں کے لئے وظیفہ چاہتے ہو کہا کہ صرف اپنی حیات تک ورثہ نے کہا یہ کیا کیا کہا کہ سب میرا مرنا تکتے اب سب دعا کرینگے کہ یہ بیٹھا رہے میں نے دعا کو مفت کے حاصل کر لئے عجیب ظرافت ہے اور انہیں کی حکایت ہے کہ کتبخانہ پر تو ایک کہار کو ملازم رکھا اور باورچیخانہ پر ایک مولوی صاحب کو کسی نے پوچھا یہ کیا کیا کہا کہ کہار کو علم سے کیا نسبت وہ جاہل ہے کتابیں نہ چرائیگا اور مولوی ایماندار ہیں اسلئے باورچیخانہ پر انکی ضرورت

۱۵۸ اور ہمنے اُن لوگوں کو ان باتوں میں قدرت دی تھی کہ تم کو ان باتوں میں قدرت نہیں دی ۱۲

Marfat.com

ہے کہ کوئی زہر وغیرہ کھانے میں نہ دیدے وہاں ایمان داری کی ضرورت ہے ۔

(ملفوظ ۴۲۱) فرمایا کہ ایک صاحب کا خط آیا ہے لکھا ہے کہ میں بہت دنوں سے حضرت والا سے بیعت کی درخواست کر رہا ہوں مگر حضور ہمیشہ حیلہ حوالہ ہی کرتے رہے میں نے جواب میں لکھدیا ہے کہ ایسے مکار اور بے رحم پیر سے تعلق رکھنا ہی بیکار ہے فرمایا ایسا لکھنے سے انکی اصلاح مقصود ہے تاکہ آئندہ ایسے الفاظ لکھنے سے باز رہیں اگر تاویلات سے کام لوں تو اصلاح ہو ہی نہیں سکتی اسکی ایسی مثال ہے کہ اگر طبیب بیٹھا ہوا مریضوں کے امراض میں تاویلات کیا کرے تو لکھ چکا نسخہ اور ہو لیا علاج ۔

(ملفوظ ۴۲۲) فرمایا کہ ایک خط آیا ہے لکھا ہے کہ پچھلے دنوں تخفیف کی خبر تھی آپنے دعاء فرمادی تھی رہ گیا تھا اب پھر تخفیف کی خبر ہے پھر دعاء کر دو اور اگر میں تخفیف میں آگیا تو تھانہ بھون کی اجازت دو وہاں آکر رہوں میں نے لکھدیا کہ دعاء تو کرتا ہوں باقی یہاں آنے کے متعلق جو لکھا ہے تو فرضیات پر تجویزیں کرنے کی ایسی مثال ہے کہ اگر لڑکا ہوگا اسکا کیا نام ہوگا اور کس حافظ کے سپرد ہوگا کہاں شادی ہوگی اور لڑکی کے متعلق بھی ایسی ہی شقیں نکل سکتی ہیں ابھی سے کس چکر میں پڑے میاں جو ہوگا ہو رہیگا خواہ مخواہ پہلے سے پہلے ہی خیالی پلاؤ پکانا اسکی ضرورت ہی کیا ہے نیز یہ فرض ایسا ہے جیسے ایک لڑکی کی شادی ہوئی ماں نے رخصت کیوقت وصیت کر دی کہ بیٹی ساس کے گھر جاکر بولنا مت اب بہو ہے کہ بولتی ہی نہیں ساس نے کہا کہ بہو بولتی کیوں نہیں کہا کہ میری ماں نے منع کر دیا تھا کہ ساس کے گھر بولنا مت ساس نے کہا کہ ماں تیری بیوقوف ہے تو بول کہا کہ بولوں ساس نے کہا کہ ضرور بول کہا کہ میں یہ پوچھتی ہوں کہ اگر تمہارا بیٹا مر گیا اور میں بیوہ ہوگئی تو مجھکو یونہی بٹھلائے رکھو گی یا کہیں نکاح بھی کر دو گی ساس نے کہا کہ تیری ماں نے سچ کہا تھا تو تو خاموش رہ تو صورتیں فرض کر کر کے حساب کتاب لگانا محض ایک وہم پرستی ہے ۔

(ملفوظ ۴۲۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی مقبولیت اسقدر اظہر من الشمس ہے کہ موافق اور مخالف سب ہی حضرت کے کمالات کے معترف ہیں اور حضرت کی مقبولیت کے ساتھ حضرت کی طرف نسبت رکھنے والی چیزوں کی بھی مقبولیت کا ایک واقعہ بیان کرتا ہوں وہ یہ کہ بھائی اکبر علی مرحوم کے مکان کے اندر حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ کے مکان کا حصہ جزو ہوکر آگیا ہے مگر عجیب بات ہے کہ وہ جس ہیئت پر تھا جزو ہو کر بھی

Marfat.com

اسی پر رہا حالانکہ قبل سے اسکا نقشہ آزادی سے بنوایا گیا تھا بلکہ اسوقت اسکی خبر بھی نہ تھی کہ یہ قطعہ حضرت کا مسکن تھا یہ بعد میں معلوم ہوا اسی طرح حضرت کی طرف اور بھی بعض عمارت منسوب ہیں وہ بھی اسی طرح اپنی ہیئت پر باقی ہیں میں تو یہ شعر پڑھا کرتا ہوں ؎

اگر گیتی [عہ] سراسر باد گیرد ۔ چراغ مقبلاں ہرگز نہ میرد

(ملفوظ ۲۲۴) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک صاحب نے مجھ سے سوال کیا کہ اہل نجد کے متعلق آپکی کیا رائے ہے میں نے کہا کہ رائے یہ ہے کہ وہ نجدی ہیں وجدی نہیں صرف یہی ایک کسر ہے نجدی ہونے کیساتھ اگر وجدی بھی ہوتے تو اچھا ہوتا اسوقت انکے پاس سے آنیوالوں سے میں یوں کہا کرتا ؎

باز گو [عہ] از نجد و از یاران نجد ۔ تا در و دیوار را آری بوجد

فرمایا کہ ابن سعود اپنی ذات سے بہت غنیمت ہیں اگر کوئی شکایت لوگوں کو ہے تو انکی قوم کی ہے مگر یہ شکایت کرنے والے ہی کون سے پاک صاف ہیں یہ بھی وہاں جاکر گڑبڑ کرتے ہیں وہ انکی حرکات کو تشدد سے روکتے ہیں یہ ہی ناگواری کا سبب ہے۔

(ملفوظ ۲۲۵) حضرت والا جلال آباد میں جو جبہ شریف مشہور ہے اسکے متعلق بیان فرما رہے تھے کہ عوام کے غلو کا اندیشہ ہے اسلئے ضرورت ہے کہ عوام کے دین کا تحفظ کیا جائے اسپر ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت یہ نعل شریف کا نقشہ یا حلیہ ٹھیک ہے فرمایا کہ کیا آپکو بولنا ہی زیادہ آتا ہے اسوقت یہ سوال ہی آپکا بے جوڑ ہے اب ہندی کی چندی کہاں تک کروں جبکہ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ عوام بڑھ نہ جائیں ان کے دین کی حفاظت کی ضرورت ہے اسمیں سبکا جواب آگیا۔ خلاصہ میرے بیان کا یہ ہے کہ اصل بات یہ ہے کہ یہ دیکھنا چاہئے کہ حضور نے زیادہ کس چیز کا اہتمام کیا اسی کا ہمکو بھی اہتمام چاہئے یہ سوال تو اسوقت کرنا چاہئے تھا کہ میں نہی میں غلو کی قید نہ لگاتا تو نفی کا موہم ہو سکتا تھا باقی اسمیں کوئی شبہ نہیں کہ حضور کی ہر چیز ایسی ہے کہ اسپر جان قربان کر دیجائے مگر عوام کے دین کی حفاظت بھی تو فرض ہے کہ وہ حدود سے نہ نکلجائیں ایک طرف تو لوگوں کی نظر ہوتی ہے اور دوسری طرف کو نظرانداز کر دیا جاتا ہے۔

---

عہ اگر ساری زمین میں آندھیاں چلیں مقبولان الٰہی کا چراغ ہرگز نہیں بجھ سکتا۔ عہ نجد اور یاران نجد کا قصہ بیان کرو۔ تاکہ در و دیوار کو وجد میں لے آؤ ۱۲

(ملفوظ ۴۲۵) تصوف کے متعلق ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ ابھی حضرت کس کا راز اور کسکا اخفا فن کو تو علی الاعلان پکار پکار کر یہ بانگ دہل ظاہر کرنا اور شایع کرنا چاہیے اسکی ہر بات صاف ہے میں تو فروع اور اصول سب کھلم کھلا ظاہر کر دیتا ہوں اسکی ضرورت ہے اور سخت ضرورت ہے اور اشد ضرورت ہے ہزاروں لاکھوں قسم کی گمراہیوں اور تلبیسوں میں لوگ مبتلا ہو رہے ہیں اور لاکھوں راہزن اس راہ پر لگے ہوئے ہیں اسلئے اظہار حقیقت کر کے اُن کے مصنوعی مسودوں کو خاک میں ملا دینے کی ضرورت ہے انھوں نے گمراہ کیا ہے اللہ کی مخلوق کو۔

## ۲۴ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

## مجلس خاص بوقت صبح یوم سہ شنبہ

(ملفوظ ۴۲۷) ایک سلسلہ گفتگو میں بعض مخترع القاب کے متعلق فرمایا خبر نہیں لوگ کس عبث اور فضولیات میں مبتلا ہیں اس سے ان لوگوں کے مذاق کا پتہ چلتا ہے کوئی شیخ الحدیث ہیں کوئی اُستاد الحدیث کوئی شیخ التفسیر کوئی شیخ الجامعہ یہ اس قسم کے جھگڑے ابھی شروع ہوئے ہیں ہمارے بزرگوں میں تو ان چیزوں کا نام و نشان بھی نہ تھا۔ ہمارے حضرات میں ایسے تھے کہ اُنکو امام الحدیث کہا جاتا تو بجا تھا مگر وہاں کچھ بھی نہ تھا یہ سب جاہ طلبی ہے اسی سلسلہ میں فرمایا کہ حضرت مولانا محمود حسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو جب کوئی شیخ الہند کہتا ہے تو میرے دل پر ایک تیر سا لگتا ہے اسلئے کہ شیخ العالم کو اور شیخ الاسلام کو شیخ الہند کہتے ہیں بہت ہی بُرا معلوم ہوتا ہے اسمیں حضرت کی تنقیص معلوم ہوتی ہے ان مدعیان محبت نے حضرت کی شان ہی کو نہیں پہچانا ہند کوئی سلطنت اسلامیہ ہے کہ جسکی وجہ سے شیخ الہند کہنے پر فخر ہے اور سب سے زیادہ اچھی اور خوبی کی بات تو وہی ہے جو پہلے اپنے بزرگوں میں تھی سادگی اُسی میں برکت ہے ان چیزوں میں برکت کہاں یہ سب نئی روشنی کا اثر ہے۔

(ملفوظ ۴۲۸) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر جو کتبہ ہے اُسپر شیخ الاسلام لکھا ہے فرمایا کہ ہاں یہ لقب ایسا ہے کہ پہلے سے اہل اسلام

Marfat.com

میں چلا آرہا ہے مضائقہ نہیں مگر مجھے معلوم نہ تھا کہ حضرت کے مزار پر ایسا کتبہ ہے میں نے آج ہی سُنا ہے۔

(ملفوظ ۴۲۹) فرمایا کہ آجکل تو وہ زمانہ ہے کہ مردہ بزرگوں کو بھی اپنی بیہودگیوں سے بدنام کرتے ہیں اور یہ ساری بدنامی معتقدین کی بدولت ہوتی ہے مولانا محمد نعیم صاحب لکھنوی نہایت متبع سنت سادہ صاحب نسبت صاحب برکت تھے خود غرض لوگوں نے اُنکی قبر کے متعلق مشہور کر دیا کہ یہاں پر بھوت پریت جن اترتے ہیں اب اُنکی قبر پر خوب مٹھائی پھول تباشے چڑھتے ہیں جیسے کچھوچھہ میں یہ ڈھونگ۔ اچھا نہیں معلوم ہوتا سیدھا سادھا رہنا چاہئے ایسی باتوں میں پڑ کر آدمی مقصود سے رہجاتا ہے اور وہ مقصود ہے تعلق مع اللہ۔

(ملفوظ ۴۳۰) فرمایا کہ تصنع تو بُری چیز ہے اسکو تو کیا اختیار کرتے ہمارے حضرات تو تواضع کا بھی پتہ نہ چلنے دیتے تھے ہنسکر ٹالدیا کرتے تھے ایکمرتبہ کا واقعہ ہے کہ میں مراد آباد کے جلسہ میں گیا تھا حضرت مولانا محمود حسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ بھی تشریف لیگئے تھے واپسی میں اسٹیشن پر سیوہارہ والوں نے حضرت سے درخواست کی کہ ایک وقت کی دعوت حضرت قبول فرمالیں حضرت نے قبول فرمالی پھر سیوہارہ والوں نے مجھسے بھی درخواست کی میں نے عذر کر دیا کہ میری طبیعت اچھی نہیں ہے اسلئے میں معذور ہوں لوگ یہ سمجھے کہ وعظ کی وجہ سے کہہ رہا ہے طبیعت جو اچھی نہیں وعظ نہیں کہہ سکتا۔ لوگوں نے کہا کہ ہم وعظ نہ کہلائیں گے۔ میں نے کہا کہ جہاں وعظ نہ ہو وہاں کی تو روٹیاں کھاتے ہوئے بھی شرم معلوم ہوتی ہے۔ تو حضرت مولانا کیا فرماتے ہیں کہ ہاں بھائی ایسے بے شرم تو ہم ہی ہیں مفت کی روٹیاں کھاتے ہیں۔ بس حضرت میں تو پانی پانی ہو گیا اور اسقدر شرم دامنگیر ہوئی کہ معافی کی بھی درخواست نہ کر سکا اور یہی خیال کیا کہ خاموشی ہی بہتر ہے۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت تو جواب دیسکتے تھے فرمایا کہ تقاضا طبعی تو برابر والوں کے ساتھ ہوتا ہے بڑوں کے ساتھ تو فنا ہی میں خیر ہے اور یہی ادب ہے۔

(ملفوظ ۴۳۱) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ میرے یہ معمولات جو اپنے متعلق ہیں ان میں تو میں بہت ڈھیلا ہوں کوئی پابندی نہیں اور یہ جو انتظام کی صورت نظر آتی ہے۔ یہ ان اُمور میں ہے کہ جنکا تعلق دوسروں سے ہے باقی اپنے متعلق تو یہ ہے کہ جہاں دونوں شقیں

Marfat.com

مباح ہوں کبھی اسپر عمل کر لیا کبھی اُسپر عمل کر لیا حاصل یہ ہے کہ کبھی کر لیا کبھی نہیں۔ ہاں اسکی ضرور کوشش کرتا ہوں کہ مباح کی حد تک عمل ہے شریعت کے خلاف نہ ہو اور میں اپنی حالت صاف صاف اسلئے بتلا دیتا ہوں کہ کسی کو دھوکہ نہ ہو۔

(ملفوظ ۲۶۳) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت استغفار میں جو سب سے سہل صیغہ ہے وہ کون ہے فرمایا کہ میرا تو یہ معمول ہے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِی پڑھ لیتا ہوں اور کبھی اللھم ارحمنی ملا لیتا ہوں اور اسمیں اپنی کھانسی اور ضعف سبکی نیت کر لیتا ہوں۔ عرض کیا کہ یہاں تو بڑی ہی رحمت ہے بڑی سہولت ہے فرمایا جی ہاں طبیعت سہولت کو پسند کرتی ہے کہ کام کم اور مقصود سب حاصل۔ عرض کیا کہ اگر یہ پڑھ لیا جایا کرے رب اغفر وارحم وانت خیر الراحمین ؀ فرمایا بالکل مناسب ہے۔ ہمارے حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا تھا کہ جس عرضی کا مضمون حاکم خود بتلائے اُسکی منظوری میں کوئی شبہ نہیں ہو سکتا تو جو صیغے منصوص ہیں انپر عمل کرنے میں عدم قبول کا احتمال ہی نہیں وہ بتلائے ہی گئے ہیں قبول کیلئے۔ ایک مولوی صاحب نے اسپر کوئی اشکال پیش کیا اُسپر فرمایا کہ جی کام کرنا چاہیئے ان تدقیقات میں کیا رکھا ہے کیوں وقت ضائع کیا جاوے۔ بعضے علماء ان تحقیقات اور تدقیقات ہی میں اپنی ساری عمر دے بیٹھتے ہیں اور جب نتیجہ کا وقت آتا ہے اُسوقت خالی ہاتھ رہ جاتے ہیں۔ اُسوقت اُن سے وہ عامل اچھا نظر آتا ہے جو عالم نہیں مگر اپنے کام میں لگا ہوا تھا خلاصہ یہ ہے کہ اسکے علم نے کیا نفع پہونچایا جب عمل ہی نہیں کیا اور ان تحقیقات ہی میں عمر گذار دی اگر محض تحقیقات ہی مقصود ہوتیں تو حضور صلے اللہ علیہ وسلم مسئلہ قدر میں گفتگو کرنیکو کیوں صحابہ کو منع فرما دیتے۔ حضور صلے اللہ علیہ وسلم جیسے سمجھانیوالے اور صحابہ جیسے سمجھنے والے وہ سمجھا سکتے تھے وہ سمجھ سکتے تھے مقصود اس سے تعلیم تھی صحابہ کو کہ غیر ضروری چیزوں کی طرف متوجہ نہ ہونا چاہیئے کام میں لگنا چاہیئے آجکل کی تحقیقات کی بالکل ایسی مثال ہے جیسے میں نے سنا ہے کہ دہلی کی جامع مسجد میں جو حوض ہے یہ ایک ہی پتھر کا ہے اُسمیں دوسرے پتھروں کو جوڑ کر نہیں بنایا گیا بلکہ ایک ہی پتھر کو کھودا گیا ہے تو اب ایک شخص اسکی تحقیقات شروع کرے کہ اُسوقت ریل نہ تھی تو اتنا بھاری پتھر جو وہ پورا در بیکانیر سے کس طرح آیا ہوگا یہ تحقیقات نہیں پڑہ جائیں گی اور

یہ حضرت ختم ہو جائیں گے کام میں لگنا چاہیے فضولیات کو چھوڑ دینا چاہیے۔ ہاں کام میں لگجانے کے بعد یہ سب چیزیں بھی انشاء اللہ تعالیٰ بقدر کافی منکشف ہو جائیں گی گو مقصود اُسوقت بھی نہ ہونگی کہاں کی تحقیقات اور تدقیقات یہ کوئی چیز نہیں کام کرنا چاہیے بڑی چیز کام ہے فرماتے ہیں۔

؎ کارکن[ع] کار بگذر از گفتار، اندریں راہ کار باید کار،

شیخ سعدی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔ ؎

قدم[عہ] باید اندر طریقت نہ دم، کہ اصلے ندارد دم بے قدم،

(ملفوظ ۳۵۲) فرمایا کہ حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ایک بات فرمائی تھی دل میں گڑ گئی از دل خیزد بر دل ریزد کا مصداق ہے۔ حالانکہ وہ زمانہ بچپن کا تھا کچھ زیادہ ایسی باتوں کا ہوش نہ تھا میں نے عرض کیا تھا کہ حضرت کوئی ایسا بھی عمل ہے کہ جس سے موکلات مسخر ہو جائیں فرمایا ہاں ہے اور آسان بھی ہے کر بھی سکتے ہو میں تلا بھی سکتا ہوں مگر تم پہلے یہ بتلاؤ کہ تم خدا بننے کو پیدا ہوئے ہو یا بندہ بننے کو۔ مجھکو اُسی وقت سے ان باتوں سے نفرت ہو گئی اب جو کوئی تعویذ وغیرہ کو آتا ہے لکھ تو دیتا ہوں اور وہ بھی اسلئے کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا تھا کہ اگر کوئی تعویذ وغیرہ کو آیا کرے لکھدیا کرنا۔ لیکن ان چیزوں سے مجھکو مناسبت قطعاً نہیں مثلاً کسی کو مسخر کرنا کسی کو تابع بنانا کسی پر زور چلانا حکومت کرنا کیا یہ عبدیت ہے۔ عبدیت تو اسی میں ہے کہ فنا کر دے۔ عاجزی انکسار اختیار کرے حق تعالیٰ کے یہاں اسی کی قدر ہے حق تعالیٰ کی ذات تو بڑی ہی رحیم اور کریم ہے مخلوق بھی عاجزی ہی کو پسند کرتی ہے اسپر ایک حکایت یاد آئی۔ ایک مہاجن کی لڑکی پر ایک جن عاشق تھا بڑے بڑے عامل آئے مگر ناکامیاب رہے بعض جن بڑا ہی سرکش اور قوی ہوتا ہے جو عامل جاتا صحیح سلامت واپس نہ ہوتا اکثر یہ حرکت کرتا کہ ہاتھ پکڑ کر چھت ابھار کر اُسمیں دبا دیتا اب بیچارہ عامل ہے کہ لٹکا ہوا ہے ایسا ظالم تھا کسی نے اس مہاجن سے ویسے ہی بطور تمسخر کے کہدیا کہ فلاں مسجد میں جو موذن ہیں بہت بڑے عامل ہیں وہ مہاجن ان بیچاروں کو جا لپٹا یہ ہر چند قسم کھاتا ہے مگر مہاجن ہے کہ پیروں پر گرا پڑتا ہے خوشامد کر رہا ہے جب یہ عاجز ہو گیا اس نے کہا کہ اچھا میں چلتا ہوں یہ بتلاؤ کیا دوگے مہاجن نے کہا کہ جو کہو کہا کہ پانسو روپیہ اُس نے کہا کہ منظور یہ سمجھا کہ دو ہی باتیں

عہ باتیں چھوڑ کر کام میں لگو کہ راہ حق میں عمل ہی کام آتا ہے ۱۲ عہ طریقت میں عمل کی ضرورت ہے باتوں کی ضرورت نہیں کہ بے عمل

کے باتوں کی کوئی وقعت نہیں ۱۲

Marfat.com

ہیں یا تو کام بن گیا اور پانچسو روپیہ ملگیا تو بڑی راحت اور عیش سے گذرے گی اور اگر مار دیگا تو اس مصیبت اور پریشانی و ناداری کی زندگی سے مرجانا ہی بہتر ہے۔ بیچارہ غریب تھا بسم اللہ پڑھ کر مہاجن کے ساتھ ہولیا اس کے مکان پر پہونچا اس جن نے نہایت زور سے ڈانٹا کہ کیسے آیا ہے ہاتھ جوڑ کر قدموں میں گر گیا کہ حضور کی رعیت کا بھولا ہوں حضور نہ میں عامل ہوں نہ عمل چلانے آیا ہوں۔ ایک جاہل اور غریب آدمی ہوں یہ مہاجن جا کر سر ہوگیا ہر چند عذر کیا نہ مانا اسلئے مجبوری کو چلا آیا حضور کی بڑی پرورش ہوگی اگر حضور پانچ منٹ کیلئے اس لڑکی سے جدا ہو جائیں مجھکو پانچسو روپیہ ملجائیگا میں غریب آدمی ہوں میرا بھلا ہو جائیگا اور حضور کا کوئی نقصان نہ ہوگا پھر اگر دل چاہے آجائیے یہ سنکر جن بڑے زور سے قہقہہ مار کر ہنسا اور یہ کہا کہ ہم تیری خاطر سے ہمیشہ کیلئے جاتے ہیں۔ حضرت اس مؤذن کی شہرت ہوگئی کہ بہت بڑا عامل ہے عمر بھر کی روٹیاں سیدھی ہوگئیں اور عوام کے اعتقاد کا...... یہی قاعدہ ہے کہ ایکمرتبہ رجسٹری ہوجائے کسی کے کمال کی پھر تو عقد فسخ ہوتا ہی نہیں یہ بات کاہے کی بدولت نصیب ہوئی صرف عاجزی کی بدولت عاجزی بہت ہی عجیب چیز ہے۔

(ملفوظ ۴۹۸) کسی نے یہاں کے ایک مقیم بزرگ کو خط بھیجا تھا کہ مولانا کے معمولات مجکو لکھ بھیجو اس اطلاع پر یہ فرمایا کہ معمولات بزرگوں کے ہوتے ہیں میرے کیا معمولات ہوتے نہ میرا کوئی معمول نہ مجھ میں کوئی کمال البتہ اللہ تعالیٰ کی ایک نعمت ہے اسکو خواہ کمال کہئے فضیلت کہئے کرامت کہئے وہ یہ کہ اللہ تک پہونچنے کا سیدھا راستہ معلوم ہے اور بتلا بھی سکتا ہوں بس اور مجھے کچھ نہیں آتا نہ کچھ کرتا ہوں یہ ہے معمولات سو معمولات یہ ہیں کچھ معمولات نہیں البتہ ایک معمول زائد ہے وہ یہ کہ آجکل کھانسی کی تکلیف ہے ساری رات اسی خیال میں گذر جاتی ہے کہ اب نیند آجائے اب آجائے رات ختم ہو جاتی ہے باقی میرے رمضان المبارک کے معمولات سو وہی معمولات ہیں جو غیر رمضان میں تھے بعض حضرات کے یہاں روزہ کی افطاری میں خاص معمولات ہیں کہ کھجور سے یا زمزم سے روزہ افطار کرنیکا اہتمام ہوتا ہے میرا اسکے متعلق یہ معمول ہے کہ جو چیز روزہ افطاری کے وقت قریب ہو چاہے وہ کھجور ہو زمزم ہو گرم پانی ہو یا سرد ہو اس سے روزہ افطار کرلیتا ہوں۔ پھر فرمایا کہ اگر میں جھوٹ کہدوں کہ میں تمام شب جاگتا ہوں اور تہجد میں پانچ پارہ پڑھتا

ہوں اس میرے کہنے کا کوئی مکذب بھی نہ ہوگا مگر اس سے کیا وہ معمولات ہو جائیں گے سو ایسی حالت میں خود صاحب معمولات پوچھنا محض بے معنی ہے اور اصل یہ ہے کہ کسی کے معمولات پوچھنا ہی غیر مفید ہے۔ اسکی ایک مثال ہے کہ ایک آم کا درخت ہے اسپر نہایت خوشنما اور خوش ذائقہ آم آرہے ہیں لوگ کھا رہے ہیں اور ایک شخص ہے وہ یہ تحقیق کرتا ہے کہ وہ درخت کسقدر اونچا ہے کے فٹ لمبا ہے شاخیں اسمیں کسقدر ہیں رنگ اس آم کا کیسا ہے موٹائی کتنی ہے کس تاریخ اور ماہ و سنہ میں لگایا گیا آپ ہی تبلائیں ان میں عاقل کون ہے جو تحقیقات میں مصروف یا جو کھا رہا ہے ظاہر ہے تو کام میں لگنا چاہئے ان فضولیات میں کیا رکھا ہے۔

(ملفوظ ۳۵۹) فرمایا کہ ایک شخص نے ایک جانماز میرے پاس بھیجی کہ اسپر چالیس روز تہجد پڑھکر واپس فرمادیں میں نے جواب بھیجا کہ اول یہ تو معلوم کر لیتے کہ مجکو دوام و استمرار کی بھی توفیق ہوتی ہے اور معلوم کرنیکا اچھا ذریعہ یہ ہے کہ میرے معمولات فلاں شخص سے (ایک شخص کا نام جو خوش اعتقادی کے بعد بد اعتقاد ہو گیا تھا) پوچھ لئے جائیں وہ صحیح تبلادیگا وہ تبلادیگا کہ میرا عمل عزائم پر نہیں رخص پر ہے نفلیں کم پڑھتا ہوں کبھی نوافل بیٹھکر پڑھ لیتا ہوں۔ ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت جیسے معمولات تو دوسروں کو نصیب بھی نہیں فرمایا اجی حضرت یہ سب توجیہات ہیں مجھکو ہی اپنی حالت خوب معلوم ہے۔

(ملفوظ ۳۶۰) خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ حضرت تراویح کے وقت جو مصلّے بچھاتے ہیں اسمیں سجدہ کی جگہ مصلّے سے خالی رہتی ہے پیچھے کو نکلا ہوا رہتا ہے فرمایا کہ نہ معلوم آپ اسپر کیا کیا حاشیہ چڑھائیں گے میں اسکی حقیقت بیان کئے دیتا ہوں وہ یہ ہے کہ پیچھے کی جانب چٹائیوں کے درمیان جگہ کھلی ہوتی ہے میں رضائی اوڑھکر کھڑا ہوتا ہوں اس خیال سے مصلّے پیچھے ہٹا کر بچھاتا ہوں کہ پیچھے جو حصہ رضائی کا گرے اسپر مٹی نہ لگے یہ حکمت تھی اسمیں آپ نے معلوم کیا خیال کر رہے ہونگے عرض کیا کہ واقعی میں تو قسم قسم کے خیال کر رہا تھا (مثلاً یہ نکتہ گڑھا ہوگا کہ سجدہ زمین پر ہو فرش پر نہو) فرمایا کہ حقیقت کے بے خبر ہونیسے ایسا ہی ہوتا ہے پھر امتحان و تحقیق کے بعد قلعی کھلجاتی ہے اسپر حضرت والا نے ایک حکایت فرمائی کہ ایک بادشاہ نے چارسمت کی عورتوں کے جمع کرنیکا اہتمام کیا تھا تاکہ انکے سلیقہ کا امتحان کرے شب بھر ان کے پاس بسر کی صبح کو سب سے دریافت کیا کہ یہ تبلاؤ اب شب کتنی باقی ہے

Marfat.com

اسپر تو سبکا اتفاق ہوا کہ صبح ہو گئی مگر وجہ مختلف بیان کی چنانچہ ایک بولی نتھ کے موتی ٹھنڈے معلوم ہوتے ہیں۔ یہ اس نے اسلئے کہا کہ صبح صادق کے ساتھ ایک ہوا چلتی ہے اُسکی خاصیت ہے کہ ہر چیز میں ٹھنڈ پیدا کر دیتی ہے وہ عجیب غریب ہوا ہوتی ہے اُس سے بڑی ہی فرحت ہوتی ہے دوسری نے کہا کہ پان کا مزا بد لگیا تیسری نے کہا کہ شمع پھیکی پڑگئی۔ چوتھی نے کہا کہ گوہ آرہا ہے تو ہم تو اُسمیں سے ہیں کہ گوہ آرہا ہے تو حضرت کپڑے کی حفاظت مقصود تھی نہ کوئی راز تھا نہ حکمت۔

**(ملفوظ ۲۳۰)** ایک مولوی ....... صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ جس سے کچھ حاصل کرنا ہو یہ دیکھ لے کہ میرے کام کا بھی ہے یا نہیں وہ چاہے کامل نہ ہو میرے ایک ماموں صاحب نے اپنے ایک شیخ کی حکایت بیان کی جو کامل تو نہ تھے مگر صادق تھے یعنی دکاندار نہ تھے اور لوگوں میں اُن کے متعلق طرح طرح کی بدگمانیاں تھیں بعض کا خیال اُن بزرگ کے متعلق یہ تھا کہ ان کے پاس روپیہ بہت آتا ہے حجرہ میں مدفون ہوگا اسی بناء پر اُن کے انتقال کے بعد اُنکا حجرہ کھودا گیا کہ شاید روپیہ جمع ہو۔ بعض کا خیال تھا کہ ان کے پاس رات کو رنڈیاں آتی ہیں غرضکہ اس قسم کے خیال اُن کے متعلق لوگوں کو تھے۔ ایک شخص نے ماموں صاحب سے جو کہ اُن کے مرید تھے کہا کہ پیر کے متعلق کچھ خبر بھی ہے پوچھا کیا کہا کہ شبکو اُنکے پاس رنڈیاں آتی ہیں انھوں نے کہا کہ خدا تمکو جزائے خیر دے بڑی عجیب بات سُنائی مجھکو پیر صاحب کے متعلق بہت عرصہ سے ایک شبہ تھا وہ آج آپ کی وجہ سے جاتا رہا وہ شبہ یہ تھا کہ پیر صاحب نے کسی وجہ سے نکاح نہ کیا تھا اس سے میں یہ سمجھتا تھا کہ شاید یہ بزرگ عنین ہوں اور حالت یہ ہے کہ یہ حضرات وارث ہوتے ہیں انبیاء کے اور انبیاء ہر پہلو سے کامل ہوتے ہیں اُن کمالات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ مرد ہو سو نکاح نہ ہونے سے جو شبہ تھا عنین ہونیکا جو کہ نقص ہے آج آپنے اس شبہ کو رفع کر دیا معلوم ہوا کہ پیر کامل ہیں اب رہا یہ کہ رنڈیاں آتی ہیں یہ ایک گناہ ہے تو اس گناہ سے توبہ کر کے پاک صاف ہو جائیں گے۔ جہاں اس طرف اللھم اغفرلی کہا اُس طرف صاف ہوئے وہ معترض بیچارہ تو اپنا سا منہ لیکر رہگیا۔ وہ تو یہ سمجھے ہوئے تھا کہ پیر کی ایسی بات سنکر پیر سے الگ ہو جائیں گے اس حکایت سے میرا یہ مقصود نہیں کہ جو پیر افعال شنیعہ کے مرتکب ہوتے ہوں اُن سے دین کا تعلق رکھو اسکا لحاظ تو شرط اعظم ہے طریق کی اور اس حکایت میں جو جواب منقول ہے وہ محض

Marfat.com

تبکیت (خاموش کرنا) ہی معترض کی ورنہ پہلا جواب تو یہ تھا کہ اس تہمت کا کیا ثبوت پھر اصل مقصود یہ ہے کہ مصلح کے خفیف خفیف افعال پر بشرطیکہ وہ مباح کے درجہ تک ہوں یا احیاناً کوئی بات تمہاری سمجھ میں نہ آئے اس سے بداعتقاد نہ ہو جائے بلکہ اپنے فہم اور عقل کا قصور سمجھکر خاموش ہو جائے خصوص جس شخص کی نظر چہار طرف ہو اور معترض کی نظر ایک ہی چیز پر ہے اسلئے اُسکے اقوال افعال کو سمجھنا بڑے ہی دانشمند کا کام ہے۔

(ملفوظ ۳۸ء) معمولات پوچھنے والے کے متعلق سلسلۂ گفتگو میں فرمایا کہ اُن پوچھنے والے کو لکھدیجئے کہ اُس سے معمولات کے سوالات کا ذکر کیا تھا اُس نے یہ کہا کہ جو کچھ پوچھنا ہو مجھسے بلا واسطہ پوچھو اور خود ذکر کرنے کی وجہ وہی لکھدیجئیگا جو واقعی ہے یعنی ذکر کرنیکی وجہ یہ ہوئی کہ بعض معمولات تو مجھکو معلوم تھے اور بعض کی مجھکو خبر نہ تھی خود اُس ہی سے پوچھنے سے معلوم ہو سکتے تھے اسلئے ذکر کیا گیا۔ اُس سے اُنکو یہ بھی معلوم ہو جائیگا کہ اُسکو علم ہو گیا اور ناگوار ہوا اور اب وہ ناگ وار ہو گیا (مراد سانپ ہے) میرے معاملہ کو مجھ ہی سے معلوم کرنا چاہئے دوسروں کو کیا خبر۔ میں اپنی حالت کو خود جس طرح بتلا سکتا ہوں یا ادا کر سکتا ہوں دوسرا بیچارہ کیا بتا سکتا ہے اور کیا ادا کر سکتا ہے۔ اُسکو معلوم کب ہے۔ پھر فرمایا میرے معمولات ہی کیا جلوت کا حال تو سب کو معلوم ہے کہ لوگوں سے لڑنا بھڑتا رہتا ہوں اور خلوت میں میں رہتا ہی نہیں بس یہ معمولات ہیں۔

## ۲۴ رمضان المبارک سنہ ۱۳۵۰ھ

## مجلس بعد نماز ظہر یوم سہ شنبہ

(ملفوظ ۳۹ء) ایک مولوی صاحب نے (جنکا خیال غالباً کوئی ماہواری رسالہ جاری کرنیکا تھا) عرض کیا کہ حضرت رسالہ ماہواری کا نام تجویز فرما دیں جسمیں حضرت کے ملفوظات اور وہ تصنیفات شائع ہوا کریں جو کمیاب ہو گئیں ہیں۔ فرمایا کہ اکثر پہلے سے آجتک یہ معمول رہا ہے کہ رسالوں کے نام اپنے بزرگوں کے نام پر رکھے گئے ہیں مثلاً القاسم۔ النور۔ الامداد۔ الرشید۔ الہادی۔ سو اسکا نام المعین مناسب معلوم ہوتا ہے یا معین الدین اسمیں حضرت خواجہ معین الدین رحمۃ اللہ علیہ کے نام کی بھی رعایت ہے اور ہے بھی بامعنی دین کا معین۔ عرض کیا کہ حضرت کے نام سے اگر جاری

کیا جائے فرمایا کہ میرا نام رسالے کے اعتبار سے بامعنی نہیں اگر بامعنی کہا جاوے تو اسکے معنی یہ ہونگے کہ سب سے افضل واشرف رسالہ اور یہ اچھا نہیں معلوم ہوتا کہ اسکے مضامین کو سب مؤلفات پر ترجیح دیجاوے اور پھر میں ہی خود تجویز بھی کروں اس سے تو زبان میں گدگدی سی اٹھیگی یہ ہی المعین یا معین الدین نام مناسب ہے بہت پاکیزہ نام ہے اور بامعنی ہے عرض کیا کہ المعین اور معین الدین ان دونوں میں سے کونسا بہتر ہے فرمایا کہ جو مناسب خیال فرمایا جائے اچھا تو مفرد ہی معلوم ہوتا ہے جیسے النور۔الامداد ایسے ہی المعین اور اس نام میں ایک قسم کی تواضع بھی معلوم ہوتی ہے کوئی دعویٰ نہیں معلوم ہوتا۔کیونکہ اعانت تو ایک خدمت ہے کوئی کمال نہیں۔دوسرا نکتہ اسمیں یہ ہے کہ اوپر کی طرف بڑھتا چلا جائے۔الامداد۔النور۔الہادی۔المعین۔یہ سب اوپر ہی کی طرف کو سلسلہ ہے عروج ہی مناسب ہے۔عرض یہ نام جامع اور بامعنی ہے اور اسکو ظاہر بھی کردیا جاوے کہ اس نام سے حضرت کے نام کی برکت لینا بھی مقصود ہے تاکہ لوگوں کو اس نام کی وجہ بھی معلوم ہوجائے۔عرض کیا گیا کہ اپنے نام پر حضرت تجویز نہ فرمائیں خود ہی حضرت کا نام تجویز کرلیا جاویگا فرمایا کہ میں تو المعین ہی کے نام سے ذکر کیا کرونگا یا میرے لئے کچھ اور تجویز کردیا جائے کہ وہ نام لیا کروں۔

(ملفوظ ۲۸۲) خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ حضرت خواجہ معین الدین رحمۃ اللہ علیہ چشتیوں کے بادشاہ ہیں چشتیت تو ہند میں وہیں سے جاری ہوئی۔فرمایا کہ ہندوستان میں تو سلطنت ہی چشتیوں کی حضرت کی وجہ سے ہے ایک انگریز نے ہندوستان سے انگلستان میں جاکر کہا تھا کہ ہندوستان کے تمام سفر میں ایک بات عجائبات میں سے دیکھی کہ ایک مردہ اجمیر کی سرزمین میں پڑا ہوا تمام ہندوستان پر حکومت کر رہا ہے۔فرمایا کہ لوگوں کے قلوب میں حضرت خواجہ صاحب کی بڑی عظمت ہے حتیٰ کہ ہندوؤں تک کے قلوب میں عظمت ہے اجمیر میں تو اکثر ہندو حضرت کے نام کی قسم کھاتے ہیں سلاطین اسلام کے قلوب میں بھی عظمت کا یہی حال تھا اکبر بادشاہ نے کئی بار دارالخلافہ سے اجمیر تک پیدل سفر کیا ہے یہ عظمت نہ تھی تو اور کیا تھی اور یہ جو اکبر بادشاہ کے بددینی کی باتیں مشہور ہیں یہ سب اسکی پالیسی کی باتیں تھیں ورنہ اسکے قلب میں اہل علم اور اہل دین کی عظمت اور محبت ضرور تھی اور مرنے کی وقت تو اہل علم کو بلاکر توبہ کی ہے اگر توبہ کے بعد بضرورت پھر کوئی دنیا کے متعلق بات کی تو دوبارہ علماء کو بلاکر توبہ کی اسکو بھی پسند نہ کیا کہ دنیا کی بات پر جان

دوں ذکر اللہ میں مشغول ہو کر جان دی ہے کیا خبر ہے کسی کو کوئی کیسا ہے اسلئے میری ہمیشہ سے رائے ہے کہ سلاطین اسلام کی شان میں گستاخی نہیں کرنی چاہیئے۔

(ملفوظ ۳۸۶) فرمایا کہ بعض مورخین نے جھوٹی جھوٹی تواریخ لکھکر شاہان اسلام کو بدنام کیا ہے محض اپنے مصالح کی غرض سے ورنہ شاہان اسلام کی مراعات عدل آب زر سے لکھنے کی قابل ہے حضرت مولانا شیخ محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ حضرت عالمگیر کے نام کے ساتھ رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے جیسے بہت ہی بڑے بزرگ کا نام لیا کرتے ہیں حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ عالمگیر رحمۃ اللہ علیہ کی نسبت شاہجہاں بادشاہ کے زیادہ معتقد تھے فرمایا کرتے تھے کہ شاہجہاں سلطنت کے زیادہ مناسب تھے۔ ایک صاحب کو حضرت عالمگیر رح پر کچھ تاریخی شبہات تھے وہ حضرت مولانا شیخ محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے سامنے پیش کئے۔ مولانا نے سب شبہات کا جواب دیا اور فرمایا کہ حضرت عالمگیر رحمۃ اللہ علیہ کو بارہ ہزار حدیث کے متن یاد تھے۔ اور حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب رح کی نسبت فرمایا انکو چھ ہزار متن یاد تھے۔ ایک صاحب تھے متولی عبدالرحمن صاحب انھوں نے مولانا سے عرض کیا کہ حضرت کو کسقدر یاد ہیں فرمایا پھر جواب دونگا یہ فرید احتیاط کی بناء پر فرمایا ایک ماہ کے بعد فرمایا کہ مجھکو تین ہزار حدیث کے متن یاد ہیں اس سے عالمگیر رح کے کمال کا اندازہ کر لیا جاوے۔

(ملفوظ ۳۸۷) ایک صاحب نے اس گذشتہ ملفوظ پر عرض کیا کہ اتنی حدیثیں زبانی یاد تھیں فرمایا اور کیا کتاب میں دیکھکر آپ بھی عجیب ہیں۔ عرض کیا کہ قرآن شریف کے متعلق تو یہ خیال تھا کہ زبانی یاد ہو جاتا ہے مگر حدیث شریف کے متعلق یہ خیال نہ تھا فرمایا کیوں۔ عرض کیا کہ پھر قرآن شریف کی یاد میں کیا امتیاز رہا فرمایا یہ ہی امتیاز ہے کہ بچوں تک کو یاد ہو جاتا ہے اسمیں زیادہ فہم اور حافظہ کی ضرورت نہیں یہ اسکی ممتاز برکت ہے اور یہ کہاں لکھا ہے کہ علاوہ قرآن شریف کے اور کوئی چیز یاد نہیں ہو سکتی یہ تو محض آپ اپنا خیال ظاہر فرما رہے ہیں یہ کوئی بات نہیں حضرت سلطان جی نے مقامات حریری حفظ یاد کر لی تھی یہ عالم بھی تھے مقامات حفظ کرنیکے بعد فرمایا کہ یوں ہی عمر برباد کی پھر اسکے کفارہ میں مشارق الانوار حفظ یاد فرمالی اسپر حضرت والا نے ظرافت سے فرمایا کہ دونوں طرح صاحب مقامات تھے۔ پھر اپنی نسبت فرمایا میں نے بھی سراجی یاد کی تھی اس خیال سے کہ سخت ضرورت کی چیز ہے اور درس میں ایک ہی کتاب ہے مگر ایسی یاد ہوئی تھی کہ

Marfat.com

مدرسے چھتہ والی مسجد تک پہونچنے میں تو سبق حفظ پڑھ لیتا تھا مگر جہاں فجر کی نماز پڑھی سب غائب۔

(ملفوظ) خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ حضرت کیا شاعر بھی بزرگ ہو سکتے ہیں فرمایا کہ عنوان کو بدلئے یوں کہئے کہ کیا بزرگ بھی شاعر ہو سکتے ہیں فرق یہ ہے کہ پہلے جملے کے معنی یہ ہیں کہ جس پر شاعری کا غلبہ ہو گیا وہ بزرگ ہو سکتا ہے سو اسکا جواب خود سوال سے ظاہر ہے کہ نفی میں ہے اور دوسرے جملہ کے معنی یہ ہیں کہ جسکی اصلی صفت بزرگی ہو گیا اُس سے شاعری کا صدور ہو سکتا ہے سو ظاہر ہے کہ یہاں کوئی اَمر مانع نہیں یہ تفاوت ایسا ہے کہ جیسے ایک طالب علم نے مدرسہ کانپور میں دوسرے طالب علم کی کتابیں کپڑے چوری کر کے نکال لئے پولیس میں اطلاع کر دی سب انسپکٹر آ پہونچے اور مجھ سے کہنے لگے کہ طالب علم بھی چوری کرتے ہیں میں نے کہا ہرگز نہیں کہنے لگے کہ یہاں تو مشاہدہ ہے میں نے کہا کہ مشاہدہ تو صحیح ہے لیکن حقیقت اُسکی آپ نہیں سمجھے کہنے لگے وہ کیا میں نے کہا حقیقت اُسکی یہ ہے کہ چور بھی کبھی طالب علمی کرنے لگتے ہیں حاصل یہ کہ جو اصل میں طالب علم ہو گا وہ چوری نہیں کریگا البتہ چور طالب علم بن سکتا ہے تاکہ مدرسہ میں چوری آسانی سے کر سکے اسلئے یہ کہنا غلط ہے کہ طالب علم چوری کرنے لگے۔ اُن سے کوئی جواب نہ بن پڑا ہنسکر کہنے لگے کہ صاحب مولویوں کے گھر کی بات ہے جس طرح چاہے بنا سکتے ہیں اسی طرح شاعر تو بزرگ نہیں ہو سکتے ہاں بزرگ شاعر ہو سکتے ہیں۔

(ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ عالم ہو کر اتنی موٹی بات نہ سمجھ سکے کہ غیر نبی کا قول تو حجت ہے جب شرائط پائے جاویں مگر فعل حجت نہیں حالانکہ یہ مسلمات سے ہے۔

(ملفوظ) فرمایا کہ میں نے تو اپنے معمولات میں راحت کی تدابیر اختیار کر رکھی ہیں یہی میرا اصل مذاق ہے کہ دنیا کی بھی راحت اور آخرت کی بھی اور صرف اپنی ہی راحت مقصود نہیں دوسروں کی راحت کا بھی خیال رکھتا ہوں اس سے زیادہ دوسروں کی راحت کا کیا خیال ہوگا کہ راستہ چلنے میں بھی اسکی رعایت رکھتا ہوں کہ اگر پشت کی جانب سے کسی آنے والے کی آہٹ معلوم ہوتی ہے تو میں سڑک کے کنارہ ہو جاتا ہوں تاکہ اس آنے والے کو راستہ کی کوئی تنگی نہ ہو آزادی سے چلا جائے حالانکہ بعض مرتبہ وہ آنیوالا بھنگی ہوتا ہے چمار ہوتا ہے مگر میں اسکا انتظار نہیں کرتا کہ وہ بچکر نکل جائے گا بلکہ خود ہی بچ جاتا ہوں۔ میں بحمد اللہ ہر امر میں اسکا لحاظ رکھتا ہوں کہ میری

Marfat.com

وجہ سے کسی پر ذرہ برابر گرانی نہ ہو بار نہ ہو پھر جب میں خود دوسروں کا اسقدر خیال رکھتا ہوں۔ تو دوسرے میرے ساتھ ایسا برتاؤ کیوں کرتے ہیں کہ جس سے مجھکو گرانی ہو یا تکلیف پہونچے۔ پھر فرمایا کہ بعضے بزرگ بھولے پن کے سبب دوسرے کی تکلیف و راحت کی رعایت نہیں کرتے وہ معذور ہیں مگر دوسروں کو تو ضرر پہونچتا ہے اسپر ایک حکایت فرمائی کہ دیوبند میں ایک بزرگ بہلی میں سوار ہو کر چلے ایک معتقد بھی ساتھ بیٹھے اتفاق سے راستے میں بہلی الٹ گئی اور نقشہ یہ ہوا کہ وہ معتقد صاحب جسطرف بیٹھے تھے اس طرف کو بہلی لوٹی وہ نیچے اور بزرگ صاحب اسکے اوپر اب بزرگ ہیں کہ معتقد کی کمر پر بیٹھے ہیں اس نے عرض کیا کہ حضرت ہٹئے میں تو مرا جاتا ہوں وہ فرماتے ہیں کہ نہیں مروگے نہیں ہم جوتہ پہن لیں ہمارا جوتہ لاؤ اسنے کہا کہ حضرت اتنے جوتہ آئیگا میرا تو خاتمہ ہو جائیگا فرمایا کہ نہیں ہم ننگے پیر زمین پر نہیں رکھتے مٹی لگ جائیگی ہمیں عادت نہیں ننگے پیر زمین پر رکھنے کی اس بیچارے کی کمر سے نہیں اترے جب گاڑیبان نے جوتہ دیا تب پہنکر اترے مگر اس شخص کے چوٹ بالکل نہیں آئی خیر یہ تو بھولے بزرگوں کی باتیں ہیں باقی بعضے تو مرید کو اپنی ملک سمجھتے ہیں۔ الحمد للہ مجھکو تو حق تعالیٰ نے اسکی توفیق دی ہے جسکی برکت سے میں مریدوں کے ساتھ تو ایسا برتاؤ کیا کرتا اور حق بھی کیا ہے مجھکو ایسا کرنیکا جنکے ساتھ اس قسم کا حق بھی ہے اور وہ محکوم بھی ہیں اور محبت کی وجہ سے کسی خدمت پر گرانی کا شبہ بھی نہیں ہو سکتا اور ایسے لوگ گھر والے ہیں میرا تو ان کے ساتھ بھی یہی معمول ہے کہ مثلاً کھانا کھا کر کبھی گھر والوں سے یہ نہیں کہتا کہ برتن اٹھالو اسوقت یہ خیال ہوتا ہے کہ ممکن ہے اپنے کسی کام میں مصروف ہوں اور محض میری وجہ سے انکو اپنا کام چھوڑ کر اس کام کو کرنا پڑے بلکہ یہ کہتا ہوں کہ اٹھوالو اب آگے انکا کام ہے کہ وہ خود اٹھائیں یا کسی نوکرنی وغیرہ سے اٹھوائیں میں اپنی طرفسے انپر اتنا بار بھی نہیں ڈالتا غرضکہ اپنی راحت اور دوسرونکی راحت یہ میرا معمول ہے۔ اسی وجہ سے مجکو دوسرے کی بیفکری سے ناگواری ہوتی ہے مزاحاً فرمایا کہ پھر ناگ دار ہو جاتا ہوں (مراد سانپ ہے) کہ جب میں اتنی رعائتیں دوسرونکی کرتا ہوں تو میں بھی ان سے صرف یہ چاہتا ہوں کہ تم بھی مجکو مت ستاؤ۔

(ملفوظ ۸۸۸) فرمایا کہ ایک اس سے بڑی تکلیف ہوتی ہے بعضے لوگ جو راستہ میں ساتھ ہو جاتے ہیں آزادی بالکل برباد ہو جاتی ہے بعض مرتبہ استنجے کی ضرورت ہوتی ہے یا آنت اترجاتی ہے تو اب

Marfat.com

ان حضرت کے ساتھ ہونے کی وجہ سے چلنے میں رعایت کرنی پڑتی ہے کہ جب تک بات پوری نہ ہو جائے دروازہ پر کھڑا رہنا پڑتا ہے۔ ایک یہ کہ چلتے وقت طبعاً اسکا خیال رہتا ہے کہ یہ اچھی جگہ میں چلیں انکو کوئی تکلیف نہ ہو اسوجہ سے میں خود ایک طرف ہو کر چلتا ہوں غرضکہ سخت کلفت ہوتی ہے اور ایسے واقعات کلفت کے مختلف پیش آتے ہیں جزئیات کا احاطہ مشکل ہے مسلمان کا مذہب تو یہ ہونا چاہیئے ؎

بہشت آنجا کہ آزارے نباشد    کسے را با کسے کارے نباشد

یہ سب آزادی اُن مجذوب صاحب کی نظر روحانی کی برکت ہے جنکی دعا سے میں پیدا ہوا ہوں یہی خدا کا فضل ہے کہ حواس گم نہیں ہوئے مگر آزادی ضرور محبوب ہے۔

(ملفوظ ۲۹۴) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت نے جو اسوقت تقریر فرمائی ہے اُس سے یہ سمجھ میں آیا کہ حضرت کو تو اللہ نے ایسا لطیف المزاج بنایا پھر ہم جیسے گدھوں سے واسطہ پڑا پھر کیا ہو۔ فرمایا کہ جواب عرض کرنیکی ضرورت نہیں آپنے جو کچھ فرمایا اسکو آپ بھی سمجھتے ہیں کہ میں اسکو غلط سمجھتا ہوں یعنی گدھے کی تشبیہ کو پس اسکے لئے آپکا علم ہی کافی جواب ہے۔

(ملفوظ ۲۹۵) فرمایا کہ اگر مجھکو یہ معلوم ہو جائے کہ اسکو اہتمام ہے راحت پہونچانیکا اور پھر اُس سے کوئی فروگذاشت ہو جائے اُسپر ناگواری نہیں ہوتی۔ ہاں اگر راحت پہونچانیکا اہتمام اور فکر ہی نہ ہو تو بیشک ناگواری ہوتی ہے اُسپر میں مواخذہ کرتا ہوں کہ یہ حرکت کیوں ہوئی پھر لوگوں نے ایک آسان سبق نکال رکھا ہے جواب میں کہتے ہیں کہ غلطی ہوئی اسپر میں یہ پوچھتا ہوں کہ سبب اس غلطی کا کیا ہے آیا بے فکری سبب ہے بعضے تو کہتے ہیں کہ بدفہمی اور بعضے اسوجہ سے کہتے ہیں کہ اگر یہ کہا کہ سبب اسکا بے فکری ہے تو مواخذہ بڑھ جائیگا کہ بے فکری کیوں اختیار کی ایسی چیز کا نام لو کہ جو غیر اختیاری ہے اسلئے بدفہمی کا عذر پیش کرتے ہیں مگر میں اسپر کہتا ہوں کہ اگر بدفہمی اسکا سبب ہے تو مجھکو اپنے تعلق سے معاف کرو کیونکہ بدفہم آدمی سے مناسبت ہونا اور اسکی اصلاح ہونا اور زیادہ مشکل ہے اسلئے کہ بدفہمی ایک غیر اختیاری چیز ہے جو تمہارے اختیار سے بھی باہر اور میرے اختیار سے بھی بس تعلق ہی ختم کرو اور اگر کہے کہ سبب اسکا بے فکری ہے تو میں کہتا ہوں کہ اچھا اب مجھے یہ شکایت ہے کہ بے فکری کیوں اختیار کی مگر پھر بھی یہ ایسی چیز ہے کہ اگر وہ چاہے تو اس سے بچ سکتا ہے اسلئے کہ

Marfat.com

اختیاری ہے تو اُسوقت معافی چاہ لے اور آئندہ کیلئے عزم اور وعدہ کرلے کہ اب ایسا نہ کرونگا جیسی ہوئی گو یہ ضرور ہے کہ اُسوقت اس عذر پر مواخذہ میں بظاہر سختی ہوگی کہ اختیار سے کوتاہی کی مگر انجام کے اعتبار سے چونکہ اختیاری چیز ہے امید ہے کہ آئندہ اگر چاہیگا تو ایسی غلطی نہ کریگا اور اصلاح کی بھی امید ہے اور مجھکو خدانخواستہ کینہ تھوڑا ہی ہے ہاں یہ ضرور چاہتا ہوں کہ آدمیت پیدا ہو حیوانیت اور جانورپن دُور ہو خلاصہ یہ ہے کہ اگر قرائن سے حالات سے یہ معلوم ہوجائے کہ دوسرونکو تکلیف نہ دینے کا اہتمام ہے اور راحت کا قصد ہے پھر اگر گڑبڑ بھی ہوجائے تو ایسے کی گڑبڑ پر بھی ذرہ برابر گرانی نہیں ہوتی گو بغرض اصلاح روک ٹوک اُسوقت بھی کیجاویگی مگر اسوقت کی اصلاح کا طریق جُدا ہوگا۔

(ملفوظ ۴۹۹) فرمایا کہ ایک صاحب کا خط آیا ہے لکھا ہے کہ امام صاحب سید ہیں مگر حالت یہ ہے کہ سر پر انگریزی بال ڈاڑھی خلاف شرع مگر شرع کو شرح لکھا ہے اسپر فرمایا کہ متن تو ہے مگر شرح نہیں

(ملفوظ ۵۰۰) ایک مولوی...... صاحب نے عرض کیا کہ حضرت اگر کسی شخص کو اپنی نسبت یہ خیال ہو کہ میں متکبر ہوں تو کیا کرے فرمایا کہ مصلح سے رجوع کرے وہ آثار سے معلوم کرکے تبلادیگا کہ تکبر ہے یا نہیں باقی اجمالی جواب یہ ہے کہ یہ چیزیں تکبر وغیرہ تو لانے سے آتی ہیں خود نہیں چمٹتی پھرتیں۔ یہ تردد خود دلیل ہے متواضع ہونیکی اور اسکی کہ وہ متکبر نہیں۔ مگر یہ دلیل اکثری ہے۔

(ملفوظ ۵۰۱) اُسی سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ خدا کے یہاں اُسکا پسندیدہ ہونا ضروری نہیں جو بندوں کو پسندیدہ ہے کسی کو کیا خبر ہے کہ میرے ساتھ کیا معاملہ کیا جائے پھر فرمایا کہ اگر کسی کے دل میں یہ امر احتمال کے درجہ میں بھی ہو کہ شاید اسکا انجام میرے انجام سے بہتر ہو تو تکبر اور بڑائی کے علاج کیلئے کافی ہے اور ظاہر ہے کہ اتنا خیال رکھنا اختیاری ہے اور واقع بھی ایسا ہوگا کہ جنکو یہاں پر لوگ بیوقوف سمجھتے ہیں وہاں انکو وہ چیزیں ملیں گی کہ عقلا منہ تکتے ہی رہجائیں گے عجیب دربار ہے کسی کی سمجھ میں اُنکی حکمتیں آ نہیں سکتیں۔

(ملفوظ ۵۰۲) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت کیا یہ بھی تواضع ہے کہ سب سے اخلاق سے ملنا چاہئے فرمایا کہ گول سوال ہے جزئیات کا سوال کیجئے کلیات کا سوال کرکے کیا رسالہ تصنیف کرنا ہے جب بہت سی جزئیات کا علم ہوجائیگا کلیات خود سمجھ میں آجائیں گی اور کلیات تو آپکو معلوم ہیں ہی جسکی بیٹھے بیٹھے

Marfat.com

کلیاں کر رہے ہو۔

(ملفوظ ۵۵۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ یہاں پر ایک شخص نے خودکشی کر لی تھی ایک میرے عزیز مجھکو الگ بلا کر لیگئے اور کہنے لگے کہ اب تو بیعت سے انکار نہ کرو گے۔ میں نے کہا کہ یہ سبق اس واقعہ سے آپ نے غلط سمجھا اول تو اس واقعہ کا یہ سبب نہیں ہوا یہ تو ایک بزرگ سے بیعت تھا دوسرے اگر یہی سبب ہوتا تب تو اس دروازہ کو اور تنگ کر دینا چاہئے ورنہ لوگوں کو اچھی دھمکی ہاتھ آجائیگی کہ خودکشی کر لونگا میں ایسی باتوں سے ڈرنے والا نہیں کام قاعدہ ہی سے ہوتا ہے۔

(ملفوظ ۵۵۴) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اپنے دوستوں کے ہجوم اور محبت کی وجہ سے ممکن تھا کہ عجب پیدا ہو جاتا مگر اسکا علاج غیب سے یہ ہوا کہ کھانسنے کی تکلیف ہو گئی کھانسنے کھانسنے وقت گذر جاتا ہے ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت کو بہت تکلیف ہے کھانسی کی اور اسکی وجہ سے آنت کی تکلیف بڑھ گئی حضرت والا نے تبسم فرما کر مزاحاً فرمایا کہ کمائی موجود ہے اللہ نے قوت دی ہے چڑھانیکی پھر کیا تکلیف اسپر ایک حکایت فرمائی کہ عرب میں ایک کرایہ کے گھر میں ایک سخی رہتا تھا بڑا ہی مخیر تھا ہزاروں سائل آتے تھے سبکو دیتا تھا وہ جگہ مشہور ہو گئی اتفاق سے وہ سخی تو مکان چھوڑ کر اور کہیں چلا گیا اور صاحب آکر رہے وہ بخیل تھے مگر سائل عادت کے موافق برابر آتے تھے اور یہ شخص جواب میں اللہ کریم کہدیتا۔ عرب میں اب تک دستور ہے کہ سائل کے جواب میں جہاں اللہ کریم کہا سائل لوٹ جاتا ہے ایک روز گھر میں بیٹھکر کہنے لگا کہ کیا ٹھکانا ہے اس مکان پر کتنے سائل آتے ہیں اُس شخص کی لڑکی نے کہا کہ گھبرانے کی کیا بات ہے جب تک اللہ کریم یاد ہے کیا فکر ہے تو حضرت جب تک کمائی ہے اور اللہ نے مجھکو قوت چڑھانیکی دی ہے تب تک کیا فکر۔ اور کوئی تکلیف نہیں اللہ نے راحت کا سامان عطا فرمایا احباب دلبستگی کو دے جو بڑی نعمت ہے کچھ کرنا نہیں پڑتا مزدوری کرنی نہیں پڑتی بیٹھے بٹھائے کھانیکو دیتے ہیں خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ حضرت اُن اعمال باطنی کو کوئی نہیں دیکھتا مزاحاً فرمایا کہ بطنی کو تو دیکھتے ہیں آنت بطن ہی سے اترتی ہے۔

(ملفوظ ۵۵۵) فرمایا کہ ایک غیر مقلد کا خط آیا ہے لکھا ہے کہ میں مذہباً تو اہل حدیث ہوں مگر آپ سے تلقین چاہتا ہوں کچھ ایسے کلمات تبلادیجئے جس سے خدا تعالیٰ کی محبت ہو اور نماز وغیرہ میں ذوق پیدا ہو۔ میں نے جواب لکھا ہے کہ کلمات کو اسمیں دخل نہیں اسکے کچھ اور طرق ہیں جنکو مدابیر سمجھنا چاہئے۔

اور میں نے اس سے یہ بھی پوچھا ہے کہ کیا یہ بات تمہاری سمجھ میں آئی فرمایا کہ یہ معلوم کرکے آگے چلونگا پہلے ٹٹول تو لوں کبھی آگے چلکر جھگڑا پڑے۔

## ۲۵ رمضان المبارک سنہ ۱۳۵۰ھ

## مجلس خاص بوقت صبح یوم چہار شنبہ

(ملفوظ ۵۰۶) فرمایا کہ کل جو ایک مولوی صاحب کا خط آیا تھا جسمیں میرے معمولات کو دریافت کیا تھا کل سمجھ میں نہیں آیا تھا اسکے بعد خیال ہوا کہ کل کہونگا وہ یہ کہ طالبین کی حالت جدا ہوتی ہے تو سب ایک ہی عمل کیسے کرسکتے ہیں اسلئے اتباع کی غرض سے تو معمولات کا ضبط کرنا غیر مفید ٹھہرا اور اس قسم کی تحقیق کی دو ہی غرض ہوسکتی ہیں ایک تو اتباع اسکا حال تو معلوم ہوگیا اور ایک یہ کہ محض مشتہر ہی کرنا ہو یہ بھی محض غیر مفید پہلی غرض کے متعلق مثال عرض کرتا ہوں مثلاً ایک شخص بیمار ہے اُس نے تمام عمر بیٹھکر نماز پڑھی اگر مرید کہے کہ میں بھی بیٹھکر نماز پڑھوں تو یہ کیسے پڑھ سکتا ہے جب نہیں پڑھ سکتا تو شیخ کا معمول معلوم کرنا بیکار ہی تو ہوا۔ ایک اور بات یاد آئی نئی بات ہے قرآن شریف میں ہے لاتجسسوا۔ اور یہ بھی ایک قسم کا تجسس ہے تو اس تعلیم قرآنی کے بھی خلاف ہوا اگر کہا جاوے کہ یہ عیوب کے باب میں ہے تو سمجھو کہ علت اسکی کیا ہے محض ناگواری اگر کسی کو اطلاع علی الاعمال ہی مکروہ معلوم ہوتا ہے تو یہ لا تجسسوا کی نہی میں داخل ہوگا۔ عیب ہی کے ساتھ خاص نہیں جو بھی اُسکی ناگواری کا سبب ہو وہاں یہ علت پائی جائیگی اور بھی بہت سی چیزیں ایسی ہیں کہ اُس پر مطلع ہونے میں ناگواری ہوتی ہے یا مطلع کرنا نہیں چاہتا دیکھئے مالدار ہونا عیب کی بات نہیں مگر مجمع میں مجھ ہی سے کوئی پوچھے کہ تمہارے پاس کسقدر مال ہے میں بتلانے کو تیار نہیں اگر عموم لفظ سے بھی داخل نہ ہو مگر اشتراک علت سے داخل ہوسکتا ہے نیز کبھی کذب بھی لازم ہوگا مثلاً کسی کا ایک معمول ہے اکثریت کی ساتھ دائمی نہیں اور کسی نے اُسکو دائمی لکھدیا تو یہ کذب ہوگا۔

(ملفوظ ۵۰۷) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ تصوف کو جاہل صوفیوں نے بدنام کیا ہے ورنہ تصوف تو وہ چیز ہے کہ بدون اسکے نجات ہی مشکل معلوم ہوتی ہے جسکے ایک جزو

Marfat.com

میں تو یہ حکم ظاہر ہے یعنی اعمال مقصودہ ایک میں شبہ ہو سکتا ہے یعنی مجاہدات غیر مقصودہ سو حقیقت میں یہ مجاہدات عبادات نہیں بلکہ معالجہ ہے اور ظاہر ہے کہ عادۃً بدون معالجہ بدنی کے جیسے ظاہری زندگی مشکل ہے ایسے ہی باطنی زندگی بدون باطنی معالجہ کے دشوار ہے اس معالجہ کے جسقدر طرق ہیں وہ سب تدابیر کا درجہ رکھتے ہیں خود قربات نہیں اُن تدابیر سے داعی الی الشر کو منکسر کرنا اور مطیع بنانا ہے جب یہ معلوم ہو گیا تو اب تبلایئے اُن کے متعلق کیا اعتراض رہا گیا جو چیزیں داعی الی الشر نہیں انکے توڑنے اور کم کرنے کی ضرورت نہیں ان تدابیر کو خود بلا واسطہ قرب میں دخل نہیں ہاں بواسطہ قرب کے اسباب ہیں سو انکو عبادت مقصودہ سمجھنا بیشک بدعت ہے اور جو معالجہ سمجھکر کرے وہ بدعت کیسے ہو سکتا ہے اسکی مثال مسہل کی سی مثال ہے دیکھو اسمیں طبیب چلنے پھرنے بولنے سونے کھانے پینے کی ممانعت کر دیتا ہے تو کیا ان تدابیر طبیہ کو کوئی بدعت کہہ سکتا ہے ایسے ہی طریق میں بھی ان مجاہدات کا درجہ تدابیر ہی کا ہے مثلاً تقلیل الطعام تقلیل الکلام تقلیل المنام تدابیر طبیہ میں اور ان مجاہدات میں فرق کیا ہے اگر ایک شخص نے مجاہدہ کر کے ملکات کو راسخ کر لیا کیا حرج ہوا۔ یہی تدابیر جاننا فن ہے جس سے اہل فن اور غیر اہل فن میں فرق ہو جاتا ہے اہل فن کی مثال فن داں کشتی گیر کی ہے جو ذرا سے پینچ میں گرا دیتا ہے اسی طرح فن داں نفس اور شیطان کا مقابلہ داؤ سے کرتا ہے اور دوسرا شخص جو فن داں نہیں ہے وہ گھونسوں سے دھکوں سے گراتا ہے جسمیں مشقت ہوتی ہے تو اس صورت میں فن داں پر اعتراض ہی کیا ہے اور میں توسع کر کے کہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ صاحب مجاہدہ کو جو تدابیر ہی کے درجہ میں لگا ہوا ہے گو وہ تدابیر فی نفسہ موجب اجر نہیں لیکن اُس کی نیت پر وہی عبادت کا ثواب عطا فرماویں گے اسلئے کہ گو وہ عبادت نہیں مگر عبادت کا مقدمہ تو ہے اور وہ عبادت کے کامل کرنے کی نیت سے اسمیں لگا ہوا ہے تو عبادت لغیرہ تو ہو گئیں اور اسپر بھی ثواب ملنا معلوم ہے حضرت اعتراض کر دینا تو آسان ہے کہ مجاہدات غیر منقول ہیں اسلئے بدعت ہیں مگر ذرا انکو کر کے دیکھو انشاء اللہ آنکھیں کھل جائیں گی بلکہ اُن سے دین میں سہولت کتنی ہوتی ہے اور بدون اُن کے عادۃً کامیابی نہیں ہوتی لیکن اُن میں بھی خود رائی نہ کیجاوے کسی کا اتباع ضروری ہے مولانا رحمۃ اللہ علیہ اسی کو فرماتے ہیں ؎

Marfat.com

عـــہ چند خوانی حکمت یونانیاں، حکمت ایمانیاں راہم بخوان،
صحت ایں حس بجوئید از طبیب صحت آں حس بجوئید از حبیب
صحت ایں حس ز معموری تن، صحت آں حس ز تخریب بدن،

صاحبو اسمیں ہرگز شک و شبہ نہ کرو۔ آزمانے ہی کے طریق پر چند روز کر کے دیکھ لو اسی امتحان کو فرماتے ہیں ؎

عـــہ در بہاراں کے شود سر سبز سنگ، خاک شو تا گل بروید رنگ رنگ
سالہا تو سنگ بودی دلخراش، آزموں را یک زمانے خاک باش

آجکل کام کرنے کی طرف تو توجہ ہے نہیں محض میٹھے ہوئے اعتراضات گھڑا کرتے ہیں مگر جنپر تم اعتراض کرتے ہو وہ تو کچھ کرتے بھی ہیں اور تمسے تو یہ بھی نہ ہو سکا کس منہ سے اعتراض کرتے ہو کسی نے خوب کہا ہے اور ایسوں کی حالت کا فوٹو کھینچا ہے کہتے ہیں ؎

سودا قمار عشق میں شیریں سے کوہکن، بازی اگرچہ پا نہ سکا سر تو کھو سکا،
کس منہ سے اپنے آپکو کہتا ہے عشق باز اے روسیاہ تجھسے تو یہ بھی نہ ہو سکا

مگر اسکے حصول کا طریق صرف یہی ہے کہ اپنی عقلوں کو بالائے طاق رکھکر کسی کے اتباع میں عمل کر کے دیکھو معلوم ہو جائیگا کہ قابل اعتراض کون تھا۔ اسی کو مولانا فرماتے ہیں ؎

عـــہ آزمودم عقل دور اندیش را بعد ازیں دیوانہ سازم خویش را،

آجکل تو بڑی دوڑ یہ ہے کہ رسوائی سے بچنے کے لئے پانچ وقت کی نماز پڑھ لی اور رمضان شریف کے روزہ رکھ لئے اگرچہ باطنی حالت یہی ہو جیسا کہا گیا ہے ؎

للعـــہ از بروں چوں گور کافر پر حلل، واندروں قہر خدائے عز وجل،

---

عـــہ یونانیوں کی حکمت کب تک پڑھتے رہو گے ایمان والوں کی حکمت بھی پڑھو۔ بدن کی صحت تو طبیب کے پاس تلاش کرو۔ اور باطن کی صحت محبوب سے حاصل کرو ظاہری صحت تو بدن کی تیاری اور فربہی سے حاصل ہوتی ہے۔ اور باطن کی صحت ظاہری بدن کو خراب کرنے سے حاصل ہوتی ہے ۱۲ عـــہ موسم بہار میں پتھر کب سرسبز ہوتا ہے خاک بن جا تاکہ رنگ برنگ کے پھول کھلیں۔ برسوں سے تو دلخراش پتھر تھا۔ آزمائش کے لئے کچھ روز کے لئے خاک ہو جا ۱۲ ؛ سـہ میں نے عقل دور اندیش کو آزمانے کے بعد اپنے کو دیوانہ بنایا ہے ۱۲ ؛ للعـــہ ظاہر میں تو کافر کی قبر کی طرح خوب بنے سنورے ہو۔ اور اندر قہر الٰہی بھرا ہوا ہے۔ ظاہری حالت تو ایسی ہے کہ بایزید پر بھی طعن کرتے ہو اور تیرے باطنی حالات سے یزید کو بھی شرم آتی ہے ۱۲ ؛

Marfat.com

از بروں طعنہ زنی بر بایزید، وز درونت ننگ میدارد یزید

اب رہی یہ بات کہ ان تدابیر کو ان امراض کے ازالہ میں دخل کیوں ہے اور اسکی لم کیا ہے ۔ یہ سوال ہی لغو ہے اسلئے کہ ممکن ہے کہ یہ مؤثر بالکیفیتہ نہ ہو بلکہ اسمیں بالخاصہ یہ اثر ہو جیسے مقناطیس میں لوہے کو جذب کر لینے کا اثر ہوتا ہے اور یہ سوال تو ایسا ہے کہ کوئی مریض طبیب سے یہ سوال کرے کہ اس تدبیر خاص کو مرض کے ازالہ میں کیا دخل میں نے ابھی جو اوپر تفصیل بیان کی ہے اس کے عدم استحضار سے بعض بڑے لوگوں کو شبہات پیدا ہو گئے چنانچہ ابن تیمیہ نے اللہ اللہ کرنیکو بنا بر عدم نقل بدعت کہدیا ہے لیکن اگر میں اسوقت ہوتا یا وہ اس زمانہ میں ہوتے تو میں اُن سے عرض کرتا اور انشاء اللہ وہ تسلیم کرتے کہ ایک شخص قرآن شریف حفظ کرتا ہے اور ایک ہی لفظ کا بار بار اعادہ کرتا ہے مثلاً اذا السماء انفطرت کو اس طرح یاد کرتا ہے کہ اذا السماءُ اذا السماءُ اُن کو سو مرتبہ کہا اور فطرت فطرت کو سو مرتبہ کہا پھر ملا کر کہا تو میں ابن تیمیہ سے پوچھتا ہوں کہ یہ جائز ہے یا محض اسلئے کہ منقول نہیں ناجائز ہے ابن تیمیہ کے پاس سوائے تسلیم جواز کے کوئی جواب نہ ہوتا کیونکہ حقیقت اسکی صرف یہ ہے کہ مذکور کو حافظہ میں راسخ کرنا ہے اب جس ہیئت سے ہو اور گو وہ ہیئت منقول بھی نہ ہو پس اسی طرح ذاکر کا مقصود قلب میں توجہ الی اللہ کو راسخ کرنا ہے پس مقصود کو قلب میں راسخ کرنے کو کون منع کر سکتا ہے نیز رسوخ اور سہولت کے اثر کا ایک اور راز ہے وہ یہ کہ تجربہ ہے اس طریق کا لذت بخش ہونا مشاہد ہے اور الفاظ میں جسقدر لذت ہوگی اسی قدر جلد اور سہولت سے اسکے مدلول کے متمکن ہونے میں کامیاب ہوگا لفظ اللہ کے تکرار میں بڑی لذت ہوتی ہے توکل شاہ صاحب کا واقعہ ہے قسم کھا کر کہا کرتے تھے پنجابی زبان میں کہ ذکر کے وقت میرا منہ میٹھا ہو جاتا ہے اور یہ بھی کہا کرتے تھے کہ ویسی ہی بات نہ سمجھنا بلکہ ایسا میٹھا ہو جاتا ہے جیسے مٹھائی کھا لینے سے ۔ ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت شریعت تو مدون ہے اسکے لئے تو سو سال کے بعد مجدد کی ضرورت ہے اور تصوف کیلئے تو پچاس برس کے بعد ہی ضرورت پڑیگی کیونکہ مدون نہیں اسلئے اسمیں تغیر جلد ہو سکتا ہے اسلئے جلدی مجدد کی ضرورت واقع ہوگی ۔ فرمایا کہ اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ یہ بھی مدون ہو گیا اب صدیوں کیلئے یہ طریق زندہ ہو گیا واقعہ یہ ہے کہ طریق اصلاح مردہ ہو چکا تھا اب ازسرنو زندہ ہوا ہے مگر غیر مجتہد اسکو انجام نہیں دے سکتا تھا حضرت حاجی صاحب اس

Marfat.com

فن کے مجتہد تھے ان کے علوم سے اسکی حسب ضرورت تدوین ہوگئی۔ پھر فرمایا کہ یہ جو اسرار پر کتابیں لکھ گئے ہیں ان سے زیادہ گڑبڑ پھیلی اُن حضرات کو کیا خبر تھی کہ ایسے بدفہموں کا بھی زمانہ آنیوالا ہے سو واقع میں اہل اسرار کی کتابیں اہل اسرار کیلئے ہیں اشرار کیلئے نہیں فرمایا کہ اللہ کا شکر ہے کہ یہ فن بالکل صاف ہوگیا لوگوں نے ہوا بنا رکھا تھا حالانکہ آدم ہے اور اس اشاعت کے بعد خواہ تعبیر بھی نہ کرسکے مگر مقصود حاصل ہے کیونکہ مقصود حقائق کا ذہن میں اتر جانا ہے اگر کوئی شخص اصلاح معدہ کی دوا کھا کر بھول گیا تو بلا سے یاد نہ رہے لیکن عمر بھر کو دو وقت دس روٹیاں کھلانیکا اثر کر گئی بلکہ میں تو اس یاد نہ رہنے کو حق تعالیٰ کی رحمت سمجھتا ہوں اگر یہ علوم یاد رہتے تو مقصود پر نظر نہ رہتی جیسے نحو کی ضرورت پڑتی ہے مگر عبارت پڑھتے وقت اگر اسکا استحضار کریگا تو عبارت غلط پڑھنا شروع کردیگا۔

(ملفوظ ۴۶۸) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک عیسائی نے لکھا تھا گورنمنٹ کو کہ سب کی نگرانی کی جاتی ہے خصوص علماء کی مگر ان صوفیوں کی کوئی نگرانی نہیں ہوتی حالانکہ یہ زیادہ نگرانی کے قابل ہیں کیونکہ نہ معلوم یہ چپکے چپکے کیا تعلیم کرتے ہیں وہ یہ سمجھا ہوگا کہ جہاد کی تعلیم کرتے ہونگے جس سے گھبراتے ہیں اُس غریب کو یہی خبر نہیں کہ تعلیم کے خفیہ ہونے کی کیا مصلحت ہے۔

(ملفوظ ۴۶۹) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں نے زمانہ نوعمری میں ماموں امداد علی صاحب سے عرض کیا کہ کیا بات ہے طریق میں علماء کو مجاہدہ کم کرنا پڑتا ہے فرمایا نہیں بھائی وہ جو آنکھیں سینکتے ہیں برسوں اور دھواں کھاتے ہیں اُسکو ملا کر دیکھو یہ سب مجاہدہ ہی تو ہے تو یہ مجاہدہ کسی کو کچھ نہیں ملتا واقعی صحیح فرمایا۔

## ۲۵ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

### مجلس بعد نماز ظہر یوم چہار شنبہ

(ملفوظ ۴۷۰) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت والا نے صبح کی مجلس میں فرمایا تھا کہ اس فن میں مجتہد کی ضرورت ہے بدون اسکے اصلاح طالبین کا کام نہیں چل سکتا تو پہلے وہ مجتہد ہو کر اسکام کو کرے یا کام کو شروع کردے پھر مجتہد ہو جائیگا فرمایا کہ پہلے مجتہد ہو چکے اب اسکو شروع

Marfat.com

کرے۔ البتہ خود مجتہد ہونیکی شرط یہ ہے کہ اپنی اصلاح بانقیاد شیخ شروع کردے کبھی اُس سے اجتہاد کا درجہ بھی میسر ہو جاتا ہے لیکن شرط علت نہیں کیونکہ اس سے اجتہاد میسر ہونا ضروری نہیں۔

(ملفوظ ۳۴۱) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت یہ جو اجازت شیخ کی طرف سے ہوتی ہے یہ کس وقت ہوتی ہے فرمایا کہ جیسے ایک سند تو جب دیجاتی ہے طالب علم کو جب پوری مہارت ہو جائے حدیث میں اور ایک توقع پر دیجاتی ہے کہ اگر آئندہ خیال رکھا اور مطالعہ کیا تو مہارت ہو جائیگی۔ اسی طرح اجازت شیخ میں دونوں طریق ہیں آجکل اکثر دوسرا طریق مستعمل ہے مگر ضروری مناسبت ہر حال میں شرط ہے۔

(ملفوظ ۳۴۲) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت محبت اور مناسبت میں تو کوئی فرق نہیں ہوتا فرمایا کہ فرق ہے بعض کو محبت ہوتی ہے مناسبت نہیں ہوتی مناسبت سے مراد ہے کہ جانبین سے ایسا تعلق ہو کہ ہر بات ایک کی دوسرے کے مذاق کی موافق ہو۔

(ملفوظ ۳۴۳) فرمایا ایک خط آیا ہے لکھا ہے کہ ایک تعویذ کی ضرورت ہے جن کا اثر ہے میں نے لکھدیا ہے کہ میں عامل نہیں ہوں اگر چاہو گے تو عامل کا پتہ لکھدونگا خود پتہ اسلئے نہیں لکھا کہ عامل کی بے قدری نہ ہو۔ پوچھنے کے بعد بتلانے میں قدر ہوگی۔

(ملفوظ ۳۴۴) فرمایا کہ ایک صاحب کا خط آیا ہے لکھا ہے کہ میں پانچ روپیہ بھیجنا چاہتا ہوں اور آنے کی اجازت چاہتا ہوں اب ملاحظہ ہو کہ ناگواری ہو یا نہ ہو دونوں کو جمع کیا ہے اصل میں ہم لوگوں کو طماع اور حریص سمجھتے ہیں یہی وجہ ہے ان حرکات کی میں بھی ایسا جواب دونگا انشاء اللہ کہ طبیعت خوش ہو جائیگی اسی طرح ایک صاحب ہیں کسی مقام میں ایک سال کچھ روپیہ مدرسہ میں بھیجا میں نے وصول کرلیا غالباً دوسو روپیہ تھا اگلے سال لکھتے ہیں کہ معمول کے موافق روپیہ بھیجتا ہوں اگر سال گذشتہ کی طرح امسال بھی رسید نہ آئی تو آئندہ روپیہ بھیجنا بند کردونگا میں نے منی آرڈر وصول نہیں کیا انکار لکھدیا اور لکھدیا کہ تم آئندہ سال بند کروگے ہم امسال ہی بند کرتے ہیں رسید یہاں سے نہیں روانہ کیجاتی پھر فرمایا کہ رسید تو وہ بھیجے جو تحریک کرے یا مانگے یہاں پر تو محض توکل پر معاملہ ہے اگر کسی کو ہم پر اعتماد ہو بھیجو ورنہ مانگنے کون جاتا ہے رہا یہ خیال کہ پھر مدرسہ کیسے چلیگا ایسے چلیگا جیسے اب تک چل رہا ہے اور زائد سے زائد یہ ہوگا کہ نہ چلیگا

Marfat.com

آمدنی نہ ہوگی بند کر دیں گے کوئی فرض و واجب تو ہے ہی نہیں اور بہت سے دین کے کام ہیں اور بہت سی دین کی خدمتیں ہیں ان میں لگ جائیں گے حساب کتاب آمد و صرف کا انتظام باقاعدہ ہے مگر دوسروں کو کیا حق ہے کہ وہ مطالبہ کریں اگر ہم پر اعتماد نہیں نہ بھیجیں اور رسید ہی سے کیا ہوتا ہے جو کھانے والے ہیں اور گڑبڑ کرنے والے ہیں وہ حساب ہی میں خوب کھاتے اور گڑبڑ کرتے ہیں۔ میں کہا کرتا ہوں کہ میں طامع بھی ہوں حریص بھی ہوں مگر جنکو محبت کا دعویٰ ہے انکو تو ایسا نہیں سمجھنا چاہیئے اگر میں عیب دار ہوں تو انکو تو عیب دار نہ سمجھنا چاہیئے۔

(ملفوظ ۲۶۵) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ زیادہ تر عقلی محبت ہی کی ضرورت ہے اسمیں دوام ہے ثبات ہے اختیاری ہے عجیب چیز ہے عقلی محبت اور عقلی اور طبعی محبت دونوں بھی جمع ہو سکتی ہیں مگر غلبہ عقلی ہی کو ہونا چاہیئے محبت طبعیہ کے غلبہ میں حدود محفوظ نہیں رہتے خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ ایکمرتبہ حضرت نے یہ فرمایا تھا کہ طبعیت کو عقل پر غالب نہ آنے دے اور عقل کو شریعت پر غالب نہ آنے دے فرمایا کہ بالکل صحیح ہے ساری دنیا کے عقلاء حقیقت سے بے خبر ہونیکی وجہ سے تو ڈوب ہی رہے ہیں اس بے خبری میں انھوں نے عقل کو دین پر غالب کر دیا البتہ عقل کو طبعیت پر غالب رکھنا ضروری ہے پس ہمیشہ رہنے کی چیز تو صرف عقل و ایمان ہی ہیں باقی سب میں آمد و رفت رہتی ہے۔

(ملفوظ ۲۶۶) خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ایک صاحب لوہاری سے آئے ہیں بیعت کیلئے درخواست کرتے ہیں فرمایا کہ رمضان شریف میں اتنی فرصت نہیں کہ اسکے متعلق گفتگو بھی کر سکوں بعد رمضان المبارک کے آئیں میں انشاء اللہ تعالیٰ اسکے متعلق گفتگو کرونگا ان سے پوچھئے کہ سمجھ بھی گئے یا نہیں عرض کیا کہ سمجھ گئے اسپر فرمایا کہ رمضان شریف میں تو پہلی ہی بیعت رہ جائے تو غنیمت ہے اس کے ہی حقوق ادا نہیں ہوتے۔

(ملفوظ ۲۶۷) خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ایک جگہ ایسا ہوا کہ سائل نے اللہ کا واسطہ دیکر دو پیسے مانگے فرمایا کہ بیوقوف تھا بیس روپیہ نہ مانگے۔

(ملفوظ ۲۶۸) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ انسان اپنی تمنا کو اپنی تجویز کو بالکل فنا کر دے یہ ہے ادب اس طریق کا۔

Marfat.com

(ملفوظ) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ فیض شیخ سے جو کیفیت ہوتی ہے اسکو کوئی بیان میں نہیں لاسکتا۔

(ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ طرق العشق کلہا آداب۔ اگر آداب نہیں تو وہ طریق عشق ہی نہیں۔

(ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک خط آیا تھا لکھا تھا کہ مجھکو بیعت کر لو اور خدمت میں حاضری کی اجازت دیدو۔ خواہ مخواہ مان نہ مان میں تیرا مہمان۔ چیڑی اور دو دو یعنی خود ہی اپنی مصلحتیں اور پھر دو دو تجویز کر لیں اور بجائے درخواست کے فرمائش کا صیغہ جیسے ایک پیرجی کی حکایت ہے ایک گاؤں میں مرید کے گھر گئے مرید نے کہا کہ پیرجی تسکرانہ پکانیکا ارادہ ہے دودھ سے کھاؤ گے یا گھی سے پیرجی نے کہا کہ میاں بے سوادوں کا کیا سواد اول گھی لگالیں گے اوپر سے دودھ ڈالکر کھالیں گے۔ میں نے جواب میں لکھدیا تھا کہ کیا بیعت ضروری چیز ہے اور کیا بدوں بیعت کے نفع نہیں ہو سکتا اور یہاں پر آنے کی غرض لکھو۔ میں اول ہی میں تمام مراحل طے کر لیتا ہوں تاکہ کوئی بات مبہم نہ رہے پھر ساری عمر پریشانی پاس نہیں آتی اسلئے کہ مقصود معلوم ہو جاتا ہے گو وقت صرف ہوتا ہے اور بعض اوقات ٹکٹ وغیرہ میں تھوڑا سا خرچ بھی ہوتا ہے اور قبل تحقیق ایک گونہ ناگواری بھی ہوتی ہے مگر وہ ناگواری ایسی ہی ہے جسکو فرماتے ہیں ؎

طفل می لرزد ز نیش احتجام ؎۱ مادر مشفق ازاں غم شاد کام،

پھر اسکو برداشت کر لینے کے بعد تو یہ حالت ہوتی ہے جیسا فرماتے ہیں ؎

کوئے نومیدی مرو کامیدہاست ؎۲ سوئے تاریکی مرو خورشیدہاست

(ملفوظ) پختہ گڑھی سے ایک مخلص نے کچھ پکی ہوئی اشیا حضرت والا کی خدمت میں بطور ہدیہ ایک شخص کے ہاتھ بھیجیں حضرت والا نے اپنے خادم سلیمان سے فرمایا کہ دیکھو گھر ان چیزوں کو پہونچا دو اور یہ کہدینا کہ یہ بٹی ہوئی نہیں ہیں اور جن برتنوں میں یہ چیزیں ہیں لانے والے کے سامنے گن کر اور دکھلا کر لیجانا اور واپس لا کر پھر گنوا دینا تاکہ گڑبڑ نہ ہو پھر حضرت والا نے دریافت فرمایا کہ

---

؎۱ بچہ انگشتر لگنے سے کانپتا ہے۔ اور ماں اس تکلیف سے خوش ہے (کہ یہ تکلیف موجب صحت ہوگی)
؎۲ ناامیدی کے کوچہ میں مت جاؤ کہ بہت زیادہ امیدیں ہیں اور تاریکی کی طرف مت جاؤ کہ بہت روشنیاں ہیں ۱۲

Marfat.com

گن لیا عرض کیا جی گن لیا چار برتن ہیں مزاحاً فرمایا کہ اچھی طرح پھر دیکھ لو ورنہ کبھی تمہارا اچار بنے فرمایا کہ میں ایسی چیزوں میں ضرور مداخلت کرتا ہوں اور وہ اسلئے کہ لوگوں کے مزاج میں احتیاط نہیں اسلئے ہر شخص پر اعتماد نہیں ہوتا۔ ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ صحابی ہیں فاتح فارس ہیں جب غلام کو کھانا پکانے کے لئے اشیاء دیتے تو سب کا وزن فرماکر اور گوشت کی بوٹیاں گن کر دیتے تھے وجہ معلوم کرنے پر فرمایا کہ میں کسی مسلمان کی طرف سے کیوں بدگمانی کروں اسلئے گن کر دیتا ہوں اور گن کر لیتا ہوں ورنہ یہ وسوسہ ہو سکتا ہے کہ نہ معلوم کسقدر کھایا اور کسقدر لایا اسپر حضرت والا نے فرمایا کہ یہ ہے مغز تصوف اور یہ ہیں علوم دقیقہ یہ علوم تو ہمکو نصیب بھی نہیں کہاں تک ان حضرات کی نظر پہونچتی تھی کیسی دقیق بات ہے یہ ہیں اعمال باطنہ کیوں نہ ہوں صاحب آخر صحبت کسکی تھی اگر ان حضرات کے ایسے علوم نہ ہوتے تو اور کسکے ہوتے عجیب حضرات تھے دینی حدود کی حفاظت میں اسکی بھی پرواہ نہ تھی کہ لوگ کیا کہیں گے لایخافون فی اللہ لومۃ لائم پر عمل کر کے دکھلا دیا سبحان اللہ فرمایا ان ہی چیزوں کیلئے شیخ کی ضرورت ہے اور شیخ بھی کامل ہو جامع بین الاضداد ہو علماء ظاہر محض اعمال ظاہرہ کی اصلاح کرتے ہیں اور شیخ کامل ظاہر اور باطن دونوں کی اصلاح کرتا ہے اور ویسے تو کتابوں میں سب ہی کچھ ہے مگر ایسا ہی جیسے کتابوں میں تو نسخے بھی ہیں پھر خود کیوں نہیں علاج کر لیتے بس جو ضرورت طبیب کی ہے وہی ضرورت شیخ کی ہے

(ملفوظ ۳۶۳) فرمایا کہ ایک خط آیا ہے لکھا ہے کہ کوئی سہل علاج تجویز فرمائیں اسپر فرمایا کہ یہ تو طبیب کی شفقت ہے کہ وہ سہل علاج تجویز کر دے یا ایسی دوا تجویز کر دے کہ وہ تلخ نہ ہو جیسے حکیم محمد مصطفٰے صاحب نے کنین کا مزہ بدل دیا ہے لیکن اگر طبیب اسکی رعایت نہ کرے تو مریض کو اس فرمائش کا کیا حق ہے کہ میرے لئے ایسی دوا تجویز کرو پھر ضروری مراحل تو انسان طے کرلے پہلے سے پہلے ہی حکم ہوتا ہے کہ سہل علاج تجویز کرو ان نالائقوں کے بیگاری ہیں نا حکومت کرتے ہیں ان خردماغوں کو یہ معلوم کرانیکی ضرورت ہے کہ ملانوں میں بھی سب دماغ ہیں آخر اس بیہودہ لکھنے سے تو خاموش ہی رہتے تو اچھا ہوتا ممکن ہے کہ اسپر کوئی یہ شبہ کرے (اسلئے کہ آجکل عقلاء سے زمانہ پُر ہے) کہ اگر نہ لکھتے اور خاموش رہتے تو اصلاح کیسے ہوتی سو پہلے تو یہ معلوم کر لو کہ شیخ کے ذمہ کونسی اصلاح ہے بہت سی چیزیں تو فطری ہیں انکی اصلاح کا

Marfat.com

شیخ ذمہ دار نہیں اب یہاں پر لوگ آتے ہیں کسی کوتاہی یا غلطی پر مواخذہ کرتا ہوں تو کہتے ہیں کہ اصلاح ہی کی غرض سے تو حاضر ہوئے ہیں یہ گویا بڑی ذہانت کا جواب ہے میں جواب میں کہا کرتا ہوں کہ حوض کے کنارے پر پاجامہ کھولکر پاخانہ پھرنے بیٹھ جانا اور باز پرس کرنے پر کہدینا کہ اصلاح ہی کی غرض سے تو آئے ہیں سو اسکا کسی کے پاس کوئی جواب نہیں خوب سمجھ لو شیخ اُن چیزوں کی اصلاح کا ذمہ دار ہے جو تمہاری سمجھ میں آئیں اور ایسی موٹی باتوں کی تو اصلاح کر کے آنا چاہیئے۔ پھر تعلیم سے پہلے شیخ یہ دیکھتا ہے کہ اس میں انقیاد اور طلب بھی ہے یا نہیں اور اس طریق کی حقیقت اسکے ذہن میں کیا ہے ویسے ہی سہل علاج جٹتے پھرتے ہیں واللہ مجھکو تو چاپلوسی کرتے ہوئے یا ایسا عنوان اختیار کرتے ہوئے جس سے چاپلوسی کا شبہ بھی ہو غیرت آتی ہے اور میں سچ عرض کرتا ہوں کہ اپنی ذات کی وجہ سے نہیں بلکہ طریق کی بے وقعتی اور بے حرمتی سے غیرت آتی ہے کمبخت دکانداروں نے اس طریق کو بدنام کر دیا اور بے وقعت بنایا اب تو اللہ کا شکر ہے کہ اکثر لوگ حقیقت سے باخبر ہو گئے۔

ملفوظ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اگر کہیں سے کھانا آتا ہے تو جن برتنوں میں کھانا آتا ہے اُن میں کھانا کھانیکو علی الاطلاق جائز نہیں سمجھتا کیونکہ اسمیں فقہی تفصیل ہے وہ یہ کہ گھر میں دو طرح کے ایک تو ایسے کہ وہاں برتنوں کی واپسی کا اہتمام آسان ہے یعنی اُنکو دوسرے برتن میسر ہیں اور ایک ایسے گھر ہیں کہ اہتمام واپسی کا آسان نہیں یعنی اُنکو میسر نہیں اور بھیجنے والوں کو بھی اسکا علم ہے تو جن گھروں میں بالمعنی المذکور اہتمام واپسی کا ہے اُنکو تو آئے ہوئے برتنوں میں کھانا جائز نہیں صرف ایک صورت مستثنیٰ ہے وہ یہ کہ برتن بدلنے میں کھانیکا لطف جاتا رہیگا اور جن گھروں میں بالمعنی المذکور واپسی کا اہتمام نہیں اور بھیجنے والوں کو علم ہے اُنکو جائز ہے کیونکہ دلالۃً اذن ہے اور یہ امور شرعیہ الحمدللہ میرے امور طبعی ہیں اور مجھکو انپر امید اجر کی ہے۔

ملفوظ ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت اگر اس خیال سے کوئی شخص نماز پڑھے کہ جنت ملیگی تو اجر میں تو کوئی کمی نہ ہوگی فرمایا کہ کمی کی کیا وجہ اور میں ایک امر بات بیان کرتا ہوں جو اہل اسرار کے اصول پر ہے کہ ہمنے جو اس امید پر نماز پڑھی کہ جنت ملیگی تو وہ جنت بھی نماز تو ہے تو اس شخص نے نماز سے نماز ہی کو تو طلب کیا۔

(ملفوظ ۲۲۷) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مجکو ثقہ راوی سے پہونچا ہے کہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے شاہ رفیع الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی نسبت فرمایا تھا اور غالباً ایک صاحب نے اپنی بعض تحریرات میں لکھا بھی ہے کہ وہ کمالات باطنہ میں مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی سے کم نہیں صرف فرق یہ ہے کہ وہ ظاہری عالم بھی ہیں یہ عالم نہیں اسی سلسلہ میں فرمایا کہ ایکمرتبہ دیوبند میں مدرسہ کا بہت بڑے پیمانہ پر جلسہ ہونے والا تھا میرا طالبعلمی کا زمانہ تھا میں نے دیکھا کہ مولانا شاہ رفیع الدین صاحب نہایت اطمینان سے ٹہل رہے ہیں میں نے عرض کیا کہ حضرت آپ اس طرح پر اطمینان سے ٹہل رہے ہیں اور اتنا بڑا انتظام در پیش ہے فرمایا کہ یہ انتظام تو کون بڑی چیز ہے اگر سلطنت بھی ہمارے سپرد ہو جائے اسی طرح اطمینان سے اسکا انتظام بھی کر سکتے ہیں اسی سلسلہ میں فرمایا کہ دہلی میں ایک مرتبہ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب نے وعظ فرمایا اُسمیں ایک انگریز بھی شریک تھا بعد وعظ کے اُس انگریز نے عام خطاب کی صورت میں مسلمانوں سے دریافت کیا کہ مسلمانوں کی سلطنت کیوں گئی مسلمانوں نے جواب مختلف دئے مگر اُسکی تسلی نہ ہوئی پھر خود اُس انگریز نے کہا کہ جو لوگ سلطنت کے اہل تھے وہ تو حجرہ نشین ہو گئے جیسے یہ شاہ صاحب ہیں اور جنہوں نے اُسکو ہاتھ میں لیا وہ اہل نہ تھے۔

## ۲۶ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

## مجلس خاص بوقت صبح یوم پنجشنبہ،

(ملفوظ ۲۲۸) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ابن تیمیہ نے بعض مسائل میں بہت ہی تشدد سے کام لیا ہے جیسے توسل وغیرہ کے مسئلہ میں اسی طرح اہل ظاہر نے بھی مثلاً انھوں نے قیاس کو حرام کہا ہے اور ہم پھر بھی اُن کے اقوال کی تاویل کرتے ہیں مگر وہ ہمارے اقوال کو جو اُنکے خلاف ہوں بلا تاویل رد کرتے ہیں غرض ہم تو اُن کی رعایت کرتے ہیں اور وہ ہماری رعایت نہیں کرتے چنانچہ ہم ترک تقلید کو مطلقاً حرام نہیں کہتے اور وہ تقلید کو علی الاطلاق حرام کہتے ہیں اس سے وہ اس درجہ میں آگئے ہیں تحبونہم ولا یحبونکم ہاں بعض قیاس کو حرام کہا جا سکتا ہے جیسا ابلیس نے کیا تھا یعنی نص کے مقابلہ میں ورنہ قیاس شرعی کو حرام کہنا تمام امت کی تضلیل ہے

Marfat.com

کیونکہ ائمہ مجتہدین کے تمام فتاوے کو جمع کر کے دیکھئے اسمیں زیادہ حصہ قیاسات و اجتہادات ہی کا ہے انکو گمراہ کہنا تمام امت کو گمراہ کہنا ہے خود صحابہ کو دیکھئے زیادہ تر فتوے قیاس ہی پر مبنی ہیں۔ البتہ وہ قیاس نصوص پر مبنی ہے۔ آجکل تارکین تقلید میں بھی اس رنگ کے لوگ ہیں اور بکثرت دیکھا جاتا ہے کہ ان لوگوں میں بڑی جرأت ہوتی ہے بے دھڑک بدون سوچے سمجھے جو چاہتے ہیں فتوے دے بیٹھتے ہیں۔ خود ان کے بعضے مقتداؤں کی باوجود تبحر کے یہ حالت ہے کہ جسوقت قلم ہاتھ میں لیکر چلتے ہیں دوسری طرف نہیں دیکھتے۔ سب سے عجیب بات یہ ہے کہ مخالف کے دلائل کو نقل کرتے ہیں مگر اُن کا جواب تک نہیں دیتے بعض کے وسیع النظر ہونے میں شک نہیں مگر نظر میں عمق نہیں۔ ایک ظریف نے بیان کیا تھا ایکمرتبہ کہ متبحر کی دو قسمیں ہیں ایک کدو متبحر اور ایک مچھلی متبحر کدو سارے دریا میں پھرتا ہے مگر اوپر اوپر اور مچھلی عمق میں پہونچتی ہے تو ان لوگوں کا تبحر ایسا ہے جیسے کدو متبحر کہ اوپر اوپر پھرتے ہیں اندر کی کچھ خبر نہیں۔

(ملفوظ ۴۸۲) فرمایا کہ میں چاہتا ہوں کہ کسی کو کچھ نہ کہوں ورنہ کوئی ایسی بات ہو جس سے بے لطفی پیدا ہو مگر کیا کیا جائے دوسرے بالکل ہی بیفکر ہیں اسلئے کوئی نہ کوئی واقعہ ناقابل تسامح ہو جاتا ہے ایک صاحب آج صبح ہی آکر میرے پاس بیٹھ گئے میں اُسوقت مشغول تھا میں اپنا کام چھوڑ کر انکی طرف متوجہ ہوا اب پوچھتا ہوں کہ جو کہنا ہو کہہ لیجیے میں تنگی نہیں کرتا کہ اسوقت فرصت نہیں پھر آنا اسلئے کہ ممکن ہے کہ کوئی ضروری اور فوری ضرورت ہو کچھ نہیں بولے آخر چند بار کے دریافت کرنے پر ایک پرچہ نکالکر میرے آگے کر دیا اور زبان سے اب بھی کچھ نہ کہا حالانکہ آگے معلوم ہوگا کہ پرچہ ہی پیش کرنا مخالفت تھی اور تماشا یہ ہے کہ اس کے متعلق دو شخصوں سے مشورہ بھی لیا تھا اُنھوں نے واقعہ معلوم کر کے منع بھی کیا تھا اب تلائیے کیا تاویل کروں اور اگر ہر بات میں تاویل ہو سکتی ہے تو پھر اصلاح کیسے ہو اب سوائے اسکے اور کیا کہوں کہ میں ایسے لوگوں کی خدمت سے معذور ہوں ان لوگوں میں نہ رحم نہ انصاف کچھ نہیں ایک یہ شخص دھوکا دینا چاہتے تھے اور ایہام کے ذریعہ سے پرچہ کا جواب حاصل کرنا چاہتے تھے حالانکہ بعد میں معلوم ہوا کہ انکو پرچہ لکھنے ہی کی اجازت نہ تھی یہ بھانڈا یوں پھوٹا کہ میں نے انسے یہ سوال کیا کہ کیا تمنے مکاتبت کی اجازت حاصل کر لی ہے یہ خیال اسلئے پیدا ہوا کہ ایسے بدفہم کو مکاتبت کی کیسے اجازت دیدی گئی ہوگی جو بار بار

پوچھنے پر بھی کچھ جواب نہ دے اسپر انھوں نے سب پرچے ایک جگہ جمع کر کے مجھکو دیئے اتفاق سے اُن میں وہ پرچہ بھی تھا جسمیں مکاتبت اور مخاطبت کی ممانعت تھی تب بات کھلی اللہ نے معلوم کرا دیا خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ پرچہ دکھلانے کا بڑا ہی اچھا دستور العمل ہے کہ جسکی وجہ سے چور پکڑا گیا فرمایا کہ جیسے انھوں نے مکاتبت کی ممانعت پر پرچہ دیا اسی طرح بعضے مخاطبت کی مخالفت زبانی شروع کر دیتے ہیں اور یہ یوں سمجھتے ہیں کہ بدوں بولے نفع نہیں ہو سکتا ممانعت پر مخالفت کرنا کسقدر بدفہمی کی بات ہے ان لوگوں کو یہ معلوم نہیں کہ بعضا بول بوَل ہوتا ہے۔ جب نکلتا ہے بستر بھی ناپاک کپڑے بھی ناپاک خود بھی ناپاک چارپائی ناپاک پھر اسپر یہ حالت ہے کہ لوگوں نے صرف ایک سبق سیکھ لیا ہے یعنی مجھکو بدنام کرینگا اور ان لوگوں کی حرکتوں کو کوئی نہیں دیکھتا ظالم کے افعال کی تو تاویلیں کیجاتی ہیں مگر مظلوم کی پروا نہیں ایک صاحب نے سوال کیا کہ حضرت اسکی کیا وجہ ہے فرمایا کہ خود طبیعت میں ظلم اور بے انصافی کا مادہ ہے۔

(ملفوظ ۴۷۹) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ غیر مقلدوں کے متعلق مولوی عبدالحی صاحب لکھنوی کی رائے اول نرم تھی مگر اُس مناظرہ سے جو نواب صدیق حسن خانصاحب سے انکا خود ہوا سخت ہوگئے تھے ورنہ بہت ہی نرم تھے بڑے صاحب کمال تھے عمر تقریباً ۳۸ یا ۴۰ سال کی ہوئی کسی نے جادو کرا دیا تھا مولوی صاحب کے سرہانے سے ایک شیشی خون کی دبی ہوئی نکلی تھی اس سے شبہ ہوتا ہے کہ کسی نے سحر کیا اسمیں انتقال ہوگیا اس تھوڑی سی عمر میں بہت کام کیا سمجھ میں نہیں آتا وقت میں بہت ہی برکت تھی ہر فن سے مناسبت تھی اور ہر فن کی خدمت کی۔

(ملفوظ ۴۸۰) خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ حضرت والا نے تو اصلاح کے کام کو از سرِ نو زندہ فرما دیا مدت سے کسی نے اسکی ایسی خدمت نہ کی صدیوں سے فن تصوف مردہ ہو چکا تھا فرمایا کہ میں نے تو قاعدہ بغدادی لے لیا ہے جو سب میں چھوٹا کام ہے بڑے بڑے حضرات بڑے بڑے کام کر رہے ہیں اور میں نے سب سے چھوٹی چیز لی ہے جسکو سب چھوٹا سمجھتے ہیں فرمایا کہ لوگ بے وضو نماز پڑھنا چاہتے تھے میں وضو کرا کر پڑھوانا چاہتا ہوں۔

(ملفوظ ۴۸۱) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ جو آپ فرما رہے ہیں یہ تو بڑے لوگونکی باتیں ہیں ہمنے تو یہ سیکھا ہے کہ بھائی کچھ کرو خالی مت رہو اور جو لوگ کچھ نکریں وہ کم از کم

سمجھتے رہیں کہ ہم کچھ نہیں کر رہے ہیں یہ بھی ایک وجہ ہے اسپر فرمایا کہ میں نے تو اپنے جیسے کم ہمتوں کیلئے ڈھونڈ ڈھانڈ کر حضرت سعید ابن المسیب تابعی کا ایک قول نکالا ہے وہ فرماتے ہیں کہ عشاء کی نماز جماعت سے پڑھنے پر شب قدر کی فضیلت میسر ہوجاتی ہے (کذا فی جمع الفوائد بروایۃ مالک) پھر فرمایا کہ صاحب ہم جیسے ضعیفوں کیلئے تو یہ بڑی نعمت ہے پھر قوت وضعف کے تفاوت سے اعمال کی کثرت وقلت کے مناسب یہ واقعہ بیان فرمایا کہ یہ روایت سنی ہے مولوی محمد یٰسین صاحب یعنی مولوی محمد شفیع صاحب کے والد نفل روزے بہت رکھا کرتے تھے اور حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے یہاں جاکر افطار کیا کرتے تھے ایک روز مولانا نے فرمایا کہ مولوی صاحب یہ نہ سمجھنا کہ میں روزے رکھتا ہوں اور یہ نہیں رکھتے ہمنے بھی بہت رکھے ہیں۔

(ملفوظ ۴۴۲) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ یہ بالکل صحیح ہے شیخ کے ساتھ جسقدر عقیدت کم ہوگی اسی قدر نفع کم ہوگا۔

(ملفوظ ۴۴۳) ایک نووارد شخص سے اسکی غلطی پر حضرت والا نے مواخذہ فرماتے ہوئے فرمایا کہ میں نے صرف یہ ہی تو پوچھا تھا کہ جو میں نے اس پرچہ میں لکھا ہے وہ تمکو منظور ہے یا نہیں جسپر جواب ندارد ہے یہ کونسی ایسی باریک بات اور دقیق سوال تھا جسپر آپ خاموش ہیں اور اگر جواب دینا بھی آپکو کسر شان معلوم ہوتا ہے یا مجھکو قابل جواب دینے کے نہیں سمجھا جاتا تو یہاں تشریف لانے کی ضرورت ہی کیا تھی گھر بیٹھے رہتے ہوتے کوئی بلانے تھوڑا ہی گیا تھا اسپر وہ شخص کچھ بولے مگر نہایت دھیمی آواز سے اسپر حضرت والا نے فرمایا کہ ارے بھائی ہاتھ منہ سے ہٹاؤ ایک تو آواز نہیں اور اسپر ہاتھ منہ پر رکھ لیا کم از کم ایسے طریق سے بولو کہ دوسرا سن کر جواب دے سکے اس شخص نے ہاتھ تو منہ سے ہٹا لیا مگر آواز میں کوئی تغیر نہ ہوا اسپر حضرت والا نے فرمایا کہ اب بتلایئے کہ بار بار کے کہنے پر بھی جب اثر نہیں تو کیا تاویل کروں اور ایسی حرکت پر مجھکو تغیر ہو یا نہ ہو آخر کوئی پتھر کا بت تو ہوں نہیں کہ حس ہی نہ ہو یہ فرما کر حضرت والا نے نہایت بلند آواز اور تیز لہجے میں فرمایا کہ جاؤ خبردار جو ہمارے پاس آئے ایسے بدفہموں کا یہاں کام نہیں ایسے بولتے ہیں جیسے کوئی نواب صاحب ہیں یا والی ملک ہیں بدنصیب خود بھی پریشان ہوتے ہیں اور مجھکو بھی پریشان کرتے ہیں پہلے تو میں ایسے بدفہموں کو ہمیشہ کیلئے جدا کر دیتا تھا۔

Marfat.com

زیادتی تمہیں کا اثر ہے کہ ضروری رعایت کرتا ہوں اب جاؤ بذریعہ خط کے معاملہ طے کرنا اسوقت تمنے بہت ہی ستایا ہے دل دکھایا ہے اسوقت کام نہیں ہو سکتا وہ شخص اُٹھکر چلا گیا۔ فرمایا کہ میں تو عتاب میں بھی مصالح پر نظر رکھتا ہوں اس شخص نے سیدھی اور صاف بات کو کسقدر الجھایا ہے لاحول ولا قوۃ الا باللہ اور مجھے تو ایسے برتاؤ سے شرم آتی ہے مگر ان لوگوں کو قطعًا احساس نہیں میں جو کچھ کرتا ہوں سبب سے اور یہ کرتے ہیں بلا سبب میں نے اس شخص سے یہ ہی تو پوچھا تھا کہ جو کچھ میں نے اسمیں لکھا ہے وہ تمکو منظور ہے یا نہیں اب انصاف سے فرمایئے یہ کونسی غامض بات تھی جسکا جواب نہ دیا گیا اس حالت میں زیادتی کسکی ہے۔ تجربہ سے یہ معلوم ہوا کہ اسکا اہتمام ہی نہیں کہ دوسرے کو اپنے سے اذیت نہ پہونچے میں تو کہا کرتا ہوں کہ پیروں کو تو یوں سمجھتے ہیں کہ یہ بُت ہیں اپنے کو فنا کر چکے انکو کسی بات کا احساس نہیں ہوتا چاہے کوئی ڈنڈوت کرے یا پانچ جوتے نکالکر لگادے دونوں اُنکے نزدیک یکساں ہیں اور یہ سب خرابیاں رسمی پیروں ہی کی پیدا کی ہوئی ہیں اُن کو اصلاح کی طرف توجہ ہی نہیں اُن کے یہاں تو بڑی معراج یہ ہے کہ آکر مرید ہو جاویں اور چڑھاوے چڑھا جائیں سو اسمیں اُنکا تو بھلا ہو گیا مگر ناس تو ان کمبختوں کا ہوا۔ ایکم تبہ ڈھاکہ جانا ہوا وہاں پر میں نے پاگیروں کا علاج کیا دستگیروں کا تو علاج کرتا ہی ہوں وہ یہ کہ بنگال میں یہ معمول ہے لوگونکا کہ دوڑے اور پیر پکڑ لیے ہیں نے منع کیا کہ پانو پکڑنا مناسب نہیں مصافحہ کرنا سنت ہے یہ ہی کافی ہے مگر نہ ملنے میں نے یہ کیا کہ جو میرے پیر پکڑتا میں اُسکے پیر پکڑتا جب دو چار کے ساتھ یہ معاملہ ہوا تب لوگوں نے چھوڑا میں نے کہا کہ آدمی بنے کہنے سے باز نہیں آئے بعض لوگوں کے جب میں نے پیر پکڑے تو کہنے لگے اجی حضرت یہ کیا میں کہتا کہ اجی حضرت یہ کیا کہنے لگے کہ آپ تو بزرگ ہیں میں نے کہا کہ آپکے پاس اسکی کیا دلیل ہے کہ میں تمکو بزرگ نہیں سمجھتا بڑے گھبرائے ہونگے کہ کوئی دیہاتی ہے۔

(ملفوظ ۴۲۰) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بعضے غیر مقلدوں میں تشدد بہت ہوتا ہے طبیعت میں شر ہوتا ہے اور مجھے تو الا ماشاء اللہ انکی نیت پر بھی شبہ ہے سنت سمجھکر شاید ہی کوئی عمل کرتے ہوں مشکل ہی سا معلوم ہوتا ہے اسی لیے عمل کچھ ہو مگر جس نیت سے کیا جاتا ہے اُسکا اثر دوسرے پر ضرور ہوتا ہے حاضرین میں سے ایک صاحب نے بیان کیا کہ ایک مقام پر آمین بالجہر پر جھگڑا ہوا۔

مقدمہ عدالت میں پہونچا ایک ہندو شہر کوتوال اسکی تحقیقات پر تعینات ہوا آدمی سمجھدار تھا اُس نے اپنی رپوٹ میں غیر مقلدین ہی پر فساد کا الزام ثابت کیا اور یہ لکھا کہ یہ جماعت شورش پسند اور مفسد جماعت ہے بلا وجہ ایسی بات کرتے ہیں کہ جس سے لوگوں کو اشتعال ہو آمین بالجہر محض فساد اور شورش پیدا کرنیکے لئے کہتے ہیں اس رپوٹ پر غیر مقلدوں نے بڑا شور کیا اور یہ کہا کہ آمین بالجہر مکہ میں بھی ہوتی ہے اُس ہندو کوتوال نے جواب دیا کہ آمین مکہ میں محض اللہ کے یاد کی غرض سے اور سنت سمجھکر کہی جاتی ہوگی فساد کیلئے نہ ہوتی ہوگی یہاں پر محض فساد کیلئے ہوتی ہے (دوسرا واقعہ) خود فرمایا کہ ایسا ہی ایک اور واقعہ ہے ایک نو عمر طالب علم میرا شریک حجرہ بیان کرتا تھا کہ کسی ریاست میں ایک مقام پر آمین بالجہر کے معاملہ کی تحقیقات ایک انگریز نے کی اور آخر میں رپورٹ کے اندر عجیب و غریب تحقیقات بیان کی گویا کہ حقیقت کا فوٹو ہی کھینچکر رکھدیا اُس نے یہ لکھا کہ آمین کی تین قسمیں ہیں ایک آمین بالجہر جو مسلمانوں میں ایک فرقہ کا مذہب ہے اور حدیثیں اسمیں وارد ہیں اور ایک آمین بالسر یہ بھی مسلمانوں کے ایک فرقہ کا مذہب ہے اور یہ بھی حدیثوں سے ثابت ہے، اور ایک آمین بالشر یہ مذہب ہے غیر مقلدوں کا لہٰذا اُس سے روکا جانا چاہئے۔ اسی سلسلہ میں فرمایا کہ مولوی سلیمان صاحب پھلواری نے ایک حکایت بیان کی تھی ظریف آدمی ہیں کہ ایک غیر مقلد نے کسی شہر میں پہونچکر آمین بالجہر پڑھی ایک گاؤں کا شخص بھی اُسوقت نماز میں شریک تھا اُس نے کہا کہ ہمارے یہاں آؤ تو تمکو مزہ چکھادیں یہ غیر مقلد صاحب اُس گاؤں میں بھی پہونچے نماز میں آمین بالجہر کا کہنا تھا کہ چہار طرف سے رفع یدین شروع ہوگیا دونوں طرف جہالت تھی اوپر کی حکایت کے سلسلہ میں جسمیں ایک انگریز نے تحقیقات کی تھی فرمایا کہ بعضے انگریز بھی سمجھدار ہوتے ہیں چنانچہ ایک دوسری حکایت ہے کہ بھوپال میں ایک عورت کے مسلمان کر لینے پر ایک شخص پر مقدمہ چلایا گیا حاکم باوجودیکہ مسلمان تھا مگر اُس نے اغواء کے الزام میں مسلمان کو حکم سزا کا دیا اُسکا اپیل ایک انگریز حاکم کے یہاں کیا گیا اُس نے عجیب بات فیصلہ میں لکھی کہ جو شخص رشاد اور اغواء میں فرق نہ کرسکا وہ قابل حکومت نہیں ایک شخص اپنے مذہب کو حق سمجھکر اُسکی رغبت دلاتا ہے گویا اچھی بات کی طرف دعوت دیتا ہے سو یہ تو ارشاد ہے وہ ہرگز مجرم نہیں اگر کوئی زیور کا قصہ ہوتا یا شہوانی معاملہ ہوتا جو کہ ثابت نہیں وہ اغواء ہوتا نو مسلم کو مسلمان کرنیکے

Marfat.com

سلسلہ میں فرمایا کہ مولوی ....... نے بھوپال میں ایک بھنگن کو مسلمان کر لیا مقدمہ دائر ہوا۔ حاکم نے خلوت میں بلا کر کہا کہ ثبوت تو کوئی ہے نہیں تم انکار کر دینا کہ میں نے مسلمان نہیں کیا انھوں نے کہا جو مناسب ہو گا جواب دونگا جب باضابطہ بیان لیا گیا تو انھوں نے کہا کہ مسلمان تو وہ خود ہوئی اُسکی درخواست پر میں نے اظہار اسلام کا طریقہ تبلا دیا اور یہ کوئی جرم نہیں حاکم نے کہا مسلمان کرنا قانوناً اس طریقہ اظہار کو کہتے ہیں انھوں نے کہا میں ایسے مہمل قانون ہی کو نہیں مانتا حاکم حیران ہوا اور وزیر ریاست سے پوچھا کہ کیا کیا جاوے انھوں نے جواب لکھا کہ جو شخص قانون کی زد میں نہ آوے اسکو زبردستی کیوں لاتے ہو مقدمہ خارج ہو گیا اسپر فرمایا کہ ذہانت بھی خدا کی ایک عجیب نعمت ہے۔

(ملفوظ ۵۵۲) ایک سلسلہ گفتگو میں ایک مولوی صاحب کے سوال کا جواب دیتے ہوئے حضرت والا نے فرمایا کہ میرے پاس نہ حشم ہے نہ خدم ہے نہ علم ہے نہ فضل ہے نہ کمال ہے نہ جمال ہے (اور بطور مزاح کے تبسم فرماتے ہوئے فرمایا کہ ہاں جلال ہے مگر جلال بھی وہ جو حلال ہے حدود سے گذر کر نہیں) ہاں محض ایک خدا کا فضل ہے۔ الحمد للہ حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ نے ایک جماعت کی معیت میں فرمایا تھا کہ تم جہاں جاؤ گے تم ہی تم ہو گے اُسوقت کچھ ایسے وثوق اور دل سے فرمایا تھا کہ یہ احتمال ہی نہ ہوتا تھا کہ مولانا کو اس میں کچھ شبہ ہے یہ سب اُنہی دعا کی برکت ہے ورنہ میں ایسا ناکارہ ہوں کہ کبھی کوئی کام ہی نہیں کیا ادنیٰ بات یہ ہے کہ جتنا علم بڑھتا گیا نفس اتنی ہی سہولت ڈھونڈتا گیا پہلے نفلیں پڑھتا تھا منیۃ المصلی میں یہ دیکھکر کہ مستحب کے نہ پڑھنے پر کوئی مواخذہ نہیں وہ بھی چھوٹ گئیں۔ میرے ایک خواب کی تعبیر میں ایک بزرگ نے فرمایا تھا کہ تمہاری روح اور نفس بلا مشقت ہی روشن ہو جائینگے۔ اب اُسکے وقوع کا انتظار ہے کہ وہ نور کب ہو گا خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ بہت سوں کو منور فرما دیا تو نور کے حصول میں کیا شبہ ہے فرمایا کہ کیا اندھا مشعلچی نہیں ہوتا۔

(ملفوظ ۵۵۳) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ اس دینی تعلق میں دونوں کا فائدہ ہے اگر مرید گڑبڑ میں پھنسگیا تو پیر مدد کرے گا اور اگر پیر پھنسگیا تو مرید مدد کریگا ہمارے حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ اس تعلق کی مصلحت میں فرمایا کرتے تھے کہ اگر پیر مرحوم ہو گا تو مرید کو جنت میں لیجائیگا اور اگر مرید مرحوم ہو گا تو پیر کو جنت میں لیجائیگا اور مغضوب میں یہ احتمال نہیں کہ وہ مرحوم کو

Marfat.com

لیجاویگا کیونکہ سبقت رحمتی علی غضبی۔ مولوی صاحب نے فرمایا کہ حضرت اس بناء پر تو لوگوں کو بیعت خوب کرنا چاہئے فرمایا کہ اس رسمی بیعت سے کیا ہوتا ہے یہ برکات روح بیعت کی ہیں جسکی حقیقت اتباع ہے یا التزام اتباع بڑی چیز ہے بڑی دولت ہے بڑی نعمت ہے اور اپنی نسبت فرمایا کہ حضرت ایسے شخص کا کیا مرید ہو جسے یہ بھی نہ معلوم ہو کہ یہ شخص مجھ سے مرید ہے اکثر ایسا ہوتا ہے کہ مجھ سے بیعت ہوتے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ کسی اور سے ہیں اور بعض دوسروں سے ہوتے ہیں مجھ سے بیعت کا تعلق نہیں ہوتا مگر میں سمجھتا ہوں کہ مجھ سے ہیں مجکو یاد ہی نہیں رہتا مگر یہ مضر نہیں اصل اس طریق میں مناسبت اور تعلق ہے۔ ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت آجکل تو پیروں کے یہاں باقاعدہ رجسٹر اور دفتر ہیں تبسم فرما کر فرمایا کہ جی ہاں کہیں وہ دفتر علیین ہوتا ہے اور کہیں سجین ہوتا ہے اسی سلسلہ میں فرمایا کہ ان جاہل پیروں کی عجیب حالت ہے بمبئی میں ایک پیر نے اپنی مریدنی سے کہا کہ سامنے آؤ اسکو کچھ تامل ہوا تو فرمایا کہ اگر تم سامنے نہ آؤگی تو میں میدان محشر میں پہچانونگا کس طرح ایک صاحب نے وہاں ہی جواب دیا کہ میدان محشر میں تو لوگ ننگے ہونگے لہذا ننگے کرکے دیکھنا چاہئے کبھی یہاں پر کپڑے پہنے دیکھکر وہاں ننگے ہونیکی ہیئت میں نہ پہچان سکو اسی طرح تم بھی ننگے ہوکر اپنے کو دکھلاؤ کبھی وہ کپڑوں میں دیکھکر وہاں ننگا نہ پہچان سکے کیا واہیات ہے خرافات استغفراللہ۔ وہاں تو معرفت تعلقات روحانی سے ہوگی اس حسی اور بے پردہ دیکھنے دکھلانے سے وہاں کی معرفت کو کیا تعلق وہ عالم ہی دوسرا ہے۔

## ۲۶ رمضان المبارک ۱۳۵۰ھ

## مجلس بعد نماز ظہر یوم پنجشنبہ

(ملفوظ ۴۸۳) ایک صاحب نے اپنی غلطی کی معذرت چاہی کہ حضرت کو میری وجہ سے تکلیف پہونچی اور حضرت مجھ سے ناراض ہوگئے۔ فرمایا کیوں ناراض کیا کونسی پیچیدہ بات پوچھی تھی صرف یہ ہی تو پوچھا تھا کہ جو کچھ اس خط میں لکھا ہے یہ آپکو منظور ہے اتنی موٹی بات کا آپ جواب نہ دیسکے اور نہ سمجھ سکے یوں تو معاف ہے مگر آدمی کو سمجھ سے کام لینا چاہئے اور کام میں لگنا چاہئے فضولیات میں پڑنے سے آدمی کا فہم بھی مسخ ہوجاتا ہے اور ضروری کاموں سے رہجاتا ہے۔

Marfat.com

(ملفوظ ۵۸۴) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت جن صاحب سے صبح غلطی ہو گئی تھی وہ میرے واسطے سے معافی کی درخواست کرتے ہیں فرمایا کہ جناب انکا قصور معاف ہونا ذرا مشکل ہے وہ تو بہت ہی بد فہم واقع ہوئے ہیں اور واقع میں معاف ہونا کچھ مشکل بھی نہیں جب انکو کام میں لگا ہوا دیکھونگا آپ ہی خوش ہو جاؤنگا میری طبیعت تو اس قسم کی واقع ہوئی ہے کہ کسی کو راہ پر لگے ہوئے دیکھتا ہوں جی خوش ہوتا ہے اور بے راہی پر دیکھکر رنج ہوتا ہے ان سے کہد یجئے کہ وہ کام میں لگیں خوشی ناخوشی کا بعد میں فیصلہ ہوتا رہیگا۔ میں اپنی غرض سے تھوڑا ہی مواخذہ یا روک ٹوک کرتا ہوں ان ہی لوگوں کی مصلحت سے ایسا کرتا ہوں کہ ان میں آدمیت پیدا ہو۔

(ملفوظ ۵۸۵) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت مولوی ...... صاحب بہت ہی پریشان ہیں مجھسے فرماتے تھے کہ میں نے حضرت سے یہ عرض کیا تھا کہ توجہ وغیرہ کا جو بزرگوں میں معمول ہے وہ ہم جیسے ضعفاء کیلئے بہت ہی مناسب ہے۔ حضرت نے اسپر یہ فرمایا کہ اگر آپ کی رائے میں یہ ایسی نافع چیز ہے اور مجھ میں یہ قوت نہیں تو کسی اور جگہ سے حاصل کریں اب مولوی صاحب میرے ذریعے سے معافی کے خواستگار ہیں اور یہ عرض کرتے ہیں کہ مجھسے ہی غلطی ہوئی میں نے ایسی بات حضرت سے کیوں عرض کی فرمایا اپنے ہی گولی ماری ہے آپ ہی نکالیں میری طرف سے کہد یجئے گا کہ مجھ پر ذرہ برابر ان کے اس کہنے سے گرانی نہیں ہوئی انکو مطمئن فرما دیجئے گا کہ اس کا قلب میں وسوسہ بھی نہ لائیں کہ مجھپر کوئی خلاف کا اثر ہوا تو بہ توبہ مگر جب انپر اس کا اسقدر اثر ہے تو انکو ایسی بات کہنی ہی نہیں چاہئے تھی اور جب کہی گئی تو جو میرے ذہن میں جواب آیا عرض کر دیا مجھے مصلحت پرستی تو آتی نہیں بلکہ مصلح کے متعلق تو میرا یہ مذہب ہے کہ جسقدر ان کو پیسا جائے ہنڈیا مزیدار ہوگی میں نے تو اسلئے یہ عرض کر دیا تھا کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ بھائی جو کچھ میرے پاس ہے دوستوں کے سامنے پیش کر دیتا ہوں اگر کسیکو اس سے زائد کی ضرورت اور طلب ہو تو کہیں اور سے حاصل کر لیا جائے میں اپنا بندہ نہیں بناتا ہوں خدا کا بندہ بناتا ہوں اگر کوئی چیز یہاں سے حاصل نہ ہو کہیں اور سے سہی کام ہونا چاہئے۔ حضرت یہ فرمایا کرتے تھے اُس ہی قبیل سے میں نے عرض کر دیا تھا میرے یہاں تو اس قسم کی باتیں ہیں ہی نہیں آپکو تو معلوم ہے یہ بھی کہد یجئے گا کہ آئندہ ایسی بات سے احتیاط رکھیں اور میرا مسلک تو کھلا ہے اس میں نہ ابہام ہے نہ اخفا اسپر اگر کوئی طلب کرے میں خدمت کرنے کو تیار ہوں۔

Marfat.com

(ملفوظ ثانی) مولوی ........ صاحب نے عرض کیا کہ حضرت میں حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے یہاں حاضر ہوتا تھا وہاں پر جو بات معلوم ہوتی تھی اب حضرت کے یہاں وہ بات میسر ہے فرمایا کہ یہ آپ کا حسن ظن ہے ورنہ چراغ مردہ کجا نور آفتاب کجا۔

(ملفوظ ثالث) مولوی ........ صاحب نے عرض کیا کہ ابکی مرتبہ حضرت کے یہاں آ کر اس قدر اطمینان ہوا ہے میں بیان نہیں کر سکتا بہت سے شبہات کا ازالہ ہو گیا اور بہت سے افکار سے نجات ہو گئی حق تعالیٰ حضرت کو جزائے خیر عطا فرمائیں وہ باتیں معلوم ہوئیں جو سوچنے سے بھی قیامت تک سمجھ میں نہ آتیں فرمایا کہ میری کیا معلومات اور کیا تحقیقات آپ خود اللہ کے فضل سے عالم ہیں مفسر ہیں محدث ہیں فقیہ ہیں مناظر ہیں مجکو تو کتابیں تک مستحضر نہیں رہیں اور میں سچ عرض کرتا ہوں کہ میں تو خادم ہوں اور خادم ہی بنکر رہنے کو جی چاہتا ہے اور آپ نے جو کچھ فرمایا یہ سب آپ کی محبت کا اقتضا ہے۔

(ملفوظ ۲۹۴) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حق میں اطمینان ہی اطمینان ہے۔ اہل باطل اس دولت سے قیامت تک کیلئے محروم ہیں یہ تو اللہ نے حق ہی میں خاصیت رکھی ہے کہ اُس سے اطمینان اور سکون حاصل ہو جاتا ہے

(ملفوظ ۲۹۵) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ حزن خود ایک نعمت ہے حزن سے جسقدر جلد سلوک کے مراتب طے ہوتے ہیں اتنی جلد دوسرے مجاہدے سے نہیں ہوتے یہ دو چیزیں بڑی ہی زبردست نعمت ہیں ایک فکر دیں اور ایک حزن۔ اور اسی طرح اس راہ میں دو چیزیں سخت راہزن ہیں اُسکی محققین صوفیہ نے تصریح کی ہے یعنی نامحرم عورتوں اور امارد کے ساتھ اختلاط۔ حتیٰ کہ نرم گفتگو نامحرم عورت کے ساتھ کرنا بھی رہزن ہے سم قاتل ہے باطن کو برباد کر دینے والی چیز ہے۔

(ملفوظ ۲۹۶) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت اکثر گھروں میں رواج ہے کہ رشتہ دار عورتیں پردہ نہیں کرتیں۔ فرمایا کہ اس طرف کے قصبات میں بکثرت یہی رواج ہے اسکمیر نبہ کا واقعہ ہے اُسوقت میری عمر تھوڑی ہی تھی میں نے اپنی پھوپی صاحبہ سے عرض کیا کہ اپنی لڑکیوں کو مجھسے پردہ کراؤ میرے سامنے نہ آیا کریں اس میرے کہنے پر پھوپی صاحبہ خفا ہو گئیں۔ اور فرمایا کہ آیا کہیں کا مولوی قولوی۔ اسپر خواجہ صاحب نے عرض کیا کہ حضرت کو مولوی قولوی کہا فرمایا کہ اول تو میرا اُسوقت بچپن تھا اور بچپن بھی نہ ہوتا تب بھی انکو حق تھا وہ جو چاہیں کہہ سکتی تھیں میں نے بھی تیزی سے جواب دیا جسپر وہ زیادہ بگڑیں اس واقعہ کی خبر والد صاحب کو ہوئی مجھکو بُلا کر فرمایا کہ تم کو معلوم ہے کہ یہ میری بہن ہے جو مرتبہ

Marfat.com

میرا ہے تمہارے اعتبار سے وہی ان کا ہے ان سے معافی چاہو اور ہاتھ جوڑ کر معافی چاہو۔ جناب میں نے ہاتھ جوڑ کر معافی چاہی۔ پھوپھی صاحبہ محبت کی وجہ سے کھڑی ہو گئیں اور سینے سے لگا لیا اور بہت روئیں مگر پردہ لڑکیوں کا قائم رہا۔ اسمیں کامیابی ہوئی اس میں انھوں نے خدا کے فضل سے مزاحمت نہیں کی تو یہ امر تو اکثر خاندان والوں کو بہت ہی ناگوار ہوتا ہے پھر اسکے بہت عرصہ کے بعد ان لڑکیوں نے مجھسے اجازت چاہی سامنے آنیکی میری عمر بھی زیادہ ہو گئی تھی اور وہ بھی بڑی عمر کی ہو گئیں تھیں انھوں نے یہ کہا کہ اب ہمارا کون ہے اور اب تو عمر بھی زائد ہو گئی اس وقت میں نے سامنے آنیکی حدود شرعیہ کے اندر اجازت دیدی تھی اگر انسان مضبوط ہو اور مصالح کو سل پر پیس دے اور کسی کے راضی یا ناراض ہونے کا خیال نکرے سب کچھ ہو سکتا ہے اور سب کچھ کر سکتا ہے۔ اور حضرت راضی یا ناراض ہونیکا خیال تو بندہ کو خدا کی ساتھ رکھنا چاہئے۔ دنیا کو کہانتک راضی رکھ سکتا ہے۔

(ملفوظ ۴۹۵) فرمایا کہ ایک صاحب مجھسے فرمانے لگے کہ پردہ کے اندر بھی تو خرابیاں ہوتی ہیں میں نے کہا کہ پردہ کے اندر تو قیامت تک بھی خرابی نہیں ہوسکتی آپکے ذہن میں پردہ کے معنے ہی غلط ہیں۔ آپ صرف چہار دیواری کے اندر بیٹھ جانیکو پردہ سمجھنے ہیں گو سامنے ہی آیا کرے بس پردہ کا مفہوم ہی آپکے ذہن میں غلط ہے جب ابتداء خرابی کی ہوگی بے پردگی ہی سے ہوگی پردہ کے ساتھ منکرات جمع ہو ہی نہیں سکتے وہ صاحب سمجھ گئے پھر کچھ نہیں بولے مولوی........ صاحب نے عرض کیا کہ حضرت نے صحیح فرمایا کہ بے پردگی ہی سے خرابی ہوگی کیونکہ بے پردگی سے سامنا ہوگا اسمیں فتنہ ہو ہی گا۔ فرمایا کہ جی ہاں اور پردہ میں جب بعد ہوگا مفسدہ ہو ہی نہیں سکتا۔ اس بارہ میں لوگوں میں احتیاط بالکل نہیں معمولی بات خیال کرتے ہیں حالانکہ بہت بڑی خطرناک بات ہے دنیا کے اعتبار سے بھی اور دین کے اعتبار سے بھی ہزارہا واقعات مشاہد ہیں۔

(ملفوظ ۴۹۶) مولوی........ صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ایک طالب علم بنگالی میرے ساتھ ہے وہ یہ کہتا ہے کہ تھانہ بھون میں آکر معلوم ہوا کہ تھانہ بھون ہی میں اسلام ہے اور یہ کہتا ہے کہ میرا جی تو یہ چاہتا ہے کہ سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر تھانہ بھون آکر رہوں۔ فرمایا اسکی ضرورت نہیں کہ تھانہ بھون میں آکر رہا جائے بلکہ زیادہ فضیلت یہ ہے کہ دارالحرب میں رہے اور مسلمان رہے عرض کیا کہ میرا تو اسکی اس بات سے بڑا جی خوش ہوا یہ اسکی سمجھ کی بات ہے کہ اسنے محسوس کیا ورنہ حضرت اکثر بنگالی جو اسطرف آکر مدارس میں پڑھتے ہیں یہ لوگ وطن واپس جاکر وہاں کا رنگ دیکھکر اپنے مصالح اور اغراض کی

Marfat.com

بناء پر ان ہی جیسا برتاؤ شروع کر دیتے ہیں انکے علم سے لوگوں کو کوئی نفع نہیں ہوتا۔ فرمایا کہ اسکا سبب خاص ہے وہ یہ کہ جسقدر علوم ظاہری کے حاصل کرنے میں وقت صرف کرتے ہیں اُسکا دسواں حصہ بھی اگر اپنی اصلاح باطن اور تربیت میں صرف کریں تو کارآمد ہوں بدون تربیت اور اصلاح کے کچھ نہیں ہو سکتا۔

(ملفوظ ۴۹۷) فرمایا کہ آدمی زاہد بن سکتا ہے شیخ بن سکتا ہے مگر انسان بننا مشکل ہے کسی نے کہا ہے ؎

زاہد شدی و شیخ شدی دانشمند     این جملہ شدی ولے مسلمان نہ شدی ؏

میں نے اسکو بدل دیا ہے ؎

زاہد شدی و شیخ شدی دانشمند     این جملہ شدی ولیکن انسان نہ شدی،

سب کچھ ہو جاتا ہے لیکن انسان ہونا مشکل ہے۔

(ملفوظ ۴۹۸) فرمایا کہ ایک صاحب کا خط آیا ہے دنیا کے کام کیواسطے وظیفہ دریافت کیا ہے میں نے لکھ دیا کہ دعاء سے بڑھکر کوئی وظیفہ نہیں۔ پھر فرمایا کہ عملیات میں ایک شان دعوٰی کی ہوتی ہے اور دعاء میں احتیاج اور نیاز مندی کی شان ہوتی ہے کہ حق تعالیٰ چاہیں گے تو کام ہو جائیگا عملیات میں یہ نیاز و افتقار نہیں ہوتا بلکہ اسپر نظر رہتی ہے کہ جو ہم پڑھ رہے ہیں اُسکا خاصہ ہے کہ یہ کام ہو ہی جائے گا مگر باوجود اسکے دعاء کو لوگوں نے بالکل چھوڑ ہی دیا عملیات کے پیچھے پڑ گئے میں کہا کرتا ہوں دعا کرو اللہ تعالیٰ سے کیوں مستغنی ہو گئے ایک اور بات بھی یاد رکھنے کے قابل ہے اُسکی طرف لوگوں کی نظر بہت ہی کم جاتی ہے وہ یہ کہ اور اد و ظائف دنیا کے کام کیواسطے پڑھو گے تو اُس پر اجر نہ ہوگا اور دعاء اگر دنیا کیواسطے بھی ہوگی وہ بھی عبادت ہوگی اور اجر ملے گا۔

(ملفوظ ۴۹۹) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ جب میں کسی پر بغرض اصلاح مواخذہ کرتا ہوں یا کچھ کہتا ہوں تو لہجہ گو سخت ہوتا ہے مگر دل نرم ہوتا ہے مولوی ...... صاحب نے عرض کیا کہ حضرت اسکا تو کوئی حرج نہیں کہ حضرت کا لہجہ تیز ہو جائے یا سخت ہو جائے حتی کہ حضرت اگر مار بھی لیں تب بھی گوارا ہے مگر یہ جو اخراج ہے یہ بڑی سخت چیز ہے اور ناقابل برداشت ہے تبسم فرما کر مزاحاً فرمایا کہ حضرت اصل ثمرات اور نتائج تو اخراج کے بعد ہی ہوتے ہیں اگر اخراج نہ ہوتا تو دنیا میں کوئی نتیجہ ہی نہ نکلتا۔

(ملفوظ ۵۰۰) فرمایا کہ میں جو نئے آنیوالوں کے ساتھ شرط لگاتا ہوں کہ تھوڑے دنوں یہاں پر خاموش رہو نہ مکاتبت کرو نہ مخاطبت اُسکا راز یہ ہے کہ پہلے مناسبت پیدا کرو جسکو لوگ ٹالنا سمجھتے ہیں حالانکہ ٹالنا نہیں ہے بلکہ جمانا ہے۔ جمانے کو ٹالنا سمجھیں اسکا میرے پاس کوئی علاج نہیں۔

؏ تم زاہد اور شیخ اور عالم سب کچھ ہو گئے۔ مگر یہ کہ مسلمان نہ ہوئے ۱۲

Marfat.com

(ملفوظ ۵۰۵) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ لوگ مجھکو بدنام کرتے ہیں اور سخت مشہور کرتے ہیں آپ ہی تبلایئے کہ صبح آپ دیکھ رہے تھے کہ میں نے ایسی کونسی باریک بات پوچھی تھی جسکا وہ صاحب جواب دیسکے دو لفظوں میں جواب تھا نعم۔ یا لا۔ چھٹی ہوئی اب اتنی سی بات کا بھی جواب نہ ملے تو مزاج میں تغیر نہ ہو تو اور کیا ہو۔ مولوی..... صاحب نے عرض کیا واقعی حضرت صحیح فرما رہے ہیں یہ صاحب بریلی سے اسی وجہ سے آئے پہلے خط و کتابت ہو چکی طریقہ معلوم ہو گیا اور اسی طریقہ پر بات پوچھی مگر نہ کہہ سکے سوائے رعب کے اور کیا چیز مانع ہو سکتی ہے۔ بطور مزاح کے فرمایا بریلی سے آئے یہ ریل آئے کہ جلد منزل مقصود پر پہونچ جاؤں اور یہاں آکر یہ گڑبڑ کی کہ معاملہ کی بات پوچھی جاتی ہے بولتے ہی نہیں مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت میں تو سوچا کرتا ہوں کہ اگر مواخذہ ہم لوگوں سے بھی ہو تو جواب نہ دیسکیں فرمایا کہ مواخذہ اور مطالبہ تو بعد میں ہوتا ہے پہلے تو سیدھی بات پوچھی جاتی ہے جب ٹیڑھا جواب ملتا ہے اسوقت میرا لہجہ بدل جاتا ہے۔ عرض کیا کہ حضرت حقیقت یہ ہے کہ حضرت نے جو کچھ فرمایا بالکل صحیح ہے اسکا جواب کچھ نہیں لیکن یہ سب ہمارا بولنا اسی وقت تک ہے جب تک حضرت محبت اور شفقت سے کام فرماتے رہتے ہیں ورنہ ضابطہ سے اگر حضرت مواخذہ فرمائیں تو ہوش گم ہو جائیں اور کوئی جواب نہ بن پڑے اسلئے کہ جب حضرت دوسروں سے مواخذہ فرماتے ہیں تو ان سوالوں کا جواب میں خود سوچتا ہوں اس نیت سے کہ اگر مجھسے یہ ہی مواخذہ ہو تو میں کیا جواب عرض کروں مگر کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔ فرمایا اجی حضرت آپ تو کبھی اسکا وسوسہ بھی قلب میں نہ لائیگا میں تو خادم ہوں حضرت والا کے اس فرمانے پر ان مولوی صاحب کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے اور نہایت عاجزانہ لہجہ میں عرض کیا کہ حضرت ہم کیا چیز ہیں ہم تو حضرت کے خادمانِ خادم اور غلامانِ غلام ہیں اور یہ سب حضرت کی بزرگانہ شفقت ہی شفقت ہے۔

(ملفوظ ۵۰۶) فرمایا کہ میں مجبور ہوں طرقِ اصلاح کے استعمال میں۔ اسکی مثال یوں سمجھئے کہ قرأت فی الصلوٰۃ کا لہجہ الگ ہوتا ہے اور تبلیغ تکبیر کا الگ امام قرأت پڑھتا ہے نہایت نرم لہجہ میں اور مبلغ کہتا ہے بلند آواز سے اللہ اکبر تو اسپر کوئی کہے کہ یہ شخص بہت ہی سخت مزاج ہے اتنی زور سے بولا باوجود اسکے کہ وہ زور سے بھی بولا اور لہجہ بھی سخت ہے لیکن ظاہر ہے کہ اسکو کوئی سخت نہ کہے گا کہ ضرورت ہے اسی طرح تادیب کا لہجہ معمولی کلام سے الگ ہوتا ہے جسکی ضرورت ہے اور وہ ضرورت یہ ہے کہ اگر نرمی سے کہا جائے تو وہ تادیب ہی نہ رہے گی جیسے مکبر نرمی کا لہجہ اختیار کرے تو بہت سے مقتدی رکوع

Marfat.com

ہی سے رہ جائیں۔ اب تادیب کا مضمون ہاتھ جوڑ کر تھوڑا ہی کہا جاتا ہے وہ تو کہنے ہی کے طریق پر کہا جاتا ہے میں ایک اور مثال عرض کرتا ہوں بادشاہ کا پاسبان دربار میں بادشاہ کے سامنے بول بھی نہیں سکتا اور بول ہی کیا سکتا بیچارے کا وجود ہی کیا ہے مگر جسوقت شب آتی ہے اسوقت اسکی آواز سنئے کس طرح نکلتی ہے ایک دفعہ کو تو محل میں بادشاہ بھی چونک اُٹھے اسلئے کہ اسپر وہ مامور ہے اُسکا فرض منصبی ہے بلکہ جسقدر بادشاہ سے قرب ہوگا اسی قدر اُسکی آواز بلند ہوگی اور زور سے پکاریگا تاکہ بادشاہ خوش ہو کہ اپنے فرض منصبی کو خوب ادا کر رہا ہے اگر اسوقت وہ نرم و پست لہجہ اختیار کریگا مجرم ہوگا۔

(ملفوظ ۳۵۰) فرمایا کہ میں بقسم عرض کرتا ہوں کہ عین مواخذہ اور تادیب کیوقت بھی یہ اعتقاد قلب میں مستحضر ہوتا ہے کہ شاید عند اللہ یہ مجھسے زیادہ مقبول ہو اور یہ دونوں چیزیں یعنی تادیب اور استحضار مذکور ایک وقت میں جمع بھی ہوسکتی ہیں میں اسکی ایک مثال عرض کیا کرتا ہوں وہ یہ کہ مثلاً شہزادے سے کوئی جرم ہوا بادشاہ نے بھنگی کو حکم دیا کہ شہزادے کے بید لگاؤ وہ لگائیگا ضرور کیونکہ بادشاہ کا حکم ہے اگر نہ لگائیگا تو اُسکے لگنے کا خوف ہے مگر عین بید لگانے کیوقت بھی شہزادے سے اپنے کو افضل ہرگز نہ سمجھے گا بلکہ اُسوقت بھی اُسکو بھی مستحضر ہوگا کہ شہزادہ شہزادہ ہی ہے اور میں بھنگی چہ نسبت خاک را بعالم پاک جس سے کسیکو سزا دلوائی جائے یا سیاست کرائی جائے وہ اُس سزایاب کو اگر حقیر سمجھے یا اپنے کو افضل اسکا اُسکو کوئی حق نہیں ہاں یہ ضرور ہے کہ بیوقوف کی بات پر بیوقوف ضرور سمجھے گا یہ نہیں ہوسکتا کہ کوئی شخص کام تو کرے بیوقوفی کا اور سمجھا جائے عقلمند مگر اُسیوقت یہ بھی سمجھنا ضروری ہے کہ ممکن ہے کہ اس کی بیوقوفی کسی عارض سے خدا کے نزدیک پسندیدہ ہو اور تری عقلمندی کسی عارض سے پسندیدہ نہ ہو میں تادیب سے یہ چاہتا ہوں کہ اس میں خدا کی محبت اور خشیت اور تواضع پیدا ہو جائے۔

(ملفوظ ۳۵۱) فرمایا کہ کوئی کیا ناز کر سکتا ہے حضرت شیخ آدم رحمۃ اللہ علیہ بہت بڑے بزرگ شاہجہاں بادشاہ کے زمانہ میں تھے یہ عالم بھی ہیں ایک شخص مُرید ہونے آیا جسکی وضع خلاف شریعت تھی آپ اُس پر ناراض ہوئے اور کہا کہ اس وضع پر مرید ہوتے شرم نہیں آتی وہ چلا گیا فوراً الہام ہوا کہ اُسکو بلاؤ ورنہ تمہاری خیر نہیں اگر اُسکی حالت خلاف شرع تھی اُسکو تعلیم کر دیتے انکار چہ معنے آپنے کسی دوسرے مرید کو بلانے بھیجا وہ بھی بگڑ چکا تھا کہا جاؤ ہم نہیں آتے کیا دنیا میں یہی ایک شیخ رہ گئے ہیں اور کوئی نہیں ہاں ہم کسی اور سے تعلق کر لینگے مرید نے آکر واقعہ بیان کیا فرمایا اچھا پھر جاؤ اور اسکے کان میں ایک مرتبہ اللہ کہدو دیکھیں

Marfat.com

کیسے نہیں آئے گا حضرت شیخ نے یہ اُس نازکی بنا پر کہا جو عین حالت عتاب میں آپ انکو حاصل تھا بس اُس مرید کا چاکر ایک مرتبہ اللہ کان میں کہنا تھا کہ دھڑ سے زمین پر بیہوش ہو کر گرا اور جب ہوش آیا کہتا تھا کہ خدا کے لئے شیخ کے پاس پہونچاؤ غرض حاضر ہوا اور بیعت ہو گیا اس واقعہ میں ادھر شیخ کو چشم نمائی کر دی گئی ادھر اُس طالب کی گوشمالی ہو گئی اور دونوں کو جوڑ دیا گیا۔ پھر فرمایا کہ حق تعالیٰ کا بڑا دربار ہے وہاں لرزاں اور ترساں ہی رہنا چاہئے نہ معلوم کسکے ساتھ کیا معاملہ ہو کسیکو کیا خبر وہاں کی کرسی کسی کے نام زد نہیں کہ اپنی اپنی پر استحقاقاً جا بیٹھو اور قطع نظر اس سے بیٹھ جانے کے بعد بھی بدل سکتے ہیں ہر وقت اختیار ہے قدرت ہے قوت ہے خدا معلوم کسکو کہاں بٹھادیں اور کسکو کہاں کوئی وبسرائے کا دربار تو ہے نہیں جو خود بھی ضابطہ کا محکوم ہے کہ کرسیوں پر درباریوں کا نام کندہ ہے جس سے وہ بدلی ہی نہیں جا سکتیں

**(ملفوظ)** فرمایا کہ حیدرآباد دکن سے ایک صاحب نے رومال بطور ہدیہ بھیجا ہے میں نے لکھدیا ہے کہ قبول کرتا ہوں اور بیحد مسرت ہوئی لیکن اگر ہدیہ روانہ کرنے سے قبل دریافت کر لیا جایا کرے تو زیادہ بہتر ہے اسپر فرمایا کہ بعض چیزیں ایسی آتی ہیں کہ میرے یہاں اُنکا کوئی مصرف ہی نہیں ہوتا ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت جو فرماتے ہیں کہ پہلے دریافت کر لیا کرو اسکا معمول ہی نہیں نہ کسی نے آج تک اسکے متعلق لوگوں کو آگاہ کیا حالانکہ اصولی بات ہے طرفین کی راحت کا سبب ہے اسلئے کہ اسمیں خود بھیجنے والے کو بھی تو انتخاب میں تکلیف ہوتی ہے فرمایا کہ جی ہاں دریافت کر لینے میں سب مصالح کی رعایت ہے پھر فرمایا کہ ہدیہ قیمتی ہونا ضرور نہیں اسمیں تو خلوص کی ضرورت ہے خلوص کیضرورت نہیں ایک بزرگ کسی دوسرے بزرگ کی ملاقات کیلئے چلے پاس کچھ نہ تھا محبت میں خیال ہوا کہ خالی ہاتھ نہ جانا چاہئے کچھ تو لیکر چلنا چاہئے راستہ میں دیکھا کہ درختوں پر سے لکڑیاں سوکھکر زمین پر پڑی ہیں انکو جمع کر کے ایک گٹھڑی باندھ اُن بزرگ کی خدمت میں پہونچے اور عرض کیا کہ حضرت کچھ لکڑیاں لایا ہوں حضرت کے یہاں ایک وقت کی روٹی ہی پک جائیگی بطور جملہ معترضہ کے فرمایا کہ اب تو کوئی ایسا کرے اور اسکا اندازہ اسطرح ہو سکتا ہے کہ ایک مُهدیٰ الیہ[ع] بہت بڑا اپنے دل میں فرض کر لیا جاوے اور چھوٹے درجہ کا لانے والا لے لیا جاوے پھر سوچئے کوئی ایسا کر سکتا ہے اور اگر کوئی کر بھی لے تو لوگوں کی نظر میں اسکی وقعت ہوگی آپ سُنئے وہ بزرگ اُس ہدیہ کی کیسی قدر فرماتے ہیں اور خادم کو حکم دیتے ہیں کہ یہ چیز حب فی اللہ کیوجہ سے آئی ہے اسکی تحقیر نہ کرنا ویسے ہی مت جلا ڈالنا بلکہ اسکو

[ع] جس کو ہدیہ پیش کیا گیا ہے ۱۲

محفوظ رکھو ہمارے مرنے کے بعد ہمارے غسل کا پانی ان سے گرم کرنا وہ انشاء اللہ تعالیٰ ہماری نجات کا ذریعہ ہوگا خلوص ہو تو ایسا ہو جیسا ان مہدیٰ عہ کو تھا اور قدر ہو تو ایسی ہو جیسی ان مہدی الیہ نے کی ۔

(ملفوظ) فرمایا کہ ایک مرتبہ نعمت اللہ خان صاحب جلال آبادی جو ریاست بھوپال میں اُسوقت تحصیلدار تھے پھر ناظم ہوگئے تھے یہاں پر آئے اور بطور ہدیہ پچیس روپیہ میرے سامنے رکھدئے میں نے اُن میں سے دس روپیہ اٹھالئے اور یہ کہا کہ پچیس زائد ہیں انھوں نے اصرار بھی کیا مگر دل نے قبول نہیں کیا جب وہ چلے گئے اُن کے ایک ہمراہی سے جو رہ گئے تھے معلوم ہوا کہ پہلے اُنہوں نے ہدیہ کیلئے دس ہی روپیہ تجویز کئے تھے پھر خیال ہوا کہ دس روپیہ تو تھوڑے ہیں میری حیثیت کے اعتبار سے بھی اور اُسکی شان کے اعتبار سے بھی اسلئے پندرہ اور بڑھائے یہ حقیقت تھی اس پچیس روپیہ کی اسپر فرمایا کہ ہدیہ میں شان وغیرہ کا خیال کرنا بڑی گڑبڑ کی بات ہے اسمیں تو زیادہ تر خلوص کی ضرورت ہے خلوص کی فکر نہ کرنا چاہیئے خلوص سے چاہے پانچ سات مٹی کے ڈھیلے ہی ہوں کہ وہ استنجے ہی کے کام آئیں گے پھر فرمایا کہ اس واپسی سے نہ معلوم لوگ کیا خیال کرنے لگیں کہ شاید مجھکو اسکا کشف ہوگیا ہو کہ پہلے انھوں نے دس روپیہ تجویز کئے تھے اسلئے وہی دس لئے یہ بات نہیں اسکی بھی حقیقت سُن لیجئے میں نے ایک روز قبل دس روپیہ کی لکڑیاں خریدی تھی اور میری عادت قرض لینے کی نہیں ہے مگر اُسوقت بضرورت قرض کیا گیا اسلئے میں نے دعا کی تھی کہ اے اللہ دس روپیہ دیدیجئے اگلے ہی روز وہ خاں صاحب لیکر آگئے چونکہ مجھکو دس ہی کی ضرورت تھی وہی میں نے لیلئے اور اس وجہ سے بھی لئے کہ حق تعالیٰ ناخوش نہ ہوں کہ نامعقول ایک تو مانگتا ہے اگر دیتے ہیں نخرے کرتا ہے یہ حقیقت ہے اس واقعہ کی نہ کشف تھا نہ کرامت تھی ۔

(ملفوظ) فرمایا کہ میں کہا کرتا ہوں کہ نماز میں شرائط ہیں روزے میں شرائط ہیں زکوٰۃ میں شرائط ہیں حج میں شرائط ہیں مگر ہدیہ میں بالکل شرائط نہ ہوں وہ علی الاطلاق جائز ہو یہ کیونکر ہو سکتا ہے اسکے بھی تو کچھ شرائط ہونے چاہئیں سو حدیثوں میں اسکے شرائط مذکور ہیں مگر اب تو سب آداب اور شرائط کی جگہ صرف ایک یہ رہ گیا ہے کہ چمکتا ہوا روپیہ ہو کیونکہ ہدیہ میں اکثر عادت بھی روپیہ چھانٹکر دینے کی ہے اسی طرح میں کھانیکے متعلق کہا کرتا ہوں کہ آجکل کھانا حلال ہونے کیلئے بس یہ شرط رہ گئی ہے کہ اُسمیں گھی اچھا ہو مصالح خوب ہوں بس وہ حلال ہے اگر یہ نہیں تو حرام ہے ۔

عہ ہدیہ دینے والے ۱۲

Marfat.com

(ملفوظ ۴۰۵) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت آجکل مولوی طماع زیادہ کیوں ہونے لگے فرمایا کہ سب تو نہیں عرض کیا کہ اکثر فرمایا اسکی خاص وجہ ہے اور وہ یہ ہے کہ عربی پڑھنے والے زیادہ تر وہی لوگ ہیں جو پہلے سے طماع اور مفلس ہیں بعد پڑھ لینے کے بھی انکی وہی عادت رہتی ہے طبیعت میں سے وہ بات جاتی نہیں اسی لئے اُنکی تبلیغ میں بھی غرض کا شبہ ہو جاتا ہے اگر عالی خاندان لوگ امراء حکام نواب رئیس اپنے بچوں کو عربی پڑھائیں اور پھر وہ لوگ تبلیغ کریں دیکھئے کیا اثر ہوتا ہے ورنہ واعظ کے افلاس میں یہی شبہ ہوتا ہے کہ چندہ مانگنا تو جانتے ہیں اور دینا نہیں جانتے میں جسوقت ڈھاکہ گیا تھا تو وہاں کے ایک مدرسہ کے پرنسپل نے مدرسہ میں مدعو کیا میں گیا انھوں نے مجھسے یہی شبہ پیش کیا کہ اکثر علماء میں یہ مرض ہے میں نے کہا کہ اسکی جڑ انتخاب کی غلطی ہے اکثر غرباء کے بچے علم دین پڑھتے ہیں اُن کا حوصلہ اُن کا ظرف تو ویسا ہی ہوگا اگر امراء کے بچے علم دین پڑھیں اُنکا حوصلہ اُنکا ظرف ویسا ہی ہوگا پرنسپل صاحب نے کہا کہ حضرت آج میرا ایمان محفوظ ہوا ورنہ مجھکو اندیشہ اپنے ایمان کا ہو گیا تھا میں یہ سمجھتا تھا کہ یہ علم دین کا تو اثر نہیں میں نے کہا توبہ کیجئے کیا علم دین ایسی چیز ہے اور اثر کی نسبت میں نے کہا کہ یہ امراء کے بچے انگریزی کے اثر سے تو بگڑ گئے اگر انگریزی نہ پڑھتے تو اُنکے اخلاق اس حالت کی نسبت اچھے رہتے اور غرباء کے بچے علم دین پڑھکر کسقدر سنور گئے اگر عربی نہ پڑھتے اُنکے اخلاق اس حالت کی نسبت اور زیادہ خراب ہو جاتے مطلب میرا اس کہنے سے یہ تھا کہ غرباء کے بچے جسقدر خراب ہونے چاہئیں تھے عربی کی بدولت اُتنے خراب نہیں رہے اور امراء کے بچے جسقدر اچھے ہونے چاہئیں تھے انگریزی کی بدولت اُتنے اچھے نہیں رہے اور یہ انتخاب کی غلطی مشاہدہ میں آ رہی ہے کہ خود ایک ہی شخص کے بچوں میں جو سب میں زیادہ بیوقوف کند ذہن بدفہم کم عقل بدصورت ہو اسکو عربی پڑھانے کیلئے تجویز کیا جاتا ہے اور جو سمجھدار عقلمند ذہین خوبصورت ہو اسکو انگریزی کیلئے تجویز کیا جاتا ہے اس گفتگو کے بعد اُسی جلسہ میں پرنسپل صاحب کہنے لگے واقعی آپنے سچ فرمایا اسوقت جو میرے ذہن میں مدرسہ کے رجسٹر کی جانچ کرتا ہوں تو قریب ڈھائی سو طلباء کے ہیں مگر جو عربی پڑھتے ہیں اُن میں اکثر گاؤں کے اور کم درجے کے لوگوں کے بچے ہیں اور انگریزی خواں خاندانی اور امیروں کے بچے ہیں میں نے کہا کہ اب آپ خود ہی فیصلہ فرمائیں کہ ایسے لوگوں میں بلند حوصلہ ذی لیاقت غیر طماع کیسے پیدا ہو سکتے ہیں۔

Marfat.com

(ملفوظ) فرمایا کہ اعتراض کر دینا کون مشکل کام ہے زبان ہلانا پڑتی ہے حقیقت کا سمجھنا مشکل ہے ایک صاحب مجھ سے کہنے لگے کہ نہ معلوم آجکل غزالی اور رازی جیسے کیوں نہیں پیدا ہوتے میں نے کہا کہاں سے پیدا ہوں دنی الطبع کم حوصلہ لوگ تو علم دین پڑھنے لگے اور جو لوگ خاندانی بلند حوصلہ عالی دماغ تھے انھوں نے علم دین پڑھنا چھوڑ دیا انتخاب کا اختیار ہمکو دو انتخاب ہم سے کراؤ پھر دیکھو ہم غزالی اور رازی پیدا کر کے دکھلا دیں یہ تو بے ادبی مگر میں بے ادبی نہیں سمجھتا اسلئے کہ یہ عرفاً بے ادبی سمجھی جاتی ہے حقیقت میں بے ادبی نہیں وہ یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کے فضل سے امام غزالی ورازی سے افضل اسوقت موجود ہیں دیکھ لیجئے امام غزالی اور رازی کے بھی مصنفات موجود ہیں اور اسوقت بعض بزرگوں کے بھی موجود ہیں موازنہ کر لیا جائے حضرت نبوت ختم ہوئی ہے علم اور ولایت ختم نہیں ہوئی۔

(ملفوظ) فرمایا کہ علماء کو تو ان جاہل واعظین نے زیادہ بدنام کیا ہے دربدر مانگتے پھرتے ہیں وعظ میں دوسروں کو خدا پر بھروسہ کی تعلیم دیتے ہیں اور خود خدا پر بھروسہ نہیں کرتے اسی ہی لئے کہا کرتا ہوں کہ آجکل پیسہ کی قدر کرنا چاہئے اسکے نہ ہونے کی وجہ سے بھی انسان بہت سی آفات میں مبتلا ہو جاتا ہے یہ دین فروشی بھی اسی آفت کی ایک فرد ہے۔ ایک بزرگ کی حکایت ہے انھوں نے خدا سے دعاء کی تھی کہ اے اللہ شیطان روزانہ وسوسے ڈالتا ہے کہ کہاں سے کھائیگا مجھکو اندیشہ ہے اس سے کہ کہیں مجھکو کسی آفت میں مبتلا نہ کر دے اسلئے چاہتا ہوں کہ عمر بھر کا رزق مجھکو ایک ہم عطاء فرما دیجئے تاکہ میں اسکو ایک کوٹھڑی میں بند کر کے اور علیگڈھ کا تالا ڈالکر اطمینان سے بیٹھ جاؤں اور جب شیطان وسوسہ ڈالے کہے کہاں سے کھائیگا میں جواب دیدوں اس کوٹھڑی میں سے کھاؤنگا شیطان غائب میں وسوسہ ڈالتا ہے مشاہد میں نہیں ڈال سکتا۔ کوٹھڑی کا ذخیرہ مشاہد ہوگا اور ذخیرہ منافی توکل تھوڑا ہی ہے توکل کی ایک قسم یہ بھی ہے کہ

گر توکل میکنی در کار کن، کسب کن پس تکیہ بر جبار کن عہ

گفت پیغمبر بآواز بلند بر توکل زانوے اشتر بہ بند

(ملفوظ) فرمایا کہ معاند لوگ بزرگوں کو برا بھلا کہتے ہیں بزرگوں پر یہ بھی خدا کی ایک رحمت ہے

---

عہ اگر توکل کرتے ہو تو کام میں توکل کرو کہ کماؤ (اور) اوسپر نتیجہ مرتب ہونے میں حق تعالیٰ پر بھروسہ کرو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے صاف فرما دیا ہے کہ اونٹ کو باندھکر خدا پر بھروسہ کرو (یعنی انسان جو سامان حفاظت کرتا ہے اوسکے بعد بھی خدا پر ہی بھروسہ کرنا چاہیئے) ۱۲

Marfat.com

اس سے عجب پیدا نہیں ہوتا اور مجھکو جو بُرا بھلا کہتے ہیں اسکی ایک خاص وجہ بھی بحمد اللہ میری سمجھ میں آگئی ہے وہ یہ ہے کہ میری ساری عمر مفت خوری میں کٹی ہے پہلے تو باپ کی کمائی کھائی بس بیچ میں بہت تھوڑے دنوں تنخواہ سے گذر ہوا پھر اُسکے بعد سے پھر وہی سلسلہ مفت خوری کا جاری ہے یعنی مدت سے نذرانوں پر گذر ہے نہ کچھ کرنا پڑتا ہے نہ کمانا کھانا ہے کھانیکو دونوں وقت ملتا ہے یہ تو دنیا کا قصہ ہوا چونکہ آخرت کیمتعلق بھی کوئی ذخیرہ اعمال کا نہ تھا جس سے آخرت میں کچھ ملتا اُسکا ذریعہ یہ ہوگیا کہ لوگ بُرا بھلا کہیں جس سے اُنکے اعمال میں سے کچھ حصہ ملجاویگا پس یہاں بھی مفت خوری میں گذری اور وہاں بھی مفت خوری سے کام بنے گا کسی کی نماز مل رہی ہے کسی کی زکوٰۃ بس اسطرح کام چل جاویگا۔

(ملفوظ ۴۴۸) فرمایا کہ امام صاحب فرماتے ہیں کہ اگر غیبت کرے تو اپنی ماں کی کرے خواجہ صاحب نے بہت ہی تعجب آمیز لہجہ میں عرض کیا کہ کیا امام صاحب نے فرمایا کہ ماں کی غیبت کرے فرمایا کہ آپکو کیوں تعجب ہوا ماں یہ ہی فرماتے ہیں کہ میں اگر غیبت کروں تو اپنی ماں کی کروں تا کہ گر میری نیکیاں کسی کے پاس جاویں تو ماں ہی کے پاس کیوں نہ جائیں۔ گھر کی نعمت گھر ہی میں رہے کہیں باہر نہ جائے اسلئے یہ فرمادیا تو اسمیں تعجب کی کون بات ہے۔ ایک بزرگ کی حکایت ہے کہ ایک شخص ا ن کو گالیاں دیا کرتا تھا یہ بزرگ اُسکو روپیہ پیسہ دیا کرتے تھے اُس نے یہ سمجھکر کہ محسن ہیں گالیاں دینی چھوڑ دیں ان بزرگ نے روپیہ پیسہ دینا چھوڑ دیا اُس شخص نے ان بزرگ سے عرض کیا کہ حضرت یہ کیا فرمایا بھائی یہ تو دینا لینا ہے تم پہلے کچھ دیا کرتے تھے ہم بھی دیتے تھے تم نے دینا چھوڑ دیا ہمنے بھی چھوڑ دیا۔

(ملفوظ ۴۴۹) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت آج ستائیسویں شب ہے اسکو شب قدر کہتے ہیں اسمیں کیا پڑھنا چاہئے فرمایا کہ ایسے موقع پر سلف میں تین چیزیں معمول تھیں اب لوگوں نے دو کو حذف کر کے ایک پر اکتفا کرلیا ہے وہ تین چیزیں یہ تھیں ذکر تلاوت قرآن نفل نماز اسمیں سے عابدین نے نفل نماز اور تلاوت قرآن کو حذف کر دیا یعنی اسمیں مشغولی بہت ہی کم ہے بس زیادہ تر ضربیں ہی لگاتے ہیں اور اتفاق سے مجکو یہ تینوں چیزیں ایک آیت میں جمع مل گئی ہیں۔ اتل ما اوحی الیک من الکتٰب و اقم الصلوٰۃ ان الصلوٰۃ تنھیٰ عن الفحشاء والمنکر و لذکر اللہ اکبر۔

## الحمد للہ حصہ اول الافاضات الیومیہ کا تمام ہوا

Marfat.com

دیکھے گئے۔ لہذا عرض ہے کہ ملفوظات کا مطالعہ کیا جاوے یا سنا جاوے۔ ان کو اصلاح معاشرت کا ایک نسخہ سمجھا جاوے اور حدیث المسلم من سلم المسلمون من لسانه ویده (کامل مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے تمام مسلمان مامون رہیں) کی تعمیل خیال کیا جاے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ ہر شخص ہر وقت اس کا خیال رکھے کہ مجھ سے کسی کو خواہ وہ بڑا ہو یا چھوٹا کوئی ذہنی یا جسمانی تکلیف نہ پہنچے۔ بات کرنے میں، اٹھنے بیٹھنے میں ملنے جلنے میں، ایفاء وعدہ میں، ہر وقت اس کا خیال رہے۔ اس سے بےفکری نہ ہو۔ یہی خلاصہ ہے ان ملفوظات کی تعلیم کا اور اگرچہ بعضی قسموں کے واقعات مکرر بھی اس میں آویں گے مگر اکثر ایسا ہوا ہے کہ ہر مرتبہ کسی نئی بات کی تعلیم اس واقعہ کے وقت فرمائی گئی ہے۔ اور جس طرح استیصال مرض تک نسخہ کو برابر استعمال کیا جاتا ہے۔ اسی طرح ہر وقت اپنی حالت کا جائزہ لیتے رہنے کی ضرورت ہے۔ اور ان کا مطالعہ بار بار اور مسلسل کرتے رہنے کی ضرورت ہے۔

چونکہ حضرتؒ کی مجلس میں مشائخ طریقت بڑے بڑے علماء اور عوام سب ہی ہوتے تھے اس لئے ہر قسم کے مضامین بیان ہوتے تھے۔ لہذا اگر کوئی مضمون سمجھ میں نہ آوے تو کسی سے سمجھنے کی کوشش کریں۔ اور اگر کوئی خالص علمی بات ہو اسکو یہ سمجھ کر کہ یہ دوسروں کے سمجھنے کی بات ہے۔ اس کے علاوہ دوسرے مضامین سے مستفید ہوں۔

چونکہ میری ساری عمر حضرتؒ کی خدمت میں اور بیشتر حصہ عمر کا خانقاہ کی خدمت میں گذرا ہے۔ اس لئے میرا مشاہدہ ہے کہ مواعظ و ملفوظات کا خالی الذہن ہو کر مسلسل مطالعہ کرنے والوں کی اصلاح خود بخود ہوتی چلی گئی ہے۔ اور جس طرح طبیب کے نسخہ سے کسی کو جلدی اور کسی کو دیر میں فائدہ ہوتا ہے۔ اسی طرح ان سے بھی کسی کو جلد نفع ہوا۔ اور کسی کو دیر میں۔ مگر ہوا سب کو اور یہ برکت میں نے حضرتؒ کے ان الفاظ ہی میں

Marfat.com

دیکھی ہے۔ اپنے اسی مشاہدہ اور تجربہ اور حضرتؒ کے ایک ارشاد کی بناء پر میری رائے ان حضرات کے خلاف ہے جو حضرتؒ کے الفاظ کو بدل کر حضرتؒ کے مضامین کو اپنے الفاظ میں بیان کرکے کہتے ہیں کہ عام فہم ہونے سے زیادہ مفید ہو جاویں گے۔

وہ ارشاد یہ ہے کہ ایک روز دوران گفتگو میں حضرتؒ نے فرمایا کہ لوگ مواعظ کی تسہیل کی کوشش کر رہے ہیں میں منع تو نہیں کرتا اور سب سے کہنے کی بات بھی نہیں۔ مگر تم سے کہتا ہوں کہ میرے جو الفاظ ہیں۔ وہ منجانب اللہ القا ہوتے ہیں۔ تو جو اثر ان الفاظ میں ہے۔ وہ ان کی تسہیل میں نہ ہوگا اور ان ہی ملفوظات میں حضرتؒ نے اپنے شیخ حضرت حاجی صاحبؒ کے بعض واقعات میں یہ واقعہ بھی بیان فرمایا ہے کہ باوجودیکہ حضرت حاجی صاحبؒ اصطلاحی عالم نہ تھے مگر بعض اوقات حضرت حاجی صاحبؒ بلا تکلف اصطلاحات علمی اپنی تقریر میں استعمال فرماتے تھے اور مجلس میں کسی کو وسوسہ ہوا کہ حضرت حاجی صاحبؒ ان علمی اصطلاحوں سے کیسے واقف ہوگئے تو خود حضرت حاجی صاحبؒ نے فرمایا کہ بعض اوقات القا صرف معانی کا ہوتا ہے اور بعض اوقات معانی کے ساتھ الفاظ کا بھی ہوتا ہے۔ تو جس طرح حضرت حاجی صاحبؒ حضرت تھانویؒ کے شیخ تھے اسی طرح حضرت تھانویؒ میرے شیخ بھی۔ استاد بھی باپ کی جگہ بھی۔ مربی بھی اور سب کچھ وہی تھے۔ تو اگر میں ان کی نسبت یہ عقیدہ رکھوں کہ ان کے معانی مع الفاظ کے ملہم تھے۔ تو اس میں میری کیا خطا ہے۔

اسی لئے میں نے حضرتؒ کے الفاظ میں کوئی تغیر نہیں کیا صرف عربی فارسی کے اشعار اور عبارتوں کا ترجمہ اس مرتبہ کردیا ہے۔ اب دعا ہے کہ اللہ تعالی ہم سب کے لئے نافع فرماوے۔ والسلام

احقر محمد شبیر علی تھانوی

۱۵ جمادی الثانی ۱۳۷۷ھ مطابق ۶ جنوری ۱۹۵۸ء

قیمت پانچ روپے

Marfat.com



Marfat.com